# باغوں کے مالی

www.pdfbooksfree.blogspot.com

ڈاکٹر غلام جیلانی برق

تخلیقات لاہور

Scan and pdf by Irshad Siddiqui
irshadsiddiqui@hotmail.com

# بائیو کیمک سائنس

مصنفہ

ڈاکٹر کاشی رام


صفحہ

۲

حصہ اوّل

بائیو کیمسٹری کیا ہے؟ بائیو کیمک ادویہ اور ان کو بنانے کا طریقہ

خوراک دوا، طاقت دوا

۱۸

حصہ دوم

مٹیریا میڈیکا بائیو کیمسٹری - بارہ ادویات کے مکمل خواص

۱۹۳

حصہ سوم

نسخہ جات بائیو کیمسٹری - ہر مرض کا بائیو کیمک علاج

۳۴۱

حصہ چہارم

رہبر ٹوربی - علاج بالعلامات -

۵۱۱

حصہ پنجم

ضمیمہ بائیو کیمک سائنس یعنی بائیو کیمک نمکوں کی معاون ادویہ


www.pdfbooksfree.blogspot.com

# فہرست مضامین


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بایو کیمسٹری کیا ہے ؟ | ۳ |
| بایو کیمک ادویہ اور ان کو بنانے کا طریقہ | ۱۵ |
| خوراک دوا | ۱۶ |
| طاقت دوا | ۱۷ |
| بیٹریا میڈیکا بایو کیمک یعنی خواص الادویہ | ۱۸ |
| ۱۔ کلکیریا فلورکا | ۱۸ |
| ۲۔ کلکیریا فاسفوریکا | ۲۴ |
| ۳۔ کلکیریا سلفوریکا | ۳۸ |
| ۴۔ فیرم فاسفوریکا | ۵۰ |
| ۵۔ کالی میوریٹیکم | ۶۴ |
| ۶۔ کالی فاسفوریکم | ۷۵ |
| ۷۔ کالی سلفیوریکم | ۸۶ |
| ۸۔ نگیشیا فاسفوریکا | ۹۸ |
| ۹۔ نیٹرم میوریٹیکم | ۱۰۷ |
| ۱۰۔ نیٹرم فاسفوریکم | ۱۳۲ |
| ۱۱۔ نیٹرم سلفیوریکم | ۱۴۵ |
| ۱۲۔ سلیسیا | ۱۶۱ |


www.pdfbooksfree.blogspot.com

## حصہ اول

# بایوکیمسٹری کیا ہے؟

۱۸۴۲ء میں اسٹاف صاحب نے بتایا کہ انسانی جسم کے تمام اجزاء بیکار نہیں بلکہ نہایت مفید اور ضروری ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا۔ کہ انسان کے مرنے سڑنے گلنے کے بعد انسانی جسم کی راکھ انسانی جسم کے لیے بہترین کھاد ہو سکتی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر نظام قدرت کو بغور دیکھا جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کائنات عالم کا سارا نظام تبدیلی پر ہے ہمیشہ ایک چیز کی موت سے دوسرے کی زندگی ہوا کرتی ہے۔ مثال کے طور پر نباتات کو لیجئے۔ نباتات جب مرجھاتی ہیں تو کھاد بنتی ہے وہی کھاد دوسرے نباتات کی زندگی کا باعث ہوتی ہے۔ ٹھیک اسی طرح سے کل عالم کی پیدائشیں بگڑتی اور بنتی ہیں۔ اگر اس خیال کو اور وسعت دی جائے تو یہ پتہ چلتا ہے کہ ہر جاندار کی موت دوسرے کی زندگی کا باعث ہوتی ہے تو پھر اس میں تعجب کی کون سی بات ہے اگر انسانی جسم کی راکھ زندہ جسموں کے لیے ایک اکسیر بن جائے۔

یہ تھا ایک اقتباس تھا جو ناظرین کی خدمت میں پیش کیا اور یہی اقتباس یا اصول بایو کیمسٹری کی روح رواں سمجھنا چاہیے ۱۸۴۲ء میں اسی صاحب نے پھر لکھا ہے کہ "انسانی جسم کے مختلف اجزا ٹھیک اسی جگہ کام کرتے ہیں، جس جگہ وہ موجود ہیں" - یہ خیالات جو اسٹاف صاحب کے قلم سے دنیا کے سامنے پیش کیے گئے - مگر بدقسمتی سے یہ خیالات کس پرسی کی حالت میں کچھ مدت کے لیے رہے - آخر کار ڈاکٹر ولیم ایچ - سوشلر صاحب نے جو اولڈن برگ جرمنی میں پریکٹس کرتے تھے ان خیالات کی پیروی کر کے تجربات شروع کیے اور ۱۸۵۶ء میں پہلی دفعہ سوشلر صاحب نے دنیائے طب کے سامنے بایو کیمسٹری کا طریقہ علاج رکھا - ان کی یہ تحریریں تین ہی برس کے اندر کتابی صورت اختیار کر گئیں اور اسی تین سال کے عرصہ میں ان کا ترجمہ انگریزی زبان میں ہوا جو آئندہ ۷۰ سال کے عرصہ میں گیارہ بار کتابی صورت میں شائع ہوا - ان کی زندگی ہی میں ان کی کتاب "بایو کیمسٹری" کا ترجمہ دنیا کی گیارہ زبانوں میں ہو گیا -

"بایو کیمسٹری" "ہومیوپیتھی" نہیں ہے اور نہ "ہومیوپیتھی" "بایو کیمسٹری" ہے - ہومیوپیتھی کا اصول بالمثل ہے مگر بایو کیمسٹری کا اصول یہ ہے کہ انسانی جسم کے اندر جس چیز کی کمی ہو اس کو اسی چیز کی لطیف طاقتوں سے پورا کر دیا جائے -

لفظ "بایو کیمسٹری" لاطینی زبان کا لفظ ہے - بایو معنی زندگی اور

کیمسٹری وہ علم جو مختلف چیزوں کی بناوٹ اور ان کی تبدیلیوں پر بحث کرتا ہے۔ مجملاً بایو کیمسٹری کو یوں ادا کیا جا سکتا ہے کہ یہ ایک سائنس ہے جو زندہ انسانی اور حیوانی اجسام کی بناوٹ پر بحث کرتا ہے اور ان کی تبدیلیوں پر پہنچ کر ان کی کمی بیشی کو دریافت کرتا اور اس کمی بیشی کو پورا کر کے زندہ اجسام کو تندرست و قائم رکھتا ہے۔ یا یوں کہنا چاہیئے کہ یہ علم زندہ اجسام کی بناوٹ پر بحث کرتا ہے اور یہ بتاتا ہے کہ کس عمل سے مختلف رطوبتیں اور ریشے بنتے ہیں اور اجسام میں غیر قدرتی تبدیلیاں جن کو بیماری کہنا چاہیئے کس طرح واقع ہوتی ہیں اور کس طرح سے ان کا وظیفہ ان ہی اجزاء کی کمی و بیشی سے کیا جا سکتا ہے۔

بایو کیمسٹری کی دریافت سے بہت مدت قبل یہ معلوم کیا جا چکا تھا کہ انسانی جسم کی ہر رطوبت اور ہر ریشہ کن کیمیکل اجزاء سے بنتا ہے لیکن اس کا استعمال اس وقت تک نہ ہو جب تک کہ بایو کیمسٹری طریقہ دریافت نہ ہو گیا۔

سوشلر صاحب کا دعویٰ ہے کہ دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا ڈاکٹر بھی بیماری کے اصل وجود کو یا ادویہ کے زہریلے اثرات کو نہیں سمجھ سکتا۔ نہیں بتایا جا سکتا کہ دنیا میں جس قدر ادویہ موجود ہیں ان سب کا قدرت اور بیمار جسم پر کیا اثر ہوتا ہے۔ سوائے اس کے کہ بیماری کی حالت میں ان ادویہ کا استعمال گو ظاہراً بیماری کو دور کر دے مگر ادویہ کا ذاتی اثر جسم میں

ڈرہے اس کی کیا گارنٹی ہے اگر بائیو کیمک طریقہ علاج بالکل سیدھا اور سادا ہے۔ اس میں صرف انسانی جسم کے اجزاء ہی دیکر بیماری یا انسانی جسم کی کمی بیشی کو پورا کیا جاتا ہے۔ اور چونکہ یہ اجزا خود انسانی اجزاء ہوتے ہیں اس لیے ان اجزاء سے انسانی جسم کے اندر کسی قسم کی کوئی خرابی واقع نہیں ہو سکتی ہر شخص جانتا ہے کہ غذا اور پانی جو ہم کھاتے یا پیتے ہیں اور جو ہوا ہم سانس لیتے ہیں ان ہر سہ کے اندر وہ اجزاء موجود ہیں جن سے انسانی جسم بنا ہے۔ معدہ، جگر اور تلی وغیرہ کی رطوبتوں سے غذا تحلیل ہو جاتی ہے اور ضروری اجزاء جسم کے اندر جذب ہو کر جزو جسم بنتے ہیں۔ یہ اجزاء پھیپھڑوں میں پہنچتے ہیں جہاں آکسیجن ہوا کے مل جانے سے یہ خون بن جاتے ہیں اور یہی خون جسم کی کل رطوبتیں اور کل ریشے بناتا ہے۔

اگر خون کو کیمیاوی طریقے سے پھاڑا جائے تو اس میں مجسمہ (ORGANIC) اور غیر مجسمہ (INORGANIC) اجزاء ملتے ہیں۔ یہ مجسمہ اجزاء شکر، چربی یا روغنیات اور البومن ہیں۔ غیر مجسمہ پانی اور خاص خاص نمکیات ہیں جن کو اکثر (CELL SALT) جسمانی نمک کہتے ہیں۔ زندہ انسانی جسم کے اندر پانی جسم کے وزن کا ۱۰/۷ حصہ ہے اور جسمانی نمک ۱/۱۰ اور مجسمہ مادہ جسم کے وزن کا باقی حصہ یعنی قریب جسم کے وزن کا ۱/۵ ہے۔

پہلے جسمانی نمک کو جس کی مقدار جسم کے اندر بہت کم ہے ایک فضول چیز سمجھا جاتا تھا لیکن اب یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچ چکا ہے کہ یہی جسمانی نمک جسم کے ایک نہایت ضروری حصہ ہیں اور یہی نمک جسم کے اندر مسالہ اور مسالہ

www.pdfbooksfree.blogspot.com

کا کام کرتے ہیں ۔ اگر جسم کے اندر یہ نمک نہ رہیں تو جس طرح معمار اور عمارتی مسالہ کے بغیر عمارت تیار نہیں ہو سکتی ٹھیک اسی طرح سے انسانی جسم بھی نہیں بڑھ سکتا ۔

اگر بہر تقدیر ایک یا کسی معمار یا مسالہ میں کمی ہو جائے تو جسم کی ہم آہنگی یعنی توازن درہم کا نام ہی بائیو کیمسٹری علم کی رو سے بیماری ہے اور چونکہ یہ بیماریاں مختلف صورتوں میں مثلاً کیلشیم کی کمی وبیشی سے پیدا ہوتی ہیں ۔ اس لیے ان کی شکل اور صورت کے مطابق ان کا نام مختلف ہے ۔ یاد رہے کہ بیماریوں کے مختلف نام اصل تکلیف کو ظاہر نہیں کرتے ۔ یہ یاد رہے کہ بیماری اور صحت صرف بالائکوں کی ہم آہنگی پر منحصر ہے ۔ پھر فلیمر وڈ کاٹ صاحب لکھتے ہیں کہ انسان ہوا اور مٹی سے بنا ہے ۔ آج دنیا کی کوئی سائنس ابھی اس مقولہ کو رد کرنے سے قاصر ہے ۔ اگر یہ درست ہے تو دنیا کے عنصر ہی انسانی جسم کے عناصر ہیں اور ان ہی عناصر پر انسانی جسم کی زندگی کا دارومدار ہے ۔

چونکہ بیماری صرف جسم کے اندر نمکوں کی کمی اور بیشی ہے یا دوسرے لفظوں میں خون کے اندر غیر مجتمع نمکوں کی کمی ہوتی ہے اس لیے شفایابی اس وقت ہو سکتی ہے جس وقت ان غیر مجتمع نمکوں کی کمی کو پورا کر دیا جائے ۔

اگر انسانی جسم کی بناوٹ کے مرکبات پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ خون میں پانی ۔ نمک ، چربی ، البیومن ، کلورائڈ آف سوڈیم ، کلورائڈ آف پوٹاش ، فلورائڈ آف لائم ، سلیبا ۔ آئرن لائم ، گنیشیا ، سوڈا اور پوٹاش

ہے۔ علاوہ ازیں کیلشیم آئرن، الائم، مگنیشیا اور پوٹاش کے ساتھ فاسفورک کاربانک اور سلفیورک ایسڈ ملے ہیں۔ خون میں سوڈے کے نمک نمایاں حیثیت رکھتے ہیں جبکہ پوٹاش کے نمک خصوصاً خون کے اجزاء میں ملتے ہیں۔ شکر، چربی اور البیومن خون کے ذاتی (جسمانی) اجزاء ہیں جبکہ متذکرہ بالا نمک اور پانی غیر جسم اجزا کہلاتے ہیں۔ شکر اور چربی مشتمل ہے۔ کاربن اور ہائیڈروجن اور آکسیجن سے اور البیومن میں ان کے علاوہ سلفر اور نائٹروجن بھی ملتا ہے۔ یاد رہے کہ نظام جسم کے اندر سلفر، کاربن اور فاسفورس آزادانہ طور پر نہیں ملتے بلکہ جسمانی مادے سے ملتے رہتے ہیں۔

سلفر اور کاربن البیومن میں رہتے ہیں اور کاربن، کاربوہائیڈریٹ یعنی شکر اور نشاستہ کی حالت میں جسمانی مادے میں پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح سے فاسفورس بھی البیومن میں ہے سلفر ہے وہ سانس کی آکسیجن سے مل کر سلفیورک ایسڈ ہو جاتی ہے جس سے سلفیورک ایسڈ بنتا ہے جو کاربونیٹ سے مل کر سلفیٹس بن جاتی ہے اور کاربانک ایسڈ کو آزاد کر دیتی ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ انسانی جسم اور اس کے ریشوں کی بناوٹ کس طرح سے ہوتی ہے۔ اوپر ذکر آچکا ہے کہ خون کے اندر کئی ایک جسم وغیر جسم اجزاء موجود ہیں اور یہی اجزاء نہ صرف جسم کے اعضاء کی خوراک ہی بنتے ہیں بلکہ درحقیقت بذات خود یہ جسم کے رگ و ریشوں کے اجزاء ہیں جن سے انسانی اور حیوانی جسم مرکب ہے۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو ہمیں پتہ چلے گا کہ خون باریک نالیوں کی دیواروں میں سے ہوتا ہوا ان ریشوں یا ذرات میں پہنچ جاتا ہے جو معذائہ کام کاج کی وجہ

سے یا فرائض زندگی سے کم ہو جاتے ہیں۔ اور اس کمی کو یہ اس طرح پورا کرتا ہے ضائع شدہ حصوں کو تو جلا دیتا ہے اور ان کی جگہ پر نئے ذرات یا ریشے پیدا کر دیتا ہے۔ یہ ثابت ہے کہ دنیا کی ہر جاندار و غیر جاندار چیز نہایت باریک ذرات سے بنی ہے اور ہر ایک ذرہ کے اندر کیمیاوی مرکبات موجود ہیں اور ہر ایک کیمیاوی مرکب عناصر سے بنا ہوا ہے۔ چونکہ اس کی تشریح کرنا میرا موضوع نہیں ہے اس لیے میں فرض کر لیتا ہوں کہ ناظرین مسئلہ کو بخوبی سمجھتے ہیں، اس لیے اس کی وضاحت کرنے یا اس پر روشنی ڈالنے کی مجھے چنداں ضرورت نہیں) موجودہ سائنس ہمیں بتاتی ہے (مصنف کے ذاتی خیالات کے مطابق یہ نہیں ہے لیکن مصنف محض تصویر کی پیش کر رہا ہے تاکہ ناظرین کو علم بایو کیمسٹری کی بنیاد اور اس کے موجد کے خیالات سے بخوبی واقفیت ہو جائے) کہ خون کا رقیق ترین مادہ (جس کو انگریزی میں پلازما یا پروٹو پلازم کہتے ہیں) ہی صرف زندہ مادہ ہے جو اپنی زندگی کی برکت سے باقی نظام جسم کو زندہ رکھتا ہے اور یہ رقیق ترین مادہ ½ حصہ ہے اور باقی خون کا ½ حصہ ایسا مادہ ہے جس کو بے جان مادہ کہا جا سکتا ہے۔ اگر اس رقیق ترین مادہ کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کے اندر کسی قسم کی بنا دے موجود نہیں ہے۔ مگر خون کا باقی حصہ ایسا رنگین رقیق منجمد ہونے والا ہوتا ہے۔ اس مادے میں نہایت باریک گولیاں دکھائی دیتی ہیں جن کے آپس میں ملنے سے جماثیم پیدا ہوتے ہیں اور ان جماثیم کے آپس میں ملنے سے جسمانی ذرات یا ریشے جسمانی ضرورت کے مطابق بنتے ہیں۔ پس ان جسمانی ریشوں یا ذرات کے بننے کے لیے دو قسم کے مادوں کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی دونوں قسم یعنی عمل و مادہ خون کے اندر

موجود ہے یعنی مادۂ مجسمہ و مادۂ غیر مجسمہ۔ مجسمہ مادہ میں خون کی شکر چربی اور البیومن ہے اور یہی مرکبات نشاستہ و نشاستوں کے بننے کا سبب ہیں خون کا پانی اور خون کے اندر نمک یعنی پوٹاش، لائم، سلیسیا، آئرن، گنیشیا اور سوڈیم غیر مجسمہ مادے ہیں جن سے کہ جسم کے خاص خاص مرکبات بنتے ہیں اور بھی کئی قسم کے نمک وقتاً فوقتاً خون کے اندر ملتے ہیں، لیکن متذکرہ نمک ہی ایسے نمک ہیں جو عموماً اور مسلسل خون کے اندر ملتے ہیں اس لیے جب کبھی نظام حیوانی کے اندر نئے مرکبات پیدا ہوتے یا بنتے ہیں تو اس وقت یہ ضروری ہے کہ خون کے اندر مجسمہ و غیر مجسمہ نمک اپنی اپنی نسبت ٹھیک ٹھیک مقدار میں موجود ہیں اور انہی کی موجودگی سے جسم کے ہر حصہ اسی لیے رگ و ریشہ اور اعضا بنتے اور قائم رہتے ہیں اور اپنا اپنا کام کرتے ہیں۔ مگر جب کبھی ان مجسمہ و غیر مجسمہ نمکوں میں اتری یا کمی و بیشی آجاتی ہے تو نہ صرف اعضا کے افعال ہی بلکہ خود اعضا و ریشوں اور ذرات میں اتری پھیری کہ تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔

مگر غیر مجسمہ نمکوں کو دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ہر ایک اعضا میں مختلف قسم کے غیر مجسم نمک موجود ہیں۔ اعضا یوں کے ذرات گنیشیا فاس کالی فاس، نیٹرم اور فیرم فاس ملتے ہیں۔ عضلات میں متذکرہ صدر کے علاوہ کالی میور بھی ملتا ہے۔ جوڑنے والے ریشوں میں سلیسیا کی ایک خاص مقدار پائی جاتی ہے اور سکڑنے اور پھیلنے والے ریشوں میں خاصاً کلکیریا فلور کی افراط ہوتی ہے۔ ہڈیوں کے ذرات میں کلکیریا فلور، گنیشیا فاس اور کلکیریا فاس کا ایک جوڑا عظم ملتا ہے۔ موخر الذکر یعنی کلکیریا فاس کسی قدر عضلات میں، اعصاب میں، دماغ

جوڑنے والے ریشوں میں بھی ملتا ہے۔ کیلشیم اور فاسفورس معدنیات کی مقداریں ملتی ہیں اور نیز دیگر جسم کے دیگر حصوں۔ رقیق حصص میں بھی پایا جاتا ہے۔ بالوں اور آنکھوں کی پتلیوں میں باقی غیر مجسمہ نمکوں کے علاوہ فیرم بھی پایا جاتا ہے۔

یہ سب کچھ تو ہوا اب دیکھنا یہ ہے کہ آخر ریشوں کے ذرات یا جسمانی بنتے کس طرح ہیں۔ اس کو یوں واضح کیا جا سکتا ہے کہ جب ہم سانس لیتے ہیں تو سانس سے ذرات لیا ہوا آکسیجن خون کے مجسمہ مادہ پر اس کو کہ نئے ذرات کے بننے کیلئے خون کی چھوٹی نالیوں کے اندر داخل ہوتا ہے اثر پذیر ہوتا ہے اور جو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مجسمہ مادہ آکسیجن وغیرہ سے مل کر عضلات، اعصاب جوڑنے والے ریشہ یا ناخنوں یا بلغم وغیرہ بنتا ہے۔ یاد رہے کہ یہ مادہ جو ریشوں کے اندر بنتا ہے ذرات خود خون کے اندر نہیں ہوتا بلکہ خون کے اندر البیومن پایا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ البیومن انسانی جسم کا ایک بہت اہم ہے اور البیومن ہی سے انسانی زندگی کا دار و مدار ہے) اب ان کے ساتھ غیر مجسمہ نمک مل جاتے ہیں اور علم کیمیا وی کے اثر سے وہ تبدیل ہو کر نئے ذرات بن جاتے ہیں۔ مگر ان نئے ذرات کے بنتے ہی پرانے ذرات کی موت ہوتی ہے اور یہ موت آکسیجن ہوا ہی سے ہوتی ہے کیونکہ ان پرانے ذرات پر جس وقت آکسیجن ہوا کا اثر ہوتا ہے تو وہ پرانے ذرات جو قریب قریب بیکار ہو چکے ہوتے ہیں جل کر مردہ ہو جاتے ہیں اور اس مجسمہ مادے کے جلنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یوریا، یورک، سلفیورک، فاسفورک کاربونک اور کاربونک ایسڈ و نیز پانی پیدا ہو جاتے ہیں یا یوں کہنا چاہیئے کہ یوریا یورک ایسڈ، اور سلفیورک ایسڈ البیومن مادہ کے آکسی ڈائز ہونے کا نتیجہ ہے

جب کہ نا سفوذک ایسڈ، لیسی تھین (جو عصابی ریشوں، دماغ وریڑھ اور خون کے اجزا میں پایا جاتا ہے) کا آکسائی ڈیشن ہیں۔ لکٹک ایسڈ بھی جو، دودھ، شکر کے خمیر بننے، یا سڑنے سے پیدا ہوتا ہے، آکسیجن کے ملنے سے کاربانک ایسڈ اور پانی بن جاتا ہے۔

مجسمہ مادہ کے آکسی ڈائڈ ہونے کا گویا آخری نتیجہ یوریا، کاربانک ایسڈ اور پانی ہے۔ یہ دوسرے نمکوں سے مل کر ریشوں سے آزاد ہوتے ہیں اور ان کی جگہ مجسمہ مادہ جو آکسائڈ نہیں بنا آیا ہے جس کا حشر بھی یہی ہوتا ہے۔ اب یہ خارج شدہ مادے عروق جاذبہ میں سے ہوتے ہوئے وریدوں میں پہنچتے ہیں اور وہاں سے یہ رطوبتیں، از قسم پیشاب، پسینہ، پاخانہ بن کر خارج ہوتی ہیں۔

مندرجہ بالا بیان سے ناظرین بخوبی سمجھ گئے ہوں گے کہ ان مجسمہ و غیر مجسمہ مادہ اور نمکوں سے انسانی جسم پر کتنا زبردست اثر ہوتا ہے یا یوں کہنا چاہیے کہ انسانی زندگی کا دارومدار ہی ان مجسمہ و غیر مجسمہ مادہ اور نمکوں پر ہے۔ وہ انسان یا وہ طبیب جو ان مادوں یا نمکوں کو درست رکھ سکتا ہے وہی بہتر انسان اور طبیب کہا جا سکتا ہے۔

سوشلر صاحب کی لغت میں صحت اس حالت کا نام ہے جب غذا کے ہضم ہو جانے کے بعد اگر مجسمہ و غیر مجسمہ نمک غذا سے الگ ہو کر خون میں پہنچ جائیں اور جس قدر خون کو نئے ذرات بنانے کے لیے مجسمہ و غیر مجسمہ مادہ کی ضرورت ہو اس ضرورت کو خوراک پورا کرتی رہے اور مجسمہ و غیر مجسمہ نمکوں کی نسبت میں بھی توازن قائم رہے۔ برخلاف اس کے بیماری یا نظام جسم میں اجنبی اس

www.pdfbooksfree.blogspot.com

وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ غیر معمولہ نمکوں کے اندر ابتری پھیل جائے۔

پس بائیو کیمسٹری طریقۂ علاج میں بیماری کی حالت میں یہ تحقیق کرنا چاہتی ہے کہ کون سے نمک کی کمی بیشی کی وجہ سے یہ ابتری پیدا ہوئی ہے اور جس نمک کی کمی ہو وہ نمک نہایت قلیل مقدار میں مریض کو دینا چاہیئے اور جب وہ کمی پوری ہو جاتی ہے تو خون کے اجزاء کی نسبت از سر نو قائم ہو جاتی ہے اور اسی لیے بیماری رفع ہو جاتی ہے

یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ قریب قریب ہر مرض قابل علاج ہے اور یہ علاج بالکل قدرتی طریقہ یعنی دوران خون سے ہونا چاہیئے یہ اوپر بتایا جا چکا ہے کہ انسانی جسم کے اجزاء خون میں ملے ہوتے ہیں اور یہ خون دریاؤں اور شریانوں میں سے ہوتا ہوا چھوٹی چھوٹی نالیوں میں پہنچ کر ہر ریشہ میں پہنچتا ہے اور جب خون کے اندر غیر معمولہ نمک، پانی، سوڈیم، فیرم، پوٹاش، کیلسیم، سلیسیا اور میگنیشیم موجود ہوں تو اول تو جسم کے اندر بیماری ہی نہیں ہوتی اور اگر ہو بھی جائے تو اس کا دفعیہ خون کر دیتا ہے، لیکن جب کسی اجزا میں پراگندگی واقع ہو جاتی ہے تو تپ دق، بخار، تشنج یا دیگر کوئی مشکل مرض پیدا ہو جاتا ہے تو یہ قدرت کی بولتی ہوئی زبان ہے جو پکار پکار کر خاص نمک کی کمی کو جتلاتی ہے یاد رہے کہ اس اصول کو دنیا کی کوئی سائنس بھی رد و بدل نہیں کر سکتی، کیونکہ قادر مطلق نے جس چیز کو جہاں پیدا کر دیا ہے وہی وہاں کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ ان نمکوں کو پورا کر دینے سے بیماری اپنے آپ مفقود ہو جاتی ہے۔ لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ بائیو کیمسٹری ایک جادو ہے جس سے کہ مریض فوراً ٹھیک ہو جاتے ہیں بلکہ ہوں

جوں نمکوں کی کمی پیدا ہوتی جاتی ہے تکلیف بھی کم ہوتی جاتی ہے۔

بائیو کیمسٹری میں ۱۲ نمکہ ادویہ ہیں یعنی بارہ غیر عضوی نمک جو انسانی جسم کے جلنے کے بعد اس کی راکھ میں رہتے ہیں۔ وہ حصہ ذیل ہیں:۔

فاسفیٹ
- آف لائم - کلکیریا فاسفوریکا
- آف آئرن - فیرم فاسفوریکم
- آف پوٹاش - کالی فاسفوریکم
- آف سوڈا - نیٹرم فاسفوریکم
- آف میگنیشیا - میگنیشیا فاسفوریکم

کلورائڈ
- آف پوٹاش - کالی میوریٹیکم
- آف سوڈا - نیٹرم میوریٹیکم

سلفیٹ
- آف لائم - کلکیریا سلفیوریکا
- آف سوڈا - نیٹرم سلفیٹ
- آف پوٹاش - کالی سلفیوریکا

فلورائڈ
- آف لائم - کلکیریا فلوریکا

سلیسیا

متذکرہ صدر میں اعصابی خلیوں (NERVE CELLS) یا اعصابی نظام کے لیے کلکیریا فاس، میگنیشیا فاس، کالی فاس وغیرہ ہیں۔ عضلات کے لیے متذکرہ بالا اور کالی میور۔ ہڈیوں کے لیے کلکیریا، سلیسیا وغیرہ وغیرہ

یہ طریقہ علاج نہایت کامیاب ہوا ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ ناظرین بھی

اس سے فائدہ حاصل کریں گے۔

# بایو کیمک ادویہ اور ان کے بنانے کا طریقہ

یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ نمک جب تک جب سل بند کے نیچے پسے جاتے ہیں تو اس سے دوا کا اثر بالکل ضائع نہیں ہوتا اور اس طرح سے شجر مادہ مثلاً فائبرن شکر، روغن، البیومن وغیرہ بھی پس جانے کے بعد اپنی طاقت ضائع نہیں کر سکتے۔

یہ دنیا جانتی ہے کہ ہر چیز یا ہر نمک میں قوت اتصال موجود ہوتی ہے جس وجہ سے نمک کے اجزاء آپس میں ملے رہتے ہیں۔ جب کسی نمک کو کھرل کیا جاتا ہے یا سل بٹہ میں پیسا جاتا ہے تو اس کے معنے یہ ہوتے ہیں کہ اس کی قوت اتصال کو توڑ کر ہر جزو کو الگ الگ کر دیا جاتا ہے، اور اس طرح سے ان کے اجزاء کو الگ کرنے سے ان کو لطیف تر بنایا جاتا ہے اور لطیف تر ہونے کی وجہ سے ان کے اندر قوت جاذبیت زیادہ پیدا ہو جاتی ہے اور وہ جلد تر خون کے اندر جذب ہو کر انسانی جسم کی بناوٹ میں حد درجہ مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

ادویہ کو بنانے کا طریقہ مفصلہ ذیل ہے:۔

اصل نمک کی ایک گریین کو لے کر کھرل میں پیسئے جس وقت وہ پس جائے تو اس وقت تین گریین شوگر آف ملک ملا کر تین منٹ تک پیسیں اور ۲ منٹ کے بعد اس کو کھرل میں اکٹھا کر کے ۵ منٹ تک رکھ دیں اور پھر ۳ گریین شوگر آف ملک ملا کر ۱۰ منٹ تک پیسیں اور پھر اس طرح ۵ منٹ رکھ کر پھر ۳ گریین شوگر آف

www.pdfbooksfree.blogspot.com

ملک ملا کر ۲ منٹ پلیز اب نمبر ۱ تیار ہے۔

نمبر ۲ بنانے کے لیے نمبر ۱ کا ایک گرین اور شوگر آف ملک ۹ گرین بشرح صدر پیسو۔ اسی طرح سے نمبر ۳ بنانے کے لیے ایک گرین نمبر ۲ اور ۹ گرین شوگر آف ملک۔ اور ۴ بنانے کے لیے نمبر ۳ کا ایک گرین اور ۹ گرین شوگر آف ملک وغیرہ وغیرہ۔

# خوراک دوا

ہومیوپیتھک دوا عموماً سفوف یا گولیوں کی صورت میں استعمال ہوتی ہے۔ سفوف تیار کرنے کا طریقہ اوپر درج کیا جا چکا ہے۔ گولیاں اسی سفوف سے بذریعہ مشین تیار کی جاتی ہیں۔

جہاں آدھی کی خوراک ۳ سے ۵ گرین سفوف یا ۳ سے ۵ گولیاں ایک گرین والی بچوں کے لیے نصف مقدار اور بالکل چھوٹے بچوں کے لیے ۱/۴ خوراک۔

یہ ادویہ زبان پر خشک یا ٹھنڈے و گرم پانی میں حل کر کے دی جا سکتی ہیں اگر دو یا زیادہ ادویہ ایک ہی وقت پر دینی ہوں تو ان کو علیحدہ علیحدہ پہلے اور دوسرے کچھ وقفہ کے بعد دینا چاہیئے۔ مگر آج کل دواؤں کو ملا کر بھی دینے کا طریقہ رائج ہوتا چلا جا رہا ہے اور میرے خیال میں ایک دو دواؤں کو ملا کر دینے سے اتنا ہی فائدہ ہوتا ہے جتنا کہ پہلے بعد دیگرے دینے سے۔

اگر حالت حاد ہو تو آدھ گھنٹہ سے ۲ گھنٹہ میں دوا کو دہرانا چاہیئے اور

www.pdfbooksfree.blogspot.com

جب کسی قدر آرام ہو جائے تو دوا کی خوراک ہر تین گھنٹہ کے بعد دہرانی چاہیئے مگر یاد رہے کہ سخت ترین تکلیفوں کی حالت میں دوا گرم پانی میں زیادہ موثر ثابت ہوتی ہے۔ مزمن حالات میں ایک یا دو خوراک روزانہ کافی ہوتی ہے۔

## طاقت دوا

عموماً ۱۲ x ۲ دوا کیفیتوں میں استعمال کرنی چاہیئے۔ عام طور پر x ۲ استعمال ہوتی ہیں مگر جب ایک طاقت کافی وقت تک استعمال ہوتی رہی ہو تو اس کے بعد اگلی طاقت استعمال کرنا چاہیئے مثلاً x ۲ کے بعد x ۱۲ و x ۳۰۔ اگر حالت مزمن یعنی دیرینہ ہو تو x ۲۰۰ اور x ۱۰۰۰ بھی استعمال ہوتی ہے مگر یہ ہر دو طاقتیں عموماً جلد جلد نہیں دہرائی جاتیں بلکہ x ۲۰۰ یا x ۱۰۰۰ کی ایک ہی خوراک کا اثر کئی مہینوں تک قائم رہتا ہے اور بیشتر اس کے کہ ان خوراکوں کو دہرایا جائے نتیجہ کا اچھی طرح انتظار کر لینا چاہیئے۔

# خواص الادویہ بایوکیمسٹری

## CALCAREA FLUORICA کلکیریا فلورکا

CHEMICAL SYMBOL:- $CaF_2$ 78.07
SYNONYMS:- CALCIC FLUORID; FLUOR SPAR.
TRITURATION.

## (کلسیم فلورائڈ)

کلکیریا فلور کو ہڈیوں کا نمک سمجھنا چاہیئے۔ یہ نمک ریشوں میں اور جلد کا ذب میں بھی ملتا ہے ہڈیوں کی سطح میں اور دانتوں میں پایا جاتا ہے ہر لچکدار ریشوں اور جلد کا ذب میں ملتا ہے۔ لچکدار ریشے جلد میں جوڑنے والے ریشوں میں اور وریدوں کی دیواروں میں پائے جاتے ہیں کلکیریا فلور کی کمی سے ان ریشوں کے اندر ڈھیلا پن پیدا ہو جاتا ہے اور جب وریدوں کے یا جوڑنے والے ریشوں کے لچکدار ریشے ڈھیلے پڑ جاتے ہیں یا نظام جاذبہ کی نالیوں میں ان ریشوں کے اندر ڈھیلا پن آجاتا ہے تو ان کے اندر خون کے ماتے کو جذب کرنے کی قدرت نہیں رہتی اس لیے ان میں سختی پیدا ہو جاتی ہے اور جب وریدوں کے اندر کلکیریا فلور کی کمی سے ڈھیلا پن آجائے تو اس کا نتیجہ بواسیری مسّے اور وریدوں میں گانٹھیں اور وریدوں کے گوشت غدودوں کا سخت ہو جانا، مسلسل سیلان خون، رحم کا اپنی جگہ سے گر جانا اور

شکم کی دیواروں کا کمزور ہو جانا ہوتا ہے پس جب نظام جسم کے اندر کلکیریا فلور کی کمی ہوتی ہے تو مفصلہ ذیل علامتیں ظہور پذیر ہوتی ہیں :-

۱- ہڈی کی سطح پر سخت گانٹھ

۲- رحم کا اپنی جگہ سے گر جانا یا ڈھیلا ہو جانا شکم کی دیواروں کا ڈھیلا پڑ جانا اور اسی لیے شکم کا لٹک جانا رحم سے ہیضان خون وغیرہ

۳- ہاتھوں میں جلد میں، بالوں میں اور ناخنوں میں شگاف وغیرہ جب ان علامات میں کلکیریا فلور دے کر اس کمی کو پورا کیا جاتا ہے تو جسم کا ہر ریشہ میں ضائع شدہ طاقت معجزہ پیدا ہو جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ گانٹھیں تحلیل ہو کر عروق جاذبہ میں جذب ہو جاتی ہیں اور باقی حالات بھی جن کا ذکر اوپر کیا گیا درست ہو جاتے ہیں پس بائیوکیمک سائنس کے بموجب یہ دوا خون کی نالیوں کے ٹیڑھے پڑ جانے یا تحلیل ہو جانے میں چاہے وہ شریانیں ہوں، یا وریدیں کام آتی ہے۔ اسی طرح خون کے گوشت اور ہڈیوں کی گانٹھیں اور سخت شدہ غدود کلکیریا فلور سے مدد لیتے ہیں۔ چونکہ اس کا اثر دانتوں پر بھی ہوتا ہے۔ اس لیے دانتوں کی ہڈیوں کی خرابی کو یہ رفع کرتا ہے۔ پھر بھی اگر سختی رہ جائے تو یہ دوا اس سختی کو تحلیل کر کے درست کر دیتی ہے۔

اس کا زیادہ تر استعمال ہڈیوں کی بیماریوں میں ہڈیوں کے بڑھ جانے میں ہڈیوں کے زخموں اور ناسوروں میں کیا جاتا ہے۔ اگر بغل میں رسولی یا بدوضعی پیدا ہو گئی ہو تو تھوڑے ہی وقت میں یہ دوا اس رسولی کو درست کر دیتی ہے ڈاکٹر ہیل صاحب لکھتے ہیں کہ یہ دوا ان سخت گوشتی یا غدودوں کے لیے

مفید ہے جس کے پک جانے کا خدشہ ہو۔ نیز فم معدہ میں سختی کے لیے بھی اس دوا کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے اندر دماغی کیفیت پریشانی اضطراب کے پیچیدگی کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔

ڈاکٹر بوگن صاحب نے حاطہ مستورات کے اندر پائی جانے والی تکالیف کو اس دوا سے درست کیا ہے ان کا خیال ہے کہ ایسی مستورات کو گلیریا فلورنا تھل کو بآسانی گزارنے کے لیے بہت مدد کرتی ہے۔

خون کی قے میں بھی یہ دوا مفید ہو سکتی ہے کیونکہ اس دوا سے خون کی نالیاں سکڑ جاتی ہیں اور اسی لیے قدرتی طور پر خون کا سیلان بند ہو جاتا ہے۔ جوع یا تھکاوٹ سے پیدا شدہ درد کمر کے لیے یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

یہ دوا گلیگما اور بلغم میں سخت گلٹیاں پڑ جانے کے لیے مفید ہے پیشتینی آتشک کی تکالیف میں بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جبکہ اس کی وجہ سے منہ میں اور حلق میں زخم ہوں اور پھنسیاں نکلنی شروع ہو گئی ہوں۔ موتیا بند کے لیے اس کو اکسیر سمجھا جاتا ہے۔

## علامات

دماغ۔ سر میں حد سے زیادہ درد۔ اقتصادی جماہی سے بنیاد خوف۔

سر۔ سر میں کڑکن کی آوازیں۔ تو نائیدہ بچوں کے سر میں خوف کے گومڑ کھوپڑی میں سخت گلٹیاں۔ کھوپڑی میں زخم ہیں کے سر سے سخت بدبو۔

آنکھ۔ آنکھوں کے حلقے ستارے۔ بلغمی پیدائش۔ اشوب چشم۔ موتیا بند

آنکھوں کی نسوں کا سخت ہو جانا۔

کان۔ کان کے ڈھول پر گلکیریس کا پیدا ہونا (گلکیریا فاس کا سا بخار) کانوں کے پردوں میں سختی، اور اکثر ہو جانا بہرہ پن کے ساتھ اور کانوں میں گھنٹہ بجنے کی سی آواز کے ساتھ

ناک۔ زکام۔ بند زکام۔ خشک زکام۔ ناک سے بو کا آنا (کالی پاس، سلیسیا) ناک کے نرم حصوں کا زیادہ متقض، گاڑھی، سبزی مائل زرد رطوبت۔ ناک کی تکالیف جس میں ہڈیاں ماؤف ہوں (گلکیریا فاس)

چہرہ۔ رخساروں پر سخت ورم درد کے ساتھ۔ یا درد دانت کے ساتھ جبڑے کی ہڈیوں پر سخت ورم۔ ہونٹ پھٹے ہوئے۔ ناک ٹھنڈی (فیری فاس)

منہ۔ مسوڑھے پر ورم جبڑے پر سخت ورم کے ساتھ۔ زبان پھٹ جائے درد کے ساتھ یا بغیر درد کے۔ زبان میں سختی۔ بے سختی زبان میں ورم کے بعد سختی ہے دانتوں میں غیر قدرتی ڈھیلا پن۔ درد یا بغیر درد کے مسوڑھوں کے اندر دانت ہل جائیں۔ درد دانت۔ درد اس وقت ہو جب غذا دانتوں کو لگے۔ دانت جلد گل جائیں۔ زبان میلی ہوئی۔ ورم کے بعد زبان پر سختی (سلیسیا) زبان پر مزمن ورم۔

حلق۔ حلق پک جائے۔ غدودوں پر ہمیشہ بلغم کے چھکے بنا کریں۔ حلق میں درد اور جلن جس کو گرم اشیاء پینے سے آرام ہو۔ ٹھنڈی چیزوں سے تکلیف بڑھے۔ غدودوں کا سوج جانا۔ کوے کا ڈھیلا پڑ جانا اور اسی لیے حنجرہ میں سرسراہٹ، ڈفتھیریا یا جب تکلیف ہوا کی نالی تک پہنچ جائے (گلکیریا فاس کے ساتھ دو)

معدہ۔ چھوٹے بچوں کی قے۔ غیر منہضم غذا کی قے۔ ہچکی۔ ریاح۔ کمزوری معدہ بچوں میں کھانے کے بعد متلی اور معدہ میں تکلیف یا ان نوجوانوں میں اس

تکلیف کا سوار ہونا جن پر تعلیم کا بوجھ پڑا ہو۔ معدہ کی کمزوری یا تھکاوٹ سے بد ہضمی بے حد ریاح کے ساتھ۔

**پاخانہ اور مبرز۔** گٹھیا کے مریضوں میں اسہال، مقعد میں خارش، مقعد میں شگاف اور اس میں پھوڑے کا سا شدید درد ہو۔ خونی بواسیر۔ مقعد میں خارش جیسے کیڑوں سے ہو۔ اندرونی یا بیرونی مسے جن میں درد ہو اور اس درد کے ساتھ کمر میں بھی درد ہو اور قبض ہو۔ آنتوں کے نچلے حصہ میں ریاح کی زیادتی۔ یہ تکلیف بحالت حمل بڑھ جائے۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کو سخت ترین قبض۔

**مثانہ:** پیشاب کی مقدار بڑھی ہوئی یہ حالت کلکیریا ظلوریہ میں اس وقت ملتی ہے جب مثانہ میں ڈھیلا پن یعنی کمزوری ہو۔

**آلات تناسل مردانہ۔** نوعمروں میں پانی اترنا خصیوں کا سخت ہو جانا۔

**آلات تناسل زنانہ۔** رحم کا اپنی جگہ سے گر جانا (کلکیریا فاس کالی فاس) ہر قسم کی تکلیف جس میں رحم اپنی جگہ سے گر جائے کلکیریا ظلوریہ سے درست ہوتی ہے یہ دوا رحم کو تقویت دیتی ہے کمر یوں اور کمر کے نچلے حصہ میں کھنچن، درد رانوں تک جائیں۔ حیض مقدار میں زیادہ خون کی زیادتی۔ نیچے کی طرف بوجھ کے احساس کے ساتھ رحم میں ڈھیلا پن یا سختی۔ وضع حمل کے بعد درد بہت کمزور جس کی وجہ سے آنول باہر نہ نکل سکے۔ چھاتیوں میں سخت گانٹھیں (کالی میور)

**آلات تنفس۔** آواز بیٹھے۔ کروپ کھانسی۔ کھانسی جس کے ساتھ زرد بلغم کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے خارج ہوں اور لیٹنے پر سر اٹھ ہو۔ دورے والی کھانسی (ٹائکر جون صاحب لکھتے ہیں۔ کلکیریا ظلوریہ سینے کے اندر پڑی ہوئی گانٹھوں

کو تحلیل کرتا ہے۔

**نظام عصبی** - یہ دوا وریدوں کے گومڑوں اور گانٹھوں کے لیے نیز وریدوں کے بڑھ جانے میں اور خون کی نالیوں کے تحلیل ہو جانے میں اکسیر ہے۔ یہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جب ٹوبرکلر کے جراثیم اور خون کی نالیوں پر حملہ آور ہوں تو یہ دوا ان جراثیم کو ہلاک کر کے ماؤف حصوں کو از سر نو زندگی بخشتی ہے) قلب کا بڑھ جانا یا سکڑ جانا (کان میں) دل کے فعل میں بے قاعدگی اگر دل کی خرابی سے ہو،

**پٹھے اور گردن** - مزمن درد کمر جس کی حرکت کے آغاز پر تکلیف بڑھے اور مسلسل حرکت سے آرام ہو۔ چھوٹے بچوں میں ٹانگوں اور بازوؤں کی ہڈیوں کا بڑھ جانا پٹھے کے کچھ حصہ میں درد جیسی کے ساتھ۔

**ہاتھ اور پاؤں** - کلائی کی پشت پر سوجی - جوڑوں اور انگلیوں میں گٹھیا دی گانٹھیں انگلیوں پر گانٹھیں - گھٹنے کے جوڑ پر مزمن گانٹھیں یا درد -

**نیند** - پریشان کن خواب - خطرے کے آرام نہ دینے والی نیند -

**جلد** - جلد میں نمایاں سفیدی عمل جراحی کے بعد گانٹھیں - جلد میں پھٹن اور شگاف ہاتھوں کی جلد میں شگاف یا ان کا پھٹنا - مقعد میں شگاف - زخم جن کے کنارے سخت ہوں - لہری ناسوری زخم میں سے لگاڑ ہا زرد مواد بہے - وہ زخم جن کے کنارے اٹھے ہوئے ہوں اور سخت اور جن کے گرد و نواح کی جلد بیگنی اور متورم ہوں متورم کے پستانوں کے غدود سخت ہو جائیں یا پستانوں کے اندر گانٹھیں پڑ جائیں سب قسم کے ورم اور سختی جن کا تعلق جوڑنے والے ریشوں سے ہو - جلد میں پتھر کی سی سختی - رسولی اور گومڑ

کمی اور زیادتی - علامات آرام کی حالت میں موسم کی تبدیلی سے بڑھتی ہیں اور گرمی سے / نیز سینکنے سے آرام ہوتا ہے سختی کو کم کرنے کے واسطے سینکنا اکثر مفید ہے لیکن جہاں کہیں سکیڑنے کی ضرورت ہوتی ہے اس وقت ٹھنڈی چیزیں لگانے سے آرام ہوتا ہے۔

طاقت - نمبر ۳x سے نمبر ۳۰ تک اور اونچی۔

چونکہ اس دوا کا اثر بہت آہستہ ہوتا ہے اس لیے اس کا اثر ظاہر ہونے کے لیے کچھ دیر تک برابر جاری رکھنا چاہیئے مگر جب اثر شروع ہو جائے تو پھر اس کو بار بار دہرانا چاہیئے۔

تعلق - مقابلہ کرو:-

کلکیریا فاس (ناک میں بدبو، ہڈیوں کا پکنا) بیرم میور (دودھ پیتے بچوں کی کھوپڑی میں ورم۔ ہڈیوں کا پکنا) کلکیریا فلورینا سے اس دوا کو فائدہ ہوتا ہے جس کی زیادتی آرام سے ہو اور آرام حرکت سے ہو لیکن درد کمر میں جب ریشکس فیل ہو جائے تو کلکیریا فلورینا اکثر دوا کا کام کرتی ہے

## کلکیریا فاسفوریکا

CALCAREA PHOSPHORICA

CHEMICAL SYMBOL :-

CAS (PO4)2 310 29

SYNONYMS :- PRECIPITATED PHOSPHATE OF CALCIUM.

TRITURATION -

## فاسفیٹ آف لائم

اس دوا کو ڈاکٹر ہیرنگ صاحب نے آزمایا تھا مگر ڈاکٹر ہوشلر صاحب نے اپنی

بارہ ادویہ کے اندر اس کو شامل کیا ہوا اکثر حومیوپیتھ صاحب اس کو اپنے بارہ نمکوں میں انٹی مورک قرار دیتے ہیں کلکیریا فاس جسم کے بڑھنے اور نشوونما پانے کے لیے ایک اہم جزو ہے یہ نمک خون کی رطوبت میں اجزاء میں، لعاب میں، ہاضمہ کی رطوبتوں میں ہڈیوں میں جوڑنے والے ریشوں میں اور دودھ میں پایا جاتا ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے کلکیریا فاس البیومن میں خاص درجہ رکھتا ہے چونکہ البیومن جسم کی نشوونما کی جان ہے اس لیے کلکیریا فاس کو جسم کی نشوونما کے لیے ایک بہترین دوا سمجھنا چاہیئے نیز جہاں البیومن جسم سے خارج ہو رہا ہو وہاں اس کا استعمال اکسیر ہوتا ہے چونکہ یہ دوا خون میں روانی پیدا کرتی ہے اس لیے کلکیریا فاس کمی خون اور بھگس میں ایک بہترین دوا بن جاتی ہے بڑھتے ہوئے اور نرم ریشوں میں اس کا ہونا بہت لازمی ہے کیونکہ نئے ریشوں کی نشوونما میں یہ مدد دیتا ہے۔ اس لیے نشوونما کے لیے اس کو ایک ضروری نمک سمجھنا چاہیئے خون کے اندر اگر کلکیریا فاس موجود نہ ہو تو پھر خون منجمد ہی نہیں ہو سکتا ہے۔

یہ دوا اس وقت کام آتی ہے جب لاغر کے اجزاء کم ہو جائیں اور ان کی کمی سے جسم کے اندر بیماری یا ابتری پیدا ہو جائے اس ابتری کی مثال ہمیں ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے سرے پر بے جا پیدائش میں ہڈیوں کی نشوونما کی بے قاعدگی میں اور اسی طرح کی دوسری کیفیتوں میں دکھائی دیتی ہے۔ اسی لیے یہ ہڈیوں کی بیماری کیلئے ایک بہترین دوا ہے اور جب یہ نمک جسم کے دوسرے حصوں سے کم ہو جائے اس وقت جاذبیت میں کمی ہونے کی وجہ سے جسم کے نئے اجزاء نہیں بنتے اور پرانے اجزاء بوسیدہ ہو جاتے ہیں۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں تشنج اور اینٹھن میں خنازیری مزاج کے انسانوں میں

گلکیریا فاس کام آتا ہے اس کا دوسرا فرحدی پہلو یہ ہے کہ سخت اور لمبی بیماریوں کے بعد جب مریض اپنی طاقت حاصل نہیں کر سکتا تو یہ اس کے نظام جسم میں قوت مدافعہ پیدا کرنے کے دوسری دواؤں کے اثر پذیر ہونے کے لیے میدان صاف کرتی ہے یا یوں کہنا چاہیے کہ یہ دوا خون کے سرخ اجزاء کو بڑھاتی ہے اور بہت سے حالات میں یہ دوا بطور مقوی ثابت ہوتی ہے لاغر کرنے والی مزمن تکالیف میں، دق میں جب کہ پیشاب کے اندر فاسفیٹ کی زیادتی ہو تو یہ دوا اکسیر ثابت ہوتی ہے نیز نوجوان انسانوں میں کمی خون یا جلد بڑھنے والے انسانوں کے لیے یا ان مستورات کے لیے جنہوں نے بہت بچے جنے ہوں یا ان مستورات کے لیے جنہوں نے بہت عرصہ تک بچوں کو دودھ پلایا ہو، یا جن کو حیض یا سیلان زیادہ مقدار میں ہوتا ہو یا مزمن کھانسی میں، دق کے اسہال میں، رات کے پسینوں میں، خناذیری و دیگر اقسام کے دنبلوں میں یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

بڑھاپے میں جبکہ تمام جسمانی اجزاء کم ہو رہے ہوں یہ کام آتی ہے۔ نیز شرمگاہ کی مزمن خارش اور عادی امراض کے بعد اس کا استعمال ہوتا ہے۔

سینہ کی دق میں جہاں بھی لاغری ہو جائے۔ رات کے وقت پسینہ آتا ہو اور خون کی قے یا تھوک آتا ہو تو چھوٹی طاقتوں میں گلکیریا فاس بیماری کی تکالیف کو کم کر کے مریض کو سکون دیتی ہے۔

یہ نوجوان آدمیوں کے استقام کے لیے اور مستورات میں خواہش نفسانی کی تحریک کے لیے ایک بے مثل دوا ہے۔ ان باغ میں کوہ یا ارجنٹ کے لیے اس دوا کی سفارش کی جاتی ہے

کلکیریا فاس کا مریض کلکیریا کارب کے برعکس عموماً لاغر ہوتا ہے نیز کلکیریا کارب کے مریض کی بہ نسبت کم سفید ہوتا ہے کلکیریا کارب اور کلکیریا فاس دونوں کے اعضا ضخیم ترے بڑے ہوتے ہیں لیکن کلکیریا فاس کے مریض کا جسم کچھ پلپلا ہوتا ہے۔ کلکیریا کارب میں انڈوں کی خواہش ہوتی ہے مگر کلکیریا فاس نمک یا نمکین گوشت کی خواہش کرتا ہے چنانچہ کلکیریا فاس کے بچے میں مخصوص علامت چوبی کی خواہش ہے۔

بہت سے بچوں کو جب وہ بڑھ رہے ہوں کلکیریا فاس کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ اگر سر کی ہڈیاں جلد نہ ملیں، یا بچہ کی نشوونما کے ساتھ ساتھ ان میں نشوونما نہ ہو تو اس دوا کا استعمال لازمی ہو جاتا ہے۔ جب بچے لاغر ہو رہے ہوں اور چلنا پھرنا کام دیر میں سیکھیں، یا ٹانگیں اس قدر کمزور ہوں کہ جسم کا بوجھ برداشت نہ کر سکیں دماغی طور پر ان میں نشوونما کی کمی ہو (میننجم ہیڈ) تو کلکیریا فاس استعمال کرنا چاہیئے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا نہ ملنا، ہڈیوں کے سروں کا موٹا ہو جانا بھی اس کے حلقہ اثر میں آتا ہے۔ ناک میں سبزیں اور حلق میں تھوڑیاں اس سے درست ہوتی ہیں گلے کے، کلہریوں کے اور شکم کے بڑھے ہوئے غدودوں پر اس کا اثر ہوتا ہے۔ اور اس سے یہ غدود درست ہوتے ہیں۔ بچوں کی نشوونما میں کمی اور بچوں کی بدشکلی اور لاغری درست ہوتی ہے۔

جوڑوں اور اعضا میں باری کے درد بھی پائے جاتے ہیں جن کی زیادتی ٹھنڈے موسم میں یا ہر دفعہ موسم میں ذرا سردی آجانے سے ہوتی ہے۔ دق کے مریضوں میں دق کا اثر رکھنے والے انسانوں کے لیے یہ دوا بہتر ثابت ہوتی ہے ہڈیوں کی تکالیف میں یا جلد زخم ہو جانے کی عادت کے لیے یہ دوا مفید ہے مگر یاد رہے

www.pdfbooksfree.blogspot.com

کہ سردی سے ذکی الحسی اس دوا کا ایک خاص فعل ہے۔

اس کے مریض عموماً گوبی لگنے کے سے کھینچنے والے، جلنے اور دبانے والے ہوتے ہیں۔ جاڑا تمام جسم کو ہلا دیتا ہے اور اوپر سے نیچے کی طرف پھیلتا ہے بخار عموماً شام کے وقت ہوتا ہے پسینہ رات کو زیادہ ہوتا ہے اس کی تکالیف عموماً آرام کرنے کی حالت میں کم ہوتی ہیں۔ حرکت سے یا جسمانی محنت سے پیدا ہوتی یا بڑھ جاتی ہیں۔ عام طور پر جسم کے اندر کمزوری پائی جاتی ہے۔ جسم کے بہت سے حصوں میں سن ہو جانے کا احساس ہوتا ہے کانپنا بھی اس میں پایا جاتا ہے۔ سر سے تکالیف اور دھڑکن پیدا ہوتی ہے بچوں کے جھٹکے اس قدر شدید ہوتے ہیں کہ مریض کھڑا نہیں رہ سکتا۔ مرگی کے دورے۔ بچوں میں تشنجی دورے زیادہ ہے کہ تشنجی دورے کے دوران میں اس دوا کے استعمال سے چنداں فائدہ نہیں ہوتا بلکہ تشنجی دورے جب نہ ہوں تو اس وقت دوا کو دینا چاہیے) دماغ میں تھکاوٹ نمایاں ہوتی ہے اور دماغ کمزور معلوم ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ کلکیریا فاس کے مریض کا حافظہ بہت کمزور ہوتا ہے وہ دماغی محنت کو برداشت نہیں کر سکتا دماغی محنت سے سر میں تکالیف پیدا ہوتی ہیں۔ بچہ سر کو پکڑ کر بیٹھتا ہے اپنی تکالیف کو یاد کرنے سے یا ان کے متعلق سوچنے سے تکالیف پیدا ہوتی یا بڑھ جاتی ہیں۔ بری خبر یا غم سے تکالیف پیدا ہوتی ہیں۔ مریض تنہائی ڈھونڈتا ہے اور تنہا بیٹھ کر اپنے خیالات کو جمع کر کے خیالات ہی سے تکلیف اٹھاتا ہے۔

دوسرا اس کے عجیب و غریب ہیں اسکول سے بھاگنے اور لڑکیوں کے

دردِ سر کے لیے ایک بہترین دوا کہلاتی ہے۔ جب طالب علم دردِ سر کے ساتھ گھر آتے ہیں تو یہ دوا ان کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ یہ درد جھٹکے سے دبانے سے اور سر کی ٹوپی سے بڑھ جاتے ہیں۔ مریض ٹھنڈے پانی سے سر کو دھونا چاہتا ہے اور چپ چاپ پڑا رہنا چاہتا ہے کتنی ہی دفعہ اس دوا سے دماغ میں پانی اُتر آنے کو روکا گیا ہے، موسم سرما کی باری کے درد جو تمام سر کو گھیر لیتے ہیں اس سے درست ہوتے ہیں، یہ درد عموماً ٹھنڈے موسم میں یا ٹھنڈی ہوا میں پیدا ہوتے ہیں یا بڑھتے ہیں، چلنے سے محنت کرنے سے اور رات کے وقت بڑھتے ہیں۔ ماضی پر دوں میں درد کے بعد اگر سہال ہوں تو یہ دوا اکسیر ہوا کرتی ہے

مستورات کے لیے کلکیریا فاس سے بہتر اور کوئی غمگسار نہیں ہو سکتا جب پہلے حیض کی حالت میں مریضہ سردی کھا جاتی ہے تو عمر بھر اس کو درد سے بچتی ہوا کرتے ہیں۔ ایسے درد والے حیضوں کی صرف کلکیریا فاس ہی دوا ہے۔ شاید آنکھ والے درد رحم اور گلہریوں میں جو حیض کے شروع ہونے کے چند گھنٹے قبل پیدا ہوں۔ اور حیض کے پورے طور پر جاری ہونے سے رفع ہو جاتے ہیں یا درد جس میں مریضہ چیخ چیخ اٹھے اس دوا سے مستفیض ہوتی ہیں۔

پلاٹینا، گریشی اولا اور اوری جینم کی طرح اس دوا کے اندر شہوت کی بہت تحریک ہوتی ہے۔ پاخانہ اور پیشاب کے وقت رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا بھی اس میں پایا جاتا ہے۔ رحم کے اندر تودی، خون حیض مقدار میں زیادہ جن کے اندر سخت سیاہ چھیچھڑے ہوں۔ انڈے کی سفیدی کی طرح دن رات سیلان الرحم۔ دوران حیض شرمگاہ اور رحم میں جلن پیچھے کمر میں کھنچاؤ کے درد کو بیٹھنے سے

## ۱۔ گلکیریا خاص

گلکیریا خاص میں ہاضمہ کی خرابی بھی ملتی ہے۔ درد معدہ یا درد شکم ریاح کے اخراج سے کچھ دیر کے لیے کم ہو جاتا ہے بحالت فاقہ یا بھوک کی حالت میں معدہ دیرتک کی طرف جاتا ہے اور ایسا احساس ہوتا ہے کہ ریاح خارج ہوں گے معدہ میں ناقابل بیان پریشانی جس کو عارضی طور پر کھانے سے آرام ہو۔ گلکیریا خاص کے دست سبز لیس دار یا گرم پانی کے ساتھ متعفن ریاح کے ساتھ ہوتے ہیں۔

آلات تناسل زنانہ کے متعلق میں اوپر بیان کرتا ہوا یہ بھول گیا تھا۔ کہ خواہش نفسانی کی زیادتی اس میں حد درجہ کی پائی جاتی ہے بسبب زیادتی کے آلات تناسل کا ہر حصہ اتنا وہ معلوم ہوتا ہے اور اسی لیے جماع کی نہ رکنے والی خواہش اس کے اندر موجود ہوتی ہے یہ حالت عین حیض سے پہلے ہوتی ہے اشتہائی احساس اس قدر زبردست ہوتا ہے کہ ہر حقہ خون سے بھرا معلوم ہوتا ہے پیشاب کرنے کے بعد آلات تناسل میں تپکی ہوتی ہے اور اسی تپکن سے خواہش رحم پر بھی اس کا اثر ہوتا ہے جس کا ذکر میں اوپر کر چکا ہوں مثلاً پیڑو میں خالی پن اور بیٹھنے کا احساس۔ پیشاب اور پاخانہ کے وقت رحم کا اپنی جگہ سے گر جانا۔ مگر میں کہتے والا ورد لیکن گلکیریا خاص میں حیض کی زیادتی ہوتی ہے اور حریضہ کمزور ہوتی ہے

فسچولا یعنی ناسور میں یہ ایک عجیب ترین دوا ہے اور جب ناسور پر عمل جراحی کیا جا چکا ہو اور ناسور کے بجائے علامات کہیں جسم کے دوسرے حصہ میں پہنچ گئی ہوں یا ناسور اور سینہ کی تکالیف کے بعد دیگرے ہوں تو یہ دوا اکسیر بن جاتی ہے۔

سینہ میں سکڑن اور تنفس میں وقت، شام سے رات کے دس بجے تک جس کو بیٹھنے سے آرام ہو اور اٹھنے سے تکلیف ہو۔ سسل انگڑائیاں اور جمائیاں۔ نیند کی حالت میں معاد وغیرہ میں مفید۔

ایک مصنف لکھتے ہیں کہ جس عورت کے بچوں کے سر میں پانی اور آتا ہو اگر بحالت حمل اس عورت کو گلیکیر یا فاس دیا جائے تو آئندہ اس کے بچوں کو یہ شکایت نہیں رہتا ہے یہ دوا اس ذیابیطس کے لیے اکسیر ہے جس کے ساتھ سینہ میں تکالیف ہوں۔

## علامات

دماغ۔ بچے بچا پڑے اور ضدی۔ جلد بھول جائیں۔ دماغی کام کرنے کی نااہلیت غم اور فہمائش کے بعد پیدا ہوتی۔ ہمیشہ کسی جگہ جانے کی خواہش کریں۔ کمزوری دماغ ان آدمیوں میں جنہوں نے جلق لگائی ہو یا مشت زنی کے شکار ہوں (کالی فاس) تنہائی کی خواہش غم، مایوسی، وغیرہ کے بعد۔

سر۔ درد سر تالو کے مقام کے نزدیک، موسم کی تبدیلی سے۔ اسکول کے بچوں کا۔ اور سن بلوغیت میں تالو بہت مدت تک کھلے رہیں۔ دماغ کی ہڈیاں نرم اور کمزور، سر کی چوٹی پر رینگن کا احساس ایسا معلوم ہو کہ گدی کے اوپر کے حصہ میں برف رکھی ہے سر گرم اور بالوں کی جڑوں میں ٹیس، سر میں دبانے سے خصوصاً گدی میں دبانے سے کہ کن ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کاغذ کو کھرچا جا رہا ہے۔ اسکول کی لڑکیوں کا درد سر، دستوں کے ساتھ درد سر، علی صحت کے بعد۔ چکر (گیرہ فاس) سر کی چوٹی پر ثقل۔ سر میں استسقاء بالوں کا گر جانا

گنجائش - سر کو گرمی نہ برداشت کر سکے -

آنکھ - روشنی خصوصاً سورج بتی یا گیس کی آنکھوں میں تکلیف دے چمکتی ہیں جالا جو نیل کے بعد ہو - بھینگا پن -

کان - کانوں میں گانے یا دوسرے قسم کی آوازیں - اندرونی و بیرونی کان سرخ، درد کرے - خارش ہو اور گرم نیم متورم - کانوں سے تیز سوزش پیدا کرنے والا سیلان - قوت سامعہ میں ابتری - خنازیر کے مریضوں میں جبکہ کان متورم ہوں اس کا استعمال مفید ہے -

ناک - زکام تر - ٹھنڈے کمرے میں گرم ہوا سے اور مکان سے باہر ناک بند ہو جائے - ناک سے کثیر زیادہ تر بعد دوپہر ناک میں ہڈی - ناک متورم نتھنوں کے کنارے زیادہ متورم (سلیسا) ناک کی نوک ٹھنڈی - ہر قسم کے نزلہ میں علاج سے قبل کلکیریا فاس کا استعمال باقی ادویہ کے لیے راستہ درست کرتا ہے - ناک سے گاڑھی رطوبت - حلق سے نزلہ ٹپکے جس کی وجہ سے بہوت کھنکھارنا پڑے -

چہرہ - چہرہ میں درد، خصوصاً اوپر کے جبڑے کی ہڈی میں دائیں سے بائیں کو جو چہرے کے دوسرے حصوں میں پہلے یا دوسرے حصوں سے جبڑے کی ہڈی میں آ جائے - اوپر کا ہونٹ متورم نیز ورم کرے، سفید ہو اور پھٹے چہرے پر دانے - لیوپس (سلی چھوٹے) نوجوان لڑکیوں کے چہرے پر کیل دانت نکلنے کے زمانہ میں بچوں کا چہرہ پیلا -

منہ - دانت اندر چلے جائیں، لاغری کے ساتھ - دانت نکلنے کے زمانہ

میں دانتوں کی تکلیف دانت نکلنے کے زمانہ میں تشنجی دورے (میگنیشیا فاس) جیسے ہی دانت نکلیں ویسے ہی سر جہائیں مسوڑھے متورم اور درد کریں (فیرم فاس) دانت نکلنے کے زمانہ کی سب سے بڑی دوا۔ اگر مسوڑھے پکے ہوں تو گلیسرو فاس دوا ہے زبان کی نوک درد کرے اور چلے۔ زبان پر چھوٹے چھوٹے آبلے۔ صبح کے وقت کروا ذائقہ درد سر کے ساتھ۔ صبح کے وقت برانڈی لفظ جو غذا نہ ہضم ہونے کی وجہ سے ہو۔

حلق۔ حلق کے درد جس کی زیادتی نگلنے پر ہو۔ غدود متورم ہونے کی وجہ سے منہ بغیر دوا کے نہ کھولا جا سکے۔ حلق کے غدود سخت ہو جائیں ایڈی نائڈس (کریل) گھیگھا۔ بچا کو بولنے والوں کی آواز بیٹھ جانے کے لیے یہ ایک عمدہ دوا ہے اس حالت میں فیرم فاس بھی دو۔

معدہ۔ بچے تمام دن دودھ پینا چاہیں اور جلد اور آسانی سے قے کر دیں ۴ بجے کے بعد دوپہر غیر معمولی بھوک ہر وقت کھانے کی کوشش پیٹ کم میں درد۔ کھانے کے بعد کھجلی جلن اور دوسری تکالیف معدہ ریاح کے اخراج سے معدہ میں جلن حصے میں بیٹھنے اور خالی ہونے کا احساس۔ ہضم نہ کھانے سے قے۔ بچوں کو قے آسانی سے ہو۔ معدے میں جلن اور منہ میں پانی کا بھرنا معدہ پھیلا ہوا معلوم ہو۔ گائے کے گوشت، سؤر کے گوشت یا دوسرے نمکین گوشتوں کی خواہش بے حد ریاح۔ بھوک کی زیادتی پیاس کے ساتھ۔ درد جس کو کھٹی ڈکار سے عارضی طور پر آرام ہو۔ غذا پتھر کی طرح معدے میں بھی معلوم ہو۔ ٹھنڈا پانی درد کو بڑھا دے۔ جبکہ گرمی سے آرام ہو (میگنیشیا)

پھٹے پرانے کپڑوں کی طرح۔

شکم۔ ناف کے گرد درد جس کو منضف سیاح کے اخراج سے آرام ہو شکم میں جلن کھٹے والا، نیچے والا اور تیز درد شکم جو اسہال کے بعد ہو۔ ہر قسم کھانسی کی کوشش پر شکم میں درد ہو۔

پاخانہ اور مبرز۔ سخت متغفن اسہال۔ سبز دار پیپ کھانسی سے دانت نکلنے کے زمانہ میں تبدیر سے اسہال جس کے اندر سفید پھٹکیاں یا سوت کی سی پھٹکیاں ہوں دست مقدار میں کم زیادہ ریاح کے ساتھ متغفن ریاح کا اخراج سوا سیر مقعد میں درد زیادہ تر بیرونی طرف سوئیاں چبھنے جلن اور تپکن کے ساتھ (کلکیریا فلور، فیرم فاس) مقعد میں شگاف (کلکیریا فلور) ناسور بغیر درد کے مقعد میں خارش سخت پاخانہ کے بعد سیلان خون مقعد میں ناسور اور سینہ کی علامات یکے بعد دیگرے سفید طحلی، بچہ ان اشیاء کی خواہش کرے جو نہ کھانی چاہئیے۔ دستوں کے ساتھ ساتھ اونچی آواز سے ریاح کا اخراج (کالی فاس) سوکھے کا مارضہ، بچہ زیادہ کھانے کے باوجود لاغر ہوتا جائے پاخانہ کی بار بار حاجت مگر کچھ نہ آئے نہیں (کالی فاس، میگنیشیا فاس) اسکول کی لڑکیوں کو دست دردسر کے ساتھ تمام علامات رات کے وقت یا موسم کی تبدیلی سے بڑھ جائیں (سلیشیا) پتے کی پتھریاں روکنے کے واسطے عجیب دوا ہے۔

مثانہ۔ گردوں کے مقام میں شدید درد جب کوئی بوجھ اٹھایا جائے۔ یا چھینکا جائے یا ناک چھنکی جائے پیشاب کی مقدار میں زیادتی کمزوری کے ساتھ۔ پیشاب میں پیپ کی ریت (بیرظم سلفت) ذیابیطس

**آلات تناسل مردانہ:۔** گاڑی میں چڑھتے وقت استادگی بغیر خواہش کے۔ بیضوں سے عضو مخصوص تک گولی کے سے درد خصیوں میں ورم قوطے درد کریں اور ان میں سے رطوبت رسے۔ مشت زنی دیرینہ سوزاک۔

**آلات تناسل زنانہ:۔** رحم کے مقام میں کمزوری اور پریشانی جس کی زیادتی پاخانہ اور پیشاب کرتے وقت ہو۔ رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانے کے ساتھ۔ اعضاء میں شہوانی احساس ایسا معلوم ہو جیسے ان میں خون جمع ہو گیا ہے۔ ان میں نبض کی طرح تپکن ہو۔ اور اس تپکن سے خواہش نفسانی بہت بڑھ جائے حیض بہت جلد جلد، خون چمکدار سرخ۔ نوجوان لڑکیوں میں اور ذرا بڑی عمر کی مستورات میں حیض دیر سے ہو خون سیاہ۔ یا پہلے چمکدار سرخ پھر سیاہ جب حیض دیر سے ہو تو پیٹھ میں شدید درد ہو۔ دودھ پلانے کے زمانہ میں خواہش نفسانی کی تحریک خواہش جماع کی زیادتی درد، دباؤ یا رحم میں کمزوری کے ساتھ بچہ دودھ پینے سے انکار کرے۔ کیونکہ بچہ کو دودھ نمکین معلوم ہو۔ کمزور مستورات میں رحم اپنی جگہ سے ٹل جانے (یہ دوا زیادہ عرصہ تک دودھ پلانے سے پیدا شدہ کمزوری کے لیے مفید ہے) سیلان الرحم انڈے کی سفیدی کا سا جس کی زیادتی صبح کے وقت ہو۔ پستان چھونے سے درد کریں حمل کی حالت میں اعضا میں درد۔

**آلات تنفس:۔** آواز کا بیٹھنا آواز کو صاف کرنے کے لیے کھنکھارنا پڑے۔ از خود سرد آہوں کا سا تنفس میں تیزی تنفس چھوٹا اور دقت سے ہو۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں کھانسی سینہ میں سکڑن اور تنفس میں دقت شام سے رات کے دس بجے تک جس میں کمی لیٹنے سے ہو اور زیادتی اٹھ کر بیٹھنے سے۔ بائیں

پھیپھڑے کے نچلے حصہ میں درد۔ دیرینہ کھانسی۔ ابتدائی دق سے پھیپھڑوں میں
بائی کے درد۔ رات کے وقت سر میں پسینہ (سلیسیا۔ نیٹرم میور)
پیٹھ اور گردن :۔ گردن میں بائی کے درد اور اکڑن۔ سر میں بھاری پن کے
ساتھ جو ذرا سے ہوا کے جھونکے سے بھی پیدا ہو یا بڑھ جائے۔ اینٹھن کا سا
درد گردن میں پہلے ایک جانب پھر دوسری جانب پیٹھ میں درد اور رگم میں
درد کمر میں درد ایسا معلوم ہو کہ کمر ٹوٹ کر الگ ہو گئی ہے۔ کندھوں کے نیچے چبھن
اور جھٹکے والے درد۔

اعضاء :۔ اعضاء میں منتقل ہونے والے درد جو زیادہ تر برسات میں بھیگنے
کے بعد ہوں۔ تمام اعضاء میں درد تھکاوٹ کے ساتھ اعضاء سن ہو جائیں۔ اعضاء
ٹھنڈے اور اعضاء میں ٹھنڈک کا احساس جیسے کسی نے ٹھنڈا پانی ڈالا ہو۔ جوڑوں
میں درد اور کندھوں کے درمیان پیٹھ میں درد جس کی زیادتی رات کے وقت یا
بحالت آرام کرنے کے ہو۔ ٹخنے میں درد۔ پنڈلی میں چوٹ۔ بچے چلنا دیر میں سیکھیں۔
ہڈیوں میں آتشکی درد۔ زخم ہڈیوں یا گوشت میں گہرے۔ اعصابی درد جن کی
زیادتی رات کے وقت ہو۔ درد تشنج، جھٹکے، درد سے دانت گنیشیا فاس فیل ہو جائے)
ہاتھ اور پاؤں :۔ کندھے اور بازوؤں میں بائی کا درد۔ انگلیوں کے ناخنوں کے گرد
زخم کا سا درد خصوصاً داہنے ہاتھ میں۔ ہاتھ گیں سو جائیں۔ ان میں بے حسی اور پریشانی
ہو۔ اسی لئے ان کو حرکت دیتے پڑے۔ ٹانگیں تھکی ہوئی کمزوری اور ان میں رینگن اور
سرسراہٹ گھٹنوں کے نیچے درد۔ پنڈلیوں میں اینٹھن کا سا درد خصوصاً چلتے وقت
اکڑن اور دوسری اعضاء سن ہو جانے کے ساتھ جس کی زیادتی موسم کی تبدیلی پر ہو۔

جوڑ چھٹے اور حرکت سوجائیں۔ جوڑوں اور ہڈیوں میں درد۔ ریشہ چڑھتے وقت کمزوری

مخصوص خواص: ریشہ چڑھتے وقت کمزوری اسی لئے مریض بیٹھنا چاہئے۔ اور اوپر چڑھنے کی طبیعت نہ چاہے ہر دفعہ ذرا سی سردی پر تکلیف پیدا ہو جائے یا بڑھ جائے۔ بچے چلنا نہ سیکھیں یا طاقت کم ہوتی جائے۔ (سلیبیا) یا لاغر ہوتے جائیں۔ جوڑ بندوں میں درد جب ان کو چھیلا جائے۔

نیند: تمام رات نہ رکنے والی خواہش خوابی۔ صبح کے وقت جاگا نہ جائے کیڑوں کی وجہ سے بے چینی کی نیند (نیٹرم فاس)

بخار: ساکٹر رینگنے والا لرزہ اور سردی رات کو پسینوں کی زیادتی واحد حصص پر طاسفائیڈ یا دیگر اسی قسم کے بخاروں کے بعد کمزوری رفع کرنے کے لئے استعمال کرو

کمی اور زیادتی۔ تکالیف صبح کے وقت شام کے وقت حرکت سے، مصنوعی روشنی سے سردی سے کھانے کے بعد رس والے پھلوں سے موسم کی تبدیلی سے بارش میں بھیگ جانے سے بڑھتی ہیں اور لیٹ جانے کے بعد کم ہوتی ہیں نیز موسم گرما میں اور گرم خشک موسم میں مریض اپنے آپ کو بہتر محسوس کرتا ہے۔

طاقت۔ نمبر ۲ سے نمبر ۳ بہت اونچی طاقتیں بھی اکثر بہت مفید ہوتی ہیں۔

www.pdfbooksfree.blogspot.com

# کلکیریا سلفیوریکا

## Calcarea Sulphurica

Chemical Symbol:-Ca

SO₄: 136.14

Synonyms:-Sulphate of Calcium——

Trituration

## (سلفیٹ آف کلسیم)

یہ نمک سفراء میں ملتا ہے اور صفراء میں جگر سے آتا ہے۔ اور جگہ میں یہ نمک ضائع شدہ خون کے سُرخ اجزاء کو نکالنے کے لئے قدرت نے پیدا کیا ہے جب جگر میں کلکیریا سلف کی کمی ہو جاتی ہے تو ناکارہ خون کے سُرخ اجزاء خون میں مل جاتے ہیں۔ اور جگر سے یہ تمام خون کے اندر پھیل جاتے ہیں جہاں سے یہ بلغمی جھلیوں اور جلد میں پہنچتے ہیں اور وہاں نزلہ خارش کے دانے پیدا کرتے ہیں۔

کلکیریا سلف پکنے کی کیفیتوں میں استعمال ہوتی ہے۔ یہ بلغمی جھلی سے سوزش رطوبتوں کو درست کرتی ہے۔ نیزہ وغیرہ کے زخموں یا آنتوں کے ورموں میں اور پتلیوں کے زخموں میں کام آتی ہے یہ اس وقت استعمال ہوتی ہے جبکہ ورم پک کر بہہ جائیں۔ مگر ابھی میں سے بھی رطوبت یا پیپ رستی ہے۔ تمام ایسی تکالیف میں جہاں مواد زیادہ دیر تک جاری رہے۔ اور ریشوں کو تباہ کرتا ہو مفید ہے۔ یہ دوا جوڑنے والے ریشوں پر بھی اثر کرتی ہے۔ اور اگر ان ریشوں میں کمی ہو جائے۔

نتیجہ دنبل اور پکتا ہوتا ہے۔ پیپ کی موجودگی اس دوا کے استعمال کے لئے کافی نشان ہے۔

نوٹ:۔ سوشلر صاحب نے اپنی آخری زمانہ پریکٹس میں اس دوا کو اپنے نمکوں میں سے خارج کر دیا اور اس کے بجائے نیٹرم فاس اور سلیسیا رکھا۔ چونکہ مریضوں پر تجربہ سے ثابت ہوا کہ یہ ایک بہترین دوا ہے اس لئے سوشلر صاحب کی وفات کے بعد اس دوا کو جاری رکھا گیا۔

جب اٹھی ادویہ یعنی بائیو کیمک ادویہ کا استعمال بہت اونچی طاقتوں میں کیا جاتا ہے۔ تو یہ ادویہ بالکل ہی عجیب و غریب بن جاتی ہیں۔ مفصلہ ذیل علامتیں اس دوا کی ایسی ہیں جن کے رہتے ہوئے یقیناً یہ دوا بہترین کام کر سکتی ہے۔

کلکیریا سلف میں جسم کے اندر دنبل کی رغبت پائی جاتی ہے۔ مطلب یہ کہ دنبل اکثر ہفتے ہی رہتے ہیں جب دنبل پک جاتا ہے۔ پھوٹ جاتا ہے۔ مگر وہ مندمل نہیں ہوتا اور اس میں سے مسلسل زرد پیپ رستی رہتی ہے۔ خواص دوا کا استعمال ہوتا ہے کلکیریا سلف کا مریض کھلی ہوا کی خواہش کرتا ہے مگر کھلی ہوا سے ڈرتا بھی ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو زکام بہت جلد ہو جاتا ہے۔ یہ دوا ان زہریلے گومڑوں یا پیدائشوں کے لئے جو زخم کے ہونے کے بعد ہوتی ہوں ایک یقینی دوا ہے۔ یہ دوا نہ صرف گہرا اثر کرنے والی بلکہ انٹی سورک بھی ہے اور اگر اس کو شروع شروع میں دے دیا جائے۔ تو یہ دوا ایسی پیدائشوں کو روک دیتی ہے یا ان کو جلد مندمل کر دیتی ہے۔ ہڈیوں کی تکالیف میں۔ یا ہڈیوں کے گل جانے میں بھی یہ ایک عجیب دوا ہے۔

یہ یاد رہے کہ کلکیریا سلف کا مریض سرد مزاج ہوتا ہے تاہم وہ کپڑا نہیں اوڑھنا چاہتا مثال کے طور پر کوپ کھانسی اور دردِ سر میں مریض بہت گرمی محسوس کرتا ہے تاہم اس کے جسم کے درد عموماً گرمی سے کم ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے مریض سردی اور گرمی ہر دو سے زکی الحس ہوتے ہیں۔

یہ دوا مرگی اور ہسٹریا کے تشنج اور دوروں کے اسباب کو رفع کرتی ہے جب منتخب شدہ ادویہ تھوڑے وقت کے لئے کام کریں یا پورے طور پر مریض کو فائدہ نہ پہنچا سکیں۔ تو اگر علامات مطابق ہوں تو اس کو سلفر۔ سوریم اور ٹیوبر کلینم کے ساتھ ساتھ دیکھنا چاہیئے۔

اس کے مریض کو محنت سے تکلیف بڑھتی ہے۔ اس کے عضلات موٹے ہوتے ہیں اور اس لئے اس کو خون بہت جلد آتا ہے عضلات اور جوڑ بندوں سے شدید کام لینے کی وجہ سے پیدا ہونے والی تکالیف اس دوا سے درست ہوتی ہیں۔ سینہ، سر اور اعضاء میں دوران خون شدت کا پایا جاتا ہے۔ اور اسی لئے تمتماہٹ اور تپکن بھی موجود ہوتی ہے جلق اور کثرت مباشرت انسانی جسم اور دماغ کو ہلا کر کے نظام جسم کو تہ و بالا کر دیتی ہے۔ اور یہ ان دواؤں میں سے ایک ہے جو ایسے وقت میں نظام کو درست کر کے مریض کو ایک مرتبہ پھر کھڑا کر دیتی ہے

دن بھر رات ہڈیوں میں درد۔ تمام جسم پر تپکن۔ غدود میں ورم اور سختی تمام جسم کے عضلات میں تشنج جسمانی کمزوری۔ بلغمی جھلیوں سے گاڑھی زرد رطوبتیں۔ گاڑھی خون ملی رطوبتیں ہونٹوں سے۔ زخموں سے اور بلغمی جھلیوں سے خون آمیز پیپ۔ زیادہ عرصہ تک زخموں اور دنبلوں کا مندمل نہ ہونا وغیرہ علامات بھی اس میں پائی جاتی ہیں۔

کھڑے ہونے سے بہت سی تکالیف بڑھتی ہیں خصوصاً جوڑوں کی بہت سی تکالیف، جاگنے پر، چلنے پر، تیز چلنے سے، یا گرم ہو جانے سے بڑھتی ہیں مریض کپڑا اتارنا چاہتا ہے۔ بستر کی گرمی سے تکلیف بڑھتی ہے۔ گرم کمرے میں اور گرم کپڑوں سے بھی تکالیف بڑھتی ہیں۔

مندرجہ بالا بیان میں مریض کی عام کیفیت واضح کی گئی ہے۔ ناظرین اگر غائر نظر سے دیکھیں گے تو ہر خصوصیت میں مندرجہ کیفیت پائیں گے۔

## علامات

دماغ۔ لاپروائی جلد غصہ میں آنا غصہ اور پریشانی کے بعد کمزوری، سوالوں کا جواب دینے سے نفرت، پریشانی خصوصاً شام کے وقت بستر میں، رات کے وقت لیٹی ہوئی حالت میں بخار کے دوران میں پریشانی ڈر کے ساتھ۔ مستقبل کی پریشانی، قلب اور صحت کے متعلق پریشانی، پریشانی کھلی ہوا میں کم ہو۔ صبح جاگنے پر پریشانی، ساتھیوں سے نفرت، دماغی پراگندگی جاگنے پر اور شام کے وقت جس کو کھلی ہوا میں آرام ہو۔ دماغی محنت سے پراگندگی۔ تلون مزاجی۔ بحالت بخار شفا سے مایوسی، دماغی کاہلی، خوف موت کا، تکلیف کا، پاگل پن کا۔ بدقسمتی کا جلد بازی۔ ہسٹریکل، بے صبری، گرمی مزاج سے لاپروائی۔ ارادہ کا کچا۔ شام کے وقت چڑچڑا پن۔ جماع کے بعد چڑچڑا پن، زندگی سے نفرت (یہ علامات ان شرابیوں کے لئے جن کے نظام میں اتری پھیل گئی ہو مفید ہے) دماغی اور جسمانی کمزوری، بولتے وقت لکنت اور لفظوں کا غلط استعمال۔ ضدی، لڑاکا پن چین جلد چونکنے کی مزاج، دماغی اور جسمانی محنت سے نفرت۔

**سر چکر:** صبح کے وقت جاگنے پر شام کے وقت، گرمی چکر کو کھلی ہوا میں آرام، چکر متلی کے ساتھ، مرگی کا چکر، سر کو جلد ہلانے سے یا جھکنے سے یا جلد چلنے سے چکر۔ سر میں خصوصاً چاند پر ٹھنڈک۔ دماغ میں کمی خون خصوصاً کھانسنے پر حیض کے دوران میں دماغ میں کمی خون حیض کے رک جانے سے یا گرم مکان میں جس کی کمی کھلی ہوا میں ہو۔ سر میں خصوصاً پیشانی اور کنپٹیوں میں سکڑن۔ کھوپڑی میں بھوسی۔ کھوپڑی پر تھکل کے دانے سخت اندرونی کھجلی کے ساتھ۔ کھوپڑی میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس۔ بال گھبائیں پیشانی میں۔ اندرونی میں بھاری پن۔ کھوپڑی میں خارش اور جلن۔ دردِ سر صبح کے وقت جاگنے پر۔ دردِ سر بعد دوپہر ہوا اور رات کے وقت کھلی ہوا میں کم ہو۔ ترلاوی دردِ سر۔ دردِ سر کھانسنے پر، کھانے کے بعد یا معدہ کی خرابی سے۔ دردِ سر گرم ہو جانے سے۔ دردِ سر سے مریض لیٹ جانے کے لئے مجبور ہوا اور اوپر دیکھنے سے دردِ سر بڑھ جائے۔ حیض کے دوران میں اور قبل دردِ سر۔ یہ دردِ دماغی محنت سے سر کو حرکت دینے سے اور شور و غل سے بڑھیں۔ ٹہلتی دردِ سر۔ متلی اور قے کے ساتھ۔ پڑھنے سے دردِ سر کا بڑھنا۔ نیند کی حالت میں دردِ سر کی وجہ سے جاگنا۔ دردِ سر شراب سے، کھڑے ہونے سے، جھکنے سے، دھوپ سے، بولنے سے، چلنے سے اور نہانے سے بڑھ جانے۔ تر موسم میں دردِ سر سردی لگنے سے ہو لیکن دردِ سر کی حالت میں ٹھنڈی ہوا میں کم ہو۔ آنکھوں کے اوپر شدید درد۔ گدی، چاند اور سر میں درد کھانسنے پر سوئیوں کے چبھنے کے سے درد۔ سر کے گرد پھاڑنے والے درد جن کو لیٹنے سے آرام ہو۔ بچے شام کے وقت احساس جیسے سر پر ٹوپی رکھی ہے۔ سر کا یا کھوپڑی کا پک جانا جبکہ ہو لازرد پیپ کا ہو۔

**آنکھ:** آنکھوں میں نزلاوی اور سوزک کیفیت۔ صبح کے وقت پپوٹوں کا چپکنا۔ اس

دوا سے جزوی طور پر درست ہوتا ہے) ازدواج البصر آنکھوں کا مرمن آشوب جس میں گاڑھا زرد مواد آئے۔ پتلی میں زخم، خارش اور جلن زیادہ تر صبح کے وقت آنکھوں میں شام کے وقت دبانے والا درد چھونے سے پھوڑے کا سا درد، روشنی برداشت نہ ہو آنکھوں میں سُرخی ایسا معلوم ہو جیسے کچا گوشت ہے۔ پتلی میں سُرخی۔ پتلی میں ناسور پپوٹوں میں تشنج پلینائی میں دھند۔ آنکھوں کے سامنے تتلیوں کا اُڑنا۔

**کان** ۔ کانوں سے متعفن سیلان۔ مواد ملا۔ بعض وقت خون آمیز (سلیسیا) کانوں کے پیچھے کھجلی کے دانے۔ کانوں میں اور کانوں کے پیچھے خارش۔ کانوں میں بزنگھنٹے بجنے گرجنے اور لگانے کی آوازیں۔ کان میں درد۔ کان میں سوئیاں چبھنا۔ تپکن اور سنسناہٹ۔ کانوں کے پیچھے ورم۔

**ناک** :۔ نہایت مزمن قسم کا نزلہ اس دوا سے درست ہوتا ہے۔ تر زکام جس کی کھلی ہوا میں کمی ہو خشک زکام۔ ناک سے سیلان خون آمیز سوزش والا متعفن۔ مواد ملا۔ گاڑھا زرد یا سبزی مائل زرد۔ ناک میں چھلکے۔ ناک میں خشکی کا احساس۔ صبح کے وقت نکسیر۔ ناک کا بند ہو جانا۔ یہاں تک کہ ناک سے سانس نہ لی جا سکے۔ اس لئے مُنہ کو کھولے رکھنا پڑے۔ ناک کی ہڈیوں کا سڑنا۔ قوت شامہ کا زائل ہو جانا چھینکیں جن کو کھلی ہوا میں آرام ہو۔ ناک میں ورم۔

**چہرہ** :۔ ہونٹ پھٹ جائیں۔ چہرہ پر تمتماہٹ۔ چہرہ پیلا بیماروں کا سا چہرہ پر پھوڑے اکوتہ، خارش، آبلے، خارش کے دانے۔ کھرنڈ والے دانے۔ چہرے میں کھٹنے والے درد۔ چہرے پر ٹھنڈا پسینہ۔ چہرے پر دانے (سلیسیا بھی ساتھ میں دو) سن بلوغت پر پہنچنے والے نوجوانوں کے چہرے پر دانے جن میں مواد آچکا ہو۔ داڑھی کے نیچے دانے

جن میں سے خون آمیز مواد آرہا ہو۔ چھوے پر ورم آنکھ کا نچلی۔

منہ: منہ اور زبان میں خشکی منہ میں حدت منہ کی طبعی چکنائی میں کمی ورم زبان پر ورم صبح کے وقت منہ میں بہت بلغم منہ سے تعلق زبان پر چلن تھوک کی زیادتی۔ زبان میں سختی اور ورم کی وجہ سے بات چیت میں دقت مسوڑھے متورم۔ دانتے کڑوا یا کسیلا کھٹا یا میٹھا منہ، زبان اور حلق میں زخم، منہ میں دانتے، زبان کی جڑ میں گاڑھا رد میل۔

حلق: سانس دوا میں گلا گھٹنا خصوصی علامت ہے حلق میں سرخی اور ورم حلق اور غدودوں میں خشکی اور ورم حلق میں بچر کا احساس حلق میں بلغم حلق میں گاڑھا زرد بلغم۔ نگلتے وقت حلق میں درد دانتے اور درد حلق میں پھیلیں حلق میں سوئیاں۔ چبھنے والے درد غدودوں کا متورم ہونا اور پکنا گلے پر چھالے ورم غدود بڑھے ہوئے اور درد کریں۔

معدہ: بھوک بڑھی ہوئی دندوں کی سی بالکل نہ ہونا۔ گوشت، انڈہ اور تمباکو سے نفرت دیسوہ کی ٹھنڈی چیزوں کی تیزابی چیزوں کی اور نمکین چیز کی میٹھی چیزوں کی نہ رکنے والی خواہش پیاس کی زیادتی کھانے کے بعد تلخی، معدے میں خالی پن کھانے کے بعد ڈکار، ڈکاریں، کڑوی، تیز سوزش پیدا کرنے والی کھٹی یا متعفن منہ سے پانی آنے کلیجہ کا جلنا، معدہ میں بوجھ شام کے وقت تلی، متلی درد سر اور چکر کے ساتھ شام کے وقت معدے میں درد کھانے کے بعد درد، کھانے کے بعد درد، کھانے کے بعد جلن دل کا بیٹھنے والے نوچنے والے درد معدہ پر دباؤ برداشت نہ ہو سکے معدے میں تپکن۔ رات کے وقت کھانے کے بعد قے، درد سر کے ساتھ قے صفرا کی۔ کھٹی

خون کی غذا کی۔ بلغم کی اور کمی۔

**شکم**: شکم میں سردی اور نفخ کے ساتھ۔ کھانے کے بعد بھاری پن۔ شکم میں رات کے وقت درد قولنج کی طرح درد۔ دردِ انتین والے۔ کھینچنے والے۔ پھوڑے کے سے سوئیاں چبھنے کے سے درد۔ شکم میں تپکن۔ گڑگڑاہٹ اور اپھار۔

**پاخانہ اور مقعد**: قبض۔ پاخانہ مشکل سے ہو۔ پاخانہ مقدار میں کم۔ مقعد میں ناسور۔ مقعد میں بے درد کے دنبل۔ صبح سویرے دست۔ بغیر درد کے دست۔ بچوں کے اسہال میں یہ دوا بہت مفید ہے۔ ذرا سا کھانے کے بعد دست۔ بغیر درد کے دست۔ سرزنش چیونٹوں کی سی رینگن اور خارش ہو۔ سرزنش مقعد سے سیلان خون۔ بیرونی سے سرزنش طاقت نہ رہنے۔ از خود دست۔ مقعد کے گرد رطوبت جس سے ٹیس اور خارش ہو۔ پاخانے کے وقت اور پاخانہ کے بعد درد۔ بجائے دست جلن۔ پاخانہ کے وقت انتین کاٹنے نکلے۔ پاخانہ کی بے سود حاجت پاخانہ خون آمیز۔ خشک سخت۔ موصے دار۔ نرم سفید۔ زرد اور مواد ملا۔

**مثانہ**: یہ دوا مثانہ کے نزلہ میں جس کے ساتھ زرد مواد ہو بے حد مفید ہے۔ اور اس دوا سے گردہ کا مرض درد ہوتا ہے۔ نیز یہ دوا پیشاب کی نالی کے سیلان میں جب کہ سیلان زرد خون آمیز اور سوزاکی ہو مفید ہے) پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن۔

**آلات تناسل و مثانہ**: عضو تناسل میں پکنے والے دنبل۔ آتشک، آتشک کی گلٹی یا سوزاکی کیفیت یا پکنے کی صورت ہو اور جب سیلان یا رطوبت ملتوی ہو۔ (سلیپا) عضو تناسل میں زخم۔

آلات تناسلی زنانہ :۔ مستورات میں جن کو اکثر اسقاط ہوتا ہو یہ دوا مفید ہے۔
ٹخنے میں سوزش۔ ٹخنے میں ورم احساس کا پکنا۔ سیلان الرحم کی وجہ سے آلات تناسل
میں خارش۔ سیلان الرحم۔ گاڑھا۔ زرد۔ خون آمیز۔ دوران حیض۔ خارش حیض کے
بعد خارش، شرمگاہ میں بہت اونچی جگہ پر خارش حیض کے پہلے اور بعد میں
سیلان الرحم حیض بند ہو جائے۔ حیض مقدار میں زیادہ۔ سیاہ جلد جلد یا بہت
دیر میں، بے قاعدہ۔ بعض اوقات خون پیلا۔ رکا ہوا مقدار میں کم لڑکیوں میں
پہلا حیض دیر میں ہو۔ رحم سے سیلان خون۔ دوران حیض رحم میں درد۔ دوران
حیض پیڑو کے مقام میں کشش، ایسا معلوم ہو کہ رحم اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے۔
آلات تناسل میں جلن رحم میں ریشے دار گوشت۔ آلات تناسل اور رحم کے منہ میں
زخم۔ پستانوں میں ورم جب پکنا شروع ہو گیا ہو۔ اور مواد آ رہا ہو (سلیشیا)۔

آلات تنفس :۔ حنجرے اور ہوا کی نالیوں کا نزلہ۔ بلغم کی زیادتی بلغم زرد۔ بعض
اوقات خون آمیز۔ یہ دوا ان مریضوں کے لئے مفید ہے۔ جن میں دق کا خدشہ ہو
حنجرے میں چھیلن، آواز بیٹھ جائے اور کسی طرح درست نہ ہو۔ کروپ کھانسی
میں گلا گھٹتا معلوم ہو۔

شام اور رات کے وقت تنفس میں دقت جس کی تکلیف زیادہ لیٹنے سے
لیٹنے سے یا چلنے سے بڑھے۔ سانس میں گھرگھراہٹ سیٹی کی آوازیں دائمی علامات
سابق ہوں تو دمہ کے واسطے یہ بہترین دوا ہے۔

کھانسی شام کے وقت اور رات کے وقت۔ کھانسی ٹھنڈی ہوا میں کم ہو جائے
دمہ کی بیماری کروپ کی کھانسی صبح کے وقت جاگنے پر رات کے وقت جاگنے پر

رات کے وقت خشک کھانسی۔ تکھانسی سے تمام جسم ہل جائے۔ سوکھے والی کھانسی صبح کے وقت بلغم کی زیادتی۔ بلغم خون آمیز۔ سبزی مائل مواد آمیز گاڑھا اور لیسدار اور زرد۔

دق کے آخری مرحلوں میں جب بلغم میں پیپ ہو یا بعض اوقات خون ہو۔ کھانسی دق کے بخار کے ساتھ جبکہ بلغم میں مواد ہو۔ کروپ کھانسی نمونیہ یا مزمن کھانسی کے آخری درجہ میں عموماً یہ دوا کالی سور کے بعد کام آتی ہے پھیپھڑے یا پھیپھڑے کی جھلی میں پیپ بننا۔

سینہ :۔ نمونیوں میں دنبل۔ دل کے مقام میں پریشانی پھیپھڑوں سے پیلان خون۔ نمونیہ میں جس کا علاج غلط ہوا ہو۔ پھیپھڑوں کا سخت ہو جانا۔ سینہ میں تنگی۔ سینہ میں درد کھانسنے یا اندرونی سانس لینے سے سینہ میں پھوڑے کا سا درد۔ سینہ میں جلن والا درد۔ دھڑکن رات کے وقت۔ پریشان کن جس کی تکلیف زینہ چڑھنے سے بڑھے خصوصاً ان انسانوں میں جو دق کی طرف تیزی سے دوڑ رہے ہوں۔ سینہ کا پک جانا۔ سینہ میں کمزوری۔ سینہ پر خارش اور جلن۔ پیٹھ میں سردی کا احساس زیر دوا کروپ بخار آف سپائن یعنی ریڑھ کی تکالیف میں بہت عجیب و غریب ہے جبکہ مریض درد کی وجہ سے بیٹھ نہ سکتا ہو۔

ہاتھ اور پاؤں :۔ جوڑوں میں گٹھیا۔ ہاتھوں ٹانگوں اور پیروں میں سختی۔ پنڈلیوں میں اینٹھن۔ ہاتھوں میں گرمی۔ ٹانگوں میں بھاری پن۔ چوٹ کے جوڑ میں تکلیف۔ ہاتھوں۔ ٹانگوں اور پیروں کا سو جانا۔ بازو اور ٹانگوں میں درد ان جاڑا اور درد نبرباتی کے درد۔ جوڑوں میں گٹھیا کے اور نباتی کے درد۔ رات کے وقت کندھوں میں۔

کہنیوں میں اور کلائیوں میں درد ٹانگوں میں عرق النساء اور بائی کے درد۔ بازوؤں اور ٹانگوں میں خارش۔ ہاتھوں اور پیروں میں ٹھنڈا استعفن۔ پسینہ بازوؤں میں سختی۔ ٹانگوں کو پھیلانے سے درد میں زیادتی ہو۔ گھٹنوں اور ٹانگوں میں بائی کا درم۔ انگلیوں میں سرسراہٹ جیسے سوئی چبھ رہی ہو۔ ہاتھوں اور ٹانگوں پر زخم دریدوں میں گانٹھوں کا پڑنا۔ بازوؤں میں ٹانگوں میں، گھٹنوں اور ٹخنوں میں کمزوری جوڑوں کا پکنا (سلیشیا) تمام زخم جب پک چکے ہوں اور مستعفن ہوں تو کالی فاس چوٹ کے جوڑ کا مرض (سلیشیا) ہڈیوں میں زخم (سلیشیا کلکیریا فاس) وق میں تلوؤں میں جلن۔ پیشاب پر کار نیکل (کالی میور۔ سلیشیا)

نیند۔ بے چینی کی۔ خواب ڈراؤنے نصف شب سے قبل اور سوا بجے صبح کے بعد بے خوابی۔

بخار۔ شام کے وقت جاڑا۔ جاڑا پاؤں سے شروع ہو۔ ہلا دینے والا جاڑا۔ بخار شام کو اور رات کے وقت بخار اور جاڑا مخلوط۔ بخار کے بعد پسینہ نہ ہو مگر اعضاء میں درد ہے جس کو چلنے سے آرام ہو۔ تمام بدن۔ وق کا بخار۔ رات کے وقت پسینہ ٹھنڈا پسینہ۔ ذرا سی محنت سے پسینہ۔ پسینہ مقدار میں زیادہ اور کھٹا ہائیڈرو اسیال ایچش وغیرہ میں جبکہ رطوبتیں خون آمیز ہوں یہ دوا اکسیر ہے۔

جلد۔ جلن اور خارش جلد پھٹ جائے۔ موسم سرما میں نہانے کے بعد جلد پھٹ جائے خصوصاً ہاتھوں کی جلد پھٹی اور اس میں یرقان کی علامات۔ جلد میں خشکی پھوڑے جلن دار تر یا خشک اکزوتا۔ آبلے۔ کھرنڈ دانے یا باجرے کے سے دانے۔ دانوں میں جلن اور خارش چنبل۔ پتی جلد میں چیونٹیاں رینگیں زخم

بہت آہستہ آہستہ مندمل ہوں۔ زخموں سے مواد خون ملا متعفن گاڑھا، زرد، ناسور کے زخم نہ مندمل ہونے والے۔ متعفن زخم۔ زخموں میں سخت گانٹھیں تپکن درد کرنے والے زخم مہاسے،

**کمی اور زیادتی**۔ بھیگ جانے سے زیادتی۔

**طاقت**:۔ نمبر ۳ سے نمبر ۳۰ تک اور بہت اونچی طاقتیں۔ زخموں میں خارجی طور پر کلکیریا سلف ۳ یا ۶ پانی میں ملا کر استعمال کرو اور لیپ میں ملا کر مرہم بنا کر استعمال کرو۔

**تعلق**۔ مقابلہ کرو۔ سلیسیا۔

---

ہر قسم کی

# بایوکیمک ادویات

اصلی اور ارزاں ہم سے طلب فرمائیں

کامیاب ہومیو فارمیسی 38۔ اردو بازار لاہور۔ فون 68718

# فیرم فاسفوریکم

Ferrum
Phosphoricum

Synonyms:- Ferrose ferric
Phosphate Ferrum Phosphate-
Trituration.

## (فاسفیٹ آف آئرن)

لوہا خون کے سُرخ اجزا میں پایا جاتا ہے اور یہی ایک مرکب ہے جس سے خون کے اندر سُرخی ہے جسمانی رگ و ریشہ میں فیرم کی اس قدر مقدار نہیں ملتی جس قدر کہ خون میں ملتی ہے۔ البتہ اس سے کسی قدر کم مقدار بالوں میں ضرور ملتی ہے۔ ایک آدمی کا وزن اگر ۱۶۵ پونڈ یعنی ۱۲ من ہو تو اس کے اندر ۳۴ گرین یا ۲ رتی لوہا ہوگا چونکہ اعضا کے ہر ذرّے میں البیومن ہوتا ہے اور البیومن میں لوہا ہوتا ہے۔ اس لئے جسم کے ہر ذرّے میں لوہا موجود ہے۔ لوہا اور لوہے کے مرکبات کے اندر آکسیجن کو کھینچنے کی صفت موجود ہے یہی وجہ ہے کہ خون کے اجزا کا لوہا سانس سے آکسیجن کو کھینچتا ہے اور یہ آکسیجن تمام نظام جسم کے اندر فیرم اور کاربن سلف کے باہمی تعلقات سے پھیل جاتا ہے۔ اس لیے لوہے کے توازن میں ابتری سے عضلاتی ریشے ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ اور جب یہ ابتری خون کی نالیوں کے عضلاتی دیواروں

میں پیدا ہو جاتی ہے تو خون کی نالیاں تحلیل ہو جاتی ہیں اور خون کی نالیوں میں مجمع ہو جاتا ہے۔ اس اجتماع کا نام ورم ہے اور اسی وجہ سے اجتماع سے بلڈ پریشر یعنی خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ خون کی نالیوں کی دیواریں پھٹ جاتی ہیں۔ اور اس لیے سیلان خون ہوتا ہے۔ اگر یہی واقعہ آنتوں میں ہو جائے یعنی آنتوں کے اندر لوہے کے اجزاء کے توازن میں ابتری ہو جائے تو انتڑیاں ڈھیلی پڑ جاتی ہیں جس کا نتیجہ دست ہوتے ہیں۔ اور جب یہ ابتری انتڑیوں کے بجائے آنتوں کی عضلاتی دیواروں میں پیدا ہوتی ہے تو انتڑیوں کے سکڑنے کی طاقت میں کمی آ جاتی ہے اور اسی لیے انتڑیاں اپنا فعل نہیں کر سکتیں اور انتڑیوں کے فعل کی کمی کی وجہ سے قبض پیدا ہوتا ہے۔ جب کبھی خون کی نالیوں کی عضلاتی دیواروں میں چوٹ پہنچ جائے اور سیلان خون شروع ہو جائے۔ یا کوئی ایسا دیگر واقعہ ہو جائے تو فیرم فاس لوہے کی اس کمی کو پورا کر کے توازن کو دوبارہ قائم کرتا ہے۔ اسی طرح سے ان ڈھیلے ہو جانے والے ریشوں کو دوبارہ طاقتور بنا کر صحت کو ایک بار پھر درست کر دیتا ہے۔ اور چونکہ لوہے میں آکسیجن کھینچنے کی طاقت موجود ہے اس لئے قدرتی طور خون کے اجزا کی بیماریوں میں مثلاً کمی خون، سبز بھوسی، خون میں پانی کی زیادتی وغیرہ کے لئے فیرم فاس ایک بہترین دوا ہے۔

متذکرہ بالا بیان سے یہ بخوبی واضح ہو گیا کہ اگر کوئی تکلیف عضلاتی ریشوں کے ڈھیلے ہو جانے کی وجہ سے پیدا ہو جائے یا خون کے اجزا میں بیقاعدگی ہو جائے۔ تو فیرم فاس دوا ہوتی ہے۔

اگر فیرم فاس کے حلقۂ اثر کو دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ وہ تمام تکالیف جو خون کی

خرابی سے یا دوسری کیفیت سے پیدا ہوں اور جن کے ساتھ درد، بخار، ورم اور سرخی، نبض میں تیزی اور دورۂ خون میں تیزی موجود ہو۔ اگر ایک ہی فقرہ میں اسی کے اثر کو ظاہر کرتا ہو تو کہا جا سکتا ہے۔ تمام بخاروں اور دردوں کی ابتدائی کیفیتوں میں یہ ایک مفید ترین دوا ہے۔ کمی خون، خون میں سرخ اجزا کی کمی وغیرہ کے لیے بھی مفید ہے۔

یہ دوا خصوصاً بچوں کی کمزوری میں جبکہ ان کے اعضا سوکھ نہ رہے ہوں بدن ان کا وزن اور طاقت کم ہوتی جائے مفید ہے۔ ایسی حالت میں فیرم فاس نہ صرف بچوں کی طاقت بڑھاتا ہے بلکہ جسمانی نشوونما کو بڑھا کر پاخانہ کو بھی درست کر دیتا ہے۔

یہ دوا اس وقت کام نہیں دیتی جب کہ سختی، یا پک جانے کی حالت شروع ہو جائے لیکن اگر کسی مریض کا مزاج فیرم فاس کا ہو تو اس حالت میں فیرم فاس اس وقت بھی دوا ہوا کرتی ہے۔

یہ دوا مفصلہ ذیل حالتوں میں مفید سمجھی جاتی ہے۔

(۱) ہر ورم کی ابتدائی حالت میں۔

(۲) ان دردوں میں جو حرکت سے بڑھ جائیں اور سردی سے کم ہو جائیں۔

(۳) خون کے زیادہ اجتماع سے سیلان خون۔

(۴) تانت کے زخم جو چوٹ کی وجہ سے پیدا ہوئے ہیں۔

اگر چھوٹی بڑی قسموں میں محدود نہ رہا جائے اور اس کی باریک ترین آزمائش پر غور کیا جائے تو فیرم فاس جس قدر حادثاتی کالیف کے لیے یا تکالیف کی ابتدائی حالت کے لیے مفید ہے اسی قدر یہ مزمن تکالیف کے لیے مفید نہ کارآمد ہے۔ ایسی حالت میں اس کی نہایت اونچی طاقت عادوکا سا کام کرتی ہے اور تا مریض کی

حالت کو تبدیل کر دیتی ہے۔

یہ ایک بہترین انٹی سورک دوا ہے فیرم اور فاسفورک ایسڈ سے جن کا یہ مرکب ہے کسی حالت میں بھی کم نہیں ہے۔

اس کا مریض کھلی ہوا سے ذکی الحس ہوتا ہے اور بہت سی علامات کھلی ہوا میں بڑھ جاتی ہیں فیرم فاس میں کمی خون اور سبز پھس فیرم کی طرح پایا جاتا ہے عام جسمانی پریشانی فاسفورک ایسڈ کی طرح اس کے اندر موجود ہے۔ حرارت غریزی کی کمی اور سر ہوا میں تکلیف کا بڑھنا اس کا لعل ہے۔ مریض جلد زکام کا شکار ہو جاتا ہے۔ سر اور اعضاء میں ورمی کیفیات دکھائی دیتی ہیں اور ان کے ساتھ بخار اور چہرے پر سرخی ہوتی ہے عام جسمانی کمزوری اور حرارت غریزی کی کمی اس بات کی شاہد ہیں کہ مریض کے اندر لشتینی دق کا تاثر ہے۔ استسقاء کی سی کیفیات، کھانے کے بعد جسمانی محنت سے تکالیف کا بڑھنا غشی کے دورے خون کی نسوں کا بھرنا اور دردیدو کا ابھرنا۔ سیلان خون۔ ہسٹریا کی سی ذکی الحسی بھی اس دوا میں ملتی ہے۔

تمام جسم میں پھوڑے کا سا درد خصوصاً متورم حصص میں پایا جاتا ہے۔ جو چلنے سے اور جھٹکے سے بڑھ جاتا ہے۔ اعضاء کو استعمال کرنے سے موچ کا سا درد پیدا ہوتا ہے۔ اسی لئے یہ موچ کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ بہت سی علامات بستر میں لیٹنے سے اور آرام کرنے سے بڑھتی ہیں اور آہستہ آہستہ ٹہلنے سے کم ہوتی ہیں۔ مگر بیحد سستی اور کمزوری کی وجہ سے مریض کو لیٹنا ہی پڑتا ہے۔ چلنا چونکہ ایک جسمانی محنت ہے اس لئے مریض اس سے تکلیف پاتا ہے۔ لیکن آہستہ آہستہ چلنے سے اس کو آرام ہوتا ہے۔ مادفہ

حصوں میں سن ہونے کا احساس ہوتا ہے جسم اور سر میں خون کا دورہ تیز ہو جاتا ہے درد پھاڑنے والے اور سوئیاں چبھنے کے سے ہوتے ہیں۔ تمام جسم میں اور سر میں بیحد تپکن ہوتی ہے۔ نبض مضبوط بھری ہوئی اور تیز ہوتی ہے۔

اس دوا میں غصہ نمایاں ہوتا ہے جو بعض اوقات تشدد کی حد تک پہنچتا ہے۔ جس کے بعد کمزوری، دردِ سر، لرزہ، پسینہ اور دیگر اعصابی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ رات کے وقت پریشانی بڑھ جاتی ہے۔

یہ دوا ارتعاش ہذیانی میں مفید بتائی جاتی ہے۔ نیز ہسٹریکل لڑکیوں کے لیے اس دوا کو یاد رکھنا بہت ضروری ہے۔

## علامات

**دماغ** :- رات کے وقت پریشانی۔ ایسا معلوم ہو جیسے کسی کے ساتھ گناہ کیا ہے۔ کھانے کے بعد پریشانی۔ بحالت بخار پریشانی مستقبل کے متعلق پریشانی۔ خوش مزاجی، باتونی، مسخرہ، غیر قدرتی اکساہٹ۔ ارتعاش ہذیانی۔ دوستوں سے نفرت کرنی قلب کی نااہلیت اور اسی وجہ سے معمولی سوالوں کو حل کرنے کی ناقابلیت۔ دماغی پراگندگی۔ سوچنے وقت، صبح کے وقت، شام کے وقت، کھانے کے بعد جس کو ٹھنڈے پانی سے منہ دھونے سے کمی ہو۔ سر میں بھراؤ کی وجہ سے سکتہ کا اندیشہ، حافظہ کی کمزوری ہسٹریا (اختناق الرحم)

برعکس اس کے اس دوا میں خیالات کی زیادتی۔ دماغ میں غیر معمولی چستی پھر بیحد لاپروائی۔ کام سے نفرت، چڑچڑا پن۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ رات کے وقت بخار میں بے چینی۔ شور سے ذکی الحس۔ دماغی کام سے نفرت۔

**سر۔ چکر:۔** بعد دوپہر دماغ میں اجتماع خون کی وجہ سے۔ دوران جاڑا آنکھیں بند کرنے پر آگے کی طرف گر جانے کے اندیشہ کے ساتھ، دوران درد سر نیچے کی طرف دیکھنے سے بحالت حیض متلی کے ساتھ۔ اُٹھنے پر، بستر میں اُٹھنے سے، چلتے وقت ٹھوکریں کھانا، بینائی کے تیز رہنے کے ساتھ چلتے وقت ایسا احساس ہو جیسے سر کو آگے کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔

سر اور چاند پر ٹھنڈک، سرد ہوا سے ذکی الحسی۔ دماغ میں اجتماعی خون، گدی میں سکڑن، سر میں خالی پن کا احساس، بحالت حیض سر میں خالی پن۔ بالوں کا گرنا۔ سر میں گرمی معلوم ہو۔ سر میں تمتماہٹ، چہرے پر سُرخی کے ساتھ دوران حیض سر میں اور چاند میں حدت۔ دوران حیض سر بھاری معلوم ہو۔ کھوپڑی میں کھجلی۔ درد سر صبح کے وقت بستر میں، بعد دوپہر اور شام کو ٹھنڈی ہوا آرام دے۔ زینہ چڑھنے سے، سر باندھنے سے تکلیف بڑھ جائے۔ نیز نزلہ کی، درد سر بحالت جاڑا۔ درد سر جس کی زیادتی آنکھیں بند کرنے سے ہو۔ ٹھنڈے پانی سے آرام ہو، درد سر نزلہ کے ساتھ درد سر کی زیادتی کھانسنے سے، کھانے کے بعد اور تحریک سے ہو۔ درد سر دوران حیض جو روشنی اور شور سے بڑھ جائیں۔ نوبتی درد سر۔ دبانے سے آرام ہو، سر کو لپیٹنے سے درد سر ہو جائے یا درد سر میں اضافہ ہو، سر میں کنپٹیوں میں، تپکن زیادہ تر داہنی طرف، درد سر غذا کی قے کے ساتھ پیشانی کے شدید درد جن کو تکمیر سے آرام ہو۔ داہنی طرف پیشانی میں درد جس کی زیادتی صبح جاگنے پر اور شام کے وقت ہو۔ کھانسنے سے درد سر بڑھ جائے اور کھلی ہوا میں آرام ہو۔ آنکھوں کے اُوپر درد سوئیاں چبھنے والے درد سوئیاں چبھنے والے درد۔ پیشانی میں آنکھوں کے اوپر گدی میں، سر کے

اطراف میں اور کنپٹیوں میں اور چاند میں۔ چھونے سے سر میں پھوڑے کا سا درد سر جس میں غیر منہضم غذا کی قے ہو۔ سر میں ورمی کیفیتیں۔

**آنکھ** :۔ آنکھ سے رطوبت۔ آشوب چشم روشنی برداشت نہ ہونے کے ساتھ جھکنے سے ہی دیکھ سکے۔ خون کی نالیاں بڑھ جائیں۔ آنکھوں سے پانی۔ آنکھوں میں درد جلن اور ریت کا احساس و نیز آنکھوں کے باہر نکلنے کا احساس، آنکھوں میں سرخی کمزوری کی وجہ سے بینائی کا جاتا رہنا۔ پپوٹے میں روہے یا کنکر وجیسے ریت بھری ہے جسرہ میں آنکھوں میں ورم نیز دیگر نقاطی بخاروں میں۔ پتلی میں درد اور ورم پتلی میں زخم۔

**کان** :۔ کانوں سے مواد کی سی رطوبت۔ کانوں میں خارش۔ کانوں میں آوازیں گرجنے کی، بھنبھناہٹ کی گھنٹہ بجنے کی اور گانے کی۔ کانوں کا نزلہ۔ کانوں میں ورمی درد۔ کانوں کے اندر گہرائی میں درد۔ شور و غل سے ذکی الحسی۔ قوت سامعہ میں کمی۔ کانوں میں ورم کا پہلا درجہ بخار اور درد بیرونی کان میں ورم۔ کان کے پردوں میں ورم۔

**ناک** :۔ نزلہ۔ خون ملی رطوبت۔ ناک کے اندر کھرنڈ جمیں۔ رطوبت تیز سوزش پیدا کرنے والی اور مواد ملی رہے یاد رہے کہ بایوکیمک طریقۂ علاج میں جب یہ دوا چھوٹی طاقتوں میں دی جاتی ہے۔ تو یہ ابتدائی حالت ہی کو درست کر سکتی ہے مگر جب بہت اونچی طاقتوں میں (ہومیوپیتھک طریقہ پر) دی جاتی ہے تو بہت دیرینہ اور پرانے نزلہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی ہے) نزلہ کے ساتھ بخار یا درد سر جب ناک گرم اور بھری ہو نکسیر صبح کے وقت ناک پھینکنے پر۔ کھانسنے پر۔

چھینکیں۔ نزلہ وی بخار۔ ناک سے نکسیر۔ ناک میں چوٹ کی وجہ سے۔

چہرہ :۔ چہرے پر سرخ پھنسیاں نمایاں ہو۔ آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے۔ چہرہ پہ مٹی اڑے۔ پیلا ہو۔ ہونٹ پیلے۔ چہرہ پہ سرخی اور پیلاپن یکے بعد دیگرے۔ رخساروں میں غیر معمولی سرخی۔ چہرے پہ دوران بخار اور دوران درد سرخی۔ ہونٹوں میں خشکی۔ چہرہ میں حدت۔ تمتماہٹ دانت کے درد کے ساتھ اور دوسرے دردوں کے ساتھ۔ مردوں کا سا چہرہ چہرہ میں درد۔ دانتوں میں ورم۔ اعصابی درد کے ساتھ۔ جس کو ٹھنڈے پانی کے لگانے سے آرام ہو اور حرکت سے تکلیف بڑھنے۔ تپکن والے درد۔ سوئیاں چبھنا۔ چہرے پر پسینہ۔ چہرہ کھنچا ہوا چہرے پر ورم۔

مُنہ :۔ مُنہ اور مسوڑھوں سے خون آنے۔ زبان سیاہ۔ سرخ۔ متورم۔ زبان سفید مُنہ میں خشکی۔ مسوڑھوں میں تالو میں۔ زبان میں اور غدودوں میں ورم۔ دانتوں میں درد۔ دانتوں میں سُرخی۔ گرمی اور مسوڑھوں میں ورم کے ساتھ جس میں کمی مُنہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے سے ہو۔ اور زیادتی گرم چیزوں سے ہو۔ کھانے کے بعد دانتوں میں درد۔ زبان میں جلن۔ تھوک کی زیادتی۔ ذائقہ بدمزہ متعفن میٹھا۔

حلق :۔ حلق میں سکڑن۔ حلق اور غدودوں میں سُرخی۔ غدودوں میں ورم۔ حلق میں گرمی حلق میں ڈھیلا سا معلوم ہو نگلتے وقت درد جلن پھوڑے کا سا درد حلق۔ خشک۔ سُرخ اور متورم۔ بخار اور درد کے ساتھ حلق کی تکالیف میں جب درد۔ بخار۔ اور سرخی ہو تو یہ دوا ان سب میں کام کرتی ہے۔ اگر کالی میور کے ساتھ دیا جائے۔ تو اور زیادہ مفید ہے۔ ڈفتھیریا کا پہلا درجہ۔ گانے یا بولنے والوں کی آواز کا جاتے رہنا

**معدہ** :۔ بھوک میں کمی، بھوک کی زیادتی کے باوجود کھانے کا رجحان نہ ہو۔ بھوک میں بالکل نہ رہنا غذا سے، دودھ سے، گوشت سے نفرت، کھٹی چیزوں کی خواہش۔ کھانے کے بعد معدہ میں نفخ، ڈکار۔ کھانے کے بعد کڑوی، خالی، غذا کی متعفن کھٹی، ہچکی، بدہضمی، معدے میں ورم کھانے کے بعد متلی نیز بحالت حمل متلی متلی کے یکایک دورے بعض اوقات مریض کو نیند سے جگائیں اور بہت تھوڑی دیر تک رہیں کھانے کے بعد درد، معدے میں جلن، اینٹھن، پیاس کی زیادتی۔ قے صبح کے وقت، اٹھنے پر، کھانسنے پر، کھانے کے بعد، بخار کی حالت میں، دوپہر کی حالت میں، گاڑی میں چڑھنے سے، شدید قے، خون کی، غذا کی، سبز کھٹی، معدے میں درد اور ورم کے ساتھ قے، معدے میں دردی کیفیتیں ذرا سی غذا کھانے کے بعد درد، غیر منہضم غذا یا چمک دار سرخ خون کی قے، بدہضمی کا بخار۔

**شکم** :۔ شکم میں اپھار، جگر اور تلی بڑھی ہوئی، بیحد ریاح شکم میں گڑگڑاہٹ شکم میں سختی، جگر کی بہت سی تکالیف میں یہ دوا بہت اور اونچی طاقت میں بہت زیادہ مفید ہے، آنتوں میں شدید درد۔ رات کے وقت، کھانسنے پر، بحالت دست کھانے کے بعد بحالت حیض، نوتی اور چلتے وقت شکم میں اینٹھن والے درد ہوں۔ شکم میں تناؤ۔

**پاخانہ اور مبرز** :۔ قبض۔ پاخانہ وقت سے ہو، مقعد میں سکڑن۔ دست۔ صبح کے وقت، بعد دوپہر، رات کے وقت، آدھی رات کے بعد، کھانے کے بعد، بے درد کے ریاح، مقعد سے اور بواسیر کی وجہ سے سیلان خون۔ بیرونی سے از خود دست

مقعد میں خارش۔ مقعد کے گرد نسی۔ پاخانے کے وقت بیچش کی حالت میں اور مقعد میں بخار شکم میں درد۔ مروڑ۔ پاخانہ کے دوران میں اور پاخانہ کے بعد مبرز میں جلن۔ مبرز میں ورم کی وجہ سے مسلسل درد جس کی زیادتی معدے کو دبانے سے ہو۔ پاخانے کے وقت کانچ کا نکلنا۔ پاخانہ کی بے سود حاجت۔ پاخانہ تیز سوزش پیدا کرنے والا خون آمیز مٹیالا کثرت سے۔ سخت لیئی کا سا۔ سبز آوں ملا۔ پتلا۔ سبز پانی کا سا۔

خونی بواسیر چمکدار سُرخ خون آئے اور حد سے زیادہ درد۔ (خارجی طور پر اس دوا کو ولیلین میں ملا کر لگاؤ)

مثانہ: مثانہ سے یا پیشاب کی نالی سے سیلان خون۔ بخار کے ساتھ مثانہ میں ورم مثانہ میں اور مثانہ کی گردن میں ورم (انفیکشن) پیشاب کی حاجت مسلسل اکثر مثانہ میں اوپری حصہ میں درد کے ساتھ۔ عضو مخصوص کے سرے میں درد کو فوراً پیشاب کرنے سے آرام ہو۔ کھڑے ہونے سے تکلیف بڑھ جائے۔ پیشاب کی فوری حاجت۔ پیشاب کے لیے دوڑنا پڑے ورنہ پیشاب نکل جائے۔ پیشاب از خود۔ نیند کے وقت نکل جائے جس میں لیٹ جانے سے کمی ہو۔ رات کے وقت نیند میں نکل جائے۔ کھانستے وقت نکل جائے۔ اور چلتے وقت بھی۔ بخار کے ساتھ گردوں میں درد۔ پیشاب کی نالی سے سوزاک سیلان۔ سوزاک پیشاب کی نالی سے خون پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن۔ پیشاب البیومن ملا خون ملا جلن دار رکھنے پر گندلا ہو جائے۔ سیاہ سُرخ۔ درد سر کے ساتھ۔ مقدار میں زیادہ امونیا کی سی بو والا۔ مقدار میں کم۔ رسوب کی زیادتی کے ساتھ۔ یورک ایسڈ کی زیادتی

کے ساتھ اور وزن متناسبہ میں زیادتی کے ساتھ۔

**آلات تناسل مردانہ** ۔ سات کے وقت تکلیف دہ استادگی اور سیلان منی استادگی بالکل کمزور یا بالکل ہی ندارد۔ خواہش نفسانی میں بیحد زیادتی یا بالکل ہی ندارد ہو غدہ منی میں ایک ہٹ اور دم گھٹی۔ خوطوں میں ورم۔ سوزاک کا پہلا درجہ جب ورم موجود ہو۔

**آلات تناسل زنانہ** ۔ اسقاط کی رغبت۔ جماع سے نفرت یا خواہش نفسانی کی کمی سیلان الرحم۔ تیز سوزش پیدا کرنے والا حیض کے قبل، دودھ کا سا، پتلا سفید۔ لڑکیوں کا سبز بھس حیض بالکل نہ ہو۔ سیلان حیض چمکدار سُرخ سنجد۔ مقدار میں زیادہ سیاہ حیض جلد جلد رُک رُک کر ہو۔ بے قاعدہ دیر سے ہو۔ درد والا ہو۔ مقدار میں کم۔ رُک جائے۔ رحم سے سیلان خون۔ جماع کے وقت شرمگاہ میں درد۔ بخار اور چہرے میں سُرخی کے ساتھ پیڑو میں نیچے دبانے والے درد۔ رحم کا اپنی جگہ سے گر جانا۔ یا بچہ دین رحم اور شرمگاہ میں ورم۔ شرمگاہ میں تشنج بے حد خشکی کے ساتھ (ٹیٹرم میوز) پستانوں میں ورم۔ بحالت حمل تے بعض اوقات۔ تیزابی (ٹیٹرم فاس) وضع حمل کے بعد یہ دودھ پھٹے ہوئے حصوں کو بہت جلد جوڑ دیتی ہے۔ اور عفونتی بخار کا کسی قسم کا خدشہ باقی نہیں رہتا۔

**آلات تنفس** ۔ ہوا کی نالیوں کا نزلہ۔ حنجرے میں ورم۔ بلغم سینہ میں درد اور گڑگڑاہٹ بخار اور چہرے میں سرخی کے ساتھ۔ حنجرے اور ہوا کی نالیوں میں بلغم۔ حنجرے میں جلن زکام کی حالت میں آواز کا بیٹھنا۔ آواز میں کمزوری۔ آواز بالکل نہ رہے۔

تنفس دمہ کا سا۔ دمہ والا مریض تنفس میں وقت شام کے وقت، رات کے وقت۔
کھانسی کے ساتھ۔ لیٹی ہوئی حالت میں۔ سانس میں گڑگڑاہٹ۔ گہری سانس لیتے
وقت سینہ میں سوئیاں چبھیں۔

کھانسی دن کے وقت، صبح کو، شام کے وقت رات کے وقت، ٹھنڈی ہوا میں
بڑھ جائے۔ دمہ کی سی کھانسی ہلکی مگر تکلیف دہ۔ گہری سانس سے کھانسی میں زیادتی
نزلہ کے ساتھ مسلسل کھانسی۔ خشک کھانسی۔ کھانسی کھانے کے بعد۔ کمزور کرنے والی
بخار کے ساتھ۔ کھانسی جنجرے اور ہوا کی نالی میں سرسراہٹ سے تر کھانسی۔ لیٹنے
سے کھانسی بڑھ جائے۔ بستر میں کھانسی۔ تکلیف دہ کھانسی جو چلنے سے بڑھ جائے۔ کلال
کھانسی دق کے مریضوں میں سردی لگ جانے سے کھانسی، بلغم خون آمیز، چمک دار، سُرخ
مقدار میں زیادہ، مشکل سے نکلے، جھاگدار، سبزی مائل متعفن، سادہ، گاڑھا، لیسدار، سفید، نمکین۔

آلات تنفس کی ہر قسم کی ورمی کیفیتوں کے پہلے درجہ میں مفید ہے۔ نمونیہ، برونکو
کھانسی، پلوریسی وغیرہ میں فارم فاس اور کالی میور کے بعد دیگرے دو۔ اسی طرح سے
ہر قسم کی کھانسی میں پہلے اس دوا کو استعمال کرو۔

سینہ :۔ سینہ اور دل کے مقام میں پریشانی۔ سینہ کا نزلہ۔ سینہ میں ورم۔ سینہ
اور قلب میں سکون، بھراؤ کا احساس۔ پھیپھڑوں سے خون۔ حدت پھیپھڑوں کی جھلی
اور ان کی نالیوں میں ورم۔ سینہ میں درد۔ حالت کھانسی سانس اندر لیتے وقت۔
داہنی طرف کی ذات الجنب (پلوریسی) کھانسنے سے سوئیوں کا چبھنا۔ رات کے وقت دھڑکن
محنت سے، حرکت سے۔ بیٹھی ہوئی حالت میں اور تیز چلنے پر۔ آلات صدر کے اوپر والے
حصہ میں بائیں کے درد اگر دق کے مریضوں کو تیز نزلہ ہو جائے تو یہ دوا مفید ہے۔

**قلب** :۔ خون کی نالیوں میں ورم سوزش کیفیتوں کی وجہ سے دھڑکن، درد دل، درد حجاب الحلب، شریانوں میں ورم اور درد خون کے سرخ اجزاء میں کمی۔ خون کی نالیوں کا تحلیل ہونا۔ خون کی نالیوں میں اجتماع خون۔

**پیٹھ** :۔ پیٹھ میں ٹھنڈا پن پیٹھ میں درد۔ رات کے وقت حیض کی حالت میں حرکت پر اپنی جگہ سے اٹھنے سے بیٹھی ہوئی حالت میں۔ گردن کے مقام میں کندھوں کے درمیان۔ کمر میں بحالت حیض درد۔

**ہاتھ اور پیر** ہاتھ اور پیر ٹھنڈے۔ شام کے وقت بستر میں پیر ٹھنڈے درد سر کے دوران میں پیر ٹھنڈے۔ رانوں میں، ٹانگوں میں پنڈلیوں میں ایٹھن۔ انگلیوں کے ناخن نیلے۔ ہتھیلیاں اور تلوے گرم۔ جوڑوں میں ورم۔ ہاتھوں کا انگلیوں کا، ٹانگوں کا اور پیروں کا سن ہو جانا۔ داہنے کندھے کندھے اور بازو کے اوپر والے حصے میں بائی کے درد جس میں زور سے بانہ ہلانے سے تکلیف بڑھ جائے اور آہستہ آہستہ چلنے سے کم ہو جائے۔ ماؤف حصص چھونے سے درد کریں داہنے ہاتھ کا بالکل مردہ ہو جانا بغیر دوسرے ہاتھ کی مدد کے نہ اٹھ سکے۔ داہنے کندھے کے جوڑ میں بائی کے درد۔ جوڑ سرخ متورم ہو جائیں۔ کلائیوں کے جوڑ میں اور گھٹنے کے جوڑ میں بائی کا درد۔ بخار کے ساتھ جوڑوں میں گٹھیادی کیفیت عرق الصناعر۔ رانوں میں درد۔ استسقاء اور بائی کا ورم۔ ہاتھوں میں جوڑوں میں ٹانگوں میں اور گھٹنوں میں بے حد کمزوری بائی کے درد ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ کو جائیں اور حرکت سے بڑھیں۔

**نیند** :۔ خواب پریشان کن۔ گرنے کے اڑانے رات کو نیند دیر میں آئے۔ نیند بے چینی کی۔ شام کے وقت نیند کا غلبہ۔ آدھی رات کے قبل نیند ہوتے ہوئے بھی

نیند نہ آئے۔ ایک دفعہ جاگ جانے کے بعد پھر نیند نہ آئے۔

**بخار** :۔ جاڑا بعد دوپہر ایک بجے روزانہ، جاڑا رات کے وقت بستر میں بلا دینے والا۔ بخار کسی وقت کسی اعضاء کے جوڑ کے یا بغیر جھلی کے ورم کے ساتھ بخار بغیر جاڑا کے بخار پیاس کے ساتھ۔ بخار کی تمتماہٹ، دق کے بخار، رات کے پسینے۔ سعادی بخار، نیند کے بعد حدت۔ پسینہ دن کے وقت صبح کے وقت، چیچک، بہت کمزور کرنے والا، معمولی سی محنت سے آجائے۔ ہمیشہ نیند پسینہ کی زیادتی ہر قسم کے بخاروں کے پہلے درجہ میں چاہے وہ کسی قسم کے بخار کیوں نہ ہوں جبکہ نبض تیز ہو۔ تیز بھری ہوئی نبض۔

**جلد** :۔ جلد میں حدت، جلد ٹھنڈی، جلد پیلی، سرخ۔ جلد میں سرخی، جلد میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس۔ جلد میں زکی الحسی، جلد میں درد۔ جلد میں زخم چھوٹے چھوٹے مرجھائے ہوئے سے۔

تمام جلدی تکالیف کے پہلے درجہ میں دنبل، کاربنکل، پھوڑے وغیرہ میں یہ دوا ابتداً ضروری ہوتی ہے۔ چیچک، زہر باد وغیرہ میں بھی اس دوا کو ابتداً استعمال کرو۔

**کمی اور زیادتی** : ٹھنڈک سے آرام اور حرکت سے تکلیف۔ اگر اجتماع خون ہو تو ٹھنڈی چیزیں لگاؤ اور اگر تکلیف بہت گہری ہو تو سینکو۔ **طاقت**۔ ۳x سے ۳۰x تک بایوکیمک طریقہ پر ڈاکٹر سوشل صاحب ۱۲x کے استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر کلینٹ صاحب کا خیال ہے کہ اگر علامات بایوکیمک کی دوا کی نہایت یقینی اور نمایاں ہوں تو ایسی دوا ایک ہزار طاقت سے کم نہ استعمال کرنی چاہیئے۔ بایوکیمک دوائیں۔ ڈاکٹر کلینٹ صاحب کے خیال کے مطابق نہایت اونچی طاقتوں میں بہترین کام کرتی ہیں۔

**تعلق** :۔ اوپر دیا جا چکا ہے۔

---

# کالی میوریٹکم

## Kali Muriaticum

Chemical Symbol:- KCl ; 74.59

Synonyms:- Potassium Chlorid.

Trituration

## (پوٹاشیم کلورائڈ)

اس کا اثر خون کے چھوٹے ریشوں پر ہوتا ہے اور اسی لئے اس نمک کی کمی سے دماغ کے اجزا کی تولید نہیں ہو سکتی۔ یہ نمک خون کے اجزا میں عضلات میں، اعصاب میں دماغ میں اور جسم کے دوسرے ذرات کی رطوبات میں پایا جاتا ہے۔ سوڈیم کلورائیڈ نیٹرم میور سے یہ بہت ملتا جلتا نمک ہے اور یہ نمک خون میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ اگر جلد میں کالی میور کی کمی ہو جائے تو سفیدی مائل سفیدی قسم کی رطوبتیں جلد سے باہر رس آتی ہیں۔ اور اگر یہ رطوبتیں سوکھ جائیں تو باجرے کے سے خشک دانے بن جاتے ہیں اور جب اس کی کمی جلد کاذب کے نیچے تک پہنچ جائے۔ تو یہ خون کے ریشوں اور خون کے رقیق مادہ کو نکالتی ہے۔ اور اسی لئے جلد پر آبلے بن جاتے ہیں۔ یہ بات میں چیچک، جلنے اور دیگر اس قسم کی تکلیفوں۔ کالی میوریاٹی کی تھیلوں کے

ورم کے دوسرے درجہ میں اس وقت کام دیتی ہے جبکہ اس میں سے نکلنے والی رطوبتیں لیسی کی سی تار دار ہوتی ہیں۔ اگر خون کے قرین یعنی چھوٹے چھوٹے تخلیے ہو جائیں اور خون میں پانی کی زیادتی ہو جائے تو نیٹرم سیور ایسے موقعوں پر استعمال ہوتا ہے۔

کالی سیور ڈفتھیریا، پیچش، کولیرا، کھانسی، کروپ، نمونیہ، فلو، جاذبہ کے بڑھنے اور چیچک میں کام آتی ہے۔ اور سب سے بڑا نشان کالی سیور کا یہ ہوتا ہے کہ زبان کی جڑ میں سفید یا چکنے سیلٹی رنگ کا میل ہوتا ہے۔ غدود متورم ہوتے ہیں۔ بلغم یا دوسری رطوبتیں گاڑھی سفید لیس دار ہوتی ہیں۔ بلغم کے علاوہ دوسری رطوبتوں سے بلغمی جھلیوں پر یا جلد بکثرت بن جاتا ہے۔ جگر کی تکالیف میں یہ دوا کام دیتی ہے۔ کان کی تکالیف میں اور خصوصاً کان بہنے کی حالت میں یہ ایک بہترین دوا سمجھی جاتی ہے۔

یہاں تک میں نے کالی سیور کے اصولوں کو ناظرین کے سامنے پیش کیا ہے۔ بغور پڑھنے سے گو اس تھیوری سے دوا کی کافی وضاحت ہو جاتی ہے مگر میں ڈاکٹر جون صاحب مشہور مصنف ڈفٹ میڈیکس کا اقتباس دیتا ہوں جو کالی سیور کے اثر کو مختلف تکالیف میں واضح طور پر ظاہر کرتا ہے۔

"اگر کالی سیور کے چہرے پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ تھکا ہوا اور پریشان ہے اور مریض جیل کرتا ہے کہ وہ بھوک سے تڑپ تڑپ کر مر جائے گا۔ حرکت سے اس کی تکالیف بڑھتی ہیں تاہم وہ اپنے آپ کو مشغول رکھنے کی کوشش کرتا ہے اور اسی لیے وہ اپنی انگلیوں کے ساتھ کھیلا کرتا ہے یا انگلیاں چباتا رہتا ہے۔ زبان پر سفید میل یا سلیٹی مائل سفید میل ہوتا ہے۔ زبان پر چکنی ہو سکتی ہے یا زبان چیچک کی معلوم ہوتی ہے آنکھ کے ڈھیلے باہر نکلے ہوئے ہوتے ہیں۔

یہ دوا بخاروں اور خصوصاً پانی کی چیچکوں کے دوسرے درجہ میں جبکہ بلغمی قے کی سی علامات ظاہر ہوں کام آتی ہے۔

یہ دوا دوسرے اس وقت کام آتی ہے جبکہ زبان پر سفید یا موٹے سفید بلغم کی تہہ اور جگر میں خرابی ہو جب یہ دوا سر درد، سر چکر، تو سر میں درد کی کیفیتیں موجود ہوتی ہیں۔ کان کی نالیاں بند ہوتی ہیں۔ غدودوں پر ورم ہو جائے یا ناک بھینچتے وقت یا نگلتے وقت کڑکڑ کی آواز ہوتی ہے۔

کالی میور تپلیوں کے زخم میں بھی کام آتی ہے۔ اور ایسی حالت میں یہ ہیپر سلفر کا مقابلہ کرتی ہے جب آنکھوں پر گھونسے سے، گرنے سے یا کسی وجہ سے چوٹ لگی ہو تو استعمال ہوتی ہے۔ آنکھیں خون فشاں سرخ ہو جاتی ہیں۔ ایسی حالت کو درست کرنے کے لیے کالی میور کو بھولنا نہ چاہیئے۔

کالی میور اس زکام میں کام آتی ہے جس میں ناک بند ہوتی ہے کام آتی ہے۔ زبان پر موٹی سفید تہہ یا لیس دار مواد موجود ہوتا ہے بلغم گاڑھا سفید ہوتا ہے مگر متعفن نہیں ہوتا ہے جب یہ دوا ایسے زکام کو صاف کرتی ہے تو ناک سے کثرت سے صاف پانی کی سی رطوبت زیادہ مقدار میں بہتی ہے جس کے لیے رومال کئی رومالوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

مندرجہ بالا ہر دو اقسام کے زکاموں کے لیے کالی میور ایک بہترین دوا ہے۔

جب کبھی کوئی ایسا مریض ملے جس کے کانوں میں سیٹی کی آواز ہو اور ناک بند معلوم ہو کانوں میں کھجلی بھی ہو تو دوا کالی میور دینا چاہیئے۔

ڈفتھیریا اور غدودوں کے بڑھ جانے میں کالی میور اور فیرم فاس ہی یقینی دوائیں ہوا کرتی ہیں حلق کے پک جانے میں ۶ × یا ۳ کی تین ٹکیاں ہر گھنٹہ میں دی جانی چاہئیں۔

جب تک کہ مریض درست نہ ہو جائے۔ اگر کسی آدمی کو کبھی زکام ہوا تھا۔ اور اس کے بعد سر درد اور کھانسی اور سینہ میں درد پیدا ہو گیا ہو یا اب تک درد موجود ہو ایسی حالت میں ہمیں کالی میور ۳۰ پر مکمل بھروسہ کرنا چاہیئے۔ ۳۰ کی تین گولیاں ہر کھانسی کے بعد مریض کو دینی چاہئیں۔ نمونیہ کے دوسرے درجہ میں اور اس حالت میں جبکہ پھیپھڑے بالکل ڈل ہو جاتے ہیں۔ یعنی ہیپاٹائزیشن ہوتا ہے۔ کالی میور ہی دوا ہے۔ کیونکہ یہ دوا ورم کو تحلیل کر کے بخار کو کم کرتی ہے۔ نیز نمونیہ سے پیدا شدہ کھانسی کو قابو میں لاتی ہے۔ ایسی حالت میں کالی میور ۳۰ کے دس گرین ایک گرم پانی کے پیالہ میں ڈال دینے چاہئیں اور ایک چھوٹا چمچہ ہر گھنٹہ کے بعد دیتے رہنا چاہیئے۔

کالی میور اس کھانسی کی دوا ہے جو بہت اونچی آواز سے ہوتی ہے معدہ کی خرابی ہوتی ہے۔ اور زبان سفید ہوتی ہے۔ نیز جب بلغم کی آوازیں سینہ میں موجود ہوں۔ اور گاڑھا گندھے کا سا بلغم ہو تو کالی میور فائدہ کرتی ہے۔

کالی میور بائیں پھیپھڑوں میں اس وقت کام آتی ہے جب جوڑوں کے گرد سختی آجائے۔ رات کے وقت درد میں بھی جب درد بستر کی گرمی سے بڑھ جائیں کالی میور دوا ہے۔ درد بجلی کی طرح کمر سے پیروں تک ہوتے ہیں مریض بستر میں سے باہر نکل کر بیٹھنے کے لئے مجبور کرتے ہیں سخت قسم کے اکوٹز میں جب قرنبی پیدا نہ ہو بوسی کی طرح خشک کھانسی مفید ہے مرگی میں بھی یہ دوا اس وقت مفید ہوتی ہے جب اکوٹز کسی وجہ سے جسم کے اندر چھپا ہوا پردہ حلق کے ورم جس میں عموماً خطرہ جان ہوتا ہے۔ اس دوا سے دور ہوتا ہے چنانچہ خود میں نے کئی بار کالی میور اور فرم فاس سے ایسے مریضوں کو

درست کیا ہے جن کی امید زندگی بالکل منقطع ہو چکی تھی

اکثر اوقات ایسی مستورات ملتی ہیں جن کو حیض کے وقت پستانوں میں درد ہوتا ہے ایسی مستورات کو کتنی ہی دفعہ کالی میور ۳۰ ہر دو گھنٹہ پر دینے سے میں نے بہت فائدہ مہاسوں کے لئے اور چھپکلی کے ڈنک کے بدنتائج کے لیے یہ بہترین دوا ہے پھوڑیوں میں اس دوا کو ہرگز نہ بھولنا چاہیئے بلکہ اس وقت تک جاری رکھنا چاہیئے جب تک کہ سینہ میں کسی قسم کی آواز بھی باقی رہے۔

پیچش میں یہ دوا اس وقت کام آتی ہے جب شکم میں شدید ترین درد ہو۔ ایسا معلوم ہوتا ہو جیسے کوئی چاقو سے کاٹ رہا ہے۔ ہر چند منٹ کے بعد پاخانہ کی حاجت ہوتی ہو۔ مروڑ ہوتا ہو اور پاخانہ میں خون دار آنوں نکلتی ہو۔ بلکہ پیشاب میں بھی یہ کام آتی ہے سوا پینے کے نیچے داہنی جانب درد یا بھاری پن موجود ہو۔ زبان پر سفیدی سلیٹی مائل ہو۔ مرغن غذائیں مرغوب خاطر نہ ہوں۔ اور بلغم کی قے ہو۔

بواسیر میں اس دوا کو نہ بھولنا چاہیئے۔ بواسیر کا خون سیاہ تار دار ہوتا ہے۔ قبض میں پاخانہ ہلکے رنگ کا ہوتا ہے اور اس میں صفرا کا نام و نشان نہیں ہوتا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جگر میں خرابی آگئی ہے ایسی حالت میں کالی میور ۳۰ کی ۲ گولیاں ایک گلاس پانی میں حل کر کے رات کو سوتے وقت دینا چاہیئے۔

مستورات میں اس دوا کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جبکہ حیض دیر میں ہوں رکھ جائیں اور خون سیاہ منجمد کوئلہ تار کی طرح ہو۔ پستانوں کے آخر کے پہلے درجہ میں یہ کام آتی ہے پستان نرم اور پھیلے ہوتے ہیں اور پستانوں پر ہاتھ لگانے سے درد پیدا ہوتا ہے ایسی حالت میں کالی میور ۳۰ کی تین گولیاں ہر دو گھنٹہ کے بعد دینی چاہیئں۔

قلبی تکالیف کے لیے یہ ایک بہترین دوا ہے خصوصاً ان تکالیف میں جب کہ قلب پر قلب کی جھلی پر، حجاب القلب پر ورم آگیا ہو۔ ایسی حالت میں چاہے کوئی دوسری دوا ظاہر اعلامات کے بموجب مماثل کیوں نہ ہو۔ اس کے استعمال کے بجائے کالی میور ہی استعمال کرنا چاہیئے۔ فوراً ہی یہ دوا ایسے ورم کو تحلیل کر کے مریض کو درست کر دیتی ہے۔

مزمن آتشک کی گلٹی میں اور مزمن ورم مثانہ میں یہ ایک بہترین دوا ہے۔ جادو ورم گردہ میں جبکہ تباہ کن عمل گردوں میں ہو رہا ہو اسے استعمال کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ ایسے موقعوں پر گردے کی بناوٹ کو تقویت بخشتی ہے۔ اور تباہ کن فعل کو فوراً روکتی ہے

ایسی حالتوں میں میں نے کالی میور سے بہتر کسی دوسری دوا کو نہیں پایا۔ آدھے گلاس پانی میں کالی میور ۳ × کے دس گرین ڈال دو۔ اور ہر دو گھنٹہ کے بعد چھوٹا چمچہ دو۔

پنڈلے سائیٹس (ورم نائد) میں کالی میور ایک نہایت یقینی دوا ہے چنانچہ ڈاکٹر وبسٹر صاحب لکھتے ہیں کہ بہت سے مریضوں میں جن کو پنڈلیائٹس کی شدید تکلیف تھی میں نے کالی میور دے کر دیکھا کہ شکم کا تناؤ قبض، درد، بخار اس کے زیر اثر آہستہ آہستہ رفع ہو گیا ہے۔ اور ایسے بھی کئی کیس میں نے کالی میور ہی سے درست کئے ہیں جن میں سرجن نہایت جلد آپریشن کی ہدایت کرتے تھے۔ ایسی حالت میں کالی میور ۳ × کے ۵ گرین کو آدھے گلاس پانی میں حل کر کے ایک چھوٹا چمچہ ہر گھنٹہ کے بعد دیا جائے

بچوں کے ذبح کے پہلے درجہ میں فیرم فاس اور کالی میور بہترین ادویہ ہیں اس لیے ان دونوں میں ان ہی ادویہ پر اپنے نسخہ کی بنیاد قائم کرنی چاہیئے۔ مجرب بخار

کے پہلے درجہ میں فرم فاس دوا ہوتی ہے اور جب زبان کا رنگ سلیٹی مائل سفید ہو جائے اور دست شروع ہو جائیں۔ درد ہوا اور ذکی الحسی ہو تو کالی میور ۳۰ کو بھولنا مریض پر ظلم کرنا ہے۔ چیچک کے علاج میں کالی میور ایک بہت بڑی دوا ہے۔ یہ آبلوں کو پھٹنے سے روکتی ہے۔ حفظ ماتقدم کے طور پر کالی میور ۳۰ ہر تین گھنٹے کے بعد دس دن تک استعمال کرنا چاہیئے۔

چیچک کے ٹیکہ کے قبل یا بعد میں اگر کالی میور دے دیجائے تو چیچک کے ٹیکہ کا کوئی اثر انسانی جسم پر نہیں ہوتا

شدید درد کی وجہ سے اور کام بیٹھنا کالی میور ۳۰ سے درست ہو جاتا ہے اس کے پندرہ گرین گرم پانی کے پیالہ میں ڈال دو اور ہر ایک گھنٹہ کے بعد مریض کو ایک چھوٹا چمچہ دیتے رہو خسرہ میں کھانسی کے لئے اور تمام قسم کے غدودوں کے ورم کے لئے بشرطیکہ زبان سلیٹی مائل سفید ہو یہ بہترین دوا ہے نیز خسرہ کے بد نتائج مثلاً اسہال، بہرہ پن کے لیے یہ ایک بہترین دوا ہے

اگر چہرے پر سردی یا چوٹ سے ورم آگیا ہو کالی میور کا استعمال کرو حلق کے غدودوں کے متورم ہو جانے میں اگر ورم نرم ہے تو کالی میور ہی دوا ہوگی۔

## علامات

دماغ اور مریض خیال کرے کہ وہ بھوک سے تڑپ لگا۔

سر: درد سرتے کے ساتھ۔ سر میں کھرنڈ والا گوتہ۔ بھوی درد سر زبان پر گاڑھے سفید میل کے ساتھ۔ سفید بلغم یا گاڑھے سفید میل کے ساتھ سفید بلغم یا گاڑھے سفید بلغم کا کھنکھارنا یا قے۔ جگر کے فعل میں کمی کی وجہ سے درد سر یا صفرا

میں کمی سے یا قبض کی وجہ سے سر سام یا ورم الدماغ کے دوسرے درجہ میں۔

**آنکھ** :۔ آنکھوں سے سفید رطوبت، مواد ملکہ زنڈ۔ آنکھوں کی پتلی پر زخم۔ پتلی پر بال۔ آنکھوں میں تکلیف، رہے اور پلکوں میں خارش۔ آنکھوں کی جملہ تکالیف میں جب کہ رطوبت گاڑھی سفید ہو اگر سبزی مائل زرد ہو تو کالی بلف کے ساتھ دو)

**کان** :۔ کان سے متزمن نزلاوی سیلان کان کے گرد ورم۔ کانوں میں بند ہونے کا احساس اور آوازیں۔ کانوں کی نالی میں ورم۔ کان کے درمیانی حصہ میں نزلاوی کیفیت (زخم فاس) کان میں اندرونی ورم سے بہرون۔ کان کے گرد غدود متورم کانوں میں کڑکن۔

**ناک** :۔ نزلہ، رطوبت سفید گاڑھی۔ زخمے میں بلغم چپک جائے۔ بند زکام نکسیر

**چہرہ** :۔ رخسار متورم۔ غدودیں (زخم فاس کے ساتھ دو)

**منہ** :۔ منہ آنے، منہ میں سفید زخم۔ جبڑے اور گردن کے غدودوں پر ورم زبان پر سلیٹی مائل سفید میل، زبان پر خشکی یا چپک۔ ہونٹوں میں شگاف یا زخم (منکرین دو غدود یا مسوڑھے متورم تھوک کی زیادتی و نیز ورم مسور) دیرد انت مسوڑھوں یا رخسار میں ورم کے ساتھ مسوڑھوں کا پک جانا۔

**حلق** :۔ غدودوں کا ورم، غدودوں کا بڑھنا۔ اس قدر زیادہ کہ سانس بھی نہ لے سکے۔ حلق میں اور غدودوں پر سلیٹی مائل دھبے یا چٹے۔ کان کی نالی کا نزلہ، ڈفتھیریا میں یہ سب سے بڑی دوا ہے (زخم فاس کے ساتھ دو) حالت ڈفتھیریا یا اور حلق کی دیگر تکالیف میں کالی میور ۲ x یا ۳ x دس سے ۲۰ گرین تک ایک گلاس نیم گرم

پانی میں ملا کر کلی کراؤ۔ آواز کا نہ رہنا۔ کرل (زیرم فاس) کے ساتھ دو سادہ اگر تھوک کی زیادتی ہو۔ یا جیسے بھی متورم ہو جائیں تو نیٹرم میور کے ساتھ دو)

معدہ: مرغن غذا میں بدہضمی پیدا کریں۔ سفید ملغم کی قے۔ منہ میں پانی جمع ہو جائے معدہ میں درد قبض کے ساتھ۔ معدہ میں تفخ۔ بھوک پانی پینے سے جاتی رہے معدہ کی تمام تکالیف میں زبان کے رنگ کا خیال رکھو۔

شکم: شکم میں نکس الحمی ورم۔ ریاح۔ درد یعنی کیڑے جس سے مقعد میں خارش ہو جگر کے مقام میں داہنے کندھے کے نیچے درد۔ جگر کے فعل میں کمی قبض کے ساتھ زبان یا سفید میل کا خیال رکھو) یرقان جو سردی لگ جانے کی وجہ سے ہو۔ مائیتا ہیڈ بخار۔ زبان پر سفید میل ہو دست ہلکے رنگ کے پیلے رنگ کے شکم میں درد چھونے سے بڑھ جائے۔ شکم آنتوں پردہ صفاق وغیرہ کے ورم میں یہ اکسیر دوا ہے۔

پاخانہ: قبض ہلکے رنگ کا مرغن غذا کے بعد اسہال۔ مٹیالے رنگ کے سفید بالیں دار پاخانے۔ پیچش بیحد مروڑ۔ آنولیس دار پاخانوں کے ساتھ لہو۔ سرخی خلط سیاہ۔ کاڑھا تار دار منجمد۔

مثانہ: ورم مثانہ دوسرے درجہ میں جب کہ رطوبت کاڑھی سفید اور چھپی ہو۔ پیشاب سیاہ رنگ کا۔

آلات تناسل مردانہ: سوزاک میں قریب قریب سب سے بہتر دوا ہے۔ سوزاک کے دب جانے سے خصیوں میں ورم۔ آتشک کا مزمن درجہ عضو پر زخم ایسی حالتوں میں کالی بیوریٹم کے محلول سے زخم دھوکر اور اسی کا مرہم لگاؤ۔

آلات تناسل زنانہ: حیض بہت دیر میں ریار کا ہوا یا بہت جلد۔ خون حیض ا

مقدار میں زیادہ سیاہ منجمد یا لیسے دار سیاہ خون کول تار کی طرح سیلان ارحم دھد
کی طرح سفید گاڑھا مگر سوزش نہ کرے۔ بحالت حمل متلی قے کے ساتھ۔ قے سفید۔
بلغم کی پتانوں میں گرہ جو نرم ہوں اور ہاتھ لگنے سے درد کریں۔ عفونتی بخاروں
میں نہایت عجیب علامات ساتھ ہوں تو کالی فاس ساتھ دو۔

**آلات تنفس**:۔ آواز بیٹھنے۔ دم کشی معدے کی خرابی کے ساتھ بلغم سفید سخت
معدہ کی خرابی کی وجہ سے اونچی آواز سے کھانسی کھانسی تیز چھوٹی دوسرے
دالی بکائی کھانسی کی طرح۔ بلغم گاڑھا سفید سینہ میں گڑگڑاہٹ۔ ایسا معلوم
ہو جیسے گاڑھا لیس دار بلغم پھیپھڑے کی نالیوں میں بھرا ہے۔ ایسا بلغم کھانس
کر نکالا نہ جا سکے۔ آلات تنفس کے تمام اقسام کے ورموں کا دوسرا درجہ جبکہ
بلغم گاڑھا لیس دار سفید یا دودھ کا سا ہو۔ دق متذکرہ بلغم کے ساتھ ہچکی دوسرے
دالی کھانسی، بکائی کھانسی کی طرح پسلی چلنے کی یقینی دوا ہے۔ نمونیہ پلورلیسی میں
متذکرہ بلغم کی حالت میں۔

**پیٹھ اور ہاتھ و پیر**:۔ بائی کا بخار۔ جوڑوں کے گرد ورم۔ بائی کے درد بحالت حرکت
پیدا ہوں یا بڑھ جائیں۔ رات کے وقت بائی کے درد جن کی زیادتی بستر کی گرمی سے
ہو۔ کمر سے پیروں تک بجلی کی طرح درد۔ مریض کو بستر سے نکل کر بیٹھنا پڑے۔ لکھتے
وقت ہاتھوں میں اکڑاؤ۔ پیروں اور ٹانگوں کا مزمن ورم

جسم کے کسی حصہ میں بائی کا درد جبکہ اس حصہ میں ورم ہو اکثر زمان پر سفید میل ہو۔
گردن کے غدود متورم ہوں۔ جوڑ کے جوڑ کی تکالیف۔ بازوؤں اور ٹانگوں پر زخم جس سے
لیس دار رطوبت آئے۔ کلکیریہ فلور ہاتھ اور پیر پھٹیں اکزما میں خارش ہو۔ خارش

کے لئے کالی مسور کے محلول استعمال کرو)

اعصاب :- مرگی کے لیے بہترین دوا ہے۔ اگر زبان پر سفید میل ہو۔ مرگی۔ اکوتہ یا دوسری لقاطی تکلیف کے دب جانے سے ریڑھ کی ہڈی کا کمزور ہونا۔

بخار :- ملیریا کا بخار۔ ٹائیفائڈ۔ بخار میں یہ ایک عجیب دوا ہے (فیرم فاس کے ساتھ دو) نوعی بخار جبکہ زبان پر سفید میل ہو۔

جلد :- کیل۔ خارش۔ اکوتہ جن میں گاڑھی سفید رطوبت ہو۔ جسم پر خشک آٹے کی طرح کے دانے جو چلنے سے فرش پر گرتے رہیں۔ چوٹوں کا ورم۔ تمام جلدی تکالیف جن دانوں کے اندر سفید مادہ بھرا ہو۔ دانے۔ آبلے جن میں گاڑھی سفید رطوبت ہو۔ زہر باد کے لیے یہ ایک بہت بڑی دوا ہے

دنبل :- پھوڑے اور کاربنکل کے دوسرے مرحلہ میں ورم کو رفع کرنے کی خاطر پیشتر اس کے کہ پیپ بنا ہو۔ لیوپس یعنی سلی پھوڑے کی سب سے بہتر دوا ہے۔ خسرہ بھاری آتشک کھانسی عذدودوں میں ورم جسم کے بعد درد۔ سفید رنگ کے حلق میں ورم سے بہرہ پن۔ سرخ بخار۔ یہ دوا اینٹی سائیکوٹک ہے پرانے سوزاک یا چیچک کے پیدا شدہ بداثرات کو دور کرتی ہے۔ مسئے (داخلی اور خارجی طور پر استعمال کرو)

نوٹ :- یہ دوا غدودوں کے متورم ہونے میں مرچوں میں اور سکروی میں ایک نہایت عجیب دوا ہے۔

کمی اور زیادتی :- مرغن غذاؤں سے گھی اور تیل سے۔ حرکت سے تکلیت بڑھے

طاقت :- نمبر ۳ سے نمبر ۳۰ تک۔

# کالی فاسفوریکم

## Kali Phosphoricum

Chemical Symbol:- $K_2HPO_4$ : 174.35

Synonyms:- Phosphate of Potassium

Trituration پوٹاشیم فاسفیٹ

پوٹاشیم فاسفیٹ انسانی رطوبات۔ یا یوں کہیے کہ رطوبات زندگی اور ریشوں میں خصوصاً دماغ، اعصاب اور خون کے ذرات کا جزو ہے۔ تمام ریشے بنانے والے مادے اس نمک کو قائم رکھتے ہیں اور نشوونما کی تمام رطوبات کو بھی اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی لیے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ریشے بننے کے لیے پوٹاشیم فاسفیٹ کی اہم ضرورت ہوتی ہے۔ اسی لئے ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ تنفس کے اندر آکسیجن خون میں تبدیلی پیدا کر کے ہر جگہ پہنچتا ہے۔ اور آکسیجن کا جسم کے ہر حصہ میں پہنچنا الکلائن (پوٹاشیم) کی وجہ سے خصوصاً پوٹاشیم فاسفیٹ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ چونکہ اعصاب میں قوت کی نمود زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے کالی فاس کا ایک بڑا جزو اعصاب کے اندر پایا جاتا ہے یا یوں کہنا چاہیئے کہ اعصاب کو کالی فاس کے نمک کی بہت زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ کالی فاس ایک واقع حیات نمک ہے اور ریشوں کو بوسیدہ ہونے سے بچاتی ہے۔ بوسیدگی میں کالی فاس کا ایک مخصوص فعل ہے۔ ڈاکٹر ہیرنگ صاحب لکھتے ہیں کہ چونکہ عضلات کے پانی میں پوٹاشیم فاسفیٹ کی

زیادتی ہوتی ہے۔ اور خون کے دوران میں سوڈیم کلورائڈ کی اس لیے ہر دوا دینے کی یا کسی ایک کی انسانی نشوونما کے لیے بہت ضرورت ہوتی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر جسم کے اندر کالی فاس کی کمی ہو جائے تو نتیجہ کیا ہوگا؟

(۱) دماغی حلقہ میں پریشانی۔ ڈر۔ آنسو ڈبڈبائے رہنا۔ شک۔ علالت یاد وطن حافظہ کی کمزوری۔ کمزوری وغیرہ وغیرہ۔

(۲) اعصاب میں درد اور قالی کیفیتیں۔ نبض پہلے چھوٹی۔ بعد میں تیز اور آخر میں نادر۔

اب اگر مجھ سے فاسفیٹ کی تصویر دیکھنا ہو تو چند لفظوں میں یوں بیان کی جا سکتی ہے کہ وہ کیفیتیں جو اعصاب کی کمزوری کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس سے ظہور میں آتی ہیں۔ مثلاً کمزوری دماغی کمزوری وغیرہ

سوشلر صاحب لکھتے ہیں کہ کمزوری کالی فاس کا ایک مخصوص ترین نشان ہے چاہے یہ دماغی ہو۔ اعصابی ہو یا عضلاتی۔ کالی فاس کا اثر دماغ پر۔ اعصاب میں۔ خون کے فقدان پر ہوتا ہے یہ نشوونما پر بھی اپنا اثر کرتی ہے جس سے اکہٹ پیدا ہوتی ہے اور ہلکے ورم بھی۔ کھلے الفاظ میں یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ دماغ کی کمزوری۔ کالی فاس کی تصویر ہے اور عموماً کالی فاس کی تکالیف کے ساتھ رطوبتوں میں ایک قسم کی تعفن ہوتی ہے۔ حاد امراض سے پیدا شدہ کمزوری میں خون کے یا عضلات کے جلد جلد سڑنے میں۔ نیز سب قسم کے بیمار خون میں کام آتی ہے۔ مُنہ آنے میں نہ مندمل ہونے والے زخموں میں۔ متعفن امراض کی سی بو والے سوزاکوں میں۔ اور محرقہ کی سی کیفیتوں میں اس کا استعمال اکسیر ہے۔

سوشلر صاحب کی تھیوری کے بموجب کالی فاس کا اثر جسم اور دماغ میں کمزوری ہسٹریا، عصبی کمزوری بے خوابی، فالج میں، نیز موسمی بخار، ملیریا، خون، سکروی کارسنکل، محرقہ کے بخار اور معدے کے زخم میں مفید ہے۔

ڈاکٹر ایچ اسی، ایطن صاحب لکھتے ہیں کہ صحیح سویدے جاگنا، منہ کی عجیب کیفیت اور جلد میں خشونت ترین فعل کالی فاس میں عجیب ترین ہے۔ ڈاکٹر کلارک صاحب لکھتے ہیں کہ جھوٹے سے ذکر الحس اور جماع کے بعد تکلیف کا بڑھنا اس کی مخصوص خاصیت ہے۔

ڈاکٹر ایلن صاحب بتلاتے ہیں کہ اس دوا کی رطوبتوں کے رنگ نارنگی کے سے یا سونے کے سے زرد ہوتے ہیں جو اس کے مخصوص ہیں۔

کالی فاس کے مریض پیلے، فکر الحس، اعصابی، چڑچڑے اور رونے کی خواہش رکھنے والے ہوتے ہیں، کھانے کے بعد آرام کرتے وقت تکالیف بڑھتی ہیں۔

کالی فاس میں بیحد کاہلی اور سستی ہوتی ہے مریض تھکاوٹ کی شکایت کرتا ہے۔ اور یہ تھکاوٹ دماغی اور جسمانی دونوں ہی ہوتی ہے۔ بیحد کمزوری، قوت حیات میں کمی کے ساتھ۔ چلنے اس کے ساتھ خون کی کمی ہو یا نہ ہو۔ اس دوا کا ایک بہت بڑا نشان سمجھا جاتا ہے جب اس دوا کی آزمائش کی گئی تو آزمائش کنندگان میں اس قدر تھکاوٹ اور اعصابیت آگئی کہ ان کے ہاتھ کانپنے لگے، زندگی ان کے لئے ایک وبال بن گئی۔ اور گوشت پوست بھی جاتا رہا۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا یہ حالت ان مستورات کی نہیں روزانہ دیکھنے میں نہیں آتی جنہ اپنے بچوں کو پالتی اور دودھ پلاتی ہیں۔ یا یہ حالت ہمیں ایسے مردوں

کے اندر کمی نہیں دیتی یہ کمزوری مدت سے یا بعض تفکرات سے سوکھ کر کانٹا ہو گئے یا ایسی مستورات اندر مرد جو کثرت مباشرت کے بعد اپنے آپ کو تباہ کر چکے ہوں اگر در حقیقت یہ رطوبات زندگی کی کمی ہے یا اس کی سے پیدا شدہ کمزوری ہے تو پھر کیوں ایسے انسانوں کو درست نہ کیا جائے ایسے ہی انسانوں کے لیے کالی ناس ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

اس کمزوری کا وقت حیات کی کمی کا ایک نظارہ ہمیں وضع حمل کے وقت ملتا ہے۔ اگر وضع حمل بہت تھکانے والا اور طویل ہو ایسا معلوم ہوتا ہو کہ بچہ ہو رہا ہو مگر نہ ہوتا ہو مریضہ کمزور ہو چکی ہو اور غش بھی کھا رہی ہو۔ ایسی حالت میں ڈاکٹر اپریشن کی رائے دے رہے ہوں تو ایسے وقت میں کالی ناس کی چند ٹکیاں زچہ اور لیا حفیظ کو ڈاکٹر کا شکوہ بنا دیتی ہیں اور ناوا جب آپریشن سے بچ کر نجات دلاتی ہیں۔ اگر ساتویں اور آٹھویں مہینہ میں کالی ناس کا مسلسل استعمال کیا جائے تو وضع حمل کے وقت زچہ اور بچہ دونوں محفوظ رہتے ہیں۔ بچہ کی پیدائش کے بعد یا اسقاط حمل کے بعد کمزوری کے علاوہ جب نفاس رک گیا ہو۔ نفاس یا سیلان میں سخت قسم کا تعفن ہو تو یہ دوا ایسی حالتوں میں سلفر یا کاربن اور گن پاؤڈر کا مقابلہ کرتی ہے۔ چونکہ اس دوا کے اندر سخت قسم کی تعفن ہوتی ہے جس سے مکان بھر میں بو پھیل جاتی ہے۔ اس لئے یہ دوا ڈنجھوں میں بھی مفید ہوتی ہے۔ یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جسم کے کسی مخرج سے متعفن رطوبتیں اس دوا کی بخصوص علامتیں ہیں۔ چنانچہ دستوں میں دست گرم متعفن بے حد یاح کے ساتھ ہوتے ہیں دستوں کا رنگ سبز زرد ہوتا ہے۔ ہر دفعہ کھانے کے بعد دست ہوتے ہیں کمزوری کی مسلسل حالت بنی رہتی ہے۔

اس دوا کی علامات سردی سے آرام سے، کھانے کے بعد، جماع کے بعد، صبح کو شام کو اور خصوصاً رات کو بڑھتی ہیں۔ دماغ کی جڑ میں درد جس کو دباؤ سے آرام ہو کالی فاس سے شفا پاتے ہیں۔ یہ بھی عجیب بات ہے کہ دوسرے کی علالت میں مریض ہمیشہ بھوکا رہتا ہے کھانے سے دوسرے کو آرام ملتا ہے درد دانت اور دوسرے کا یکے بعد دیگرے ہونا۔ اس کا ایک مخصوص فعل ہے۔ پیٹ درد میں درد پاخانہ کی بے سود حاجت کے ساتھ جس کو دبانے سے آرام ہو کالی فاس سے جاتا ہے۔

ڈاکٹر میکفرلن صاحب لکھتے ہیں کہ معدے میں لہروں کا یا پھڑپھڑاہٹ کا عجیب احساس اس دوا کا ایک مخصوص نشان ہے۔ ڈاکٹر گرنر صاحب لکھتے ہیں کہ تھکاوٹ کے احساس اور گدی کے درد میں کالی فاس بہتر کام کرتی ہے۔

کالی فاس میں عجیب احساسات یہ ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے زبان تالو میں چپٹ گئی ہے۔ ایک گولا حلق کی طرف اٹھتا معلوم ہوتا ہے۔ سوئیاں چبھنے کے سے درد۔ انگلیوں کی نوکوں کا سُن ہو جانا۔ ذرا سا چھو دینے سے چوکنا۔

کالی فاس ان کیفیتوں میں مفید ہے جن میں تمام جذبات سے فکر الحسی ہوتی ہے۔ ٹانگوں کے عضلات میں کانپنے کا احساس ہوتا ہے۔

ڈاکٹر ایرڈ صاحب لکھتے ہیں کہ کالی فاس اعصابی بے چینی کو رفع کرتا ہے۔

ڈاکٹر منٹگمری صاحب لکھتے ہیں کہ نامردی کے لئے یہ ایک عجیب ترین دوا ہے بہ ایسی نامردی میں جس کے لئے کالی فاس دوا ہو سکتی ہے، کمر میں درد، بیخوابی گردن اور سر کی پشت میں درد، تیز پیشاب کی زیادتی اور پیشاب میں نا ہضم ہوتے ہیں۔

کالی فاس کا مریض ٹھنڈے پانی کی، سرکہ اور مٹھائی کی خواہش کرتا ہے۔ کھانے

کے بعد معدہ اور آنتوں میں تکلیف ہو جاتی ہے اور کھاتے وقت اسہال ہوتے ہیں۔

ڈاکٹر کینٹ صاحب لکھتے ہیں کہ یہ بہت گہرا اثر کرنے والی اور گہری دوا ہے اس کے بعد ٹھنڈی ہوا میں تکلیف اٹھاتے ہیں۔ زلت بہت جلد ہوتا ہے۔ کھلی ہوا سے نفرت ہوتی ہے۔ ہوا کے جھونکے سے اور کھلی ہوا سے تکالیف بڑھتی ہیں۔ زینہ چڑھنے سے جسمانی محنت سے بھی تکالیف بڑھتی ہیں۔

عضلات سوکھ جاتے ہیں۔ رعشہ کی سی حرکات پائی جاتی ہیں۔ کمزوری۔ لاغری خون کی کمی اعصاب کا تناؤ اس دوا کے مخصوص افعال ہیں یہ دوا ہر قسم کی عصبی کمزوری میں ہسٹریا میں اعضاء کے متورم ہو جانے میں رطوبت زندگی کے ضائع ہو جانے میں۔ مزمن عصابی دردوں میں۔ ادھرنگ میں بہترین ہے نیز ان تکالیف میں جو سردی میں بڑھ جائیں مفید ہے۔ اس میں شک نہیں کہ سوشل صاحب کے پیروؤں نے اس دوا کی چھوٹی طاقتوں کو استعمال کیا ہے۔ مگر میرے تجربہ میں یہ دوا بلند طاقتوں میں بہترین ثابت ہوتی ہے۔

## علامات

کام کی زیادتی سے دماغی کمزوری پست حوصلگی چڑچڑاپن بے صبری اور اعصابیت بچوں میں بدمزاجی چلانا، چیخنا، نیند میں چیخنا، دیوانگی اور دیگر دماغی تکالیف، ہذیان، دنیرم میور، ہسٹریا کے بعد دیگرے ہنسنا اور رونا۔ سوداوی میں بھرنا پریشانی۔ اعصابی درد سستی لوگوں سے ملنے کی رغبت نہ ہونا۔ بیحد سستی۔ کمزوری۔ بعد چونکے۔ چڑچڑاپن۔ دماغی تکاوٹ ہسٹریا۔ رات کے وقت غنودگی۔ حافظہ کی کمی۔ معمولی کام بھی بہت بڑی محنت معلوم ہو۔ کانوں سے سیٹی کی آواز۔ شور۔ ہلچل یہاں تک کہ بات چیت میں بھی شور آئے۔

سر۔ گردن کے مروڑ جس میں کمی اٹھنے کے بعد ہو۔ چکر لیٹی ہوئی حالت سے اٹھ کر بیٹھنے سے اور اوپر دیکھنے سے۔ دماغ میں خون کی کمی۔ دردِ سر غالب علموں کا اور ان لوگوں کا جو دماغی محنت سے تھک چکے ہوں۔ دردِ سر جس کو آہستہ آہستہ حرکت دینے سے آرام ہو۔ دردِ سر تھکاوٹ کے ساتھ نیز معدہ میں خالی پن اور بیٹھنے کا احساس

آنکھ۔ بینائی میں کمزوری۔ پہچاننے کی طاقت میں کمی آنکھوں کی یہ تکلیف مختصر بیماری کے بعد اور تھکاوٹ کے بعد۔ آنکھوں کے پپوٹوں کا گرنا۔ ہر مرض میں آنکھوں کی پتلیوں کا پھیلنا۔ بینائی کے عصب کے کمزور ہو جانے کی وجہ سے اندھاپن۔

کان۔ کانوں میں بھنبھناہٹ اور بزبز کی آوازیں۔ بہرہ پن نظام عصبی کی کمزوری سے۔ کانوں میں زخم جبکہ سیلانی متعفن کھجلی پیدا کرنے والا خون آمیز ہو۔ سننے میں دقت سر میں آوازوں کے ساتھ۔

ناک۔ ناک سے متعفن رطوبت بہنے کے ساتھ۔ نازک مزاج آدمیوں میں نکسیر جبکہ خون پتلا سیاہی مائل۔ نہ جمنے والا ہو۔

چہرہ۔ پیلا کھنچا ہوا۔ داہنی طرف کا عصابی درد جس کو ٹھنڈی چیزیں لگانے سے آرام ہو۔

منہ۔ سانس متعفن۔ زبان پر رطوبت کا سا میلا میل۔ صبح کے وقت بھاری خشکی۔ دانت کا درد جس کے ساتھ مسوڑھوں سے جلد خون نکلے اور ان پر ایک چمکدار سرخ لکیر نظر آئے مسوڑھے اسفنج کے سے اور جلد گل جائیں۔ درد دانت کمزوری سے دماغی محنت سے بے خوابی سے جس کو آہستہ آہستہ حرکت سے آرام ہو۔ دانت کا بغیر صرف عصبی وجوہات سے۔

زبان۔ زبان پر میلا سا رطوبت کے لیپ کا سا میل۔ صبح کے وقت زبان بہت خشک ایسا معلوم ہو کہ تالو میں چپٹ جائے گی۔ زبان کا ورم بے حد خشکی یا کمزوری کے ساتھ۔

**حلق** - حلق میں درد - حلق میں نہ مندمل ہونے والے سخت زخم و آلات نطق میں خلیج -

**معدہ** - معدہ میں بیٹھنے کا احساس، متلی، معدہ میں ورم - کمزوری اور اعصابی کمزوری کے ساتھ - معدہ میں درد - تھکاوٹ - کمزوری - غم - دماغی محنت، پریشانی وغیرہ سے بھوک کی زیادتی - اکثر بخاروں کے بعد - ریاح قلب کے گرد پریشانی کے ساتھ یا معدہ کی بائیں جانب -

**شکم** - سال، متعفن جھلی کی وجہ سے - کمزوری کی وجہ سے یا تھکاوٹ کی وجہ سے پیدا ہوں - کھانا کھانے کے وقت، اسہال - پیچش جس میں پاخانہ خالص خون کے ہوں، مریض بذیان میں چلائے جائے اور شکم متورم ہو جائے، پیشاب، دست چاروں کو بند کر دے، کانچ نکلنا -

**آلات تناسل مرد** - رات کے وقت انزال - قوت باہ میں کمی - جماع کے بعد بے حد کمزوری - نامردی - گوشت خور زخم - سوزاک جب کہ سیمان خون ہو -

**آلات تناسل زنانہ** - حیض بہت دیر میں یا مقدار میں کم، ان مقدمات کے لیے مفید ہے جو زرد رنگ، چڑچڑی، غصہ اور سخت عالی اور وکی الجس ہوں - خون حیض مقدار میں بہت زیادہ گہرا سرخ یا سیاہی مائل سرخ، پتلا، منجمد نہ ہو - بعض وقت منقطع ہو - کمزور بھرا ہوا خون - درد حیض کے وقت میں درد شکم (دیگر شیاء فاس) حیض کے دنوں میں ہسٹیریا، اعصابیت اور اکساہٹ، ایسا معلوم ہو جیسے ایک گولا حلق میں پھنسا ہوا ہے - سیمان الرحم میں سرطان پیدا کرنے والا اور پھیلنے والا - عمل کا کرنا - کمزور مقدورات میں پیشاب میں ورم ساکر مواد مثیانا ہو جس میں بدبو آئے - عفونتی بخار جبکہ اس بخار میں دماغی نزاکیاں ہو - وضع حمل کے وقت درد کمر اور مزاج کی کمزوری کی وجہ

سے وضع حمل تکلیف دہ۔

مثانہ۔ رات کو پیشاب نکل جائے۔ پیشاب کی زیادتی۔ پیشاب کی نالی سے خون آئے۔ پیشاب کرتے میں درد۔ اعصابی کمزوری سے پیشاب روکنے کی نااہلیت۔ پیشاب کی نالی سے خون کا سیلان۔ ورم مثانہ۔ ذیابیطس میں جبکہ اعصابی کمزوری بھوک کی زیادتی، بے خوابی وغیرہ ساتھ ہو۔

آلات تنفس۔ دمہ جس کو غذا سے غذا بڑھا دے۔ زینہ چڑھنے سے سانس پھولے۔ کھانسی۔ بلغم زرد۔ آواز کے زیادہ استعمال سے آواز بیٹھے۔ کالی کھانسی کمزوری کے احساس اور اعصابی کمزوری کے ساتھ پھیپھڑوں میں استسقائی کیفیت جس سے دم گھٹنے کا اندیشہ ہو (زیر طرم میور سانس گویا حقیقتاً پانی آچکا ہو) کروپ کھانسی کا آخری درجہ جبکہ چہرہ پیلا، نیلا ہو، بے حد کمزوری کے ساتھ (کالی میور بھی ساتھ دے) بحالت نیند از خود سرد آہیں یا کراہنا دمہ سے سانس میں چھوٹا پن جس کی زیادتی حرکت سے یا محنت سے ہو۔

ہاتھ اور پیر۔ پٹھے میں اور ہاتھ اور پیروں میں فالجی کمزوری محنت سے تکلیف بڑھے۔ کمزوری کے ساتھ درد اور پھر کمزوری رہائی کے درد۔ لنگڑا پن اور اکڑن جس کی زیادتی سخت محنت سے ہو مگر کمی آہستہ آہستہ چلنے سے ہو۔ درد بحالت آرام کرنے کے ماؤف سطح میں درد یا چوٹ کا سا احساس آہستہ حرکت سے آرام۔ اعصابی درد اعضا میں جن ہو جانے کے احساس کے ساتھ ساتھ پھٹتے جائیں۔

اعصابی علامات۔ جسم کے کسی حصہ کا فالج اور کسی قسم کا فالج ہر قسم کے فالج کیلئے کالی فاس بہترین دوا ہے) جزوی فالج۔ سادھرنگا۔ لقوہ وغیرہ۔ آواز کے

آلات میں یکایک یا رینگنے والا فالج۔ اعصابی درد کسی اعضاء میں کمزوری کے ساتھ شور و غل اور روشنی سے ذکی الحسی جس میں کمی خوش مزاجی سے یا آہستہ آہستہ ٹہلنے سے ہو۔ لیکن زیادتی چپ چاپ رہنے یا اکیلے رہنے سے ہو۔ تمام قسم کی اعصابی تکالیف جبکہ مریض بے چین اور بے صبر ہو اور غم میں ڈوبا ہوا رہے۔ یا ایسے مایوس مریض جو اپنی تکالیف کو رائی کا پہاڑ بنائیں۔

اعصابیت تھوڑے سے درد کو زیادہ محسوس کرے اور اپنے حالات بتاتے وقت آنسو بہائے۔ ہسٹریا کے دورے فوری جذبے سے ایسا معلوم ہو جیسے کوئی گولا شکم سے اٹھ کر حلق کو جا رہا ہے۔

ریڑھ کی کمزوری جو کمزور کر دینے والی بیماریوں کے بعد ہوئی ہو۔

مرگی جس میں چہرہ کھنچا ہوا ہو، دورے کے بعد جسم ٹھنڈا اور دھڑکن ہو۔ کالی سورا اور مگنیشیا فاس کے یکے بعد دیگرے دو۔

## عرق النساء

**قلب** نبض سست اور معمول سے کم۔ نبض ضربات چھوڑے اور بے قاعدہ دھڑکن اعصابیت، پریشانی، بے خوابی اور بے چینی کے ساتھ۔ دھڑکن زینہ چڑھنے سے سانس میں بلکاہٹ یا اعصابی اکساہٹ سے غشی۔ چکر۔ قلب کے گرد بے چینی کے احساس کے ساتھ، ڈر سے، تھکاوٹ سے یا دل کی کمزوری سے غشی نبض مدھم کمزور اور محسوس نہ ہو سکے۔ قلب کا فعل نوبتی یعنی قلب ضربات چھوڑ دے۔ جذبات غم یا دوسری ہر قسم وجہات سے۔

**نیند**۔ نیند میں اٹھ کر چلنا (بیلا دونا) ہسٹریکل جمائیاں۔ انگڑائیاں

جو عصبی وجوہات کے سبب پیدا ہونے والی بے خوابی اعصابی وجوہات سے عموماً پریشانی یا اکساہٹ کے بعد۔

**بخار** ۔ نارمل درجہ حرارت سے حرارت میں کمی۔ تمام قسم کے بخار جس میں فاسد علامات ملیں۔ ٹائیفائڈ۔ ٹائیفس، اعصابی، دماغی بخار جس میں بڑبڑاہٹ ہو۔ غنودگی اور بے خوابی وغیرہ، بخار کا درجہ حرارت بہت تیز لیکن نبض معمول سے کم یا تیز یا بالکل ہی معلوم نہ ہو سکے (ٹیرم میور) لوتی بخار جس میں پسینہ متعفن اور مقدار میں زیادہ تیز کمزور کرنے والا ہو ٹائیفائڈ۔ سرخ بخار جبکہ متعفن یا فاسد کیفیتیں پیدا ہو چکی ہوں۔ مقدار میں زیادہ اور کمزور کر دینے والا پسینہ یا کھاتے وقت پسینہ معدہ میں کمزوری کے ساتھ۔

**کمی اور زیادتی** ۔ تکالیف اکساہٹ سے، تفکرات سے، دماغی یا جسمانی محنت سے، سردی سے، صبح سویرے بڑھتی ہیں۔ گرمی میں اور آرام کرنے سے مقوی غذاؤں سے تکالیف کم ہوتی ہیں۔ نیز علامات عموماً شور و غل سے، بیٹھی ہوئی حالت میں مسلسل محنت یا آرام کے بعد بڑھتی ہیں۔ اکیلے رہنے سے بھی مریض تکلیف محسوس کرتا ہے۔

**طاقت** ۔ نمبر ۳ سے ۳۰ تک اور اونچی طاقتیں

# KALI SULPHURICUM

# کالی سلفیوریکم

CHEMICAL SYMEOL: $K_2SO_4$ 174.27
SYNONYMS :- POTASSIUM SULFATE.
TRITURATION.

## سلفیٹ آف پوٹاشیم

اس دوا کا فعل جلد حقیقی اور جلد کاذب پر ہوتا ہے۔ اس نمک کی کمی سے زبان پر زرد لیسدار یا لسدار پتلا یا نمایاں زرد سیل جم جاتا ہے۔ یا کسی بلغمی جھلی سے سبزی مائل رطوبت پانی کی سی رستی ہے یا یہ سبزی مائل رطوبت جلد پر نمایاں ہوتی ہے اور جلد حقیقی یا کاذب کے رنگ کو بدرنگ کر دیتی ہے۔ یہ زردی غالباً جسم کے تصدق فعل کے الٹ جانے سے ہوتی ہے۔ یا یوں کہنا چاہیئے کہ جب بی کے پھٹ جانے سے یا صفراوی کیفیتوں کی پیدائش سے یہ ظہور میں آتی ہے۔

قدرت میں سلفیٹ اور آکسائڈ آف آئرن آکسیجن پہنچانے والے سمجھے جاتے ہیں۔ اگر سلفیٹ اور آئرن آکسائڈ کسی مجتمع جسم کے ساتھ اس وقت ملیں جبکہ اس کے اندر بوسیدگی شروع ہو چکی ہو تو وہ حصہ آکسیجن چھوڑ دیتا ہے اور اس کی جگہ سلفیٹ آف آئرن لے لیتا ہے مگر جب ہوا میں ملے ہوئے آکسیجن (کہرہ ہوائی) سے اس پر پھر اثر ہوتا ہے تو وہ سلفیورک ایسڈ اور آئرن آکسائڈ بن جاتا ہے۔ وہ کچھ عرصہ پھر آکسیجن لے جانے والے کا کام کرتے ہیں۔ یہی بات انسانی جسم کے اندر بھی ہو سکتی ہے۔ اسی لیے سلفیٹ میں سے کالی سلفیٹ غالباً ایک نہایت کارآمد کام کرتا ہے کیونکہ یہی کالی سلفیٹ انسان کے جسم کے چھوٹے چھوٹے ذرّوں میں

اور جسمانی رقیق مادہ میں، عضلات میں، اعصاب میں، جلد کا ذب میں اور خون کے اجزاء میں پایا جاتا ہے۔ یہی آکسیجن کو لے جانے والی یک چیر ہے خون کے اجزاء میں فیرم (لوہا) آکسیجن کو پوٹاشیم سلفیٹ کی مدد سے جسم کے ذرہ ذرہ میں لے جاتا ہے یہ ظاہر ہے کہ جسم کے ایک ایک ذرہ کی بناوٹ اور باقیگی کا موجب آکسیجن ہی ہے اگر پوٹاشیم سلفیٹ ساتھ نہ رہے تو جسم کے ذرات میں آکسائڈس پیدا ہو جائیں اس لیے پوٹاشیم سلفیٹ کی کمی سے مفصلہ ذیل علامات نمودار ہوتی ہیں۔

بھاری پن۔ تھکاوٹ کا احساس۔ چکر۔ سوجنا۔ دھڑکن۔ ڈر۔ غم۔ دانت کا درد۔ دردسر، اعضاء میں درد جو اپنی جگہ بدلتے رہتے ہیں۔ یہ درد بند مکانوں میں، گرمی میں اور شام کے وقت بڑھ جاتے ہیں اور تازی کھلی ہوا میں جس کے اندر آکسیجن کی زیادتی ہوتی ہے کم ہو جاتے ہیں۔

یہ عیاں ہے کہ اگر جلد کا ذب حقیقی کے ذرات میں آکسیجن پورے طور پر نہ پہنچے تو ان کا رنگ بدرنگ ہو جاتا ہے اور جس وقت کالی سلف کی مدد سے آکسیجن جلد کا ذب اور حقیقی میں مخلوط کر کے بھر دیا جاتا ہے تو وہ کمی پوری ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے بوسیدہ ذرات زائل ہو جاتے ہیں، اور ان کے بجائے نئے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور نئے ذرات کے پیدا ہونے سے جلد کی بدرنگی، اور بدوضعی دور ہو جاتی ہے۔ اگر کالی سلف کے استعمال کو چند لفظوں میں بیان کرنا ہو تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ دوا ان تکالیف میں استعمال ہوتی ہے جن تکالیف میں جلد کے اندر بدوضعی پیدا ہو جائے اس کی رطوبتیں زرد ہوتی ہیں۔ تکالیف شام کے وقت بڑھتی ہیں اور ٹھنڈی کھلی ہوا میں کم ہوتی ہیں۔

اس دوا کے اندر پوٹاشیم اور سلفر دونوں ملتے ہیں۔ اگر ناظرین اس دوا کو احتیاط کے ساتھ استعمال کریں گے تو ان کو معلوم ہوگا کہ یہ دوا بہت گہرا اثر کرنے والی ہے اور اگر اس دوا کو اونچی طاقتوں میں استعمال کیا جائے تو اس کا اثر بہت مدت تک قائم رہتا ہے۔

اس دوا سے مرگی، سلی پھوڑا۔ جلدی تکالیف اور جلد کی بدرنگی کو درست کیا جا سکتا ہے۔ نیز مزمن نوبتی بخار بھی اس سے رفع ہوتے ہیں۔

یہ دوا تولادی کیفیتوں کے لیے مفید ہے جن کے اندر گاڑھی، زرد رطوبت یا سبزی مائل مواد یا پتلی، زرد پانی کی سی رطوبتیں پائی جائیں۔ علامات زیادہ تر شام کے وقت بڑھ جاتی ہیں۔ مریض تازہ ٹھنڈی ہوا کی خواہش کرتا ہے۔ اور اسی کے اندر اس کی تکالیف کم ہوتی ہیں۔ کالی سلف کی تکالیف بحالت آرام آتی ہیں۔ اور حرکت سے ان کے اندر کمی ہوتی ہے۔

اس دوا کے مریضوں کے اندر دق کا اثر ملتا ہے اور عموماً یہ دوا ٹوبرکیولینم کے بعد مستعمل ہوتی ہے۔ مرگی کے تشنج بھی اس دوا میں پائے جاتے ہیں۔ اعضا میں درد عضلات میں جھٹکے اور اینٹھن ملتی ہے۔ بازو اور ٹانگوں میں استسقائی کیفیت دیکھنے میں آتی ہے۔ کھانے کے بعد طبیعت بھاری ہو جاتی ہے، یا تکالیف بڑھتی ہیں اور اسی لیے بھوکے رہنے سے یا برت رکھنے سے تکالیف میں کمی ہوتی ہے۔ عضلات میں غیر قدرتی موٹاپا آجاتا ہے۔ غدود، جگر اور دل پر بھی اس کا اثر ہوتا ہے۔

اس دوا میں ہسٹریکل علامات بھی ملتی ہیں اور جب یہ دوا ہوتی ہے تو دیگر

ادویات کام یا فعل نہیں کرتیں یا فعل کر کے جلد چھوڑ دیتی ہیں۔ عموماً مریض لیٹنا چاہتا ہے لیکن بستر میں لیٹنے سے اس کی تکالیف بڑھ جاتی ہیں اسی لیے اس کو اپنی تکالیف کم کرنے کے لیے چلنا ہی پڑتا ہے۔

درد اس دوا کے منتقل ہونے والے ہوتے ہیں۔ سارے درد دل کو حرکت سے اور کھلی ہوا میں آرام ہوتا ہے اور گرم مکان میں بیٹھنے سے، لیٹنے سے یا کسی طرح پر آرام کرنے سے بڑھ جاتے ہیں۔ یہ درد جلانے، کاٹنے والے، چبھنے والے۔ سوئیاں چبھنے والے اور پھاڑنے والے ہوتے ہیں۔ مگر زیادہ تر درد زخم کے سے ہوتے ہیں۔ تمام جسم پر تپکن ہوتی ہے جس کو چھونے سے تکلیف ہوتی ہے۔ کالی سلف کے مریض کو غصہ بہت جلد آتا ہے، وہ غصہ ہی ہوتا ہے اور بار بار سے زیادہ چڑچڑا۔ پریشانی شام کے وقت بستر میں بڑھ جاتی ہے۔ رات کے وقت اور جاگنے پر بھی یہ پریشانی دکھائی دیتی ہے۔

## علامات

**دماغ**۔ مریض جلد غصہ میں آجائے، غصہ ہی بے حد چڑچڑا۔ پریشانی۔ شام کے وقت بستر میں، رات کے وقت، اور جاگنے پر کاروبار سے اور دوستوں کی صحبت سے نفرت، بہت جلد اکساہٹ پیدا ہو جائے، غصہ میں آجائے اور دماغی محنت تکالیف کو بڑھا دے۔ ڈر، رات کے وقت موت کا سا بے صبر، ہسٹریکل۔ صبح کے وقت جاگنے پر، شام کے وقت اور حیض کے دوران میں بے حد چڑچڑا پن۔ لکھتے وقت الفاظ کو غلط جگہ پر لکھ دے۔ مزاج جلد بدلا کرے۔ صبح اور شام کے وقت

پست ہمتی۔ شور سے ذکی الحسی کثرت مباشرت سے پیدا شدہ دماغی علامات نیند میں چلے۔ نیند میں چیخے اور چونکے۔ نیند میں بولے۔ بے حد بزدلی۔ رونا۔

سر۔ چکر نمایاں طور پر شام کے وقت گرم مکان میں جس کی زیادتی کھانے کے بعد ہو، درد سر میں اوپر دیکھنے سے ہو۔ چکر متلی کے ساتھ، لیٹ جانا پڑے۔ اشیاء چکر میں گھومتی معلوم ہوں۔ اسی قسم کی زیادتی بیٹھنے یا بیٹھ کر اٹھنے یا کھڑے ہونے سے ہو اور کمی کھلی ہوا میں ہو۔ ایسا معلوم ہو کہ آگے کی طرف گر رہا ہے چلتے وقت چکر کی وجہ سے لڑکھڑاہٹ۔

سر میں اُبلنے یا کھولنے کا احساس۔ چاند میں ٹھنڈک۔ کھانے سے اور گرم مکان میں خون کا اجتماع۔ سر میں سکڑن کا احساس ایسا معلوم ہو جیسے بہت تنگ ٹوپی پہنی ہے۔ پیشانی میں سکڑن۔ سر میں بدبو کی زیادتی کھوپڑی پر کھجلی کے دانے، کھرنڈ۔ اکوتر۔ تر چپکنے والے دانے۔ سر کے بال گر جائیں۔ پیشانی میں حدت، صبح کے وقت کھوپڑی میں خارش، دماغ ڈھیلا محسوس ہو۔ درد سر، صبح کے وقت جاگنے پر، شام کے وقت اور رات کو جس کی زیادتی جھونکے سے جاڑے کے وقت میں، سردی لگنے سے نزلہ کی حالت میں، کھانے سے، کھانے کے بعد، گرم ہو جانے سے، گرم مکان میں جھکنے سے، حیض کے دوران میں، سر کو ہلانے سے اور دبانے سے ہو اور کمی ٹھنڈی ہوا میں کھلی ہوا میں، اور لیٹ جانے سے ہو جاتی ہے۔ نزلادی درد سر۔ آلات ہضم کی خرابی سے درد سر۔ درد تکیہ والے جس کی سر ہلانے سے، نیند کے بعد چھینکنے سے، کھڑے ہونے سے، سخت قدم رکھنے سے، جھکنے سے، آنکھوں پر زور ڈالنے سے زیادتی ہو، درد سر آنکھوں سے پیشانی

تک جائے۔ آنکھوں کے اوپر درد گدی میں، سر کے دونوں اطراف اور کنپٹیوں میں درد۔ درد سوراخ کرنے والے۔ پھاڑنے والے، جھٹکنے والے، دبانے والے، سوئیاں چبھنے کے سے ہوں، سر میں خصوصاً داہنی طرف چھٹکے

آنکھ۔ پپوٹے چپک جائیں۔ آنکھوں میں خشکی۔ آنکھوں سے سبزی مائل زردی مائل، رطوبت۔ آشوب چشم۔ وریدیں سیاہ ہو جائیں۔ آنکھوں پر اور پپوٹوں پر دانے آنکھوں سے پانی بہے۔ پتلی پر مارڑا (یہ دوا موتیا بند کے لیے مفید سمجھی جاتی ہے) درد جلندار، دبانے والے اور پھاڑنے والے۔ روشنی نہ برداشت ہو سکے اور پپوٹوں کے کنارے سرخ ہو جائیں۔ پتلی میں زخم۔ سیاہ رنگ ملے جلے آنکھوں کے سامنے زرد رنگ، روشنی کے گرد آنکھوں کے سامنے سیاہ اڑنے والے ستارے۔ بینائی مدھم۔ بینائی پر زور دینے سے بہت سی تکالیف نمودار ہوں بینائی میں کمزوری۔

کان۔ کانوں کا نزلہ۔ کان کے درمیانی حصہ میں خشکی، کان سے رطوبت زرد، پتلی چپک دار، زرد یا سبزی مائل، خون آمیز، متعفن، مواد آمیز، کانوں میں کھجلی کے دانے۔ اکوتہ۔ جلندار دانے۔ کانوں کے پیچھے اکوتہ۔ کانوں میں خارش کانوں میں آوازیں، بزبز کی چڑچڑ پٹڑ پٹڑ کی کڑکن والی، مکھیوں کی بھنبھناہٹ کی گھنٹہ بجنے کی سیٹیوں کی۔ کانوں میں بند ہونے اور کھلنے کا احساس۔ کان میں درد شام کے وقت کاٹنے والا۔ دبانے والا۔ سوئیاں چبھنے والا اور پھاڑنے والا۔ (اس دوا سے کان کی ہڈی اور بدگوشت بھی ٹھیک ہوا ہے) کان بند معلوم ہوں، ٹپکیں، قوت سامعہ کم ہو جائے۔ اندرونی کان کے ورم سے بہرہ پن۔

**ناک** - خشک، نزلہ جس میں رطوبت غلیظ آمیز، تیز سوزش پیدا کرنیوالی، سبزی مائل متعفن، مولد آمیز، پتلی، غدود گاڑھی بہت لیسدار ہو۔ ناک میں خشکی۔ صبح کے وقت ناک پھینکنے سے نکسیر۔ ناک میں کھجلی۔ ناک بند ہو جائے۔ ناک میں اور ناک کی دیوار میں درد قوت شامہ پہلے تیز ہو جائے بعد میں زائل ہے پھینکیں۔ ناک متورم

**چہرہ** - چہرہ بیماروں کا سا زرد، سبز مائل سیاہی مائل، ہونٹ پھٹے ہوئے بعض اوقات چہرہ پر پیلاہٹ اور بعض اوقات چہرے پر شدید سرخی، چہرے پر، ہونٹوں پر اور ناک پر کھجلی کے دانے۔ چہرے پر بدرنگی تمتماہٹ، خارش۔ تھوک کے غدودوں میں ورم چہرے کا عصبی درد جس کی زیادتی گرم مکان میں ہو۔ گرم ہو جانے سے اور شام کے وقت ہوا اور کمی کھلی ٹھنڈی ہوا میں ہو یہ درد کھنچنے، سوئیاں چبھنے والے، پھاڑنے والے۔ چہرے پر پسینہ۔ چہرے کی اینٹھن۔

**منہ** - منہ آئے۔ منہ میں خشکی اور مسوڑھوں سے خون بہے۔ منہ میں زبان پر بلغم، زبان میں جلن۔ تھوک کی زیادتی۔ ذائقہ بد ذائقہ متعفن، کھٹا، میٹھا، یا بالکل نہ ہو۔ زبان پر زرد میل زبان تر زبان کی سطح پر۔ درد دانت جس کو کھلی ہوا میں آرام ہو اور گرم مکان میں زیادتی ہو۔ ہونٹ پر کینسر۔

**زبان** - زبان پر میل زرد سے چھپا، بعض وقت کناروں پر سفیدی۔ ذائقہ پھیکا۔ میٹھا۔

**حلق** - حلق میں خشکی اور سکڑن۔ بار بار بلغم کھنکھارنا۔ حلق میں حدت اور ورم حلق میں گولے کا احساس۔ صبح کے وقت حلق میں بلغم۔ نگلنے پر درد جلن دار اور پھر پھاں چبھنے کا سا۔ غدود متورم جس کی وجہ سے نگلنے میں دقت ہو۔

معدہ ۔ معدہ میں بے حد پریشانی ۔ بھوک بڑھی ہوئی ۔ بھوک درندوں کی سی یا بالکل ہی ندارد ۔ روٹی سے انڈوں سے گوشت سے گرم غذا سے اور گرم چیزوں سے نفرت ۔ معدہ میں ٹھنڈک ۔ معدہ کا نزلہ ۔ کھٹی چیزوں کی خواہش مگر مٹھائی زیادہ مرغوب ہو ۔ ٹھنڈی غذا اور ٹھنڈے پانی کی خواہش ۔ معدہ میں نفخ ۔ معدے میں خالی پن اور کمزوری ۔ ڈکار ۔ کھانے کے بعد کڑوی ، خالی ، غذا کی ، کھٹی یا منہ سے پانی آنے ڈکاروں سے آرام ہو ۔ یرقان کے ساتھ خرابی معدہ ۔ تھوڑا سا کھانے کے بعد شکم میں نفخ ۔ کلیجہ جلے اور معدے میں بھاری پن ہو ۔ ہچکی ۔ متلی ۔ جاڑے کی حالت میں کھانسی کے دوران میں ٹھنڈی چیزیں پینے کے بعد کھانے کے بعد درد سر کے ساتھ حرکت سے بڑھ جائے ۔ معدے میں درد کھانے اور پینے کے بعد درد جلن دار اینٹھن والا ۔ کاٹنے والا ۔ نوچنے والا ۔ پھوڑے کا سا اور سوئیاں چبھونے والا معدے میں تپکن کھانستے وقت آبکائیاں ۔ جلن دار پیاس ، کھانے کے بعد درد سر کے دوران ، حیض کے دوران کھانسنے پر قے ۔ صفرا کی ، غذا کی ، بلغم کی اور کھٹی ۔

شکم ۔ شکم میں ٹھنڈا پن ۔ کھانے کے بعد نفخ ۔ جگر بڑھ جائے ۔ ریاح رک جائیں پاخانہ کے بعد شکم کے نچلے حصہ میں خالی پن جس کو ہوا کے اخراج سے آرام ہو ۔ گوجی اور بھاری پن ۔ جگر میں تکالیف ۔ جلد میں خارش ۔ رات کے وقت شکم میں درد بجائے اسہال کھانے کے بعد حیض کے پہلے حیض کے دوران ۔ اینٹھن جس میں حرکت سے زیادتی ہو شکم اور جگر میں درد ۔ تپکن ۔ پاخانہ کے قبل گڑگڑاہٹ شکم میں کپکپی شکم میں تناؤ ۔

**پاخانہ اور مبرز** - قبض سخت، قبض اور اسہال یکے بعد دیگرے، پاخانہ سخت، نرم یا وقت سے پہلے، غیر تسلی بخش، دوران حیض، اسہال صبح کے وقت، نصف شب کے بعد بے درد کے یا اینٹھن کے ساتھ حیض کے دوران میں۔ مزمن اسہال۔ ریاح متعفن جو بہت سی شکم کی علامات کو کم کر دے۔ مقعد سے سیلان خون۔ بواسیری مسے جو باہر ہوں اور بڑے ہوں۔ نیز ان میں سے خونی نکلے۔ مقعد میں بے حد خارش۔ مبرز اور مقعد میں پاخانہ کے دوران میں اور پاخانہ کے بعد درد۔ جلن بحالت اسہال، دست پھرتے وقت اور دستوں کے بعد۔ مبرز اور مقعد میں کاٹنے والے، دبانے والے، ٹیس والے اور پھوڑے کے سے درد۔ مقعد میں سوئیاں چبھنے کے سے درد۔ مقعد کے حصص میں تیزی اور سوزش ہو۔ پاخانہ کے بعد مروڑ۔ پاخانہ کی بے سود حاجت۔ پاخانہ تیز سوزش پیدا کرنے والا۔ سیاہ پتلا اور متعفن۔ جب قبض ہو تو پاخانہ خشک، گانٹھ دار لمبا۔ بکری کی مینگنیوں کی طرح چھوٹا۔ پاخانہ میں صفراء کا ناخم نہ ہو۔

**مثانہ** - مثانہ کا مزمن نزلہ۔ پیشاب کی حاجت رات کے وقت مسلسل، اکثر بے سود پیشاب میں درد۔ پیشاب رات کے وقت کثرت سے ہو۔ جتنے وقت پیشاب کے قطرے گریں۔ گردوں میں درد سوئیاں چبھنے والے دردوں کے ساتھ یعنی اک تیسرے درجہ کا۔ سیریان روپانچے یا السر اور سوزش کے ساتھ۔ پیشاب کی نالی سے سیلان خون۔ پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن۔ کیلکس۔ پیشاب میں البومن۔ زیر دوا گرم بخار کے بعد پیشاب کے البومن کی زیادتی کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ پیشاب گہرے رنگ کا، مقدار میں زیادہ، مجلدار یا معدوم، کم، متعفن، مرچ اور مواد آمیز رسوب کے ساتھ۔

**آلات تناسل مردانہ** - نامردی خصیوں کی سختی حشفہ میں ورم سوزاک کے رک جانے سے خصیوں میں ورم - آلات تناسل اور فوطوں میں خارش خصیوں میں کنجاہٹ - خواہش نصانی کم یا بالکل ندارد - سوزاک جبکہ مواد چھپا زرد یا سبزی مائل ہو - نیز سوزاک یا آتشک جس کی تکلیف شام کے وقت ہو -

**آلات تناسل زنانہ** - ان مستورات کے لیے جن کو عموماً اسقاط ہوتے ہیں یہ دوا مقوی ترین ہے، جماع سے نفرت - آلات تناسل میں خارش اور سوزش - یبلان رحم جلد جلد تیز سوزش پیدا کرنے والا اور سبزی مائل زرد مواد ملا، لگاڑھا یا پانی کا سا پتلا حیض ندارد حیض، پھکدار سرخ، مقعد میں زیادہ، جلد جلد یا دیر میں، متعفن، درد والے یا رک جائیں - رحم سے سیلان خون - دوران حیض رحم میں درد، پیڑو میں نیچے دبانے والے بوجھ - آلات تناسل میں جلن - دوران حیض درد زہ کے سے درد - رحم کا اپنی جگہ سے گر جانا -

**آلات تنفس** - ہوا کی نالیوں کا نزلہ سبز، زرد یا سفید بلغم کے ساتھ - حنجرے میں خشکی - حنجرہ میں چبھن - حنجرے میں قریب قریب مسلسل چھیلن جس کی زیادتی کھانسے کے بعد، رات کے وقت، بستر میں، نصف شب تک رہے - حنجرہ میں سرسراہٹ، آواز کا بیٹھ جانا، بار بار زکام کا ہونا - حنجرے میں سرسراہٹ کے ساتھ ہر دفعہ زکام حنجرے کو ماؤف کر دے -

دم - جو گرم کمرے میں بڑھے اور کھلی ہوا میں کم ہو - تنفس میں دقت، شام کے وقت، رات کے وقت کھانسی کے ساتھ، لیٹنے سے، چلنے سے جس کی زیادتی کھلی ہوا میں ہو - تنفس میں گھوگھراہٹ - تنفس چھوٹا - تنفس میں بھینچی بھینچی آواز -

کھانسی صبح کے وقت، شام کو، رات کو، بستر میں جس کی کمی ٹھنڈی ہوا سے اور ٹھنڈے پانی سے بھی کم ہو۔ کھانسی نزلہ کے ساتھ ہو لیٹنے سے بڑھے۔ خشک کھانسی رات کے وقت۔ گڑگڑاہٹ والی کھانسی۔ دم گھٹنے والی کھانسی۔ گرم مکان کھانسی کو بڑھاوے۔ کالی کھانسی، زرد، گاڑھے یا زرد پتلے بلغم کے ساتھ، خون آمیز، مشکل سے نکلے اس لیے نگلنا ہی پڑے یا پھر ناک چلا جائے۔ بلغم مواد آمیز، سبزی مائل، لیسدار، پانی کا سا پتلا، یا تار دار۔

سینہ۔ سینہ میں پریشانی (یہ دوا سینہ کے نزلہ کے لیے ایک عجیب ترین دوا ہے) ہر دفعہ سردی ہونے سے سینہ میں گڑگڑاہٹ۔ سینہ میں کنجان (نمونیہ اور پلورسی کے آخری درجہ میں یہ دوا عجیب ترین ہے، بشرطیکہ علامتیں موافق ہوں) سینہ کی تنگی اور خون کا آنا (یہ دوا بچوں کی مزمن کھانسی کے بعد جب ہر دفعہ سردی لگنے سے سینہ میں گڑگڑاہٹ پیدا ہو جاتی ہو اور بلغم نہ نکلتا ہو اکسیر ہے) سینہ میں جلندار کاٹنے والے، سوئیاں چبھنے والے، پھوڑے کے سے درد۔ قلب میں درد۔ دھڑکن (اگر ہر مہینہ حیض سے پہلے پستان متورم ہونے کی عادت ہو جاتے ہوں تو یہ بہتریں دوا ہے) سینہ کی کمزوری (جن لوگوں کے سینہ میں کمزوری ہوتی ہے اور ہر بار سردی لگنے سے زکام ہو جاتا ہے۔ ایسے مریضوں کو یہ دوا دق سے روکتی ہے)

پیٹھ۔ پیٹھ میں ٹھنڈک۔ سانس لینے پر، دوران حیض، پیٹھ میں درد جس کی زیادتی بیٹھنے سے، کھڑے ہونے سے ہو اور کمی چلنے سے ہو۔ منتقل ہونے والے درد گردن میں اور کندھوں کے درمیان میں درد۔ کمر کے مقام میں دوران حیض درد۔ کمر میں سوئیاں چبھنے کے سے درد۔ کمر میں کمزوری

**ہاتھ اور پیر** - وجع مفاصل کی گانٹھیں - بازوؤں میں سردی، پاؤں بستر میں اور بخار کے دوران میں ٹھنڈے ہو جائیں - ہاتھوں میں بھاری پن - جوڑوں میں بھاری پن - اعضاء میں کھجلی کے دانے - ہاتھوں میں حدت - ٹانگوں میں بھاری پن - اعضاء میں ہائی کے درد - عضلات میں جھٹکے - ہائی کے درد گرم مکان میں، بیٹھنے سے بڑھ جائیں اور کھلی ہوا میں، چلنے سے اور حرکت سے کم ہو جائیں - جوڑوں اور ٹانگوں میں، نیز گھٹنوں میں منتقل ہونے والے، سوئیاں چبھنے کے سے درد - ہتھیلیوں اور پیروں میں پسینہ - پیروں میں ٹھنڈا پسینہ - گھٹنوں، ٹانگوں اور پیروں کا ورم - رانوں میں اینٹھن، ٹانگوں پر زخم - جوڑوں میں باندوں میں اور گھٹنوں میں کمزوری -

**نیند** - نیند بیحد زیادہ، خواب، خواب - پریشان کن - صدمے کے حادثات کے، چوروں کے، بیماری کے، ڈراؤنے، اور موت پر مبنی کے - نیند بے چینی کی - بعد دوپہر اور شام کے وقت، نیز کھانے کے بعد نیند کا غلبہ

**بخار** - جاڑا شام کے وقت اور رات کو محنت کے بعد جاڑا - پانچ بجے شام کو، چھ بجے شام کو جس سے تمام جسم ٹھنڈا رہے - بغیر جاڑے کے آدھی رات تک - دق کا بخار - نوبتی بخار - پسینہ صبح کے وقت - رات کے وقت - ذرا سی حرکت سے پسینہ - پسینہ مقدار میں زیادہ -

**جلد** - جلد میں جلن کا احساس، کھجلانے کے بعد جلن - جلد عموماً ٹھنڈی رہے چھلکا رنگ بدرنگ ہو جائے - کھجلی کے دانے - آبلے، جلدار، خشک - تر - اکوتہ کے اور جس میں زردی مائل سبز پانی کا سا مواد نکلے - خارش والے اور نیش زنی کے سے دانے - خسرہ کے سے دانے - چیچک - دق کے دانے - پتی اور ہرپاد، آبلوں کے ساتھ

جلد میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس۔ خارش جلن، خیش زنی جو بستر کی گرمی سے بڑھ جائے اور کھجلانے سے کم ہو۔ کھجلانے سے جلد میں نمی آجائے۔ جلد متورم اور استسقائی زخموں کا سا ورد زخم جس میں سے پانی بہے۔ سوزش زرد مواد نکلے اور بہت دیر کے بعد مندمل ہوں۔ درد کرنے والے جہاں سے

**طاقت** ۔ نمبر ۳ سے نمبر ۲۰۰ تک اور اونچی طاقتیں۔

---

# مگنیشیا فاسفوریکا

MAGNESIA PHOSPHORICA
CHEMICAL SYMBOL
MG HPO4
7H2O: 246.49
SYNONYMS:-PHOSPHATE OF MAGNESIUM.
TRITURATION.

## فاسفیٹ آف مگنیشیا

سوئنہو صاحب لکھتے ہیں کہ مگنیشیا فاس کا اثر لوہے کے بالکل برعکس ہے موخر الذکر کے اجزا کی خرابی سے عضلاتی ریشے ڈھیلے پڑ جاتے ہیں مگر مگنیشیا فاس کے اجزا میں خرابی آنے سے عضلات کے ریشے سکڑ جاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ دوا اینٹھن تشنج تشنجی دردوں کے لیے اور دیگر اعصابی تکالیف کے لیے مفید ہے۔ وہ امراض جن کا قیام اعصابی ریشوں میں اعصابی ریشوں کے سروں میں یا بذات خود عضلات میں ہوتا ہے اس دوا سے مستفیض ہوتے ہیں۔ یہ ہر قسم کے دردوں کے لیے سوائے جلنار دردوں کے دوا ہے۔ یہ خصوصاً اینٹھن والے یا تشنجی دردوں کے لیے مفید ہے۔

اس کے درد تیر لگنے کے سے، سوراخ کرنے کے سے، بجلی کے سے ہوتے ہیں۔ وہ لہروں کی صورت میں ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ سکڑنے کا احساس ہوتا ہے۔ ایسے درد اکثر اپنی جگہ بدلتے رہتے ہیں اور ان کو گرمی سے اور دبانے سے آرام ہوتا ہے۔ چونکہ یہ دوا دردوں کی تکالیف کے لیے ہے اس لیے یہ تشنج، حلق گھٹنے کی کیفیت، مرگی، پیشاب کا تشنجی رک جانا، ادھرنگ وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ یہ دوا دبلے پتلے، لاغر انسانوں کے لیے جن کے اندر اعصابیت کی زیادتی ہوتی ہے مفید ہے اس کا اثر زیادہ تر جسم کے داہنے حصہ میں ہوتا ہے۔ اس کی تکالیف کے ساتھ اکثر کمزوری اور بعض وقت پسینہ کی زیادتی ہوتی ہے۔ یہ یاد رہے کہ مگنیشیا فاس کے مریض اکثر کاہل الوجود، سست اور تھکے ہوئے ہوتے ہیں، وہ بیٹھنے کے ناقابل ہوتے ہیں، چاہے وہ حاد امراض میں مبتلا ہوں یا مزمن میں۔

جہاں مگنیشیا فاس فیل ہو جائے وہاں کلکیریا فاس دینا چاہئیے یا دونوں کو یکے بعد دیگرے استعمال کرنا چاہئیے۔

ڈاکٹر ایچ سی ایلن صاحب اس دوا کی آزمائش کرکے اس نتیجہ پر پہنچے کہ یہ دوا دردسر، درد دانت، جوڑوں میں درد، معدہ میں انقباض، شکم میں درد جو عموماً ناف کے مقام سے چاروں طرف پھیلیں وغیرہ کے لیے مفید ہے، بشرطیکہ ان دردوں کو گرم چیزوں کے پینے سے، آگے کی طرف جھکنے سے، شکم کو ہاتھ سے دبانے سے آرام ہو۔ مختلف قسم کے تشنج مثلاً حلق کے، کھانسی کے، جھوکا، پنڈلیوں کی انیٹھن، ہچکی، کزاز، کوبا، پیشاب کی تشنجی رکاوٹ وغیرہ وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

ایلن صاحب متذکرہ بالا بیان کے بعد بتاتے ہیں کہ اس کے درد بہت جلد

اپنی جگہ بدلتے ہیں اور وہ انٹھن والے یا تشنجی ہوتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا سے۔ کپڑے اتارنے سے، ماؤف حصّہ کو چھونے سے حرکت سے اور ٹھنڈے پانی سے نہانے سے مریض کو ڈر لگتا ہے اور یہ تکلیف کو بڑھاتی ہیں یا پیدا کرتی ہیں۔

یہ ان تکالیف کے لیے جو ٹھنڈے پانی میں کھڑے رہنے سے پیدا ہوں، دانت نکلنے کے زمانہ کی تکالیف، طالب علموں کا دردسر، محرروں کا رعشہ وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

نیش صاحب لکھتے ہیں کہ مگنیشیا فاس، درد کی ایک بہترین دوا ہے اور سوائے جلندار ورد کے ہر درد کو رفع کرتی ہے۔ ایلن صاحب آگے چل کر بتاتے ہیں کہ منہ کے پک جانے میں یا ہونٹوں کے پک جانے میں یہ دوا بہت اچھا کام کرتی ہے۔

ہیرنگ صاحب بتاتے ہیں کہ یہ دوا نہ صرف دبلے اور کمزور انسانوں کے لیے ہے بلکہ نوجوان اور مضبوط انسان، نیز دانت نکالنے والے بچے بھی اس سے مستفیض ہوتے ہیں۔ آگے چل کر ہیرنگ صاحب بتاتے ہیں کہ نوجوان اور موٹے تازے آدمیوں میں بھی بہترین کام کرتی ہے۔ یہ یاد رہے کہ مگنیشیا فاس کی تکالیف کے ساتھ اکثر کمزوری ہوتی ہے۔ اور بعض وقت پسینہ کی زیادتی بھی۔ اس کا مریض کاہل الوجود تھکا ہوا اور مرجھایا ہوا ہوتا ہے۔ وہ بیٹھ نہیں سکتا۔ مگنیشیا فاس کی تکالیف اکثر نوبتی ہوتی ہیں۔

## علامات

دماغ۔ درد کی وجہ سے ہر وقت دہشت۔ اضطراب۔ صاف طور پر سوچنے کی نااہلیت۔ بدہضمی کی وجہ سے بے خوابی۔ دماغی کمزوری اور پریشانی ہر مرتبہ

پڑھنے کی کوشش کرنے پر غنودگی۔

**سر** - حرکت سے بچکر آنکھیں بند کرنے سے آگے کی طرف گرے مگر کھلی ہوا میں چلنے سے آرام محسوس ہو۔ دماغی محنت کے بعد درد سر جاڑے کے ساتھ، جن میں کمی ہمیشہ گرمی سے ہو (سلیشیا) اس امر کا احساس جیسے سر کے اندر اعضاء رقیق ہو گئے ہیں۔ اور ہل رہے ہیں۔ درد سر گولی لگنے کا سا، تیر لگنے کا سا منتقل ہونے والا درد رہ کر ہونے والا اور دورے کی صورت میں۔ اعصابی یا بائی کاربونیٹ میں کمی سیلیکیٹ سے ہو۔ عصبی درد، آنکھوں کے سامنے ستاروں کے ساتھ۔ درد سر جس میں کمی شام کے وقت ہو لیکن اپنی جگہ کو بھوؤں کے اوپر خصوصاً داہنی بھوؤں کے اوپر بدل دے۔ طالب علموں کا درد سر جو گدی سے شروع ہو کر گدی میں زیادہ ہو۔ شدید درد، چہرہ متغیر ہوا، سرخ، گدی سے شروع ہو۔ تمام سر میں پھیلے جس کی زیادتی ۹ بجے یا ۱۰ بجے یا ۳ بجے سے ۶ بجے شام کو ہو۔ سر میں لرزہ یا سر کا از خود کانپنا۔

**آنکھ** - آنکھوں میں آنکھوں کے حلقوں میں درد زیادہ تر داہنی جانب جس میں کمی بیرونی طور پر سیلیکیٹ سے ہو۔ ازدیاد البصر۔ آنکھوں کے سامنے ستارے۔ قوس قزح کے رنگ۔ روشنی برداشت نہ ہو سکے۔ پتلیاں سکڑی ہوئی۔ پڑھنے کی کوشش پر آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے۔ آنکھوں سے پانی کی زیادتی۔ پپوٹوں میں تشنج۔ بھینگا پن۔ پپوٹوں کا از خود لٹک جانا (کالی فاس) آنکھیں گرم تھکی ہوئی، نظر میں اتری۔

**کان** - شدید اعصابی درد جس کی زیادتی داہنے کان کے پیچھے ہو ٹھنڈی ہوا میں جانے سے۔ اور گردن کو ٹھنڈے پانی سے دھونے سے دردوں میں زیادتی ہو۔

**ناک** - ناک کی بندش اور ناک سے زیادہ رطوبت کا بہنا یکے بعد دیگرے زیادہ تر

بائیں ہتھیلے سے ہے اور بائیں ہتھیلے میں چھپلین کا سا درد سونگھنے کی قوت نہ رہے یا اس میں فرق پڑ جائے مگر یہ حالت کسی نزلاوی کیفیت کی وجہ سے نہ ہو تو اس دوا کا مسلسل استعمال اس تکلیف کو رفع کرتا ہے۔ (سوشلیر)

چہرہ۔ اعصابی درد زیادہ تر داہنے جانب، نوبتی تشنجی، بجلی کے جھٹکوں کی طرح، جس کی زیادتی چھونے سے ہو، اور سینکنے سے آرام ہو۔ چہرے کا درد جسم کے ٹھنڈے ہو جانے سے پیدا ہو یا بڑھ جائے۔ چہرہ دردوں سے یا کمزوری سے ہلکل ہو جائے۔ جبڑا۔ منہ کے کناروں کا تشنج دانیشن۔

منہ۔ درد دانت جس میں کمی گرمی سے اور گرم اشیاء کے پینے سے دانتوں میں زخم چہرہ حلق اور گردن کے عضلوں اور زبان میں ورم کے ساتھ۔ دانت نکالنے والے پھوڑوں کی تکالیف۔ منہ میں تشنج بغیر بخار کی علامات کے۔ زبان پر ہلکا زرد میل۔ زبان پر سفید یا ہلکا میل۔ بحالت اسہال زبان پر سفید میل۔ زبان پر گاڑھا میل یا تمام زبان پر سفید میل زبان چھپی اور زبان پر مٹیالا زرد میل۔ منہ کا مزہ کھٹی روٹی کا۔ کسی قدر کڑوا۔ منہ کا ذائقہ برا۔ رات کے وقت جاگنے پر منہ کا ذائقہ کھٹا۔ منہ میں بہت درد۔ کھانے میں وقت۔ منہ میں سرخی اور چھپلین جو گالوں کے اندر، مسوڑھوں پر، ہونٹوں پر، زبان پر معلوم ہو جس میں درد کی زیادتی چھونے سے اور غذا کے اجزا سے ہو۔ تشنجی کیفیت مریض کھینچ کر بولنا شروع کر دے (اعصابی لکنت: کالی فاس)

حلق۔ حلق میں پھوڑے کا سا درد اور سختی خصوصاً داہنی طرف کے جبڑے پھولے ہوئے معلوم ہوں، تمام جسم میں جاڑے اور درد کے ساتھ نگلنے کی کوشش پر گلا گھٹے۔ حنجرے میں تشنجی سکڑن۔

معدہ ۔ ہچکی دن بھر رات ابکائیوں کے ساتھ ٹھنڈے پانی کی پیاس ۔ جلندار بغیر مزے کی ڈکار، کھانے کے تین گھنٹے کے بعد شام کے وقت جس کی زیادتی جسمانی محنت سے ہو اور کبھی گرم پانی پینے سے ۔ کلیجہ میں جلن ؛ مسلسل متلی ۔ صفراوی قے ، بعض وقت خون آمیز متلی اور قے دوسرا دردیاحی درد کے ساتھ ۔ معدہ میں کینسر ۔ ناقابل برداشت جلن ، قے ، ہچکی ۔ معدہ میں ؛ نفخ بیحد پریشانی ۔ ریاحی اچھار سکڑنے والے دردوں کے ساتھ جس میں کمی سیلنکنے سے اور آگے کی طرف جھکنے سے ہو ۔ ٹھنڈے پانی کا ایک گھونٹ ریاحی درد کو بڑھا دے جو آنتوں میں جلے اور نہایت تیز ہو جس میں کمی آگے کی طرف جھکنے سے ، چلنے سے ، پھرنے سے آرام سے اور ریاح کے اخراج سے ہو ۔ معدے میں مسلسل اور تشنجی درد جس کو آرام سیلنکنے سے یا گرم پانی کے گھونٹ سے ہو ۔

**شکم** ۔ پسلیوں کے نچلے حصے میں سکڑنے والے درد جیسے کسی بھاری چیز کے اٹھانے سے ہوئے ہوں ۔ شدید نوچنے والے درد ، بعض وقت درد اوپر کو معدے کی طرف جائیں جن میں کمی سیلنکنے سے ہو ۔ درد شکم سے بیحد پریشانی ہو جائے اور مریض تیزی سے چلے مگر آرام نہ ہو ۔ شکم کے بل لیٹنے سے کسی قدر آرام ہو مگر مریض کو پھر تیزی سے دردوں کی وجہ سے چلنا پڑے ۔ شکم کے عضلات پھوڑے کا سا درد کریں اور اس کے ساتھ قبض کی رغبت ہو ۔ درد شکم عموماً ناف کے مقام سے اٹھیں ، دہرا ہونے سے اور ہاتھ سے دبانے سے آرام ہو ۔ اجتماع ریاح شکم میں ، اٹھیں ناف کے گرد اور اس کے اوپر معدے کی طرف وہاں سے دونوں طرف پسلیوں کے نیچے اور پیٹھ کو جائیں ۔ یہ درد کبھی تیز کاٹنے کے سے ہوں جس سے مریض چیخیں مارے ، پھر گولی لگنے کے سے اور سکڑنے والے تشنجی قسم کے ہوں ، مریض چت نہ لیٹ سکے ، اور دہرا ہونے پر مجبور ہو جائے ۔ یہ درد کبھی

داہنی جانب میں ورم۔ درد آنتوں میں شروع ہو جو ناف کے داہنے طرف جائے۔ یہ درد ٹھنڈی ہوا میں چلنے سے پیدا ہوا اور مکان کی گرمی سے آرام ہو۔ شکم کے داہنی جانب درد ایسا معلوم ہو جیسے آنت اُتر رہی ہے۔ آنتوں میں ریاح کی زیادتی جو چلنے سے کثرت سے نکلے۔ آنتوں میں ریاح کی زیادتی شام کو کھانا کھانے کے بعد لگایوں اور گھوڑوں میں ریاحی درد، دیگر مویشیوں میں ریاحی درد کے لیے اور گایوں میں دستوں کے لیے یہ اکسیر دوا ہے۔

**پاخانہ اور مبرز**۔ ناشتہ کے فوراً بعد یکایک پاخانہ، پیچش انفیکشن کے دردوں کے ساتھ جس میں کمی دبانے سے یا جھکنے سے ہو۔ پیشاب کی تشنجی رکاوٹ کے ساتھ اور بواسیر کے مسوں میں کٹن اور کھجلی کے سے دردوں کے ساتھ۔ درد اس قدر شدید ہو کہ مریض غش کھا جائے درد شکم میں، مبرز میں خصوصاً بہت شدید ہوں۔ بچوں میں قبض ہر دفعہ پاخانہ کی تشنجی اینٹھن اور درد کے ساتھ، آنتوں میں بے حد گڑگڑاہٹ اور ریاحی درد، مقعد میں خارش اور کھجلی۔ پاخانہ بہت سخت بعد میں نرم اور اس کے بعد مقعد میں جلن۔ بائی کے مریضوں کا پرانا قبض۔

**مثانہ**۔ مثانہ میں تشنج۔ مثانہ کی گردن میں اینٹھن۔ پیشاب کی تشنجی رکاوٹ مثانہ میں مروڑ مسلسل اور درد کرنے والی حاجت کے ساتھ۔ اعصابی اکساہٹ سے رات کے وقت پیشاب نکل جائے۔ پیشاب کرتے وقت شدید گولی لگنے کے سے جلندار درد۔ پیشاب کی نالی سے مواد سلائی کے استعمال کے بعد پیشاب کی نالی اور مثانہ میں اعصابی درد پیشاب میں فاسفیٹ کی کمی یا زیادتی۔ مثانہ میں پتھری۔ پیشاب سے پہلے مثانہ میں کاٹنے والے درد۔ پیشاب کی حاجت کی وجہ سے نیند میں بے چینی۔

**آلات تناسل مرد انہ** ۔ سوزاک کی وجہ سے نالی سکڑ جائے اور پیشاب کی نالی میں تشنجی درد

**آلات تناسل زنانہ** ۔ حیض کا درد حیض سے قبل ہو۔ حیض ۶ سے ۹ دن قبل از وقت دردوں سے حیض جس میں بجلیوں کے کوندے لپکیں۔ حیض جلد جلد خون سیاہ تار دار۔ بیرونی شرمگاہ میں درد خصیۃ الرحم میں اعصابی درد۔ ان تمام دردوں کی تکلیف ٹھنڈے پانی یا ٹھنڈی چیزوں سے بڑھ جائے سینکنے سے اور خون جاری ہونے سے کم ہو جائے خصیۃ الرحم میں اعصابی درد۔ وضع حمل کے وقت تشنجی درد یا ٹانگوں میں تشنجی اینٹھن

**آلات تنفس** ۔ سینہ میں دمہ کی سی سکڑن۔ دمہ جس میں ریاح کا اخراج ہو اور سینہ میں درد ہو۔ خشک سرسراہٹ والی کھانسی دورے والی کھانسی لیٹنے میں دقت کے ساتھ۔ کالی کھانسی آواز بیٹھ جائے۔ نجرہ میں درد اور چھپلین پسلیوں کی ہڈیوں کی درمیانی جگہ میں اعصابی درد۔

**قلب** ۔ درد قلب۔ اعصابی تشنجی دھڑکن۔ دل کے گرد سکڑنے والے درد۔

**بخار** ۔ شام کے وقت کھانا کھانے کے بعد جاڑا پیٹھ کے اوپر اور نیچے کی طرف لرزہ کے ساتھ جائے جس کے بعد دم گھٹنے کا احساس ہو۔ اعصابی جھٹکا، دانتوں کے بجنے کے ساتھ (کالی فاس) بخار جبکہ جاڑا اور اینٹھن موجود ہو (فیرم فاس) نوبتی بخار جبکہ پنڈلیوں میں اینٹھن اور تشنج ہو

**ہاتھ اور پیر** ۔ ہاتھوں کا ارغوانی کانپتا سا رنگ۔ پنڈلیوں میں تشنج عرق النساء پیروں میں صدمہ کی وجہ کی ٹسی۔ نیز کے سے درد۔ اینٹھن۔ رعشہ۔ محرر دل

کارشہ۔ کمزوری دورے، بازوؤں، ہاتھوں، انگلیوں کی نوکوں میں کمزوری۔ اکون اور ان کا سن ہو جانا۔ عام عضلاتی کمزوری۔

**مخصوص خواص** ۔ تشنجی دورے۔ کالی کھانسی۔ بغیر بخار کے تشنج۔ انگلیوں کی تشنجی سکڑن۔ آنکھیں کھلی ہوئی اور ایک جگہ گڑی ہوئی۔ ہر ۲۱ دن کے بعد تشنج۔ مریض بہت جلد تھک جائے۔ تمام جسم میں گولی لگنے کے سے سرسراہٹ والے بجلی کے سے درد۔ مرگی کسی وجہ سے (کالی میور خاص دوا ہے) جموگا۔

**جلد**۔ حجامت سے پیدا شدہ خارش (بار برس اچ) کھجلی کے دانے۔ سفید کھرنڈوں کے ساتھ۔

**نیند**۔ غنودگی۔ مریض سوئے اور جاگے جیسے بجلی کے جھٹکے سے ہو اور پھر سو جائے پڑھنے کی کوشش پہ نیند آجائے تشنجی جماہیاں ایسا معلوم ہو کہ جماہیوں سے جبڑے اپنی جگہ سے ہل جائیں گے۔ اٹھنے کے وقت جماہیاں۔ نیند تکلیف دہ خوابوں سے خراب ہو جائے۔ مریض اس احساس سے جاگے کہ مبادا کمرے کے اندر کوئی دوسرا نہ ہو۔

**کمی اور زیادتی** ۔ علامات زیادہ ہوتی ہیں: سردی سے چھونے سے رات کے وقت اور گرمی سے بھگنے کی طرف جھکنے سے، دبانے سے اور ملنے سے کم ہوتی ہیں۔

**طاقت** ۔ ۳ × سے ۲۰۰ تک۔

# نیٹرم میوریٹکم

## NATRUM MURIATICUM

CHEMICAL SYMBOL:- NACI

58.46

SYNONYMS:- CHLORIDE OF SODIUM.
COMMON SALT.
TRITURATION.

## معمولی کھانے کا نمک سوڈیم کلورائیڈ

ڈاکٹر کلارک لکھتے ہیں "مجھے تکلیف دہ زکام ہو گیا۔ کیونکہ نیٹرم میور ۲۰۰ کی آٹھ گولیاں کھائیں۔ دوسرے دن زکام بجائے اچھا ہونے کے اور زیادہ خراب ہو ہو گیا۔ مجھے دست آنے لگے جو مقدار میں زیادہ پچکاری کے سے' پانی کے سے' ہلکے رنگ کے تھے۔ یہ دست کئی دن تک جاری رہے اور میرے تمام اعضاء بالکل ان دستوں نے خالی کر دیئے چند ہی یوم کے اندر میرا وزن سات سیر کم ہو گیا۔ حیران تھا کہ کیا ہوا۔ آخر نیٹرم میور کا خیال آیا' میں نے فوراً اسوٹ نائٹر کی بوتل کو اٹھا کر سونگھا جو اس کے اثر کو زائل کرتا ہے۔ دست وغیرہ سب کچھ جاتے رہے اس واقعہ کو میں کبھی نہیں بھول سکتا اور ساری عمر کے لیے مجھے سبق مل گیا کہ ہومیوپیتھک ادویہ کی طاقتیں محض بیکار چیزیں نہیں ہیں"۔

ہم روزانہ کافی مقدار میں نمک کھاتے ہیں مگر اس کا کوئی بھی اثر ہمارے نظام کے اندر نہیں ہوتا جن لوگوں کو ہومیوپیتھک طاقتوں سے انکار ہے یا جو ہومیوپیتھک طاقتوں پر مذاق اڑاتے ہیں وہ آئیں' اس کی ایک ہزار طاقت کو زبان پر رکھیں اور مزہ چکھیں۔ دوسری عجیب بات جو نیٹرم میور میں ہم کو ملتی ہے وہ یہ

ہے کہ وہ لوگ جو سدا سے نیلہ نمک کے عادی ہوتے ہیں وہ اپنے نظام جسم کو نمک کے زہریلے اثرات سے زہریلا کر لیتے ہیں۔ جتنا زیادہ زہر نظام کے اندر پہنچتا جاتا ہے۔ اتنا ہی زیادہ وہ نمک کی خواہش کرتے ہیں۔ ایسے انسانوں کے لیے نیٹرم میور نمبر ۲۰۰ کی ایک خوراک جادو کا سا کام کرتی ہے نظام جسم میں سے جہاں زہر رفع ہونا شروع ہوتا ہے وہاں خواہش نمک بھی کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ مگر یاد رہے کہ ہومیوپیتھک طاقتوں سے پیدا شدہ اثر کو ہومیوپیتھک کی بہت اونچی طاقتوں سے ہم زائل نہیں کر سکتے ہیں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جہاں سانپ کاٹے کی دوا ناجا اور لیکیسس اونچی طاقتوں میں ہے وہاں ناجا اور لیکیسس کی ہومیو طاقتوں سے پیدا شدہ اثرات کو اونچی کی اونچی طاقتیں نہیں زائل کر سکتیں۔

ڈاکٹر سوشلر کی تھیوری کے مطابق فاسفیٹ آف لائم کے علاوہ انسانی نظام کے اندر سوڈیم کلورائڈ بہ نسبت کسی دیگر مجتمعہ نمک کے بہت زیادہ پایا جاتا ہے۔ یہ بات جب ہی سمجھ میں آ سکتی ہے جبکہ ہم یہ سمجھ لیں کہ ہمارے جسم کے اندر قریب قریب ستر (۷۰) فیصدی پانی ہے جو سوڈیم کلورائڈ کے بغیر فضول اور ناکارہ ہوتا ہے۔ اس پانی کو انسانی جسم کے لیے کارآمد بنانے کی طاقت صرف سوڈیم کلورائڈ ہی کے اندر ہے۔ سوڈیم کلورائڈ جسم کے پانی کو زندگی کے افعال کے اجزا کرنے کے لیے کارآمد اور مفید بناتا ہے۔ سوڈیم کلورائڈ میں کمی زیادتی کے معنی نظام جسم کے اندر پانی میں ابتری ہے اور اس خرابی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ افعال کے اجزا میں گڑبڑ پیدا ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر لو لگنے میں سوڈیم کلورائڈ کی کمی سے پانی دوسری جگہوں سے خصوصاً گردن سے کھینچ کر دماغ کی جڑ میں مجتمع ہو جاتا ہے۔

اور دماغ پر دباؤ ڈالتا ہے جس سے حالت خطرناک اور مہلک ہو جاتی ہے' یہی وجہ ہے کہ نیٹرم میور یعنی سوڈیم کلورائڈ لونگنے کے لیے ایک بہترین دوا ہے

ارتعاش ہذیانی میں پانی کی بناوٹ سوڈیم کلورائڈ میں کمی کی وجہ سے بگڑ جاتی ہے' اور نتیجہ ارتعاش ہذیانی ہوتا ہے۔ ارتعاش ہذیانی کے سخت اور مہلک کیس نیٹرم میور کی چند خوراکوں سے گھنٹہ بھر کے اندر درست ہوتے دیکھے گئے ہیں

اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ نمک کا کام جسم کے اندر رطوبت ریگولیٹ یا متوازن کرتے کا ہے۔ یہ پانی ہم غذا کے ذریعہ' پانی کے ذریعہ اور ہوا کے ذریعہ جسم کے اندر حاصل کرتے ہیں اور نظام جسم کے اندر ایسا حاصل شدہ پانی خون کے اندر پہنچ کر جلد کا ذب کے ریشوں میں بلغمی جھلیوں میں پہنچتا ہے جہاں یہ تری پیدا کرتا ہے یہ یاد رہے کہ جسم کے ذرہ ذرہ میں سوڈا موجود ہے جو کلورائڈ آف سوڈیم سے بنا ہے کلورائڈ آف سوڈیم جسم کے اندر پانی کو حاصل کرتا ہے اور بعد میں پانی کو تقسیم کر کے جسم کے افعال کو متوازن کرتا ہے۔ اگر جسم کے اندر سوڈیم کلورائڈ نہ ہو تو نتیجہ یہ ہوگا کہ جس قدر رطوبت جو جسم کے ذرہ ذرہ میں ہے وہ نہ رہے گی اور پانی محض خون تک محدود ہو جائے گا۔ اس سے مریض کے چہرہ پر نفخ ہوگا' جلد نیلی ہوگی۔ غنودگی۔ جاڑا' پانی کے سے دست اور تھوک کی زیادتی وغیرہ ہوگی ایسے مریض ہمیشہ نمک بہت زیادہ کھایا کرتے ہیں' لیکن ان کی بیماری کی یہ کیفیت رفع نہیں ہوتی وجہ ظاہر ہے کہ وہ نمک کے لطیف ترین اجزاء (ہائیڈروکلورک ایسڈ طاقتیں) کو خود نمک سے حاصل نہیں کر سکتے یہ ہے نمک کی کمی کی تصویر۔

اگر یہ نمک رطوبات زندگی میں بڑھ جائے تو نتیجہ میں ذائقہ نمکین ہو جاتا ہے۔

جھلی سمیلیوں کی رطوبات میں یا کھلے ہوئے زخموں میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے اسی طرح سے اگر جلد کے قنوات میں نمک کی کمی واقع ہو جائے تو پانی کی جھلیاں متورم ہو جاتی ہیں اور ان میں سے رطوبت رسنے لگتی ہے۔ ایسی حالت کو نیٹرم میور کی چند خوراکیں درست کر دیتی ہیں۔ آنسو وؤں کے غدودوں میں نمک کی کمی سے آنسوؤں کی زیادتی ہو جاتی ہے اور تھوک کے غدودوں میں نمک کی کمی سے تھوک کی زیادتی جب دانتوں کے اعصاب میں نمک کی کمی ہو گی تو دانت کا درد ہو گا اور تھوک کی زیادتی بھی۔

قصہ کوتاہ نمک کی ابتری سے معدہ سے تے اور تھوک کی زیادتی ظاہر ہوتی ہے۔ جلد میں نمک کی خرابی سے آبلے نکلتے ہیں جس کے اندر صاف شفاف پانی ہوتا ہے۔ اسی طرح سے قبض بھی دستوں کے ساتھ ساتھ اس کے اندر پایا جاتا ہے۔

زیادہ نمک کھانے سے نشوونما میں تبدیلیاں واقع ہو جاتی ہیں جن کی نمود استسقائی کیفیت، لبس، خون میں پانی کی زیادتی اور گٹھیا وی تکلیف وغیرہ ہوا کرتی ہیں۔

جو لوگ نمک زیادہ مقدار میں کھانے کے عادی ہوتے ہیں ان کے اندر مندرجہ ذیل کیفیتیں ملتی ہیں:۔

۱۔ آلات نطق میں موٹائی آجاتی ہے یا جزوی فالج جس کا نتیجہ آواز بیٹھنا یا مسلسل گلے میں درد ہوتا ہے۔ نزلہ زکام۔

۲۔ چہرہ پر پیلاپن موم کا سا رنگ خشکی کے ساتھ لیکن غدامی حرکت پر

پسینہ کی زیادتی چہرہ پہ جھائیاں اُبریں۔

۳۔ قبض یا مزمن دست۔

۴۔ بے حد بھوک نہ بجھنے والی۔

۵۔ جسم میں موٹاپا اور خون کی زیادتی۔

۶۔ خون میں پتلاپن، دورۂ خون میں کمی اور فیریفیرس کی مسلسل سردی کا احساس خصوصاً پیٹھ میں۔

۷۔ بھوسی۔ جلدی تکالیف، جلد پہ وہیل اور ڈیپاپنٹ نیز اکنیٹ پیدا کرنے والے کھجلی کے دانے۔

نیٹرم میور ریشوں میں چستی اور چالاکی پیدا کرتا ہے اور پورا خارج کرتا ہے اس لیے یہ مزمن خنازیری تکالیف میں جن کا اثر غدودوں، آنتوں اور جلد پر پڑتا ہے مفید ہے۔

اس کا اثر خون پر، نظام جاذبہ پر، ہاضمہ کی نالی میں بلغمی جھلی پر، جگر پر اور تلی پر ہوتا ہے۔ یہ خون کے اندر اور زندگی کی دوسری ضروری رطوبتوں پر اثر پذیر ہو کر ورم پیدا کرتا ہے جو زخم کی شکل میں ہو جاتے ہیں۔

یہ ملیریا بخار کا سا اور کونین کا سا بخار پیدا کرتا ہے۔ اسی لیے مندرجہ بالا کیفیتوں میں کام آتا ہے۔ نشوونما کی کمی اور لاغری بھی اس سے درست ہوتی ہے۔ ڈاکٹر ہاکس لکھتے ہیں کہ "عمدہ عمدہ غذاؤں کے کھانے کے باوجود بھی لاغر ہوتے جانا نیٹرم میور کا مخصوص فعل ہے۔ خون کی کمی، اور خون میں پانی کی زیادتی۔ خون میں سیلابن۔ سبز لجلجس اور سکروی کی کیفیت کے لیے

یہ ایک بہترین دوا ہے

پانی کی سی رطوبت کا سیلان اس دوا کا مخصوص فعل ہے۔ جسم کے کسی حصہ کے درد کے واسطے جب کہ اس کے ساتھ تھوک کی زیادتی، آنسوؤں کی زیادتی پانی یا بلغم کی قے کے ساتھ ہو مفید ہے۔

ہر جگہ کی بلغمی جھلیاں اس سے ماؤف ہوتی ہیں۔ ان کے اندر اخراج کی سی کیفیت اور ورم پیدا ہو جاتا ہے اس لیے یہ دوا ہر قسم کی بلغمی جھلیوں کے نزلہ کے لیے جن کے ساتھ رطوبتیں چھک دار پانی کی سی، موٹی یا جھاگ دار ہوں مفید ہے تمام ایسے دانوں میں جن کے اندر پانی ہو، جو پھوٹ جائیں اور جن پر پتلا سا کھرنڈ رہ جائے مفید ہے۔ یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اس کی زبان ہمیشہ صاف چمکدار ہوتی ہے یا اس کے کناروں پر چھوٹے چھوٹے آبلے ہوتے ہیں یا زبان چوڑی، پتلی اور پھولی ہوئی ہوتی ہے جس کے اوپر میل دکھائی دیتا ہے۔

ڈاکٹر لیدن رعزی عجش لکھتے ہیں کہ نمک کے مفصلہ ذیل الجکشن نہایت مفید ہیں:۔

۱۔ اگر بکایک محرقی چھا جائے تو ۵ سے ۸ ڈرام جس میں چھ فیصدی نمک ہو۔

۲۔ کسی حاد بیماری کی وجہ سے اگر دل کے عضلات میں فالج کا خدشہ پیدا ہو جائے یا فالج ہو جائے تو ۵ سے ۸ ڈرام کا محلول فوراً پھر ایک سے دو ڈرام ہر روز۔

۳۔ حاد درد شکم میں یا شدید قے اور دستوں کے بعد بے حد کمزوری میں ۸ سے ۲۰ اونس فیصد گرم محلول جس میں نمک کی نسبت ۹ : ۱۰۰۰ میں ہو۔

۴۔ کھیپھڑوں سے سوئے ہوئے یا آنتوں سے سیلان خون ۵۰ ڈرام پچھر ۱½

ڈرام روزانہ۔

۵ سیرانی تکالیف کی وجہ سے دل کے فیل ہو جانے کی کیفیتوں میں ۱ ڈرام روزانہ کمی دنوں تک۔

ایلوپیتھی میں یہ دوا قدیش میں یاتاک اور دیگر زخموں میں محلول کے طور پر کام آتی ہے، سینہ سے سیلان خون میں برانڈی اور نمک ایلوپیتھی میں ایک خاص درجہ رکھتا ہے۔

نیٹرم میور کمی خون یعنی جس کی ایک بہترین دواؤں میں سے ہے۔ بالفاظ اس امر کے کہ یہ بلغمی رطوبات زندگی ضائع ہو جانے سے پیدا ہوا ہے، حیض کی خرابیوں سے منی کے ضائع ہو جانے سے، غم سے یا دیگر دماغی تکالیف سے۔ ان سب صورتوں میں جہاں نیٹرم میور دوا ہوتی ہے، اس میں جسم پر پیلا پن دکھائی دیتا ہے اور باوجود اچھی غذاؤں کے کھانے کے بعد مریض دن بدن لاغر ہوتا جاتا ہے۔

پھیپھڑوں کے دوسرے امراض میں چھوٹا پن خصوصاً زینہ پر چڑھنے یا دیگر جسمانی محنت پر حیض میں کمی۔ کم و بیش قبض اور عام پست حوصلگی موجود ہوتی ہے واقعہ یہ ہے کہ پست حوصلگی نیٹرم میور کا خصوصی نشان ہے۔ اس کا مریض پلساٹیلا کی طرح بہت روتا ہے مگر فرق اتنا ہے کہ پلساٹیلا کا مریض دلاسے سے تسلی حاصل کرتا ہے جبکہ نیٹرم میور کا مریض اور زیادہ چھوٹ چھوٹ کر روتا ہے۔

ان سب جنس کے کیسوں میں قریب قریب دل میں بے حد گھبراہٹ، دھڑکن اور بعض وقت دل کے فعل میں نوبت ذبح بیچ میں ضربات چھوڑ جانا پائی جاتی ہے

مجھے کئی مرتبہ ایسے حالات میں اس دوا کی اونچی واحد خوراکیں دے کر بہترین نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ میں نے ایک مریض کو دیکھا جس کا وزن ۱۶۰ پونڈ تھا جس میں سے ۴۰ پونڈ کم ہو چکا تھا۔ اگرچہ اس کی غذا پہلے سے بھی بہتر تھی۔ نیئرم میور ۲۰۰ کی ایک خوراک دی گئی ۲ ماہ کے اندر کانٹے کی سوئی ۲۰۰ پونڈ پر پہنچی۔ وہ ملازم کے آغاز میں مرتی بھی تھا۔ میں ان حالات میں نیئرم میور کی کامیابی تک تعریف کرتا ہوں۔

مرمن سر کے دردوں میں نیئرم میور ایک بہترین دواؤں میں سے ہے۔ وہ دورے کی شکل میں آتے ہیں اور ان کی نوعیت تپکن والی ہوتی ہے ایسے دردِ سر کے مریض زیادہ تر جس والے ہوا کرتے ہیں ان کا چہرہ پیلا ہوتا ہے اور چہرہ پر کسی قدر تمتماہٹ ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ نیئرم میور کے تپکن والے دردِ سر حیض کی کمی یا زیادتی ہر دو صورت میں ہوا کرتے ہیں۔ نیئرم میور اسکول کی طالب علم لڑکیوں کے دردِ سر کی بہترین دوا ہے اور یہاں کلیریا فاس سے اس کی تفریق کرنا کسی قدر دشوار ضرور ہے۔ دونوں ہی ادویہ حبس کی کیفیتوں سے تعلق رکھتی ہیں حقیقت یہ ہے کہ میں بعض اوقات کلیریا فاس دیتا رہا ہوں جبکہ نیئرم میور دینا چاہیے تھا۔ دردِ سر اکثر بینائی پر زور دینے پر مسلسل مطالعہ سے باریک سلائی سے یا اسی قسم کے دیگر کاموں سے پیدا ہوتے ہیں۔ ضعفِ بصر بھی دردِ سر کے ساتھ پایا جاتا ہے۔

نیئرم میور کے دردِ سر جیسے کہ پہلے اوپر ذکر کیا گیا ہے حیض کے قبل دوران میں یا بعد میں ہوا کرتے ہیں اس کے دورے نوبتی ہوتے ہیں، یہ درد صبح پہلے جاگنے پر ہوتے ہیں اور تمام دن رہتے ہیں، ۱۰ یا ۱۱ بجے صبح ہوتے ہیں۔ دماغی محنت سے بڑھتے ہیں، دردِ سر جزوی اندھے پن کے ساتھ۔ دردِ سر کا کنپٹے سے زیادہ ہوتے

ہیں تپکن والے پٹھے والے، درد سرایسا محسوس ہو جیسے چھوٹے ہتھوڑے لگ رہے ہیں درد ایسا محسوس ہوتا ہے سر پھٹ جائے گا۔

نیرظم میور تمام آلات ہضم کی نالی میں منہ سے مقعد تک اثر کرتا ہے اور اس کے مخصوص نشانات ہونٹ اور منہ کے کنارے خشک، زخمی یا پھٹے ہوتے ہیں مقعد میں خنگاف، پھوڑے کا سا درد اور بعض وقت خون آتا ہے۔ منہ کے اندر بے حد خشکی کا احساس بغیر حقیقی خشکی کے ہوتا ہے۔

نیرظم میور میں سیلیسیا کی طرح زبان پر بال کا احساس ہوتا ہے اوپر کے ہونٹ کے درمیان میں گہرا درد کرنے والا خنگاف نیرظم میور کا رہما کن نشان ہے لیکن میرے مشاہدہ میں نچلے ہونٹ کے درمیان خنگاف آیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ نیرظم میور کا یہ مخصوص نشان ہے۔

معتیول کی طرح آبلے منہ کے گرد نیرظم میور میں پائے جاتے ہیں۔ یہ خصوصاً ملیریا بخاروں میں ہوتے ہیں۔

نیرظم میور حلق کی سب سے اچھی دوا میرے خیال میں نہیں ہے لیکن یہ دوا اس وقت نرخرے کی تکلیف میں کام آتی ہے جبکہ نرخرے میں خارجی طور پر ناخنہ یعنی کاسٹک کا جراحی طرح استعمال کیا گیا ہو۔

تھوک کی زیادتی، پانی کے سے یا گاڑھے تھوک کی زیادتی میرے خیال میں نیرظم میور کا اثر ثانی ہے۔ اور یہ کیفیت نیرظم میور سے دیر تک رہتی ہے۔ مگر تھوک کی زیادتی منہ میں خشکی کی بہ نسبت عموماً نیرظم میور میں کم پائی جاتی ہے۔

نیرظم میور میں بھوک، پیاس، خواہش اور نفرت کی بہت سی علامات ملتی ہیں یہ

یاد رکھنے کے قابل ہے کہ نیٹرم میور کے اندر تبخیر کی زیادتی ہوتی ہے لیکن کھانے کے بعد نیٹرم میور کا بعض تکلیف دہ اور نیند عرس کرتا ہے اور باوجود بہترین کھانے کے لاغر ہوتا جاتا ہے۔ نیٹرم میور کا مریض کھانے کے بعد بھاری، تھکا ہوا، معدے میں بھاری پن اور بے چینی محسوس کرتا ہے اور جو کچھ جلد غذا ہضم ہوتی جاتی ہے وہ بتر محسوس کرتا ہے۔

نیٹرم میور اس وقت بھی مفید ہوتا ہے جبکہ نمک کی خواہش حد سے زیادہ ہو۔ مریض ہر چیز میں نمک ہی نمک کھانا چاہتا ہے۔ ایسی حالت میں نیٹرم میور کی اونچی طاقت کی صرف ایک ہی خوراک نہ صرف نمک کی خواہش کو کم دیتی ہے بلکہ فاسفیٹ کی کمیت کو بھی شفا دیتی ہے۔ بے شک نمک کی خواہش اور شدید پیاس ذیابیطس میں اکثر پائی جاتی ہے اس لیے اگر علامات ملتی ہوں تو نیٹرم میور ذیابیطس کے لیے اکسیر بن جاتا ہے پاخانہ اور مبرز کے حصوں میں بہت کم ایسی ادویہ ہیں جن کے اندر اس قدر مکمل خصوصیات ملتی ہیں۔ میں ہیرنگ صاحب کے گائیڈنگ سمپٹمس کا انتخاب دیتا ہوں۔

وقبض، سخت قبض، پاخانہ کا رک جانا، پاخانہ بے قاعدہ، سخت، غیر تسلی بخش، ناکافی، وقفہ حیض، پاخانہ مقدار میں بڑا۔ پاخانہ بکری کی مینگنی کی طرح۔ مبرز کی سستی سے مقعد سکڑی ہوئی یا پھٹی ہوئی، خون آئے، خیس ہو یا بعد میں جلن ہو، مبرز میں سوئیاں چبھیں جس سے مریض مرانی طبع یا بدمزاج ہو جائے، پاخانہ سخت جس میں تری نہ ہو، بلغمی جھلیوں میں خشکی، دوسرے حصص میں پانی کے رطوبتوں کی زیادتی کے ساتھ پاخانہ مشکل سے نکلے جس سے مقعد میں شگاف ہو، خون کی دھار پاخانہ کے بعد میں بہے جیسے بکرے کا سا درد ہو، درد اپنی جگہ سے گویا مقعد کے ساتھ، لوا میر کی تکالیف کے ساتھ

جہاں جہاں یہ لے کام دیتے ہیں ان کے قبل اگر لفظ قبض لگا دیا جائے تو ناظرین علامات کی ماہیت کو اچھی طرح سمجھ سکیں گے۔ ایسے قبض میں جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے نیٹرم میور ایک بہترین دوا ہے۔

نیٹرم میور صفحۂ طفلی میں مزمن دستوں میں اور دیگر کیفیتوں میں جہاں کہ پاخانے نرم ہو جاتے ہیں دوا ہوتی ہے۔ ایسی حالتوں میں خصوصاً صفحۂ طفلی میں لاغری بھوک اور پیاس موجود ہوتی ہے مگر دل میں خصوصاً لاغری پائی جاتی ہے۔ میں نے بارہا سوکھے کے مریضوں کو نیٹرم میور کی دوا دیتے ہوئے خوراکوں سے روبصحت کیا ہے۔ نیٹرم میور کے بچہ کا سوکھا پن ہمیشہ گردن میں ظاہر ہوتا ہے۔

آلات بول کے متعلق میں صرف اتنا ہی بتاؤں گا کہ پیشاب کی مقدار بڑھی ہوئی ہوتی ہے اور پیشاب کا از خود نکلنا۔ پیشاب کی نالی کی تنگی سوزاک کے پرانے مریضوں میں پائی جاتی ہے اور ان مریضوں میں دوا پیشاب کی نالی سے اور تمام دیگر بفتی جھلیوں سے صاف اور پانی کا سا ہوتا ہے۔

مستورات میں یہ دوا نیچے دبانے والے دردوں کے لیے بہترین ہے۔ ان دردوں کی تکلیف صبح کے وقت بڑھتی ہے۔ مریضہ محسوس کرتی ہے کہ اسے رحم کو گرنے سے روکنے کی خاطر بیٹھنا ہی پڑے گا۔

نیٹرم میور کی رحم کی علامات کے ساتھ اکثر پیٹھ کے درد ہوتے ہیں جن کو چت لیٹنے سے آرام ہوتا ہے۔ سر درد سر کا حیض کے ساتھ خصوصاً حیض کے بعد ہونا پہلے بتایا جا چکا ہے۔ وہ سنکن والے ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ آنکھوں میں پھوٹے کا سا درد خصوصاً ان کو موڑنے پر ہوتا ہے۔ آج کل میرے ہاتھ میں ایک مریضہ ہے جس کو کبھی

کبھی یہ درد ہوتا ہے، وہ بھوک کی طرف راغب ہے، لیکن جب نوجوان تھی تو بہت زیادہ بھوک میں مبتلا تھی اس کو ہمیشہ بہت اونچی طاقت سے آرام ہوتا ہے، اور اب اس کے رنگ اور عام صحت میں ترقی ہو رہی ہے۔

نیٹرم میور دل اور دوران خون پر اثر کرتا ہے مفصلہ ذیل علامتیں اس کو واضح کرتی ہیں کہ دل میں پھڑکن، دل میں کمزوری کے احساس کے ساتھ جن کی زیادتی لیٹنے سے ہو۔ دل اور نبض کی ضربات میں بے قاعدگی یعنی دل اور نبض کی ضربات درمیان میں بے قاعدہ طور پر چھوٹ جائیں جس کی زیادتی بائیں طرف لیٹنے سے ہو۔ دل میں شدید تپکن جو تمام جسم کو ہلا دے، یہ سب علامات نمایاں طور پر بھوک والے مریضوں کے اندر یا ان مریضوں کے اندر پائی جاتی ہیں جو عموماً غم سے، کثرت مباشرت سے، خون کے ضائع ہو جانے سے اور دیگر کمزور کرنے والی وجوہات سے کمزور ہو چکے ہوں۔

یہ خصوصاً ان انسانوں کے لیے مفید ہے جنہوں نے کونین کا استعمال بے طرح کیا ہو ہومیوپیتھک ڈاکٹروں کے لیے بخاروں میں یہ ایک بہترین دوا ہے، نوبی یا ملیریا بخاروں میں خصوصاً ان حالات میں مفید ہے جہاں بخار کو کونین سے دبا دیا گیا ہو اور اس میں اس کی مخصوص علامت جاڑے کا وقت ہو۔ نیٹرم میور میں جاڑا دس سے گیارہ بجے صبح آتا ہے۔

بخار، دوسرا اور نیٹرم میور کی دیگر علامات کو پیشتر سے آرام ہوتا ہے۔ ہاتھوں اور پیروں میں بعض علامات بہت یقینی ملتی ہیں، انگلیوں اور پاؤں کی انگلیوں میں سرسراہٹ اور سن ہونے کا احساس اسی طرح ہونٹوں اور زبان میں، یہ احساس نیٹرم میور کی یاد دلاتا ہے۔ ناخنے کمزور ہوتے ہیں اور جوڑ مڑ جاتے ہیں خصوصاً

ان بچوں میں جو چلنا دیر میں سیکھتے ہیں۔ اعضا کے جوڑوں میں درد کرنے والی کھنچاوٹ ایسا معلوم ہوتا ہے جوڑ بند چھوٹے ہو گئے ہیں۔ ریڑھ میں بہت اکساہٹ ہوتی ہے اور ذکی حسی بھی تاہم اس کو دبانے سے آرام ہوتا ہے۔ ریڑھ کی اس تکلیف کے ساتھ ساتھ اعضاء میں کمزوری، دل میں پھڑکن نیز باقصل اور پیروں میں بیحسی فالج موجود ہوتا ہے۔ جہاں تک ریڑھ کی اس کمزوری کا تعلق ہے یہ عام کمزوری ہو سکتی ہے جس کے لیے نیٹرم میور سے کوئی بہتر دوا ہی نہیں۔

دماغی اور جسمانی طاقتیں ڈھیلی معلوم ہوتی ہیں اور اسی طرح سے دماغی اور جسمانی محنت اور کمزور کرنے والی بیکیفیت آہستہ آہستہ بڑھ کر فالج تک پہنچ سکتی ہے۔ اور یہ کیفیت نوبتی بخاروں کے غلط علاج، کثرت عیاشی اور ٹائفائیڈ یا کی وجہ سے، کمزوری، جذبات یا دیگر اسباب سے اعصابی کمزوری ہو سکتی ہے۔

نیٹرم میور کا اثر جو جلد پر ہوتا ہے اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے نمبر اول میں اکزیما ہے جس میں ورم، چھالیں ہوتی ہے اور یہ خصوصاً ہاتھوں کے کناروں پر زیادہ ہوتا ہے۔ جوڑوں کے زخموں میں بھی پایا جاتا ہے چنانچہ جوڑوں کے زخم پھوٹ جاتے ہیں اور ان پر کھرنڈ جم جاتے ہیں اور ان میں سے تیز سوزش پیدا کرنے والا رطوبت رستا ہے۔ تپی اچھلنے میں اس کا درجہ ایکونائیٹ، بیرا اور کلکیریا کے برابر ہے"

میں نے مندرجہ بالا اقتباس مکمل طور پر ڈاکٹر سوشلر صاحب اور ڈاکٹر نیشن کا دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ نیٹرم میور کا ذکر کافی سے زیادہ ہو گیا ہے، تاہم یہ ایسی دوا ہے جس کو جس قدر بھی لکھا جائے کم ہے۔

نزلوں کے متعلق جو کچھ سوشلر صاحب نے پیش کیا ہے وہ واقعی یقینی ہے بیحد

تو زلہ چھینکوں کی زیادتی کے ساتھ۔ ناک میں پھوڑے کا سادرد خصوصاً بائیں نتھنے میں، ہونٹوں اور ناک پر لاوی والے یا زخم، سونگھنے اور چکھنے کی طاقت کا زائل رہنا یہ علامتیں ہیں جن کو اکثر حادثہ نالدی تکلیفوں میں بتایا گیا ہے، اور دیکھا گیا ہے زکام کے ساتھ آنکھوں سے پانی کی زیادتی ہوتی ہے۔

ڈاکٹر برنٹ صاحب کالی کھانسی یعنی ہوپنگ کف میں نیوروسس میوسر کا مخصوص نشان:۔ "کھانسی کے ساتھ آنسوؤں کا بہنا ہے"۔

نیوروسس میوسر کا مریض اکیلا رہنا چاہتا ہے اور اکیلے رہ کر رونا چاہتا ہے یہاں تک کہ آنسوؤں کی زیادتی اس کے اندر دیکھی گئی ہے کہ ہنسنے پر بھی اس کی آنکھوں سے بہتے ہیں۔

نیوروسس میوسر میں رونے کا ذکر تو کئی بار ہو چکا ہے مگر ہنسی نہیں بتائی گئی۔ نیوروسس میوسر کی مریضہ میں ہنسنے کے دورے ہسٹریا کی طرح پائے جاتے ہیں۔ مریضہ یہاں تک ہنستی ہے کہ آخر کار اس کو رونا آجاتا ہے۔

مراقی پن، غم گینی اور ہسٹریا نیوروسس میوسر میں پہلو بہ پہلو چلتے ہیں اور اسی سے قبض کا آغاز ہوتا ہے قبض کے متعلق اوپر ذکر ہو چکا ہے مزید یہ بتانا ضروری ہے کہ دوران پاخانہ میں سکوٹلن، پہلے پاخانہ سخت، اور بہت زور لگانے کے بعد ہوتا ہے جس سے مقعد پھٹ جاتی ہے، اس میں پھوڑے کا سادرد ہوتا ہے اور خون بھی بہتا ہے اس کے بعد پتلا پاخانہ ہوتا ہے۔ ہر دوسرے دن قبض نیوروسس میوسر میں پایا جاتا ہے۔ قبض عموماً قبض کی حالت میں جاڑے کے ساتھ اور اس بدہضمی کے ساتھ جو عموماً مجلق کا خمرہ ہوتا ہے پایا جاتا ہے۔

نیٹرم میور کا چہرہ باوجود دھونے کے ہمیشہ میلا رہتا ہے اس کی جلد ہمیشہ چکنی ہوا کرتی ہے اوپر ذکر آچکا ہے کہ نیٹرم میور ان تکالیف کے لیے بہترین دوا ہے جو رطوبات زندگی کے ضائع ہونے سے پیدا ہوتی ہوں۔

حنادیری آشوب چشم جس کو کاسٹک سے درست کرنے کی بے سود کوشش کی گئی ہو، حلق میں دوا اترنے کے لیے جس میں سلور نائٹریٹ بے تحاشہ لگایا گیا ہو یا رحم کو سلور نائٹریٹ سے کیوٹرائز کیا گیا ہو نیٹرم میور اکسیر اعظم ہے۔ ڈاکٹر گرینے ایک نہایت عجیب کیس دیتے ہیں:۔ ایک مریضہ بعمر ۳۵ سال حلق میں گوئے کی شکایت کرتی تھی جس کو نگلا نہیں جا سکتا تھا تاہم وہ ہر وقت نگلنے کی کوشش کرتی تھی۔ خالی نگلنے سے تکلیف بڑھ جاتی تھی۔ تاہم غذا کے نگلنے سے غذا ایک پکی ہوئی جگہ سے گزرتی معلوم ہوتی تھی۔ ڈاکٹر گرینے کی مزید تفتیش پر معلوم ہوا کہ رحم کو سلور نائٹریٹ سے کیوٹرائز کیا گیا ہے اور اب رحم میں کسی قسم کی خرابی نہیں نیٹرم میور دو لاکھ پچانوے ہزار طاقت کی ایک خوراک دی گئی چند ہی روز میں حلق کی تکلیف تو جاتی رہی لیکن رحم کی تکلیف جوں کی توں پیدا ہو گئی اور پھر بغیر کسی مزید علاج کے رحم کی تکلیف بھی جاتی رہی۔

ڈاکٹر لمبرٹ نے بہت سے کیس دوسروں کے جمع کیے ہیں جو آنکھوں پر زور دیکر پڑھنے سے پیدا ہوئے تھے وہ سب کے سب نیٹرم میور نمبر ۲۰۰ سے درست ہوئے اس کے دوسرے جانکنے پر مشاہدہ ہوئے۔

نیٹرم میور میں خشکی ایک عام بات ہے۔ شرمگاہ کے اندر اس کی مخصوص علامت رحم کے اندر خشکی ہے۔ جس سے بوقت جماع مریضہ کے درد ہوتا ہے

اور مستورات میں جماع سے نفرت ہوتی ہے۔

میں اتنا لکھنے پر بھی ٹیٹرم میور کی ایک علامت بھول گیا' وہ یہ ہے کہ مریض سمندر کے کنارے پر نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ اس کی تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ سمندر کے کنارے پر قبض اور خارش کا ہو جانا ٹیٹرم میور کا ایک یقینی نشان ہے نمک کے زیادہ کھانے سے خارش کا پیدا ہونا اور نمک کے چھوڑ دینے سے خارش کا کم ہو جانا میرے ہاتھوں مشاہدہ ہوا ہے۔ چنانچہ حال میں ایک مریض کو جس میں مندرجہ صدر علامت تھی میں نے ٹیٹرم میور کی ایم ایم کی ایک خوراک سے درست کیا۔

# علامات

دماغ۔ غم گینی۔ پست ہمتی اور رونا' مگر تسکین دینے سے حالت اور بگڑ جائے۔ مریض اکیلا رہنا چاہے۔ بے حد چڑچڑا پن اور بدمزاجی۔ جلد غصہ آ جائے۔ اکساہٹ بے تحاشا ہنسے اور چپ نہ ہو۔ مایوسی۔ دماغی کام سے نفرت سوچنے میں دقت' حافظہ کی کمزوری لکھنے میں جلد غلطیاں کرے۔ علم کے۔ ڈر کے اور غصہ کے پیدا شدہ بد نتائج۔ ہنسی کے ساتھ آنسو۔ ہذیان کسی وقت بھی بڑبڑاہٹ کے ساتھ جب زبان پر جھاگ کے بلبلے ہوں۔ یا خشک اور پھٹی ہوئی۔ ارتعاش ہذیانی (یہ دوا دماغی خشکی کو جلد رفع کرنے کے بہترین ہے)۔

سر۔ چکر صبح کے وقت اٹھنے پر جس کی کمی دوبارہ لیٹ جانے سے ہو جھکڑ کے ساتھ سر میں کند ذہنی آنکھوں کے سامنے ستارے اڑنے کے ساتھ۔ از خود سر کو آگے کی

طرف ہلانا۔ سر میں بھاری پن صبح کے وقت سو کر اٹھنے کے بعد درد سر ایسا معلوم ہو جیسے سر پھٹ جائے گا۔ درد سر صبح کے وقت جاگنے پر جو شام تک رہے۔ درد سر کے ساتھ متلی اور قے۔ درد سر جھینکنے اور کھانسنے سے جو دبانے سے رفع ہو جائے۔ دبانے والا درد سر بنا دینے والا درد سر، سر میں خون کا دھڑکن، ٹپکن والا، سوئیاں چبھنے والا درد سر جو سینہ تک یا گردن تک جائے۔ سر میں ٹپکن اور حرکت، چہرے میں سرخی، متلی اور قے کے ساتھ۔ پیشانی میں نیز دونوں آنکھوں پر بھاری پن، دبانے والا درد سر ایسا محسوس ہو جیسے آنکھیں باہر نکلی پڑتی ہیں جن کو آنکھوں پر دبانے سے آرام ہو۔ درد ایسا معلوم ہو جیسے ہزاروں چھوٹے ہتوڑے سر پر پڑ رہے ہیں۔ یہ درد صبح اٹھنے کے بعد حیض کے بعد طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک ہو۔ دبا دینے والا درد سر۔ سر بہت بڑا معلوم ہو۔ اسکل کی ہڈیوں کا درد سر یا ان لوگوں کا درد سر جو اعصابی ہوں۔ اور جن کی صحت جواب دے چکی ہو۔ مزمن درد۔ ایک جانب کا درد سر، طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک، چہرے میں پھیلاؤ پن متلی، قے کے ساتھ، درد سر زوبتی، آنکھوں پر زور پڑنے سے، اور حیض کے تعلق۔ وہ سر جس سے پہلے ہونٹوں، زبان، اور ناک میں سرسراہٹ اور سن ہونے کا احساس جس کو لیٹنے سے آرام ہو۔ بالوں کا گرنا۔ کھوپڑی میں ذکی الحسی۔ خارش والے دانے بالوں کی جڑوں میں اور شروع میں لگنا (لیگنے کے لیے بہترین دوا ہے) بھوسی گرنی یا سفید چھلکے (کالی سلف، کالی میور)

آنکھ۔ بینائی میں دھندلا پن معلوم ہو جیسے پردہ یا کہر میں سے دیکھ رہا ہوں۔ اشیاء دکھری ہوئی معلوم ہوں، الفاظ اور کپڑے کے ٹانکے ملے معلوم ہوں، آنکھوں

کے ساتھ مسلسل چھوٹے چھوٹے سرخ نشان۔ آنکھیں استعمال کرتے وقت آنکھیں جواب دے دیں۔ آنکھوں میں ورم، سرخی اور آنسوؤں کی زیادتی۔ یہ احساس جیسے آنکھ کے ڈھیلے بڑے ہو گئے ہیں اور دبائے جا رہے ہیں۔ کسی چیز پر غور سے دیکھنے سے آنکھوں میں بوجھ۔ صبح کے وقت آنکھوں میں ریت کا احساس۔ آنکھوں میں جلن اور ٹیس درد نشی سے ذکی الحسی پپوٹوں کے کنارے سرخ، متورم اور جلیں اور صبح کے وقت چپک جائیں۔ پپوٹوں کا شبنمی بند ہو جانا۔ پپوٹوں کے کناروں پر کساہٹ اور درد ہے انسفی پتلی میں خارش اور پانی کی زیادتی۔ طالب علموں میں درد سر کے ساتھ آنکھوں میں چوٹ کا سا درد۔ آنکھوں کے عضلات میں کمزوری اور سختی۔ آنسوؤں کی لیسیلی کا پک جانا، ان کو دبانے سے پیپ نکلے۔ آنسو جلن دار اور تیز سوزش پیدا کرنے والے۔ آنکھیں آنسوؤں سے تر معلوم ہوں۔ کھانستے وقت آنسوؤں کی دھار بہے نیچے دیکھتے وقت آنکھوں میں درد۔ موتیا بند کا آغاز۔

کان۔ سننے میں دقت۔ چباتے وقت کانوں میں کڑکن۔ کانوں سے مواد کا بہنا۔ کانوں میں گھنٹہ بجنے اور گرجن کی آوازیں۔ کانوں کی تکالیف، جبکہ تھوک کی زیادتی ہو یا کانوں سے سیلان۔

ناک۔ شدید قسم کا زکام جو ایک سے تین دن تک رہے پھر ناک بند ہو جائے جس سے سانس لینے میں دقت ہو۔ ناک سے رطوبت پتلی اور پانی کی طرح یا انڈے کی کچی سفیدی کی طرح۔ زکام کے ساتھ شدید چھینکیں۔ یہ دوا اس زکام کو روکنے کے لیے ایک بہترین دوا ہے۔ جو چھینکوں کے ساتھ شروع ہو۔ ایسی حالت میں نمبر ۱۲ استعمال کریں۔ سونگھنے اور چکھنے کی قوت میں کمی یا اس کا جاتا رہنا۔ ناک کے بائیں جانب ورم

جس کو چھونے سے مدد ہو ناک میں اندرونی پھوڑے کا سا درد ہو۔ نیٹرم میور کا مریض جلد زکام حاصل کرتا ہے، زکام پتلا ہوتا ہے۔ رطوبت گاڑھے بلغم کی یا ناک خشک پڑ کی ہوئی۔ کبھی کبھی منجمد ناک کے پیچھے جلن آپ ہی آپ ہوتی ہے اس میں ریل جائیں اور ان کے اوپر کھرنڈ جم جائیں۔ ناک میں خشکی۔

چہرہ۔ چہرہ پیلا۔ چہرہ پر ایسی چمک جیسے تیل پوتی لگا ہو۔ ہائیں رخسار میں سرخی۔ ہونٹ خشک پھٹے ہوئے سوجن کا ہونٹ مقدم۔ داڑھی کے بال لگ جانا۔ نچلے ہونٹ میں ورم اور کسی قدر جلن جس کے بعد سوجن ہو کھجلی کا دانے اس پر کھرنڈ جم جائے اور بدرنگ ہو جائے منہ کے گرد موتیوں کے سے دانے چہرے کا پرکھرنڈ جم جانے اور بدرنگ ہو جانے منہ کے گرد موتیوں کے سے دانے چہرے کا درد خصوصاً بخار کے رک جانے کے بعد۔ چہرے پر متی اڈے بہت پیاس کے ساتھ کھانے وقت چہرے پر پسینہ۔

منہ۔ مسوڑھے متورم اندر ان میں سے جلد خون بہے۔ درد کے ساتھ زخم۔ دانت ہلیں۔ سردی سے دکھن اور ٹھنڈی ہوا سے بھی۔ منہ کے گرد موتیوں کے سے آبلے۔ خصوصاً نوبتی بخاروں میں۔ زبان پر خشکی کا بے حد شکوہ گو درحقیقت بہت زیادہ خشکی نہ ہو۔ زبان پر بال کا احساس (سلیبا) دانتوں کا نامعلوم۔ زبان پر چھالے میل اور زبان کے کناروں پر بلبلے۔ زبان میں سر سراہٹ اور جلن ہونے کا احساس۔ زبان پر چھالے۔ منہ میں۔ اور زبان پر دانے جن میں فوراً گھنٹے ٹیس اور جلن ہو صبح کے وقت منہ میں تھوک۔ نمکین ذائقہ کھٹا یا ذائقہ بالکل ہی نہ ہونا۔ غیر معمولی پیاس دانتوں میں اعصابی درد۔ تھوک یا آنسوؤں کی زیادتی کے ساتھ۔

حلق۔ بار بار نمکین بلغم کا کھنکھارنا۔ حلق میں کچھ پھنسا ہوا احساس جس پر اور جلن

درد کے ساتھ نگلتے وقت جلد دم گھٹنے۔ گردن کے غدودوں کا متورم ہونا۔ کھا پھر جائے تھوک کی زیادتی کے ساتھ۔ ڈفتھیریا میں ہیضہ کی غنودگی، پانی کے بیدست تھوک کی زیادتی یا پانی کی قے ہو۔

معدہ - بھوک کی زیادتی - کھانے کے بعد تھکاوٹ اور غنودگی کھانے کے بعد ناکامل ڈکاریں، بھوک کا نہ رہنا۔ شدید پیچش۔ روٹی سے نفرت جس کی پہلے بہت خواہش رہتی تھی نیز قہوہ سے بھی۔ تمباکو نوشی سے نفرت جس کی پہلے بہت خواہش رہتی تھی۔ شدید تر پیچش عالی پیاس۔ متلی۔ دل کا جلنا۔ نفخ معدے میں سکیڑنے والی اینٹھن۔ معدہ میں جلن اور بھاری پن۔ کھانے کے بعد بیٹھنے کا سا درد۔ معدے میں بوجھ اور پچھنے سے ذکی الحسی، کھانے کے بعد قے معدہ میں تپکن۔ اس امر کا احساس جیسے سینہ کی سلنے والی ہڈی کے نیچے دل کے مقام میں کوئی چیز پھنسی ہے۔ بھوک، زیادہ کھانے کے باوجود بھی لاغر ہوتا رہے۔ دل کی جلن دھڑکن کے ساتھ کھانے وقت پسینہ آنے۔ تلک کی بیحد خواہش۔ بدہضمی پانی کی سی قے کے ساتھ کھانے کے بعد منہ میں تھوک کی زیادتی قبض کے ساتھ۔ آنتوں میں خشکی۔

شکم - جگر کے مقام میں سوئیوں کا چبھنا اور کھنچاوٹ اور تلی کے مقام میں بھی شکم کے داہنے جانب زیریں شکم میں نفخ گڑگڑاہٹ اور ریاح کا اجتماع شکم میں جلن اور مروڑ جیسے اسہال کے ساتھ ہوتا ہے ناف کے مقام پر کھانے وقت درد جو خصیوں تک جائے اور ایسا معلوم ہو جیسے منی کی نالی پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گی۔

پاخانہ اور عبرہ - قبض، مقعد میں سکڑن کے احساس کے ساتھ، یا خانہ سخت

خشک جو بہت مشکل سے نکلے اور مقعد پر ٹوٹ جائے مقعد پر زخم کر دے اس لیے خون آئے اور مقعد میں پھوڑے کا سا درد ہو۔ سبز رنگ کی خارش اور سوئیاں چبھیں رات کے وقت بستر میں کانچ باہر نکل آئے سخت پاخانہ کے بعد مقعد میں جلن یکے بعد دیگرے قبض اور دست پاخانہ بے قاعدہ اور غیر تسلی بخش۔ بغیر دھونے کے پانی کے سے دست۔

**پیشاب**۔ پیشاب کرتے وقت اور پیشاب کے بعد پیشاب کی نالی سے خارش اور سوزش ہو جلن اور کسی پیشاب کر چکنے کے بعد پیشاب کی نالی میں ہوا سے پھوڑے کا سا درد ہو۔ پیشاب کی بار بار حاجت۔ پیشاب کی مقدار میں زیادتی پیشاب ہلکا۔ پانی کا سا۔ پیشاب سیاہ اور گدلا۔ پیشاب صاف اور پیلا۔ اندھا دھند نکل جائے چلتے وقت کھاتے وقت یا ہنستے وقت۔ پیشاب میں اینٹ کے رنگ کی ریت کا رسوب۔ دوسروں کی موجودگی میں بہت دیر انتظار کرنا پڑے۔ پیشتر اس کے کہ پیشاب شروع ہو۔

**آلات تناسل مردانہ**۔ گرمی کا تنگ ہو جانا۔ خواہش نفسانی کی بیحد تحریک لیکن جسمانی کمزوری کے ساتھ۔ احتلام ہر رات کو۔ سرعت انزال۔ فوطوں پر اور فوطوں کے نیچے شدید خارش۔ مریض سوزاک جس میں مواد شفاف پانی کا سا ہو۔ دیرینہ آتشک، ہائیڈروسیل (یعنی فوطوں میں پانی اترنا)

**آلات تناسل زنانہ**۔ ہر روز صبح آلات تناسل میں بوجھ اور نیچے دبانے کا سا احساس۔ رحم کے گرنے کو بچانے کے لیے بیٹھنا پڑے۔ حیض جلد جلد بہت مقدار میں زیادہ دن تک رہے۔ حیض کا رک جانا۔ آلات تناسل میں خارش۔ شرمگاہ میں خشکی۔ سیلان الرحم، تیز سوزش پیدا کرنے والا اور پانی کا سا۔ دودھ جیسا مواد کبھی

اثر بعد از کوین - دوران حیض جسم پر حملہ -

آلات تنفس - صبح کے وقت آواز بیٹھ جانے جھرے میں بلغم کا جمع ہونا کھانسی صبح کے وقت شام کے وقت، بستر پر لیٹ جانے کے بعد خارش لگنے سے گلے میں سرسراہٹ سینہ، چھاتی میں پھنسنے والے درد کے ساتھ، سانس میں بلغم، پن کے ساتھ غذا کی نالی کے ساتھ سینہ کی نالیوں میں پھاٹنے والے دردوں کے ساتھ خشک کھانسی خون آمیز بلغم کے ساتھ - سرسراہٹ والی کھانسی جس کی زیادتی صبح کو ہو اور بلغم کھنکھارنے سینہ میں سوئیوں کا چبھنا یا سینہ میں پھوڑے کا سا درد سوم کا پھیلنا زیر پڑھنے پر سرسراہٹ والی کھانسی جگر میں سوئیاں چبھنے کے ساتھ اور پیشاب کے نکل جانے کے ساتھ کالی کھانسی جس کے ساتھ آنکھوں سے پانی بہے رطوبت پانی کی سی پتلی اور بعض وقت نمکین بلغم کے ساتھ - نمونیہ جبکہ نیرم میمونیہ کی علامات موجود ہوں اور بلغم ڈھیلا اور سینہ میں کھڑکھڑاہٹ پیدا کرے -

قلب و نبض - دل میں پھڑکن، دائیں پہلو پر لیٹنے سے پریشانی کے ساتھ دھڑکن - دل کے گڑگڑ ٹھک ٹھک - آپکی آواز سے پڑھنے کے بعد دل کے مقام میں سوئیاں چبھیں - دل میں سکڑن نبض کی ضربات چھوٹی ہو جانے کے ساتھ اور سینہ کے نچلے حصہ میں سکڑن کے ساتھ ایسا معلوم ہو کہ پھیپھڑے کے پھیلنے کے لیے کافی جگہ نہیں ہے - قلب اور نبض کی ضربات دیوانہ میں تیز ہو جائیں، نبض تیز دل کی دھڑکن تمام جسم کو ہلا دے

پٹھے اور گردن - کمر میں درد جیسے ٹوٹی ہو - غدود سیاہ دانے دار بیٹھیں درد بہت جگہ پر بیٹھنے سے کم ہو - جلن اور گرمی جلد خشک اور غدود خشک ہو جائیں خصوصاً گرمی کرنا

کی تکالیف میں گردن اور سر کی پشت میں سوئیاں چبھیں۔ صبح اٹھنے پر کمر میں فالج کا احساس۔ فالجی کمزوری تقریباً سارا دن رہے جس میں کمی لیٹ جانے سے ہو اور دلیوتی کھانے کے بعد کمر میں شدید تپکن۔

**ہاتھ اور پاؤں** - بازوؤں میں فالجی کمزوری۔ لکھتے وقت ہاتھوں کا کانپنا ہاتھوں کی جلد خصوصاً ناخنوں کے گرد خشک، پھٹی ہوئی: ناخن ٹوٹ جائیں۔ بازوؤں اور ہاتھوں پر کھجلی کے دانے۔ بازوؤں میں چوٹ کا سا درد۔ ہاتھوں میں ٹھنڈک ہتھیلیاں گرم اور ہتھیلیوں پر پسینہ۔ ٹانگوں میں کمزوری، اپنی جگہ سے اٹھنے پر ٹانگیں کانپیں مسلسل چلنے سے کمی ہو گھٹنوں کے خلا میں سرخ دانے۔ پنڈلیوں کے جوڑ میں، باہیں گھٹنے میں سوئیاں چبھیں۔ رانوں میں گھٹنوں اور ٹانگوں میں کھینچنے والے درد شام کے وقت اور دوسرے دن ٹانگوں کے درمیان سے نیچے تک ورم اس احساس کے ساتھ جیسے پیروں میں دھات بھری ہے ٹانگوں اور پاؤں میں بے حد بھاری پن چلتے وقت پنڈلیوں میں کھینچ دیتے گھٹنوں کے خلا میں کھینچاوٹ، ایسا محسوس ہو کہ جیسے جوڑ بند چھوٹے ہو گئے ہیں۔ ٹخنوں کے جوڑ میں فالجی احساس بیٹھنے یا چلنے پر ٹانگوں یا پیروں میں بچپنی ان کو مسلسل ہلانا پڑے۔ پیروں میں شام کے وقت چلنے پر بھاری پن باہیں پیر میں ایٹھن کی طرح سوئیاں چبھنے والے درد پیر ٹھنڈے۔ حرکت کرتے وقت جوڑوں میں کڑکن۔ ٹانگوں میں ٹھنڈک، سرد پسینہ اور معدے میں وحشی کیفیت کے ساتھ پیروں کی انگلیوں میں سرسراہٹ اور سن ہو جانا۔ ٹخنے کمزور اور بہت جلد مڑ جایا کریں۔ ٹانگوں کی از خود حرکت اس لیے چپ چاپ نہ بیٹھ سکے۔ نیند کی حالت میں اعضاء میں جھٹکے۔ (گنیشیا فاس)

**مخصوص خواص:** بیحد لاغری - زیادہ تر جسم کی بہ نسبت چہرے کی - تمباکو نوشی سے تمام جسم میں لرزہ پیدا ہو - جلد تھک جائے - دماغی اور جسمانی کمزوری اور تھکاوٹ سے حد کمزوری ناکام جلد حاصل کرے کھلی ہوا سے خوف - عضلات خصوصاً رانوں اور بازوؤں کے حرکت کرنے پر درد کریں ایسا معلوم ہو جیسے گوشت ڈھیلا ہو گیا ہے - تمام جسم میں تپکن نیز بحالت آرام کے اعصابی درد جن کے ساتھ تھوک اور آنسوؤں کی زیادتی ہو - یا نوبتی (مگنیشیا فاس) جسم کے کسی حصہ میں استسقاء (نیرم سلف) زبان چپچپی - جھاگدار میل یا زبان کے کناروں پر پانی کے چھوٹے چھوٹے بلبلے -

**جلد** - جلد میں خارش اور سوئیوں کا چبھنا - تمام جسم پر خارش - بڑے بڑے سرخ چتے جن میں یہ خارش ہو جسمانی محنت سے خارش پیدا ہو جائے - خارش کے دانے جن میں تیز سوزش پیدا کرنے والا، سوزشی رطوبت رسے اور ان پر کھرنڈ جم جائیں جن کے نیچے گہرے شگاف ہوں - جلد چکنی ایسا معلوم ہو جیسے تیل لگا ہے خصوصاً بالوں والے حصص میں - خشک دانے خصوصاً کھوپڑی میں جہاں بال ہیں اور جوڑوں کے مقام پر بخار کے دانے - ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر جھاسے - اکوتہ سرخ، متورم جلد پر دانے جن میں سے پانی کا سا بہے - کھوپڑی پر سفید چھلکے (کالی سلف) ہاتھ کی ہتھیلیوں میں سے کیلوس کے ڈنک فوراً خارجی طور پر کپڑوں کے ڈنک پر استعمال کرو - چپچپ خشونگی اور تھوک کی زیادتی کے ساتھ رانوں اور فوطوں کے درمیان دانے - جلد پر آبلے - بچی شدید خارش کے ساتھ جو گرم ہو جانے سے اٹھتی ہوئی معلوم ہو نوبتی بخاروں میں بچی -

**نیند** - دن میں نیند جماہیوں کی کثرت کے ساتھ رات کے وقت نیند لیکن نیند نہ آئے -

بے خوابی۔ ڈر سے جاگے یہ خیال کرے کہ گھر میں چور گھسے ہیں۔ نیند میں باتیں کرنا پریشان کن اور تکلیف دہ نیند۔ نیند میں روئے۔ خواب پریشان کن غم سے بے خوابی۔ دوسری نیند اعصابی جھٹکے۔ مسلسل نیند کی خواہش۔

**بخار**۔ جاڑا زیادہ تر اندرونی ہاتھ اور پاؤں برف کی مانند ٹھنڈے۔ تمام جسم پر جاڑا پیشانی میں حرارت۔ ناک کی جڑ میں بوجھ اور شدید پیاس کے ساتھ جاڑا ۱۱ بجے صبح، پاؤں یا کمر سے شروع ہو۔ بخار میں جاڑا ناخن نیلے۔ پیاس پھٹنے والے اور سر متلی اور قے۔ بخار شدید درد سر، پیاس کے ساتھ پیٹھ پر جاڑا بغلوں اور تلوؤں پر پسینہ۔ پسینہ کی زیادتی پسینہ حرکت سے جلد آئے۔ رات کے وقت۔ بخار نوبت جگر میں سوئیاں چبھیں۔ کاہل، لاغر منہ پر ہوائیاں ہڈیاں بھوک نہ رہے اور ہونٹوں پر بخار کے دانے نکل آئیں۔ مزمن ملیریا میں کمزوری، قبض، اور بھوک کا نہ رہنا وغیرہ پایا جائے۔

**کمی اور زیادتی**۔ شور و غل سے، راگ سے، گرم مکان میں لیٹ جانے سے دن بجے صبح کے قریب سمندر کے کنارے۔ دماغی محنت سے تسلی و دلاسے سے، گرمی سے، بولنے سے، تکالیف بڑھ جاتی ہیں، اور کھلی ہوا میں، ٹھنڈے پانی میں نہانے سے، باقاعدہ غذا سے داہنی طرف لیٹنے سے، پیٹھ میں دبانے سے، ننگے پیر رہنے سے تکالیف کم ہوں۔

کھلی ہوا اور ٹھنڈے پانی میں نہانے کی خواہش بہت زیادہ ہوتی ہے۔ چولھے کی گرمی سے، گرم مکان سے، دھوپ سے، موسم کی تبدیلی سے، دھوپ سے، موسم گرما میں تکالیف بڑھتی ہیں۔ گرم غذا سے دانت کا درد بڑھتا ہے۔ ہوا منہ میں کھینچنے سے درد دانت بڑھتا ہے۔ مریض کپڑا اوڑھنا چاہتا ہے۔ گیلے کپڑا اوڑھنے سے آرام نہیں

ہوتا ہے۔ لیٹ جانے سے چکر، دردِ سر، کھوپڑی میں سکڑن کم ہوتی ہے۔ لیکن کھانسی اور دل کی پھڑکن بڑھ جاتی ہے بائیں جانب لیٹنے سے تکلیف بڑھتی ہے۔ پیٹھ کی تکالیف میں مریض آسانی سے جھک سکتا ہے مگر پھر سیدھا ہونا مشکل ہوتا ہے۔ جماع کے بعد تکالیف بڑھتی ہیں۔ بہت سی تکالیف صبح کے وقت، نیند کے بعد، ۱۰ بجے سے ۱۱ بجے دن تک، پورے چاند میں، کھانے سے، تیزابی غذاؤں سے، مرغن غذاؤں سے اور شراب سے بڑھتی ہیں چھونے سے اور دبانے سے تکالیف بڑھتی ہیں۔

**طاقت** ۔ نمبر ۳ سے نمبر ۳۰ تک اور اونچی طاقتیں۔ چونکہ ہم لوگ روزانہ بہت بڑی مقدار میں نمک کھاتے ہیں۔ اس لیے اس کو فائدہ حاصل کرنے کی خاطر بہت اونچی طاقتوں میں استعمال کرنا چاہیے۔

**نوٹ**: نیٹرم میور بحالت بخار نہ دینا چاہیے۔ بلکہ جب بخار اتر جائے تو اس کا استعمال کرنا چاہیے۔

---

NATRUM PHOSPHORICUM

# نیٹرم فاسفوریکم

CHEMICAL SYMBOL :-
$Na_2HPO + 12H_2O$
358.24

SYNONYMS :- PHOSPHATE OF SODIUM; SODA TRITURATION.

## فاسفیٹ آف سوڈا

ڈاکٹر سوشلر لکھتے ہیں کہ "نیٹرم فاس خون کے اجزاء میں عضلات کے ریشوں میں

دماغ اور اعصاب کے ریشوں میں، نیز رطوبات جسم میں پایا جاتا ہے۔ نیٹرم فاس کی موجودگی سے فلکنگ ایسڈ پھٹ کر کاربالک ایسڈ اور پانی بنتا ہے۔ نیٹرم فاس کے اندر یہ طاقت موجود ہے کہ اپنے ساتھ کاربالک ایسڈ کو لگائے، چونکہ نیٹرم فاس اپنے ہر ایک حصہ سے دوگنا حصہ کاربالک ایسڈ لگاتا ہے۔ جب یہ کاربالک ایسڈ کو اس طرح اپنے پیچھے لگا لیتا ہے تو یہ اس کو پھیپھڑوں کی طرف لے جاتا ہے۔ پھیپھڑوں میں جو آکسیجن سانس کے ذریعہ سے آتی ہے وہ نیٹرم فاس سے کاربالک ایسڈ کو جدا کر دیتی ہے۔ اور خود نیٹرم فاس کے ساتھ نظام جسم کے اندر پہنچ جاتی ہے یہ آکسیجن پھر خون میں آئرن کی موجودگی کی وجہ سے جذب ہو جاتی ہے۔ نیٹرم فاس ان تکالیف کی دوا ہے جو لکنگ ایسڈ کی زیادتی سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس واسطے یہ دوا چھوٹے بچوں کی تکالیف میں کام آتی ہے جبکہ ان کی غذا زیادہ تر دودھ اور شکر ہو اور جو تیزابیت کی زیادتی میں مبتلا ہوں ان کیسوں میں علامات مفصلہ ذیل ہوتی ہیں:۔

کھٹی ڈکاریں۔ کھٹی، پنیر کی سی مواد کی قے۔ زردی مائل سبز دست، اور شکم وغیرہ۔ یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ خون میں یورک ایسڈ خون کی گرمی اور نیٹرم فاس سے تحلیل ہوتا ہے اگر یورک ایسڈ جوڑوں یا ان کے نزدیک جسم میں نیٹرم فاس کی کمی سے مجتمع ہو جائے، جب یہ کاربونیٹ آف سوڈا سے مل جائے تو پھر جاذبائی کے درد اور وجع رباطی پیدا کر دیتا ہے۔ ایسی حالت میں پیشاب میں یورک ایسڈ کی مقدار کم ہو جاتی ہے اور وہ مادہ مخصص ہی میں جمع ہوتا رہتا ہے۔ نیٹرم فاس جو بلی کے تیزاب کو بھی تحلیل کرتا ہے، یہی وجہ ہے کہ نیٹرم فاس ان بدہضمی کی تکالیف میں دوا ہوتی ہے جو مرغن غذا کھانے سے پیدا ہوتی ہیں۔ یا مرغن غذا سے

بڑھتی ہیں۔ اس کی زبان پر پتلا تہ میل ہوتا ہے۔ یہ میل زردی مائل، ملائی کا سا ہوا کرتا ہے۔

یہ سکروفلس (خنازیر) اور دق کے لیے ایک بہترین دوا ہے اور اضافیون چھڑانے، نیز افیون کی خواہش کو کم کرنے کے لیے بہترین سمجھی جاتی ہے۔ سنہری رنگ کی زبان اس کی مخصوص علامت ہے۔

ہومیوپیتھک آزمائش میں تحریک اور متعدد بیماریوں کی وجہ سے خارش پیدا ہوگئی مثانہ میں کمزوری زبان پر بال کا احساس۔ عضلات اور جوڑ بندوں میں کھینچاوٹ جریان۔ سرعت انزال۔

ڈاکٹر کفیٹ لکھتے ہیں کہ میں بیس سال تک اس دوا کو استعمال کرتا رہا ہوں جن میں دماغی محنت اور کثرت مباشرت کی وجہ سے اعصابی کمزوری آگئی تھی۔

اس دوا میں نمایاں کیفیت بھوک اور کھلی ہوا سے نفرت پائی جاتی ہے۔ سبز جھس اور نہانے سے نفرت ہوتی ہے۔

جماع کے بعد بہت سی تکالیف پیدا ہوجاتی ہیں۔ بہت کرنے سے بار وزہ رکھنے سے تکالیف پیدا ہوتی یا بڑھتی ہیں جن کو کھانے سے آرام ہوتا ہے۔ نیٹرم فاس کے مریض کے عضلات ڈھیلے ہوتے ہیں اور وہ دن بدن لاغر ہوتا جاتا ہے۔ نمکین سے ٹھنڈی چیزوں کے کھانے اور پینے سے۔ گھی سے، پھل، دودھ سے کھٹی چیزوں سے اور سرکہ سے اس کی تکالیف بڑھتی ہیں۔ ایسے مریضوں کے اندر جسمانی تحریک ہوتی ہے اور بعد میں قوت مدافعت میں کمی صبح کے وقت اور گرمی کے موسم میں نمایاں سستی اور کاہلی ہوتی ہے۔ رطوبت زندگی کے ضائع ہوجانے

سے مسلسل کمزوری ہوتی ہے۔ جسم میں سے پسینہ اور لاغر پوٹیم کی طرح بو آتی ہے۔

# علامات

**دماغ** ۔ معمولی سی باتوں پر غصہ اور غصہ سے پیدا شدہ تکالیف۔ پریشانی شام کے وقت، بستر میں نصف شب سے قبل، کھانے کے بعد، بحالت بخار مستقبل کے لیے بری خبروں سے پیدا شدہ تکالیف۔ یکسوئی میں وقت صبح کے وقت، شام کے وقت، کھانے کے بعد، دماغی محنت سے بھاگنے سے دماغی پراگندگی توہمات خوفناک مردہ لوگوں کے، مجرم ہو جانے کے، دوسرے مکان میں دوسرے لوگوں کی آہٹ سننے کے۔ دماغی محنت بہت سی تکالیف پیدا کرتی ہے۔ جلد بھول جانا، جلد ڈر جانا۔ بے صبری ہر چیز سے لاپرواہی۔ حافظہ کی کمزوری بے حد دماغی کمزوری شام اور رات کے وقت بے چینی۔ غم گینی۔ شام کے وقت انزال کے بعد۔ بخار میں اور راگ سے۔

**سر** ۔ صبح کے وقت بستر میں زیادتی دماغی محنت سے ہوا، نیز اٹھنے سے اور چلنے سے گر جانے کی رغبت۔ شام کے وقت سر میں اجتماع خون۔ پیشانی اور چاند یں شام کے وقت حدت۔ کھوپڑی میں کھنچاوٹ۔ سر میں کھجلی کے دانے جس پر سونے کے سے زرد رنگ کے چھلکے ہوں۔ پیشانی پر اکوتر سر میں بھاری پن بال گر جائیں، درد سر صبح کے وقت، بعد دوپہر، شام کو، اور رات کو جس کی زیادتی بالوں کو باندھنے سے، کھانے کے بعد، روشنی سے، لیٹ جانے سے، حیض کے دوران اور بعد، دماغی محنت سے، کھٹے دودھ کے بعد، حرکت سے، تنور غلی سے، لیٹی

ہوئی حالت سے اُٹھنے سے، کثرت مباشرت سے۔ نیند کے بعد، بادل کی گرج میں ہوا اور کھلی ہوا میں اور دبانے سے ہو۔ درد سر، نوبتی اور تپکن والے پیشانی میں درد جس کی زیادتی دماغی محنت سے ہو۔ آنکھوں پر درد۔ گدی میں درد کنپٹیوں میں درد۔ چاند پر صبح جاگنے پر درد۔ درد پھٹنے والے، کنپٹیوں میں کاٹنے والے سر اور گدی میں کھینچنے والے، دبانے والے کھٹی قے کے ساتھ سر میں پیشانی میں سر کے اطراف میں اور کنپٹیوں میں سوئیاں چبھیں۔ پیشانی پر پسینہ۔ سر میں پیشانی میں کنپٹیوں اور چاند میں تپکن۔ سر میں جھٹکے۔ سر کو ننگا کرنے سے سر کی تکالیف بڑھ جائیں۔ (زبان کے زرد پتلے میل کو نظر انداز نہ کرو)

**آنکھ**۔ آنکھوں میں خشکی۔ آنکھوں سے رطوبت۔ پپوٹوں میں بھاری پن آنکھوں میں ورم۔ خنازیری آشوب چشم پپوٹوں میں خارش اور جلن جلنداد آنسو۔ پڑھتے وقت داہنی آنکھ کے پپوٹے میں پھڑکن۔ بھینگا پن۔ دور کی چیزیں صاف طور پر دکھائی نہ دیں۔ بینائی کے سامنے دھندلاہٹ۔ بینائی کو زیادہ تیز کرنے سے بہت سی تکالیف بڑھ جائیں۔ قریب نظری۔ آنکھوں کے سامنے ستارے۔ آنکھوں میں ورم جبکہ رطوبت سنہری یا ہلکی زرد ہو۔ صبح کے وقت آنکھیں چپکیں بالائی کی سی رطوبت کے ساتھ بھینگا پن جو کہ کیڑوں کی وجہ سے پیدا ہوا ہو۔

**کان**۔ کانوں میں خارش کے دانے کانوں میں زرد، ملائی کے سے کھرنڈ کانوں میں بھراؤ۔ ایک کان میں حدت اور سرخی۔ کانوں میں خارش۔ داہنے کان میں جلن اور خارش، مریض کو کھجلانا پڑے، یہاں تک کہ اس میں سے خون بہ آئے کانوں میں آوازیں۔ گھنٹہ بجنے کی۔ گرجن کی، گلے کی، سیٹیوں کی، چکر کے ساتھ

کان میں درد، کانوں میں اور کانوں کے پیچھے سوئیاں چبھنا - کانوں میں بندش کا احساس، قوت سامعہ میں تیزی - قوت سامعہ میں کمی۔

**ناک** - نیٹرم خاس کا مریض عموماً تر زکام کا شکار رہتا ہے اور ناک سے گاڑھی زرد مواد طی، رطوبت بہتی ہے - ناک بیٹھنے پر نکسیر - ناک کی جڑ پر بھاری پن ناک رطوبت اور کھرنڈوں سے بھری رہتی ہے لیکن رطوبت بہت کم بہتی ہے - صبح کے وقت ناک سے تعفن - ناک سے آپ ہی آپ بو - ہائیں نتھنے میں پھوڑے کا سا درد ناک کو مسلسل کریدنا اور اس کے اندر کھرنڈوں کا ہونا - چھینکوں کی کثرت - ناک کی جڑ پر کھینچاؤ سے

**چہرہ** : چہرہ پر بدرنگی نیلگوں آنکھوں کے گرد حلقے چہرہ زرد - چہرہ پر سُرخ چھٹے، یکے بعد دیگرے چہرے پر سرخی اور پیلاپن - ناک اور منہ کے گرد سفید زرد چھٹے، چہرے پر گالوں پر، پیشانی پر، ہونٹوں پر، منہ کے گرد ناک پر خارش کے دانے - چہرے پر آبلے - شام کے وقت، جاڑے کے دورانی چہرے پر حدت چہرے میں جلن چہرے اور ناک پر خارش - چہرے میں درد، جلندار، اعصابی - داہنے گال میں گولی کا سا درد داہنے نچلے جبڑے کے جوڑ پر پھوڑے کا سا درد - نچلے جبڑے کے غدودوں میں پھوڑے کا سا درد۔

**منہ** - مسوڑھوں میں سے خون، زبان پر زرد میل - زبان کی جڑ پر زردی یا میل سفید تالو میں سنہری زردی - منہ اور زبان میں خشکی - تھوک کی [illegible] زبان پر بال کا احساس - قوت گویائی میں دقت زبان پر ڈنک لگنے کے سے درد بات پر ذائقہ میٹھا، کڑوا، کسیلا، نمکین، کھٹا، منہ میں اور زبان پر چھالے - والنٹول کا

گلا بچے بکارت نیند دانت پسینہ دانت ہلیں۔ رات کے وقت دانتوں میں درد جس کو دبانے سے اور بیرونی گرمی سے آرام ہو۔ دانتوں میں جلن دماغ اور تپکن۔

نوٹ: اس دوا کا بڑا نشان زبان میں تری اور زبان کے پچھلے حصہ میں سنہری زرد میل ہے۔

حلق۔ حلق اور حلق کے غدودوں پر زرد میل۔ حلق میں خشکی۔ حلق میں بلغم گاڑھا زرد بلغم حلق میں گرے جس کی زیادتی رات کے وقت ہو اور مریض کو حلق صاف کرنے کے لیے اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ حلق میں گولے کا احساس حلق میں ورم نگلنے پر حلق میں درد حلق کے داہنی طرف درد جس سے نگلنے میں تکلیف بڑھے بائیں غدود میں تپکن۔ حلق کی پکی ہوئی حالت میں رقیق اشیاء بہ نسبت ٹھوس کے آسانی سے نگلے۔

معدہ۔ بھوک بڑھی ہوئی مدنمدوں کی سی یا بالکل نہ ہو۔ غذا سے گوشت سے، دودھ سے، روٹی سے اور مکھن سے نفرت شراب کی، بیئر کی، چٹ پٹی چیزوں کی، انڈوں کی، تلی ہوئی مچھلی کی، ٹھنڈے پانی کی خواہش۔ معدے میں مرغن اشیاء اور دودھ سے ابتری۔ معدے میں خالی پن جس کی زیادتی کھانے کے بعد ہو۔ کھانے کے بعد ڈکاریں، خالی کھٹی اور منہ سے پانی آئے۔ کھانے کے بعد بھراؤ۔ کلیجہ کا جلنا بھاری پن اور بوجھ۔ معدے میں حدت متلی صبح کے وقت، شام کو دوران کھانسی اور دوران دردسر۔ معدے میں درد، کھانے کے بعد کھانے کے دو گھنٹہ بعد بیٹھنے والا بدہضمی کی تکلیف ہر روز کھٹی مطوبت کی قے کے ساتھ اور لگنگ ایپیٹ کی وجہ سے معدے میں کمزوری۔ چھوڑے کا سا درد اور سوئیوں کا چبھنا۔ ابکائیاں ہیجان پیاس

معدے میں زخم رکھتی ہے جسم سے کھٹی بو آتے کھانسے پر۔ دوسر کے ساتھ صفرا کی، کڑوی، جھاگدار، ہضم کی کھٹی بچوں میں جن کو اوپر کا دودھ پلایا جا رہا ہو کھٹی اور پنیر کی سی۔ نوجنی بخاروں میں بحالت حمل تھے۔ قے زردی مائل اور سبز۔

**شکم** ۔ کھانے کے بعد نفخ۔ پاخانہ کے بعد خالی پن۔ کھانے کے بعد ریاح شکم میں نفخ۔ گڑگڑاہٹ اور سختی۔ درد شکم، بعد دوپہر رات کے وقت، کھانے کے بعد اور پاخانہ کے پہلے شکم میں جلن، پاخانہ سے پہلے اینٹھن جس کی وجہ سے پاخانہ کی حاجت ہو خصوصاً چلتے وقت شکم میں کٹن۔ پیڑو میں بوجھ۔ تمام شکم میں پھٹنے کا سا درد۔ شکم اور جگر میں سوئیاں چبھیں۔ جگر میں ابتری، گڑگڑاہٹ، کھنچاوٹ۔

**پاخانہ اور مبرز** قبض، پاخانہ سخت، مبرز میں سستی۔ ایک دن قبض دوسرے دن دست۔ دست، صبح کے وقت، رات کو، درد کے ساتھ کھانے کے بعد موسم گرما میں، ریاح کے ساتھ۔ مقعد میں چبھن، ریاح کی زیادتی، از خود پاخانے۔ ریاح خارج کرتے وقت از خود پاخانہ۔ مقعد میں درد، خارش جس کی زیادتی بستر کی گرمی سے ہو پاخانہ کے بعد مبرز میں درد۔ پاخانہ کے بعد اور دوران میں جلن۔ مبرز میں درد کرنے والی سکڑن۔ بحالت پاخانہ کٹن۔ چلنے پر سوئیاں چبھیں۔ مروڑ، مریضوں میں جماع کے بعد پاخانہ کی حاجت۔ بلیوداور غیر تسلی بخش، پاخانہ کی حاجت پاخانہ کے قبل مبرز میں کمزوری کا احساس۔ پاخانہ خون میز پنیر کا سا۔ مقعد پر ٹوٹ جائے، ہلکے رنگ کا۔ بغیر صفراء کے، سبز لیبی کا سا کھٹے دست، پتلے زردی مائل، مٹیالے دست۔ پانی کے سے زردی

مائل سبز، زردی مائل، مٹیالے۔ پاخانہ کے ساتھ کیڑے۔

**خانہ** ۔ مثانہ کا فالج۔ پیشاب کے قبل مثانہ میں دبانے والا درد۔ پیشاب کی حاجت رات کے وقت، جماع کے بعد (مردوں میں) کھانے کے بعد مسلسل، کثرت سے، پیشاب کثرت سے رات کے وقت بحالت پیشہ از خود ہو جائے نیند میں پیشاب کرنے کے قبل پیشاب شروع ہونے کے لیے انتظار کرنا پڑے۔ گودوں میں سوئیاں چبھنے کے سے درد۔ دوران پاخانہ ندی۔ ندی کے غدودوں کا بڑھ جانا پیشاب کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن اور خارش پیشاب میں البیومن جلن گندلا سیاہ، پیلا، رات کے وقت اور صبح کے وقت، زیادہ، متعفن، کم، آوی کے رسوب کے ساتھ۔

**آلات تناسل مردانہ** ۔ صبح اور رات کو تکلیف دہ استادگیاں استادگی مسلسل اکثر نامکمل، درد کرنے والی، بغیر خواہش کے، شہید بالکل ہی نہ ہو آلات پر کھجلی کے دانے۔ فوطوں گھونگھٹ اور مقعد پر خارش۔ منی کی نالی میں اور خصیوں میں درد۔ منی کی نالی میں کھنچاوٹ خصیوں میں دباؤ۔ انزال جماع کے بعد، بغیر خواب کے بغیر استادگی کے۔ انزال کی کثرت بے اختیاری میں خواہش نفسانی بڑھی ہوئی یا نامکمل، بغیر استادگی کے۔ خواہش نفسانی بڑھ جانے کے ساتھ قے عضو اور فوطوں میں ورم۔

**آلات تناسل زنانہ** ۔ مستورات میں خواہش نفسانی بڑھ جانے سیلان الرحم حیض کے پانی۔ تیز سوزش پیدا کرنے والا۔ مقدار میں زیادہ، ملائی کی طرح شہد کے رنگ کا گاڑھا۔ زرد اور پانی کا سا حیض۔ ندار و مقدار میں زیادہ جلد

جلد دیر میں پیلا دھکہ نے والا۔ رکا ہوا۔ حم کا اپنی جگہ سے گر جانا پاخانہ کے بعد کمزوری کے احساس کے ساتھ بانجھ پن۔ شرمگاہ یا رحم سے تمام قسم کی رطوبات تیزابی زدہ، پانی کی سی، ملائی کی سی ہوں، بانجھ پن جہاں تیزابی رطوبات کی وجہ سے۔

**آلاتِ تنفس** ۔ ہوا کی نالی میں پھوڑے کا سا درد۔ آواز بیٹھ جانا۔ تنفس دمہ کا سا۔ تنفس میں وقت تنفس ہلکا اور آہ سرد کی طرح۔ کھانسی، بعد دوپہر شام کے وقت بستر میں۔ جاڑے کے دوران مسلسل، نزلہ کے ساتھ، پانی پینے کے بعد، خشک شام کی کھانسی۔ صبح کے وقت بلغم آئے۔ کھوکھلی، چھوٹی کھانسی سینہ اور جبڑے میں تحریک کے ساتھ صبح کے وقت تر کھانسی۔ جبڑے یا سینہ میں اکساہٹ کے ساتھ کھوکھلی کھانسی، صبح کے وقت تر کھانسی سینہ اور جبڑے میں سرسراہٹ۔ شدید کھانسی اور کھانسی بیٹھنے سے زیادہ ہو جائے۔ بلغم صبح کے وقت، خون آمیز، سبزی مائل، متعفن، مواد بلا۔ گاڑھا لیسدار زرد، بے مزہ۔ نمکین۔ دق میں جب بلغم سے ہونٹوں میں پھوڑے کا سا درد یا زبان اور منہ میں چھالیں کا سا درد ہو۔

**سینہ** ۔ سینہ میں پریشانی۔ دل سے ایک بلبلا اٹھے اور قریانوں میں جائے سینہ میں سکڑن۔ سینہ میں کھانے کے بعد خالی پن کا احساس۔ سینہ بہ دانے سینہ کے اوپر والے حصہ میں یکایک بھراؤ کا احساس۔ سینہ میں تنگی۔ کھانے کے بعد سینہ میں درد نیز گہری سانس سے اور کھانسی کے دوران میں درد سینہ میں بوجھ اور ہلکا درد۔ سینہ کی گہرائی میں جلن جس کی زیادتی داہنی طرف، رات کے وقت بستر میں لیٹنے سے ہو۔ کھانستے وقت سینہ میں چھالیں۔ سینہ میں پھوڑے کا

سادہ، سینہ میں سوئیوں کا چبھنا، سینہ کے اطراف میں، جن کی زیادتی بائیں کروٹ لیٹنے سے ہو، دھڑکن: پریشان کن کھانے کے بعد شور و غل سے، بائیں جانب لیٹنے سے، بادل کی گرج میں بڑھے۔ نوجوان آدمیوں میں دق، حیض کے بعد زیر چڑھنے سے، دل میں چڑکن، دھڑکن بدہضمی کی وجہ سے دل میں کپکپی ہمیشہ کھانے کے بعد۔

**پیٹھ اور گردن** پیٹھ میں کھنچن، پیٹھ پر خارش۔ پیٹھ میں درد: رات کے وقت، حیض کے دوران، حرکت سے، کثرت جماع سے، اور بیٹھی ہوئی حالت میں کمر میں درد، حیض کے بعد ان، پیٹھ میں اور کمر میں درد، دوران حیض، ریڑھ میں تحریک۔ کمر میں اور ریڑھ میں جلن، پیٹھ میں کھنچن۔ کمر میں سوئیوں کا چبھنا پیٹھ پر پسینہ۔ گردن کی دونوں جانب میں سختی، پیٹھ میں کمزوری شام کے وقت کمر میں کمزوری انزال کے بعد۔ حاویا مزمن وجع داخلی و مفاصل میں یہ دوا کسی دوسری دوا کے ساتھ دی جانی چاہئیے۔ جبکہ مزاج میں تیزابیت موجود ہو جوڑوں میں باؤ کے درد، ٹانگوں میں کمزوری کا احساس تیزابی کھٹے پوکے پسینے۔

**ہاتھ اور پیر** ہاتھ، ٹانگیں اور پیر ٹھنڈے۔ ہاتھ ٹھنڈے حیض کے دوران دلی اور رات کو بستر میں جلیں، لکھتے وقت کلائیوں میں سکڑن۔ پنڈلیوں اور پیروں میں اینٹھن۔ لکھتے وقت ہاتھوں میں اینٹھن، جوڑوں میں کڑکن، کھجلی کے دانے اعضاء پر، ٹانگوں پر، جوڑوں پر، اعصابی کوتہ ٹخنوں پر، بازوؤں اور پیروں میں چیونٹیاں سی رینگیں، ہاتھوں اور پیروں میں حدت۔ بھاری پن۔ اعضاء کا، ٹانگوں کا، پیروں کی خارش، اعضاء اور ٹخنوں کا سن ہو جانا، اعضاء کا، بازوؤں کا۔ داہنے ہاتھ اور بازو کا، انگلیوں کا، داہنی انگلیوں کا، پیروں کا۔ اعضاء

میں کلائیوں میں گٹھیا وی اور بائی کا درد۔ داہنے کندھے میں بائی کا حملہ۔ درد ٹانگ میں پنڈلیوں میں، ٹخنوں میں، پیروں میں اور پیروں کے انگوٹھے میں چوٹ کا سا درد، اعضاء میں ٹانگوں اور گھٹنے میں ہاتھوں اور ٹخنوں کا جلنا، اعضاء میں جوڑوں میں، کندھے میں، کہنی میں، انگلیوں میں، ٹانگوں میں، چوٹڑوں میں، گھٹنے میں، پیروں میں، اور پیروں کی انگلیوں میں چبھن۔ ہاتھ اور پیروں پر پسینہ۔ ٹانگوں میں بےچینی گھٹنے کے جوڑ بندوں کا چھوٹا ہو جانا، انگلیوں کا، ٹانگوں کا، اور پیروں کا متورم ہو جانا۔ انزال کے بعد ہاتھوں میں اور گھٹنوں میں رعشہ۔ عضلات میں کشنج کمزوری: اعضاء کی ہاتھوں کی، داہنی کلائی کی اور جنس کے بعد حیض کے بعد بائیں ٹخنے کی، رانوں کی، اور ٹخنوں کی پنجوں کو ٹخنوں کی کمزوری چلتے وقت یکایک ٹانگیں جواب دے دیں۔

نیند۔ بہت گہری نیند۔ ٹیٹرم فاس کے مریض کو خواب بہت زیادہ دکھائی دیتے ہیں۔ خواب پریشان کن، شہوانی۔ مردوں کے، گذشتہ واقعات کے، آگ کے ڈراونے، خوشگوار کرسی پر بیٹھے بیٹھے سو جانے۔ نیند بے چینی کی۔ تمام دن اور کھانے کے بعد کا غلبہ زیادہ تر قبل دوپہر۔ نیند نہ آنے نصف شب کے قبل، اور نصف شب کے بعد۔ اور خیالات کی زیادتی سے۔ نیند کا غلبہ، مگر نیند نہ آنے۔ آرام نہ دینے والی نیند۔ ۱۲ بجے رات سے ۳ بجے صبح تک جاگے صبح ۵ بجے جاگے، مگر طبیعت بھاری ہو۔ نیند میں دانت پیسے اور چیخے، نقص میں خارش۔

بخار۔ شام کے وقت لرزہ میں اور ٹھنڈی ہوا میں سردی۔ جاڑا، شام کے وقت حیض کے دوران، کھانے کے بعد۔ ہلانے والا جاڑا۔ جسم کی ایک جانب

ٹھنڈی۔ اندرونی جاڑا۔ بخار، گرمی کی تمازت اور بھروسہ دوسرے بعد دوپہر اتنی زیادہ حدت محسوس کرے کہ نیند نہ آئے۔ دوران نیند بخار پسینہ کے ساتھ۔ نوبتی بخار کسی مواد کی قے کے ساتھ۔ پسینہ دن کے وقت، صبح کے وقت، دوپہر اور رات کو پسینہ ٹھنڈا۔ پسینہ کھانسنے پر، تھوڑی سی محنت پر پسینہ کی زیادتی، صبح کے وقت، رات کے وقت بیحد اعصابی کمزوری کے ساتھ۔ کھٹا پسینہ۔ بچے سے کھٹی بو آئے۔

جلد۔ جلد میں جلن۔ جلد پر سرخ چٹے، سرخ چٹے اور پیلا پن۔ جلد پر خشکی خشک جلد۔ دانے آبلے پھوڑے۔ جلد اور بدرنگ کر دینے والے۔ تر خشک دانے، دانے جن پر سنہری کھرنڈ ہو۔ پکنے والی پتی۔ اکوتہ جس میں سے شہد کی طرح مواد بہے۔ زہر باد جلد میں سوزش چیونٹیاں رینگنے کا احساس۔ جلد میں نوچنے والے درد۔ جلد میں خارش جلن، رینگن، سرسراہٹ، ڈنک کا احساس جس کو کھجانے سے آرام ہو اور بستر کی گرمی سے بڑھے۔ جلد میں ذکی الحسی جلد میں درد کا احساس۔ جلد میں اور ماؤفہ حصوں میں ورم، جلد میں استسقائی کیفیت زخم کا سا درد۔ زخم، کاٹنے والے، جلن دار رینگنے کے سے، گہرے جن میں سے متعفن اور زرد مواد نکلے۔ ناسور متورم جن کی جڑ میں سرخی ہو، ذکی الحس ہوں۔ پکنے والے تہائے۔

کمی اور زیادتی۔ علامات چلنے سے خصوصاً زینہ پر جانے سے بڑھتی ہیں۔ بستر کی گرمی سے مقعد میں خارش اور کیڑوں سے خارش ہوتی ہے۔ گرج سے درد بڑھ جاتے ہیں، نیز دھڑکن اور رعشہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جب پیروں کے انگوٹھے میں درد شروع ہوتا ہے تو دل کا درد رفع ہو جاتا ہے۔ جماع کے

جلد علامات بڑھتی ہیں -

طاقت : نمبر ۲ سے نمبر ۳۰ تک اسکتے ہیں

---

# نیٹرم سلفیوریکم

NATRUM
SULPHURICUM
CHEMICAL SYMBOL:
$Na_2SO_4 + 10H_2O$; 322.23
SYNONYMS: SULPHATE OF SODIUM.
TRITURATION.

# سلفیٹ آف سوڈا

یہ دوا ۱۸۵۳ء میں دریافت ہوئی تھی اس کا دریافت کنندہ ڈاکٹر گلبر تھا۔ اور اسی کے نام پر اس دوا کا نام سالٹ گلبرائی پڑا۔ اس دوا کو گراوگل صاحب نے بہت کثرت سے استعمال کیا۔ وہ بتاتے ہیں کہ یہ دوا آبی مزاج انسانوں کے لیے ایک بہترین دوا ہے۔ ان کے بعد ڈاکٹر سوشلر موجد بائیو کیمسٹری نے اس کو بائیو کیمک میں شامل کیا۔ ہر دو صاحبان ایک ہی نتیجہ پر پہنچے ہیں۔

ڈاکٹر گراوگل کے بقول آبی مزاج وہ مزاج ہے جو مرطوبیت سے بھیگنے سے، نہانے سے، آبی غذاؤں سے، پانی کے چشموں کے نزدیک رہنے سے اور تالابوں کے نزدیک رہنے سے حد درجہ کا ذکی الحس ہوتا ہے۔ اس مزاج میں وہ مزاج کی اس کیفیت میں رطوبت بھی پائی جاتی ہے۔ ڈاکٹر گراوگل لکھتے ہیں ایسے مزاج میں سوزاک یا سائیکوسس کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ڈاکٹر سوشلر نے اس دوا کو

بالکل ہی دوسرے طریقے سے سمجھا ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ نیٹرم جسمہ نمک ریشوں کی اندرونی رطوبتوں میں پایا جاتا ہے اور یہ ریشوں کی رطوبتوں، خون اور جسم کی رطوبتوں کو ریگولیٹ کرتا یعنی متوازن بناتا ہے اس نمک کی کمی سے ریشوں کے اندر کے پانی (رطوبت) جو جسم بادے کے ساتھ کھنچ کر آنے سے بنتا ہے کی افراط جسم سے باہر نہیں ہوتی ہے نہ ہی ایسی افراط جسم کے اندر متوازن ہو سکتی ہے۔ پس سوڈیم سلفیٹ یعنی نیٹرم سلف پانی جسم کے اندر ریگولیٹ کر کے اس کی افراط کو جسم سے نکال پھینکتا ہے جبکہ سوڈیم کلورائیڈ یعنی نیٹرم میور پانی کو ریشوں کے اندر باقاعدہ طور پر تقسیم کرتا ہے۔ سوڈیم سلفیٹ یا نیٹرم سلف کے اندر یہ طاقت موجود ہے کہ وہ پانی کی افراط کو چاہے وہ کسی وجہ سے ہوئی ہو یا موجود ہو کم کر کے متوازن رکھتا ہے۔ یہ ایسی حالت میں فلٹک ایسڈ سے مل کر رطوبتوں کو پھاڑ دیتا ہے یعنی ان رطوبتوں کو پھاڑتا ہے جن کی افراط کو چاہے وہ نظام جسم سے خارج کرنے والا ہوتا ہے اور کسی نہ کسی مخرج سے اس بچی ہوئی رطوبت کی افراط کو جسم کے باہر پھینک دیتا ہے یا نظام کے اندر جذب کر دیتا ہے اس لیے اگر نیٹرم میور کی معینہ مقدار جسم کے اندر کم ہو جائے تو مزاج آبی پیدا ہو جاتا ہے یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ موسم گرما میں جبکہ کرۂ ہوائی کے اندر پانی کے بخارات زیادہ مقدار میں ہوتے ہیں ناظرین حیران نہ ہوں کہ موسم گرما میں پانی کے بخارات کرۂ ہوائی کے اندر زیادہ ہوتے ہیں۔ چونکہ گرمی سے پانی کے اندر تبخیر زیادہ ہوتی ہے اور چونکہ سردی کا کوئی نشان کرۂ ہوائی کے اندر موجود نہیں ہوتا ہے اس لیے پانی کے بخارات دوبارہ پانی میں تبدیل نہیں ہوتے بلکہ بخارات ہی کی صورت میں کرۂ ہوائی کے اندر مخلوط رہتے ہیں اور وہ بخارات زیادہ مقدار میں ہوا نس کے ذریعہ جسم کے

اندر داخل ہوتے ہیں۔ اس لیے ان اشخاص کے اندر جو کہ دریا میں یا جن کے اندر سوڈیم سلفیٹ کی کمی ہے بعض طبیعیاتی تکالیف وغیرہ پیدا کر دیتے ہیں۔ مگر کیمیاوی طریقہ پر اسے بیان کیا جائے تو کہنا پڑے گا کہ سوڈیم سلفیٹ کا یہ خاصہ پانی کے ذرات کو جسم سے باہر پھینکتا ہے، یا جذب کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔

"مندرجہ بالا بیان کی ذرا زیادہ وضاحت کرنی چاہیے۔ اگر جلد میں آبجائے بار کیمیکل سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جاڑا اور بخار دریا یا ہیضہ زرد بخار اور تمام دیگر امراض جن کا تعلق موسم گرما سے ہے خون میں یا جسم کی اندرونی رطوبات میں پانی کی زیادتی سے پیدا ہوتے ہیں اور اس پیدائش کی وجہ یہ ہے کہ یا تو جسم کے اندر سوڈیم سلفیٹ کی کمی ہوتی ہے یا سوڈیم سلفیٹ کو جذب کرنے کی نظام کے اندر کمزوری ہوتی ہے اس کی وجہ سے پانی کی زائد مقدار خون یا دیگر رطوبتوں کے اندر رہ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر جاڑے کو لیجیے۔ اس کی جو تعریف تجربہ وغیرہ کی بنیاد پر کی جاتی ہے وہ بہت خوشنما اور دل لبھانے والی ہے مگر اس کے اندر سچائی کا صرف برائے نام ہی حصہ ہے جاڑے کی تشریح اس طرح پر کی جا سکتی ہے کہ جب خون کے اندر پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے یا دوسری رطوبتوں کے اندر پانی حد سے زیادہ تجاوز کر جاتا ہے تو فضا کی جاذبیت میں اور اس لیے فضا و ناخن فرق پڑ جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے پانی کے ایک بے قاعدگی پیدا ہو جاتی ہے یا تو پانی کی افراط کو خارج کرنے والا نظام یا کوئی ایک حصہ کے اندر سوڈیم سلفیٹ کی مقدار اس پانی کی افراط کو کم کرنے کے لیے کافی نہیں ہوتی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعض اعصابوں، دریدوں اور خون کی نالیوں اور عضلات میں بلغم کی مقدار اکٹھی ہو جاتی ہے، اور ان کیفیتوں سے

پانی پسینہ کی صورت میں جو عموماً جاڑے کے بعد ہوتا ہے خارج ہو جاتا ہے جہاں ایسے انسانوں کو سوڈیم سلفیٹ یا نیٹرم سلف نہیں دیا جاتا وہاں قدرت اس قسم کے جاڑے بخار اور پسینہ کو ہر دم گھنٹہ کے بعد پانی کی افراط کو خارج کرنے کے لیے پیدا کر دیتی ہے۔ یہ دم گھنٹہ اس لیے کیونکہ اس وقت جسم کے اندر پانی کی فراوانی ہوتی ہے۔ ہمارا تجربہ ہے کہ ایسے انسانوں کو جب سوڈیم سلفیٹ دیدیا جاتا ہے تو چند ہی روز کے بعد اور بعض حالتوں میں چند ہی گھنٹوں کے بعد جاڑا، بخار اور پسینہ کی کوئی حکایت باقی نہیں رہتی۔ چاہے وہ دلدلوں کے نزدیک رہیں یا مچھروں کی فوج میں۔

متذکرہ صدر تجربات کے بعد کیا کوئی عقلمند انسان موجودہ مچھروں کی تھیوری پر یقین کرے گا۔ مجھے شک ہے۔ اب دوسری طرف سے اگر ان ہی جاڑے کے بخار کے مریضوں کو بجائے پانی کی بلندی پر بھیجدیا جائے جہاں ہوا کے اندر کافی مرطوبیت اعظم ہوتا ہے اور جہاں پانی کے بخارات کی مقدار ہوا میں کم ہوتی ہے وہاں ایسے مریض بغیر کسی دوا کے شفا پا جاتے ہیں۔ نتیجہ عیاں ہے کہ ان کے اندر گو سوڈیم سلفیٹ کی کمی ہو جاتی ہے تاہم ان کو اتنی جگہ جہاں کافی رہتا ہے اور پانی کی افراط کو ہوا سے کم ہو جانے سے کہ جس طرح دلدلوں سے اور تالابوں سے سورج کی گرمی خالص پانی تبخیر کر کے اٹھا لیتی ہے اور غیر خالص اجزاء کو ان ہی دلدلوں اور تالابوں کے اندر چھوڑ دیتی ہے بجنسہٖ ایسے جہاں تک کہ غیر مجسّم نمک سوڈیم سلفیٹ سورج کی طرح پانی کی افراط کو متوازن کر دیتا ہے مگر صفرا وغیرہ جسم کے ضروری اجزاء کو قطعی ہاتھ نہیں لگاتا۔

مندرجہ بالا دلیلوں سے یہ بخوبی واضح ہوتا ہے کہ نیٹرم سلف جسم میں پانی کی زیادتی

کے لیے جس کو انگریزی میں لیوبیلکٹ میں مفید ہے۔

یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جلد کی باریک بجلی کے ریشوں اور اعصاب کے لیے نیٹرم سلف ایک مقوی کا کام کرتا ہے۔ آلات بول کی بجلی کے ریشوں میں نیٹرم سلف سے جس وقت تحریک پیدا ہوتی ہے تو تمام ٹوٹے ہوئے یا ناکارہ ریشے تحلیل ہو کر پیشاب کی صورت میں گردوں میں سے ہوتے ہوئے خانہ میں پہنچتے ہیں اور پیشاب کے ذریعہ خارج ہو جاتے ہیں جب نیٹرم سلف کا مقوی اثر صفرا کی نالیوں کے باریک ریشوں میں، آنتوں کے باریک ریشوں میں ہوتا ہے تو ان اعضاء سے پوشیدہ ریشے طویل کی صورت میں رہتے ہیں۔ اگر شانہ کے سنتری اعصاب کو نیٹرم سلف سے تقویت نہ ملے تو نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسان بے اختیاری کی حالت میں پیشاب کر دیتا ہے یا رات کے وقت پیشاب نیند میں نکل جاتا ہے اور اگر شانہ کے خارج کرنے والے ریشوں کو تقویت نہ ملے تو پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ اسی طرح سے آلات صفرا کے اعصاب اور ریشوں میں نیٹرم سلف کی بے قاعدگی سے یا تو صفرا کی زیادتی ہو جاتی ہے یا کمی۔ اسی طرح آنتوں میں نیٹرم سلف کی کمی سے قبض پیدا ہو جاتا ہے یا اسہال۔ جب اس کا اثر صفرا پر بے قاعدہ ہوتا ہے تو جاڑا، بخار، انفلوئنزا، ذات الجنب، صفراوی قے، صفراوی دست، استسقائی کیفیت، استسقائی زہر باد وغیرہ کی تکلیف ہوتی ہے، اسی طرح سے جلد میں اس کی بے قاعدگی سے دانے جن میں پیلا پانی ہو، ترکھجلی کے دانے، سوزاکی دانے، چھالے وغیرہ ہوتے ہیں اور زلہ میں رطوبتیں زردی مائل سبز یا سبز ہوتی ہیں۔

یہ یاد رہے کہ وہ لوگ جو نیٹرم سلف کی بے قاعدگیوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔

ان کی تکالیف ہمیشہ مرطوب موسم میں، پانی کے نزدیک، تہہ دار مکانوں میں بڑھ جاتی ہیں۔ اور اگر وہ ان کیفیتوں سے اپنے آپ کو الگ رکھ سکیں تو ان کی تکالیف کم ہو جاتی ہیں۔

سوشلر صاحب کا خیال ہے کہ وبائی انفلوانزہ کیلئے نیٹرم سلف مخصوص دوا ہے۔

ہر آزمائش سے معلوم ہوا کہ صبح سویرے کی زیادتی، نوبت، مرطوبیت سے نمایاں جاڑا اور ذکی الحسی تھوجا سے ملتی جلتی ہے۔ نیٹرم سلف سوناک اور لنوریا کی ایک بہترین دوا میں سے ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ تھوجا اور نیٹرم سلف سوناک کی صرف یہی دو ادویہ نہیں ہیں، بلکہ اور بھی کئی دوائیں ہیں جن پہ ایک ماہر طبیب کو غور کرنا چاہئے مگر نیٹرم سلف کی بالکل مخصوص علامات موجود ہیں جو دوسری کسی دوا میں کبھی مخلوط نہیں ہو سکتی۔ اس کے سوناک میں مواد سبزی مائل زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ پیشاب کرتے وقت اور پیشاب کے بعد جلن ہوتی ہے۔ نیٹرم سلف کے اندرونی اور گھونگھٹ میں ورم پایا جاتا ہے۔ بیضوں اور فوطوں پر خارش کھجلانے کے بعد جلن ہوتی ہے۔ اس سے کتنی ہی یا تدی کے بڑھے ہوئے فوددوں کو نیز سوناک سے پیدا شدہ کچی کو درست کیا گیا۔

دماغ اور سر کی نمایاں علامات نیٹرم سلف میں ملتی ہیں۔ درد سر غنودگی کے ساتھ۔ دماغ کی سطح میں درد ایسا معلوم ہو کہ جیسے دماغ کی ہڈیاں بکھر رہی ہیں۔ ماتھے کے دونوں اطراف میں یا دائیں طرف ہو۔ سر پہ چوٹ لگنے کی وجہ سے پیدا شدہ دماغی تکالیف دوسرے سوڈیم یعنی نیٹرم کی طرح نیٹرم سلف کے مریض کی بھی راگ سے تکالیف بڑھتی ہیں۔ حوصلہ کی پستی یہاں تک کہ خودکشی کا جذبہ اس کے اندر پایا جاتا ہے۔ چڑچڑے پن کی زیادتی صبح کے وقت ہوتی ہے۔ مگر یاد رہے کہ

یہ دماغی کیفیتیں اعصابی کمزوری کی وجہ سے ظہور پذیر ہوتی ہیں اور ایسی اعصابی کمزوری کسی بھی کمزوری کرنے والی بیماری کے بعد ظاہر ہوتی ہے۔ ملیریا بخار کے بعد خوشی اس کی ایک مخصوص علامت ہے۔ نیٹرم سلف میں حیض کے قبل اور حیض کے دوران میں تکلیر ملتی ہے۔

اس کے دانت کا درد گرم چیزوں سے بڑھتا ہے یا پیدا ہوتا ہے اور منہ میں ٹھنڈے پانی کو رکھنے سے آرام ہوتا ہے۔

خنازیر آنکھوں کا آشوب اور دردوں کے لیے نیٹرم سلف ایک رحمت ایزدی ہے ڈاکٹر ایلن لکھتے ہیں کہ "روشنی سے ذکی الحسی کی شدت نیٹرم میں اس قدر زیادہ ہے کہ گریفائٹس کو چھوڑ کر شاید کسی دوسری دوا میں نہیں ملتی"۔

ہاتھ اور پیروں کی انگلیوں میں درد نیٹرم سلف میں ملتا ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر پیس نے ایک مریض کے نوبتی بخار کو محض اس علامت پر نیٹرم سلف سے درست کیا کہ بوٹ اتارنے پر اس کے پیروں کے انگوٹھوں میں درد ہوتا تھا۔

کہا جاتا ہے کہ دمہ سائیکوسس کی ایک نمود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نیٹرم سلف جو کہ بہترین انٹی سائیکوٹک ہے۔ دمہ میں جادو کا سا کام کرتا ہے۔ نیٹرم سلف کے دمہ کی نمود عموماً ملیریا کے علاقوں میں دیکھی جاتی ہے۔ بچپن کا تر دمہ ہر رفع نئے زکام کے ساتھ دمہ۔ ڈاکٹر لیپر ڈ نے نیٹرم سلیف ۲۰۰ سے ایک شدید دمہ کو درست کیا جو غیر معمولی محنت کرنے سے پیدا ہو جایا کرتا تھا۔ ڈاکٹر پیلے رس نے نیٹرم سلف ۲ x سے ایک ۳۵ سالہ مریض کے پرانے دمہ کو درست کیا جس کے ہر دمہ کے دورے کے ساتھ دست شروع ہو جایا کرتے تھے۔ ڈاکٹر گرسنے نے ایک

۲۶ سالہ مریضہ کے دمہ کا ذکر کیا ہے' دمہ میں بلغم' سبزی مائل مواد آمیز تھا اور دمہ کے ساتھ اس کو دست ہوا کرتے تھے۔ نیٹرم سلف نمبر ۵۰۰ ہر دو گھنٹہ میں دیا گیا۔ دوسرے ہی دن مریضہ بالکل بیٹھنے کے قابل ہو گئی۔ اسی طرح سے ڈاکٹر گوش نے کئی ایک دمہ کے مریضوں کو نیٹرم سلف سے شفایاب کیا ہے۔

ڈاکٹر بارٹ نے ایک مرض ورد سر کے مریض کو نیٹرم سلف سے محض اس علامت پر شفا دی کہ بحالت درد سر مریض کے منہ سے پانی بہتا تھا۔ ایک لڑکی عمر ۱۹ سال کے داہنی کنپٹی میں کئی سال سے درد تھا' یہ درد ہر پندرھویں دن ہوتا تھا صبح اٹھنے کے بعد داہنی کنپٹی میں گولی کا سا درد شروع ہو جاتا تھا' شام تک بڑھتا تھا قریب ایک بجے آدھی رات کے بند ہو جاتا تھا جبکہ مریضہ سو جاتی تھی ٹھنڈے کپڑے لگانے سے کھلی ہوا میں' اندھیرے کمرے میں' لیٹے سے آرام محسوس کرتی تھی شور و غل سے روشنی سے' کھانے سے' جھکنے سے' حیض کے دوران درد کی زیادتی ہو جاتی تھی۔ دوران درد سر منہ تھوک سے بھرا رہتا تھا اور اسی لیے وہ مسلسل تھوکا کرتی تھی۔ درد سر کے بعد پیاس کی زیادتی اور تیزابوں کی خواہش ہوا کرتی تھی۔ درد سر کے قبل چڑچڑا پن ہوتا تھا' نیٹرم سلف سے شفایاب ہوئی۔

سر میں چوٹ لگنے سے پیدا شدہ دماغی تکالیف اور مرگی نیٹرم سلف سے یقیناً درست ہوتے ہیں۔ نیٹرم سلف کے خواب ہمیشہ لڑنے کے ہوا کرتے ہیں۔

ڈاکٹر گوگ اپنی مشہور کتاب کنزپیشن (دق) نامی میں نیٹرم سلف کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر خشک کھانسی کی وجہ سے سینہ میں اور مختلف حصوں میں درد پیدا ہو جائیں اور دق کا خدشہ ہو تو نیٹرم سلف یقینی دوا ہوا کرتی ہے۔ گوگ صاحب

مفصلہ ذیل علامات پیش کرتے ہیں۔ سینہ میں خالی پن اور ٹیپنے کا احساس سینہ میں کمزوری کا احساس مریض کھانستے وقت اپنے دونوں ہاتھوں سے سینہ کو پکڑ لیتا ہے کیونکہ اسے کمزوری محسوس ہوتی ہے۔ اور سینہ میں پھٹنے کا سا درد محسوس ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے سینہ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اڑ جائیں گے۔"

نیٹرم سلف میں حاد اور مزمن دونوں قسم کے دست پائے جاتے ہیں۔ اس کے دستوں میں زیادتی صبح کے وقت ہوتی ہے۔ نیٹرم سلف کے دست صرف اسی وقت تکلیف دہ ہوتے ہیں جب مریض حرکت کرتا ہے۔ نیٹرم سلف میں آنتوں میں ریاح اور گڑگڑاہٹ ہوتی ہے۔ مگر یاد رہے کہ نیٹرم سلف کے ریاح اور گڑگڑاہٹ آنتوں میں داہنی طرف ہوتی ہے نیٹرم سلف کے دست کے ساتھ ریاح کے اخراج کی زیادتی ہوتی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ ریاح کی موجودگی دستوں کے ساتھ ہمیشہ ہو لیکن ایسا ہوتا ہے عموماً مزمن اسہال میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ جگر کی تکالیف شامل ہوتی ہیں۔ چنانچہ شکم کے داہنی جانب پھوڑے کا سا درد ہوتا ہے شکم کے داہنی جانب میں چھونے سے ذکی الحسی ہوتی ہے، چلنے سے یا جھکنے سے یہ ذکی الحسی بڑھتی ہے مگر اسہال میں اور ان تکالیف میں نیٹرم سلف کی بڑی علامت یہ ہے کہ تکالیف مرطوب موسم میں بڑھتی ہیں۔ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ مرطوب موسم میں زیادتی نیٹرم سلف کے اندر نہ صرف اسہال میں محدود ہے بلکہ پرانے دمہ میں بھی خصوصاً پائی جاتی ہے جہاں کہیں پرانے دمہ کے مریض مرطوب موسم میں زیادہ تکلیف میں مبتلا ہو جائیں نیٹرم سلف اکثر دوا ہوا کرتی ہے کھانسی کا ذکر اوپر ہو چکا ہے مگر نیٹرم سلف کی خصوص کھانسی تر ہوتی ہے۔ اور اس کے ساتھ سینہ کے بائیں سینہ میں پھٹنے کا

سا درد ہوتا ہے نیوروم سلف میں درد سینہ کے بائیں نچلے حصہ میں ہوتا ہے۔

مخصوص احساسات یہ ہیں: ایسا محسوس ہو جیسے پیشانی پھٹ جائے گی۔ ایسا محسوس ہو جیسے بیچ اندر گھسیڑا جا رہا ہے۔ سر کی چوٹی پھٹتی محسوس ہو۔ دماغ ڈھیلا اور بائیں کنپٹی میں گرانی معلوم ہو۔ دماغ شکنجہ میں کسا معلوم ہو۔ کانوں میں گھنٹہ بجنے کا احساس۔ ایسا محسوس ہو جیسے کانوں کے اندر سے باہر کی طرف کوئی چیز دبائی جا رہی ہے۔ سینہ پر بوجھ حلق میں گولا جیسی۔ سر کی چوٹی پر داہنی آنکھ میں پپوٹوں کے کنارے پر، مٹھوں میں، تالو میں، مقعد میں، شکم میں، تلووں سے گھٹنوں تک کھوپڑی سے چانٹ تک رنگین۔ آنکھوں میں رنگین۔

## علامات

دماغ سست۔ لڑکا۔ راگ سے غمگینی پیدا ہو۔ خودکشی کی رغبت۔ خودکشی سے بچنے کے لیے قوت ارادی کو بہت زیادہ استعمال کرنا پڑے۔ سوچنے کی نااہلیت۔ بولنے اور دوسروں کی بات چیت سننے سے نفرت بے حد چڑچڑا۔ ہذیان خصوصاً صبح کے وقت۔ سر۔ چکر۔ پراگندگی۔ چکر ۶ بجے شام کو۔ پھر کھٹی رطوبت کی وجہ سے پیشانی میں بوجھ خصوصاً کھانے کے بعد ایسا محسوس ہو جیسے پیشانی پھٹ جائے گی۔ سر میں بھاری پن پیشانی میں اور بائیں کنپٹی میں کھودنے والے درد۔ دماغ میں اکساہٹ خصوصاً سر میں چوٹ لگنے کے بعد گدی میں درد۔ چکر سر پر پسینہ آنے سے آرام ہو۔ کھانے وقت سر پھٹتا محسوس ہو۔ سر کی چوٹ پر حدت کا احساس۔ درد سر چکر کے ساتھ غنودگی کے ساتھ مینجائٹس یعنی ورم دماغ سر میں خون کے اجتماع کے ساتھ۔

**کان** - کانوں میں گھنٹہ بجنے کی آوازیں - دہنے کان کے اندر کی طرف چبھنے والے درد کان میں بجلی کی سی سوئیاں جس کی زیادتی ٹھنڈی ہوا سے، گرم مکان میں جانے سے مرطوب موسم میں مرطوب اور نمدار مکانوں میں رہنے سے ہو۔

**آنکھ** - روشنی میں سر کی تکالیف آنکھوں میں ذکی الحسی - آنکھوں میں پانی اور نظر کی کمزوری آنکھوں میں ورم بہت سے آبلوں کے ساتھ - صبح کے وقت اور شام کو آنکھوں میں جلن - آنکھوں سے سبزی مائل رطوبت - صبح کے وقت پپوٹے چپک جائیں - آنکھوں میں روہے - خنازیری آشوب چشم - پپوٹوں کے کناروں میں سرخی ورم اور جلن - پپوٹوں میں بھاری پن - صبح کے وقت آنکھوں میں خارش -

**ناک** - ناک سے زردی مائل سبز نزلاوی رطوبتیں نکسیر حیض کے قبل اور حیض کے دوران، دوپہر کے بعد اور شام کے وقت ناک میں خشکی اور جلن - رات کے وقت ناک میں رطوبت کی وجہ سے بندش حلق میں رطوبت نکلیں - انفلوانزا اور ترزکام میں چھینکیں دبائی انفلوانزا - ناک میں خشک کھرنڈ

**چہرہ** - اکوتہ سے چہرہ میں خارش چہرے پر بیماری کے آثار اور پریشان چہرے پر دانے نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے گرد دانے - رخساروں پر دانے جن کو ہاتھ لگانے سے جلن ہو - بائیں جبڑے کے جوڑ میں اعصابی درد -

**منہ** - زبان کی نوک پر آبلے اور جلندار ورم - مسوڑھے ناک کے مریضوں میں دانت ہل جائیں اور گر جائیں مسوڑھے دانتوں سے الگ ہو جائیں - دانت کا درد جو گرم چیزوں سے بڑھ جائے ٹھنڈی ہوا اور ٹھنڈے پانی سے کم ہو جائے - منہ میں چپچپا پن - ذائقہ کڑوا - زبان پر میلا، سبزی مائل مٹیالا میل - یا زردی مائل

شہ الاصل زبان کی جڑ میں چھپاہٹ کے ساتھ یہ مخصوص نشان ہے۔ دوران حیض تالو میں جلن۔ منہ کا سن ہونا۔ منہ میں تھوک کی زیادتی۔ منہ میں جلن جیسے کالی مرچ سے ہو۔ منہ کے اندر خشکی۔ پیاس کی زیادتی۔ کھانے کے بعد تھوک کی زیادتی۔

**حلق** ۔ حلق میں ہر موسم میں ورم۔ ایسا لار سفید بلغم کی زیادتی کے ساتھ حلق میں خشکی کا احساس۔ غذا نگلتے وقت حلق میں درد۔ چلتے وقت حلق میں دم گھٹنے کا احساس (گلیگما میں بھی یہ دوا فائدہ کرتی ہے) غدود اور کوا پڑھے ہوئے اور متورم فلدھول پر زخم۔

**معدہ** ۔ پیاس کی زیادتی برف کے پانی کے لیے۔ شام کے وقت جاڑے میں اور بخار میں۔ روٹی سے اور گوشت سے نفرت۔ کھانے کے بعد منہ میں تھوک کی زیادتی شام کے وقت روٹی کھانے کے بعد ہچکی۔ ڈکار کھٹی، پانی کی، کڑوی رطوبت کی، ناشتہ کے پہلے متلی، مسلسل متلی۔ کھٹی یا کڑوی رطوبت کی قے۔ سبز صفراد کی درد شکم کے ساتھ قے۔ معدہ میں نفخ معدہ اور بھاری محسوس ہو۔ ناشتہ کے بعد معدہ میں تپکن۔ معدہ میں تیزابیت کے ساتھ بے حد کمزوری۔

**شکم** ۔ جگر کے مقام پر سوئیاں چبھنا۔ ذکی الحسی جب کھلی ہوا میں چلا جائے۔ نیز جگر کے مقام میں ایسا احساس جیسے جگر پھٹ جائے گا۔ جگر متورم اور بڑھا ہوا اور درد کرے داہنی طرف لیٹنے سے جگر میں درد۔ بائیں جانب لیٹنے سے شکم کے داہنی جانب کھنچاوٹ۔ چلتے وقت جگر میں درد اور خارش، گہری سانس لیتے وقت جگر میں درد۔ دماغی محنت سے اور غصہ سے جگر میں خرابی پیدا ہو۔ صفرا پتہ کی پتھریوں میں تبدیل ہوتا رہے۔ (ایسی حالت میں نیرم سلف اس کیفیت کو روک کر صفرا کو

بالکل مدد کرتا ہے اور پتہ کی پتھریوں کی پیدائش کو روکتا ہے نیز اس دوا سے بہت دفعہ پتہ کی پتھریوں کے درد کو آرام ہوا ہے) شکم میں پریشانی جس میں کمی سیاہ کے اخراج یکبارگی ہو۔ ریاح کے رُک جانے سے انتیس اور کئی قسم کے درد اس دوا سے کئی دفعہ اپنڈیسائی تس یعنی ورم زائدہ کے آغاز کو روکا گیا ہے) تمام شکم میں درد اور ذکی الحسی شکم سے پیٹھ تک ہلکا درد۔ شکم میں اس امر کا احساس جیسے دست ہوں گے اس احساس کو ڈکاروں سے اور پھوکے اخراج سے آرام ہو۔ شکم میں پریشانی جس کی وجہ سے مریض پاخانہ کو روکے اور پاخانہ کے بجائے صرف ہوا خارج ہو دوران حیض شکم میں درد ناشتہ سے پہلے شکم میں انتیس ہو۔ ۸ بجے شام تک شکم میں درد۔ آنتوں میں مسلسل بے چینی اور پاخانہ کی ہمیشہ حاجت آنتوں میں بھاری پن، گڑگڑاہٹ، دستوں کے ساتھ، یا بغیر دست کے صفراوی درد شکم صفرا کی قے کے ساتھ۔ اس دوا سے کتنی ہی بار شکم کے بڑھے ہوئے غدد دست ہوئے ہیں۔

**پاخانہ اور مقعد**۔ صبح سویرے کے دست ریاح کی زیادتی کے ساتھ اٹھنے کے بعد یا پیروں پر کھڑے ہونے کے بعد مرطوب موسم میں اسہال۔ دست بکیکاری کی طرح مقعد میں زیادہ سبزی مائل، پتلے، متعفن، چپچپے، خون آمیز دستوں کے پہلے شکم میں انتیس، دوران پاخانہ مقعد میں ٹیس، بعض اوقات پاخانہ کے بعد خوشی کا احساس۔ اکثر درد کے دست ہوں۔ مرغن غذا کے بعد ترکاریوں کے بعد پھلوں کے بعد ٹھنڈا پانی پینے کے بعد سلائی کی روف کھانے کے بعد دست اور قبض یکے بعد دیگرے اس دوا سے مزمن اسہال جبکہ دست از خود نہ نکل جائیں دست ہوئے ہیں۔ مقعد

میں خارش اور رگڑن۔ سرخ پیشاب مرض خونی بواسیر بحالت قبض پاخانہ سخت، کالا دار جس پر شوق کے دھبے ہوں جن کے قبل مقعد میں ٹیس ہو۔ یہ حالت عموماً ایسی مستورات کی دیکھی جاتی ہے جن کے حیض مقدار میں کم ہوں، متعفن ریاح کا زیادہ مقدار میں اخراج مقعد پر اور رانوں کے درمیان دھاسے کے سے دانے۔ مقعد پر اور رانوں کے درمیان دانے۔ دھاسے اور گومی کھجلی کے سے دانے۔

**خناثہ** ۔ سرخ بخار یا ملیریا کے تاثیر سے پیدا شدہ ورم گردہ۔ پیشاب کے اندر شکر اور پیشاب کی زیادتی پیشاب میں انیٹ کے چورے کا سا یا سفیدیت کا سا رسوب ثاسفیٹ اور سے سی تھین آوں کی پیشاب میں زیادتی۔ رات کے وقت پیشاب کرنے کے لیے بار بار اٹھنا پڑے۔ پیشاب کے دوران میں جلن پیشاب میں صفرا کی زیادتی ذیل علامات عموماً سوزاک کے علاج کے بعد پیدا ہوتی ہیں ذیابیطس کی خاص علامت ہے۔

**آلات تناسل مرد میں**۔ خواہش نفسانی کی زیادتی اور تکلیف دہ استادگیاں، سوزاک جیسا مادہ سبزی مائل زرد رنگ کا ہو اور پیشاب کے دوران اور پیشاب کے بعد جلن ہو۔ نلی کے غدودوں کا بڑھنا عضو تناسل میں سوزاک سے پیدا شدہ کجی۔ فوطوں اور گلٹیوں میں ورم۔ عضو مخصوص اور فوطوں میں خارش سے کھجلانے کے بعد جلن۔ آلات تناسل پر مہاسے۔ فوطوں میں پانی رکنکر یا داس

**آلات تناسل زنانہ** حیض مقدار میں زیادہ، تیز سوزش پیدا کرنے والا اور منجمد سیلان الرحم تیز سوزش پیدا کرنے والا۔ سبزی مائل جس کی جگہ سے گزرے وہیں خارش پیدا کر دے۔ دھاسوں جیسے نرخرے پر جلن، شرمگاہ پر کھجلی کے دانے سوزاک کے

کے بعد پیدا شدہ لیکوریا بعض مقدار میں زیادہ صبح کے وقتوں کے ساتھ یا دردِ شکم اور قبض کے ساتھ۔

**آلاتِ نفس:** حنجرہ سے اور ہوا کی نالی سے گاڑھا لیسدار سفید بلغم۔ محنت سے اور چلتے وقت سانس پھولے اور سینہ کے بائیں حصہ میں درد ہو۔ گہری سانس لینے پر سینہ میں سوئیاں چبھیں مرطوب موسم میں دم پھولے سائیکوٹک والدین کے بچوں کا تردد [illegible] مقدار میں زیادہ لیسدار بلغم کے ساتھ ہر دفعہ گرمی پڑنے سے بڑھے تو دمہ سینہ میں کھڑکھڑاہٹ ہو کے اور ۵ بجے صبح ہر دفعہ زکام سے دمہ پیدا ہو جائے۔

حنجرہ کی اکساہٹ سے دورے والی کھانسی کے دورے جس میں بلغم مقدار میں زیادہ، سفید اور لیسدار ہو بلغم تحل کا، صبر، ہائل، زرد، مواد لا، سفید، لیسدار صبح جاگنے پر اور شام کے وقت مرطوب ہوا سے سینہ کی تنگی سانس اندر لیتے پر سینہ میں خناق، سینہ میں پھوڑے کا سا درد جس کی وجہ سے مریض کو سینہ پہ ہاتھ رکھنا پڑے۔ سائیکوٹک مریضوں میں خشک کھانسی اور نمونیہ بوڑھے آدمیوں میں مواد آمیر بلغم۔ سائیکوٹک مریضوں میں ہر موسم بہار میں سینہ پر دانے کھانسی سے مریض بستر میں اٹھ بیٹھے۔ سینہ کے بائیں طرف نچلے حصہ میں درد۔

**پیٹھ اور گردن:** پیٹھ اور گردن میں درد ضلع الدماغ میں اس وقت مفید ہوتی ہے جبکہ سر کی پشت میں اور گردن میں درد ہو تو ہلیلہ اور سر پیچھے کی طرف کھینچا ہو۔ [illegible] حالت میں بتایا ہے کہ [illegible] کندھوں کے درمیان پیر لے ڈالے درد [illegible]

کے وقت کمر میں درد جس کی وجہ سے مریض داہنی طرف لیٹنے پر مجبور ہو۔ درد صبح اٹھنے پر جاتا رہے۔ پیشاب رکھ کر کمر میں درد۔ بیٹھ پر کپڑا اتارتے وقت خارش۔ کمر میں درد کسی طرف بھی لیٹا نہ جا سکے۔

**اعضاء** ۔ اعضاء میں رعشہ، تشنج اور کمزوری۔ دورانی نیند ہاتھوں اور پیروں میں تشنج بحالت آرام اعضاء میں درد مرطوب موسم میں بائی کے درد اعضاء میں کڑکن بازوؤں اور ہاتھوں پر ہوا سے۔ بھاڑے اور بخار میں اعضاء میں درد جس میں کمی حرکت اور چلنے سے ہو ٹانگوں میں درد کی زیادتی نسبت بازوؤں کے ہو۔

**ہاتھ اور پاؤں** ۔ ہاتھوں میں کمزوری کسی چیز کو پکڑنے سے کلائیوں میں درد سبح جاگنے پر اور کچھ وقت ہاتھوں میں رعشہ۔ ناخنوں کے گرد پک جانا ہتھیلیاں چھلی ہوئیں اور پھوڑے کا سا درد کریں اور ان میں سے پانی کی سی رطوبت رسے۔ ہتھیلیوں کے چھلنے کے لیے یہ ایک بہترین دوا ہے۔ انگلیاں متورم اور سخت انگلیوں کی نوکوں اور ناخن کے اندر زخم۔ حرکت سے داہنے پہونچے کے جوڑ میں درد۔ بائیں پہونچے میں سوئیاں چبھیں۔ پہونچے میں درد جو گھٹنوں تک جائے۔ دورانی جاڑا اور بخار ٹانگوں میں درد جس میں کمی چلنے سے ہو۔ رات کے وقت بستر میں بے چینی۔ رانوں کے بیرونی جانب زخم۔ گھٹنوں میں سخت ٹانگوں میں کمزوری پاؤں اور گھٹنوں تک ٹانگوں کا جلنا۔ پیروں میں استقاطی کیفیت۔ تلوؤں اور ایڑیوں میں تپش درد۔ بغل کے غدودوں کا متورم ہونا۔ بائی کے عدد زیادہ مرطوب موسم میں۔

**نیند** ۔ قبل دوپہر بہتے وقت غنودگی۔ خدا سے خواب۔ صفراوی تکالیف

کے ساتھ رات کے وقت خوف۔

بخار۔ جاڑا چھ بجے شام سے ۹ بجے رات تک، پھر بخار ایک بجے آدھی رات تک، ۴ بجے شام سے ۴ بجے رات تک جاڑا۔ اور جسم میں برف کی مانند ٹھنڈک جنبش کے دوران ہلا دینے والا جاڑا شام کے وقت جاڑا، بخار کے ساتھ پسینہ آدھی رات کے بعد یا صبح کے قریب بخار صفراوی قے کے ساتھ مسلسل اور نوبتی بخاروں میں یہ ایک بہترین دوا ہے۔ زرد بخار یاد رہے کہ ہر قسم کے بخاروں میں جہاں نیٹرم سلف دوا ہوگی وہاں اس کی زبان میں مخصوص قسم کا میل موجود ہوگا۔

جلد۔ اکوتہ جس میں سے پانی رستے پانی کے آبلے۔ دانوں کے پھٹ جانے کے بعد زرد کھرنڈ۔ تمام جسم پر جوہاسوں کی طرح سرخ دانے سر پر، کانوں کے اوپر سرخ گانٹھوں والے دانے نیز پیشانی پر، گردن کے بائیں جانب سینہ کے درمیان کپڑے اتارنے پر خارش۔ تمام جلدی تکالیف جن میں دانوں کے اندر زرد پانی ہو۔

کمی اور زیادتی۔ علامات چھونے سے (جگر، شکم، کھوپڑی اور دانے) بڑھتی ہیں تنگ کپڑوں کا بوجھ تکلیف دہ ہوتا ہے مگر سر پر دبانے سے دوسرے آرام ملتا ہے آرام سے بہت سی تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ لیٹ جانے سے درد سر میں بوجھ کو آرام ہوتا ہے۔ ایک جانب لیٹنے سے شدید درد شکم کو آرام ہوتا ہے بائیں طرف لیٹنے سے بڑھے ہوئے جگر کی تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ حرکت سے محنت سے اور چلنے سے آرام ہوتا ہے۔ محنت سے دم کشی پیدا ہوتی ہے چلتے وقت سینہ کھل کر بہتے ہیں، نکلنے سے، بولنے سے اور اپنی جگہ پر سے اٹھنے سے تکالیف صبح کے وقت بڑھتی ہیں، ناشتہ کے بعد اور کھلی ہوا میں کم ہوتی ہیں۔

شکم ۲ بجے پچھلی رات سے ۵ بجے صبح تک ہوتا ہے اور ۴ بجے صبح تک ہوتا ہے نصف شب کے بعد ہاتھوں اور پاؤں میں دوران نیند اٹھتی ہوتی ہے۔ تکالیف مرطوب موسم میں پیدا ہوتی یا بڑھتی ہیں۔ یا نمدار مکانوں میں۔ نمدار جگہوں میں موسم کی مرطوبیت میں تبدیلی سے بڑھتی ہیں۔ ہر موسم بہار میں سینہ پر دانے نکلتے ہیں۔ کھلی ہوا سے جگر کی تکالیف بائیں حصہ شکم میں بڑھتی ہیں کھلی ہوا میں درد کم ہوتا ہے۔ گرم مکان میں تکالیف بڑھتی ہیں۔ دندان ٹھنڈی ہوا سے اور ٹھنڈے پانی سے کم ہوتا ہے۔ ٹھنڈی غذا یا ٹھنڈے پانی سے اسہال بڑھتے ہیں۔ خشک موسم میں تکالیف کم ہوتی ہیں۔ پیشاب کے روکنے سے پیٹھ میں درد پیدا ہوتا ہے۔

**طاقت** ۔ نمبر ۲ سے نمبر ۱۲ تک اور اوپر۔

---

# سلیسیا

**SILICEA**

**CHEMICAL SYMBOL:—**

$SiO_2$; 60.30

**SYNONYMS:—** SILICIC ANHYDRIDE.

**TRITURATION.**

سلیسیا عالم کائنات کا ایک عنصر ہے جو ہر چیز کے اندر پایا جاتا ہے وہ جاندار ہو یا غیر جاندار پایا جاتا ہے۔ مٹی میں یا زمین میں اسی عنصر کی وجہ سے سختی اور قوت برداشت ہے۔ ہر ایک شجر میں یا یوں کہنا چاہیے کہ کل جمادات میں عنصر جمادات کو قائم رکھتا ہے۔ سمندر کی ریت میں یہ کثرت سے پایا جاتا ہے ہومیوپیتھی کے سوا دنیا کی کسی سائنس میں بھی اس کا استعمال نہیں ہوا اور

نہ اس کے استعمال کا طریقہ سمجھا جا سکا ہے۔ لائیکوپوڈیم اور تھیرم میو کی طرح اس کی طاقت اس وقت ظاہر ہوتی ہے جبکہ اس کو ہومیوپیتھی کے طریقہ سے بعد بعد لطیف کر کے طاقت پیدا کی جائے۔ کہا جاتا ہے کہ ۶ سے نیچے اس کی طاقت ظاہر نہیں ہوتی گو آج کل بائیو کیمک سائنس میں ۲x و ۳x و ۶x استعمال ہوتا ہے مگر بائیو کیمک کے موجد ڈاکٹر شوسلر لکھتے ہیں کہ اس دوا کا استعمال ۱۲x ہی میں مفید ہے۔

اس کو ہنیمن صاحب نے شروع شروع میں دریافت کیا تھا وہ لکھتے ہیں۔ کہ دیرینہ امراض میں ایک بہترین دوا ہے۔ مگر وہ تنبیہ کرتے ہیں کہ باوجود بہترین ہونے کے بھی اس کا استعمال بعض موقعوں پر بہت احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیئے۔

اگر سلیسیا کی خاصیت کو چند لفظوں میں ادا کرنا ہو تو کہا جا سکتا ہے کہ سلیسیا کا استعمال وہاں ہوتا ہے۔ جہاں "جسمانی یا اخلاقی طاقت میں کمی" واقع ہو جائے۔

شوسلر صاحب سلیسیا کے متعلق بائیو کیمک کیمسٹری سائنس کی رو سے یوں رقمطراز ہیں "جسم کے جوڑنے والے ریشوں کا سلیسک ایسڈ ایک جزو اعظم ہے چاہے یہ ریشے جلد کا ذب کے ہوں یا، ناخنوں کے بال یا بالوں کے۔ اگر کسی جوڑنے والے ریشے یا جلد کے کسی حصہ میں کوئی ایسا مرکز پیدا ہو جائے جس کے اندر پکانے والا ورم موجود ہو تو سلیسیا کا استعمال کرنا چاہیئے۔ سلیسیا کے استعمال سے ان ریشوں کے اندر ایک طرح کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس سے وہ ریشے جسم کے مخالف مادہ یعنی مواد کو باہر پھینکنے کے قابل بن جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یا تو مواد عروق جاذبہ کے اندر جذب ہو جاتا ہے یا جسم سے باہر پھینک دیا جاتا ہے۔ موخر الذکر حالت میں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ متورم جگہ پک کر پھٹ جاتی ہے۔ اور پیپ نکلنے لگتا

ہے۔ مگر خدانخواستہ کسی رگ و ریشہ میں خون کا اجتماع ہو جائے تو سلیسیا اس اجتماع خون کو عروق جاذبہ میں جذب کرا دیتا ہے۔ اگر کسی پانی کی تھیلی سے پانی نکل رہا ہو اور اس پانی یعنی البیومن ملے پانی کو کلکیریا فاس دوبارہ جذب نہ کرا سکے تو ایسی حالت میں سلیسیا کا استعمال فائدہ مند ہوتا ہے کیونکہ ممکن ہے کہ سلیسیا کی عروق جلد میں کمی کی وجہ سے قوت جاذبہ میں کمی ہو گئی ہو۔

سلیسیا پرانے وجع زباعی میں جو بافی سے پیدا شدہ ہوں (سیوپیٹک آرتھر ہوئیس) اگر گانٹھیں (یہ گانٹھیں کھریا مٹی کی طرح ہوتی ہیں اور اس میں ایک قسم کا کھریا مٹی کا مادہ ہوتا ہے جس کو انگریزی میں کلکیریس ڈیپازٹ کہتے ہیں) پڑ جائیں تو چونکہ ان گانٹھوں میں کلکیریا یا یوریٹ آف سوڈا ہوتا ہے اس لیے سلیسیا اس مادہ کے ساتھ مل کر سوڈیم سلیکیٹ کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور اسی لیے یہ گانٹھیں تحلیل ہو کر عروق جاذبہ میں جذب ہو جاتی ہیں۔ اسی دلیل کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ دوا گردہ کی پتھریوں کو تحلیل کرنے کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔

سلیسیا سے پیروں کے رکے ہوئے پسینہ کو دوبارہ جسم پر لایا جا سکتا ہے۔ اور اسی لیے یہ دوا (سلیسیا) ایک طرح سے ان تکالیف میں جو رطوبتوں یا پسینوں کے رک جانے سے پیدا ہوئی ہوں مثلاً دھند، غبار، موتیا بند۔ فالج وغیرہ میں مفید ہے۔ جب ریشوں کے اندر سلیسیا کی کمی ہو جاتی ہے تو ان میں لاغری آ جاتی ہے (مطلب یہ کہ ان کے افعال میں فرق پڑ جاتا ہے) اس قسم کی تکالیف بوڑھے آدمیوں کے کان کی نالی میں پائی جاتی ہیں کیونکہ یہ نالی ان حالات میں خشک

ہو جاتی ہے" اور بڑھ جاتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ "

سلیبیا کا تعلق جوڑنے والے ریشوں میں اصلی اور یقینی ہے۔ چنانچہ کہا جا سکتا ہے کہ سلیبیا ایک خالی کرنے والی" دوا ہے۔

آنا ٹامی خلایات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سلیبیا کے اندر انگلیوں میں پھانس کا احساس پایا جاتا ہے اور جہاں کہیں غیر جسمانی چیزیں ریشوں کے اندر پہنچ جائیں یا اگر ریشے غیر جسمانی چیزوں کی وجہ سے سڑنے لگیں یا سڑ جائیں تو سلیبیا ریشے ان ریشوں کے اندر ورم پیدا ہو جاتا ہے اور وہ ورم پک کر پھٹ جاتا ہے اور غیر جسمانی چیزیں اس پھٹی ہوئی جگہ کی راہ سے نکل جاتی ہیں اور ماؤف ریشوں میں ایک نئی زندگی پیدا ہو جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ سلیبیا خالی کرنے والی دوا کہلاتی ہے میرا اتفاقی تجربہ ہے کہ اگر جسم کے کسی حصہ میں سوئی چبھ کر اوپر پہنچ جائے (ایسی حالت میں ایکسرے کی جراحی عموماً ناکامیاب ہوا کرتی ہے) تو سلیبیا اس سوئی کو اسی جگہ واپس پہنچا دیتی ہے۔ جس جگہ وہ چبھی تھی اور اگر انتظار کیا جائے تو سلیبیا سوئی کو اٹھا کر باہر پھینک دے گی۔ اگر سلیبیا کی صرف یہی ایک خاصیت ہوتی تو بھی دنیا کا حشر اس دوا کے اس فعل کی مشکور رہتی۔ مگر سلیبیا کا اثر یہیں ختم نہیں ہوتا بلکہ یوں کہنا غیر مناسب نہ ہوگا کہ سلیبیا کا یہ اثر ایک نہایت معرکہ چکلہ ہے۔

سلیبیا کا اثر بہت دور تک اور بہت گہرا ہوا کرتا ہے اسی ضمن میں یہ عرض کر دینا غیر مناسب نہ ہوگا کہ چونکہ سلیبیا غیر جسمانی اشیاء کو باہر پھینکتی ہے اور ایسا کرنے کے لیے ان ریشوں کا حصص میں جہاں کہ غیر جسمانی اشیاء موجود ہوتی

ہیں ورم پیدا کر کے پکا دیتی ہے۔ اسی لیے ایسی حالت میں غیر جسمانی اشیاء اگر ایسے حصص میں چڑھی ہوں جو جسم انسانی کے نہایت کارآمد اور افضل ترین و نازک ترین حصص ہوں ان کو نکالنے کے لیے سلیسیا کا استعمال نہایت احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیے کیونکہ بعض اوقات یہ ان افضل ترین حصص میں ورم پیدا کر دیتی ہے جس سے زندگی سخت خطرہ میں پڑ جایا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں بھی پھیپھڑوں کے اندر تپ دق یعنی دق موجود ہو تو سلیسیا کا دینا خالی از خطر نہیں ہوا کرتا۔

سلیسیا پھوڑوں اور دنبلوں کو پکاتی ہے اور ان کے پھٹ جانے کو بھی روکتی ہے پکنے کے بعد سختی رہ جائے تو اس کو تحلیل بھی کرتی ہے یہ سختی عموماً گلٹی کے غدودوں کے پک کر بہہ جانے کے بعد مشاہدہ ہوتی ہے اور سلیسیا کا استعمال غدودوں میں اس وقت ہوتا ہے جبکہ غدود پک جائیں بہہ جائیں مگر مندمل نہ ہوں اور ان میں سختی باقی ہو۔ یا ان زخموں میں جو ناسور کی صورت اختیار کر لیں۔

سلیسیا کا اثر ناخنوں پر بھی ہوتا ہے۔ ناخن اس سے بدوضع ہو جاتے ہیں۔ اور ان کے گرد ان کے نیچے ورم پیدا ہو جاتا ہے۔ انگلیوں کی نوکوں میں چبھنے کا احساس سلیسیا کی ایک رہنما کن علامت ہے جو عام طور پر ایسے کیسوں میں ملتی ہے اور سلیسیا کی طرف معالج کی رہنمائی کرتی ہے۔

سلیسیا غدود جاوبہ اور جلد کے غدودوں کے انسداد اور سوجن پیدا کرتی ہے اور ان کو پکا بھی دیتی ہے۔ سلیسیا کی جلد ہمیشہ ناتندرست ہوتی ہے اور ہر چھوٹی چوٹ زخم بن جاتی ہے۔ سلیسیا کے ہاتھ اور پاؤں بدپسینہ ہوتا ہے اور یہ پسینہ عموماً متعفن ہوتا ہے۔ پاؤں میں سے بغیر پسینہ کے بھی تعفن ہو سکتی

ہے۔ سر میں پسینہ آتا ہے اور یہ بھی متعفن ہو سکتا ہے۔

سلیسیا ان بچوں کے لیے ایک مفید ترین دوا ہے جن کی ہڈیاں ٹیڑھی ہو چکی ہوں یا جن کی ہڈیوں کی نشوونما میں کمی ہو۔ ایسے بچوں کے سر بڑے ہوتے ہیں۔ تالو کی ہڈیاں نہیں ملتیں اور سر میں پسینہ زیادہ ہوتا ہے اور ان کے سر کو ڈھک کر رکھنا پڑتا ہے نہ صرف سر ہی کی یہ حالت ہوتی ہے بلکہ ان کے شکم ابھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ ٹخنے کمزور ہوتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ دیر میں چلنا سیکھتے ہیں۔ کلکیریا کارب اور سیلینی کولا میں بھی بچوں کے سر پر پسینہ پایا جاتا ہے اور ان کے اندر خوراک کی جاذبیت میں کمی بھی ہوتی ہے لیکن کلکیریا کارب کے بچے موٹے ہوتے ہیں اور ان کے جسم کے ایک حصہ میں نشوونما زیادہ ہوتی ہے جبکہ دوسرے میں کم مگر یاد رہے کہ سلیسیا کا بچہ دیکھنے میں قدرتی بچہ ہوتا ہے سوائے اس کے کہ اس کا شکم بڑھا ہوتا ہے اور شکم کا یہ بڑھاؤ شکم کے غدودوں کے نقص کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سلیسیا کے بچہ کے اعضا کچھ سوکھے ہوتے ہیں۔ آنکھیں اور چہرہ کھنچا ہوا ہوتا ہے اور بوڑھوں کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ یہ بچہ نہ تو قدوقامت میں بڑھتا ہے نہ جلد چلنا ہی سیکھتا ہے اور اگر بیمار ہو کر بستر میں نہیں بھی پڑا ہوتا تو بھی اس کی نشوونما بالکل رکی ہوئی ہوتی ہے۔ اگر یہی حالت کچھ دنوں تک جاری رہے تو پھر اس کے اندر قبض پیدا ہو جاتا ہے اور یہ قبض بھی عجیب قسم کا ہوتا ہے۔ بچہ پاخانہ کے لیے ..... زور لگاتا ہے۔ پاخانہ کا کچھ حصہ باہر کو نکل آتا ہے مگر پھر دوبارہ چڑھ جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مقعد میں نکالنے کی طاقت ہی نائل ہو چکی ہے۔ اگر قبض نہ ہو تو اس کے برعکس دست ہوتے

ہیں اور یہ دست عموماً دانت نکلنے کے زمانہ میں اور موسم گرما کی گرمی میں ہوتے ہیں۔ پیسا ٹیلا کی طرح دست رنگ برنگ کے ہوتے ہیں مگر پیسا ٹیلا بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا ہے۔ بچہ اچھی طرح کھا تا پیتا ہے۔ لیکن دن بدن کمزور ہوتا جاتا ہے اور سوکھتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر سلیسیا کی چند خوراکیں وقت پر نہ پہنچ جائیں تو بچہ موت کا شکار ہو جاتا ہے۔

یہ دوا نروس، چڑچڑے مزاج آدمیوں کے لیے جن کی جلد میں خشکی ہو، منہ سے تھوک کی زیادتی ہو، دست ہوں اور رات کے پسینے کو مفید ہے۔

تیسری قسم کے مریض سلیسیا کے کمزور، پیلے چہرے والے ہوتے ہیں اور ان کے عضلات ڈھیلے ڈھالے ہوتے ہیں۔

چوتھی قسم سلیسیا کے مریضوں کی وہ ہے جن کے اندر قوت جاذبہ کی کمی ہوتی ہے اور اسی وجہ سے ان کی نشوونما میں نقص ہوتا ہے۔ ایسے آدمی جسمانی و دماغی طور پر ڈھیلے ہوتے ہیں۔

پانچویں قسم کے مریض سلیسیا کے وہ خانہ بدوشی مزاج کے بچے ہوتے ہیں جو دانت نکلنے کے زمانہ میں کیڑوں کی تکالیف سے تکلیف اٹھاتے ہیں۔

چھٹی قسم کے مریض پتھر میں کام کرنے والے یا چٹانوں کو کاٹنے والے ہوتے ہیں اور ایسے مریض ہمیشہ سینہ کی تکالیف میں مبتلا رہتے ہیں اور ان کے اندر طاقت کی بہت کمی ہوتی ہے۔

سلیسیا کے جوڑنے والے ریشوں پر فعل کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ اس میں یہ بتانا شاید رہ گیا تھا کہ سلیسیا کے اثر سے ان ریشوں میں نئی پیدائشیں ہوتی ہیں

پکنا بھی پایا جاتا ہے اور زخم بھی۔ ایسے ریشوں میں جہاں پہلے سے زخم کا نشان موجود ہو یا جہاں کبھی پہلے زخم ہو چکا ہو اس کا استعمال ہونا چاہیئے خواہ وہ عمل جراحی سے ہو یا دوسری کسی وجہ سے سلیسیا کا اثر ان ریشوں پر خصوصاً ہوتا ہے۔ اگر ایسے ریشوں میں کوئی توڑ ی یا گومڑ پیدا ہو جائے یا کسی قسم کی کوئی اور پیدائش ہو جائے تو سلیسیا حکمی اثر رکھتی ہے۔ اسی ضمن میں ڈاکٹر ہنی مین صاحب مفصلہ ذیل علامات بیان فرماتے ہیں۔ "سوئیاں چبھنے والے اور درد کرنے والے درد ان جگہوں میں جہاں پہلے زخم موجود رہا ہو"۔

ذکی الحسی سلیسیا کی ایک مخصوص علامت ہے اور اس کے ساتھ ساتھ عموماً دیکھا گیا ہے کہ اعصابوں میں مادۂ تاثر زیادہ ہوتا ہے۔ چنانچہ ماؤف جگہ معمولی طور چھونے سے بھی درد کرتی ہے یہ ہے ذکی الحسی کی مثال۔ اور مادہ تاثر کی مثال ہمیں قوی میں ملتی ہے۔ قوی بہت تیز ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ دیکھنا اور دماغ معمولی سی آواز یا تموج کو بھی برداشت نہیں کر سکتا یہ کیفیتیں انسانی رطوبات زندگی کے ضائع ہو جانے سے مثلاً جریان سے، یا زیادہ دماغی محنت سے پیدا شدہ تکان سے پیدا ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سلیسیا دماغ اور دیگر اعصاب کے ناکافی نشوونما سے یا ان کے ناکافی غذا جذب کرنے کی وجہ سے فالج یا فالجی کمزوری پیدا کرتی ہے۔ ان حالتوں کے ساتھ ساتھ عموماً قبض کی شکایت شامل ہوتی ہے ان ہی وجوہات سے تشنجی دورے از قسم مرگی وغیرہ ہوتے ہیں۔ مرگی کے دوروں میں شعلہ شکم سے اٹھتا ہوا معلوم ہوتا ہے اور یہ دورے زیادہ تر پورے چاند میں، اور نئے چاند میں پڑتے ہیں۔ نیز دماغی تھکاوٹ سے

حالات موجود ہوں اور بیماری کا آغاز ہو۔ سلیسیا کے ٹوبرکلر کے مریض زیادہ تر سردی سے اور مرطوب موسم میں زیادہ تکلیف پاتے ہیں۔ لیکن ٹھنڈے خشک موسم میں ان کی تکالیف میں کمی پیدا ہو جاتی ہے۔

سلیسیا ناسور کیلئے ایک بہترین دوا ہے۔ ایسے ناسور میں مواد پتلا متعفن ہوتا ہے اکثر اس میں خون آ ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات پیپ کے سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بھی اس میں دکھائی دیتے ہیں۔ اس ناسور کو گرم اشیاء لگانے سے یا سینکنے سے آرام ہوتا ہے اور سردی سے تکلیف بڑھتی ہے۔

سلیسیا آنکھ کے گوشت خوردہ زخموں کے لئے بہت مفید دوا ہے جبکہ ایسے زخم کھرنڈ پڑے ہوئے ہوں۔ ان زخموں کے نیچے ایک گوشت سا ہوتا ہے۔ جس کے اوپر ایک قسم کی رطوبت جمی ہوتی ہے اور گوشت پلپلا سا معلوم ہوتا ہے۔ نوزائیدہ بچوں کے سر میں اگر ایسے ہی گومڑ پائے جائیں تو سلیسیا استعمال کرنا چاہیئے کریوں کی تکالیف کے لئے اور جوڑوں میں ٹیڑا انگلیوں میں غیر جسمانی بعد ائتوں کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔

بچپن میں اگر ہڈیاں نرم ہو جائیں۔ یا ہڈیوں پر ورم آجائے۔ لمبی ہڈیوں میں سر کی ہڈیوں میں، کریوں میں تکلیف پیدا ہو جائے، یا ان کے اندر ناسور ہو جائے تو یہ دوا مفید ہے۔ جبڑے، جوڑ، جوڑ کے جوڑ، ریڑھ کی ہڈی اور گریہ میں اگر ہڈیوں کی تکلیف ہو تو یہ دوا بہترین اثر کرتی ہے۔

معدہ میں سلیسیا کی علامات بہت ملتی ہیں چنانچہ گرم غذا سے نفرت ہوتی ہے اگر کبھی مریض گوشت کھانا بھی چاہے تو ٹھنڈا گوشت کھاتا ہے۔ مریض ملائی کی بہت یا برف

دماغی محنت سے اور جذبات کی تحریک سے بڑھ جاتے ہیں۔

سلیبیا اس فالج میں بھی مفید ہوتی ہے جس میں انگلیاں سخت محسوس ہوتی ہیں اور ان کے اندر طاقت نہیں رہتی۔ ریڑھ میں تحریک ہوتی ہے گردن کی اکڑن اور سختی کی وجہ سے درد سر پیدا ہوتا ہے کمر میں درد ہوتا ہے جیسے کمر کو اینٹ پیٹی گئی ہو اور جسم کا وہ حصہ جس پر مریض سوتا ہے سن ہو جاتا ہے۔

درد سر بھی سلیبیا کے عجیب و غریب ہیں۔ وہ مزمن قسم کے ہوتے ہیں اور ان کی ابتدا ہوائی کی کسی شدید بیماری سے ہوا کرتی ہے۔ وہ گردن کی پشت سے شروع ہو کر پیشانی پر پہنچتے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ریڑھ سے شروع ہوتے ہیں اور عموماً وہ ایک آنکھ خصوصاً داہنی آنکھ پر آکر قائم ہو جاتے ہیں۔ یہ درد بھوکے رہنے سے یا سر کو ننگا کرنے سے بڑھ جاتے ہیں۔ دبانے سے، سر کو گرم کپڑے میں لپیٹنے سے یا پیشاب زیادہ مقدار میں آنے سے کم ہو جاتے ہیں۔ ان دردوں کے ساتھ عموماً متلی اور قے ہوتی ہے وہ درد جو سر کی پشت سے صبح کے وقت شروع ہو کر پیشانی کو آئیں اور رات کے وقت، شور و غل سے بڑھ جائیں، گرمی سے ان کو آرام ہو۔ آنکھ کے گڑھوں کا اعصابی درد دبانے سے اور گرمی سے کم ہوا ہو جس کے ساتھ سر میں شدید پسینہ ہو سلیبیا سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ پیشانی پر چپچپا اور متعفن پسینہ ہوتا ہے اور جب سلیبیا کا مریض ذرا محنت کرتا ہے تو چہرے پر پسینہ آجاتا ہے۔ مگر جسم کا باقی حصہ خشک رہتا ہے، تمام جسم پر پسینہ لانے کے لیے مریض کو بہت زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے۔ سلیبیا میں یہ عجیب بات ہے کہ جسم کے

اوپر والے حصے میں اور سر ہی میں پیدا ہوا کرتا ہے۔

اگر درد سر ہفتہ میں ایک بار ہو، اگر درد سر گردن سے شروع ہو کر سر کے داہنی طرف جا کر ٹھہرے۔ اگر گدی میں اس قسم کا وزن ہو جیسے کہ گدی پیچھے کی طرف کھینچ گئی ہے۔ اور اس کے ساتھ سر میں دھمان خون بھی ہو اور اگر درد سر ٹھنڈی ہوا میں بڑھ جائے تو سلیبیا استعمال کرنا چاہیئے۔

سلیبیا کا چکر بھی گردن کی پشت سے اوپر جاتا ہوا معلوم ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آگے کی طرف مریض گر جائے گا۔ بعض وقت پیچھے کی طرف بھی گرتا ہے، یہ چکر اوپر دیکھنے سے، آنکھیں بند کرنے سے، بائیں جانب لیٹنے سے بڑھ جاتا ہے۔

ذکی الحسی کے متعلق پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے۔ یہ ذکی الحسی دماغی کیفیتوں میں پائی جاتی ہے۔ چنانچہ مریض شور و غل کو برداشت نہیں کر سکتا، اور شور و غل سے اس کے اندر پریشانی پیدا ہوتی ہے۔ ذکی الحسی اور روشنی کی رغبت دوسروں کی بات کو آسانی سے ماننا اور دل کی کمزوری پیچھے عموماً ضدی اور ہٹیلے ہوتے ہیں۔ مہربانی اور پیار کے الفاظ سے وہ پگھل جاتے ہیں اور چلاتے ہیں۔

سلیبیا کے اندر ایک خاص دماغی علامت پائی جاتی ہے جو نہایت عجیب و غریب ہے، وہ یہ ہے کہ مریض کو ہر وقت آپریشن اور سوئیوں کا خدشہ لگا رہتا ہے۔ وہ ان سے ڈرتا ہے ان کی تلاش کرتا ہے اور ان کو گن گن کر رکھتا ہے یہ ایک ایسی علامت ہے جس سے رہنمائی حاصل کر کے کتنے ہی مریض بالکل پوچھ کر اس

وہ ہے درست کیا گیا ہے اور دماغی علامات کا تعلق عموماً چاند کے گھٹنے بڑھنے سے ہے۔ چنانچہ وہ دن نیند پیدا دیتا اور مرگی کے دورے چاند میں بڑھتا ہے۔

سلیمیا کے مریض میں حرارت عزیزی کی یا حرارت حیات کی کمی ہوتی ہے۔ چنانچہ بہت سخت محنت بھی اس کو گرمی نہیں پہنچا سکتی۔

امراض تناسل زنانہ میں یہ ایک مفید ترین دوا ہے، کیونکہ اس سے آلات تناسل کے افعال میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ شرمگاہ کے اندر پھوڑے، ورم، ناسور ہوتے ہیں۔ نیز دنبل پائے جاتے ہیں۔ یا تو مندمل نہیں ہوتے، اگر ہوتے بھی ہیں تو ان کے نیچے گلٹیاں باقی رہتی ہیں۔ شرمگاہ کے اندر چھوٹے چھوٹے ناسور سے ہمیشہ متعفن اور پیپ کی سی رطوبت بہا کرتی ہے۔ عورتیں جو ایسی تکالیف میں مبتلا ہوں سلیمیا سے فائدہ حاصل کرتی ہیں۔

دوسری عجیب بات سلیمیا میں یہ ہے کہ دو حیضوں کے درمیان خون کا سیلان ہوتا ہے۔ بچوں کے دودھ پلاتے وقت بھی جب بچہ دودھ پیتے رحم سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ معمولی سی حرکت سے بھی سیلان خون شروع ہو جاتا ہے یاد رکھیے کلکیریا کی ہر بیضہ میں حیض دودھ پلانے کے زمانہ میں ہوتا ہے مگر سلیمیا کی ہر بیضہ کو خون اس وقت شروع ہوتا ہے جب بچہ پستان میں منہ لگاتا ہے۔

سلیمیا رحم کے استقرار کو بھی فائدہ دیتی ہے جبکہ رحم سے پانی کی سی رطوبت زیادہ مقدار میں بہے۔ بعض اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ رحم کی ایک یا دوسری جانب گومڑ ہوتا ہے وہ آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور اچانک

ہی کسی وقت میں اس میں سے پانی، خون یا دیگر رطوبت پرالے کی طرح بہتی ہے اور گو مرجھوار ہو جاتا ہے مگر بہت جلد ہی دوبارہ بڑھ جاتا ہے اور اسی قسم کی رطوبت پھر جاری ہو جاتی ہے۔ ان حالتوں کو رحم کا استسقاء کہا جاتا ہے اور ان ہی حالتوں میں سلیسیا مفید ہے۔

بعض وقت مہینوں تک حیض نہیں ہوتا اور بعض وقت حیض کی کمی ہوتی ہے۔ شرمگاہ میں پانی کی تھیلیاں بھی پائی جاتی ہیں اور یہ تھیلیاں مٹر کے دانے کے برابر یا نارنگی کے برابر ہو جاتی ہیں۔ یہ شرمگاہ سے باہر نکل آتی ہیں اور اس طرح شرمگاہ کا منہ تقریباً بند کر دیتی ہیں۔ بعض دفعہ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ اس قسم کی چھوٹی چھوٹی گانٹھیں بہت سی اکٹھا ہو جاتی ہیں۔ ایسی گانٹھوں کی موجودگی میں اس بات کی پرواہ نہیں کہ مریضہ کے اندر سلیسیا کی دوسری علامات ملتی ہیں یا نہیں۔

سیلان الرحم مقدار میں زیادہ ہوتا ہے، جہاں لگتا ہے وہاں سوزش پیدا کر دیتا ہے دودھیا رنگ کا بھی ہوتا ہے اور اس کے سیلان سے قبل ناف کے مقام میں کٹن ہوتی ہے یہ سیلان تیزابی غذا کھانے کے بعد پیشاب کے دوران میں بڑھ جاتا ہے یہ سیلان ہمیشہ پرانے کی طرح سے چلتا ہے۔ اور بعض دفعہ رحم کے اسکلہ کے ساتھ اس قسم کا سیلان پایا جاتا ہے۔ یا اس قسم کے سیلان کے ساتھ رحم میں اسکلہ کا اشتباہ ہوتا ہے۔

پستانوں کے اندر سخت گلٹیاں ہوا کرتی ہیں۔ پستانوں میں پھوڑے اور ناسور ہوتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ اگر وقت پر دوا دے دی گئی تو مریض نکلیف اٹھائے گا۔

ہو جائے گی۔ اور اگر دوا کو دیر میں دیا گیا۔ تو پٹانوں کا بچنا لازمی طلبی ہوگا۔ ایسی حالت میں سیلیبیا اپنا کام کرے گی۔ اس وقت جبکہ پٹانوں کے کے اندر تپکن، اور بھاری پن ہو تو یہ دوا ایسے درد کو قابو میں کر لیتی ہے لیکن یہ یاد رہے کہ اگر ایسے موقعوں پر سینک کی گئی۔ یا کوئی ایسی ہی گرم دوا لگا دی گئی تو بجائے فائدے کے تکلیف بڑھ جائے گی، کیونکہ سینکنے یا گرم دوا لگانے سے اس جگہ دوران خون بڑھ جائے گا۔ جس کی وجہ سے ریشے پھٹ جائیں گے اور بجائے اس کے کہ تھوڑا سا پیپ نکل کر زخم مندمل ہو جائے۔ خون کا بہاؤ شروع ہو جائے گا۔ اور پٹانوں کے غدد ہمیشہ کے لئے تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ اور پٹان اپنا قدرتی عمل کرنے کے ناقابل ہو جائیں گے یعنی پٹانوں میں دودھ ہمیشہ کے لئے بند ہو جائے گا۔

وہ مستورات جو بہت کمزور ہوتی ہیں یا جن کے حمل ہر دفعہ ساقط ہو جاتے ہیں یا جن کو حمل ہی کبھی نہیں ٹھہرتا۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے اعضائے تناسل بالکل کمزور ہو چکے ہیں۔ ایسی مستورات کے لئے سلیبیا بعض اوقات اکسیر ثابت ہوا کرتی ہے

سلیبیا کی کھانسی خطرناک ہوا کرتی ہے۔ اور سلیبیا اس وقت مفید ہوتی ہے جبکہ آغاز ہو۔ اور جبکہ پھیپھڑے پورے طور پر دق سے ماؤف نہ ہو گئے ہوں اگر پھیپھڑے کے اندر ایک چھوٹا سا دنبل موجود ہو تو سلیبیا ایسے دنبل کو تحلیل کر کے مندمل کر دے گی۔

اگر سینہ کے تنزلہ کی وجہ سے دمہ کی طرح سانس پھولے۔ سانس میں سیٹی کی سی آواز ہو اور دم بھی گھٹے، مریض حرکت کرنے کے ناقابل ہو اور اگر یہ تکالیف زیادہ گرم ہو جانے سے یا زیادتی کام کی وجہ سے پیدا ہوتی ہوں تو سلیسیا مفید ہے۔

تردد حس کے ساتھ ساتھ سینہ میں بلغم کی کھڑکھڑاہٹ ہو اور سینہ بلغم سے بھرا ہوا ہو مریض کا دم گھٹتا معلوم ہو۔ خصوصاً بوڑھے آدمیوں کا پرانے سائیکوٹک آدمیوں کا دمہ اس دوا سے درست ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں یہ دوا بچوں سلفر کی ثانی ہے اور ایسی حالت میں اس کے مریض پیلے ہو جاتے ہیں، ہیجد کمزور ہوتے ہیں اور ان کے اندر پیاس کی زیادتی ہوتی ہے۔ سوزاک کے رک جانے سے دمہ بھی اس دوا سے درست ہوتا ہے پتھر کاٹنے والوں کی کھانسی اس دوا سے درست ہوتی ہے۔ یہ دوا پتھر کے مجتمع ذرات کو پھیپھڑوں سے باہر پھینک دیتی ہے۔ نیز آغاز دق میں جب سینہ کے اندر درد ہو۔ اور جس کی زیادتی ٹھنڈے پانی پینے سے اور کمی گرم پانی سے ہو سلیسیا مفید دوا ہے سلیسیا کا بلغم مقدار میں زیادہ منتفخ، سبز ہوتا ہے، بہ صورت حس کے وقت خارج ہوتا ہے بعض وقت یہ بلغم لیسدار، دودھ کا سا اور تیز سوزش پیدا کرنے والا ہوتا ہے، اور بعض وقت پیلا خون آمیز اور جھاگدار ہوتا ہے۔

دق میں یہ دوا اس وقت خیال میں لائی جا سکتی ہے جب بلغم گاڑھا زرد، سبز اور منتفخ ہو، سر پر پسینہ کی زیادتی ہو، پھیپھڑوں میں ہدف ہو اور سوئیاں چبھیں سلیسیا سے زیادہ گہرا اثر کرنے والی کوئی دوا بھی ٹوبر کلر ڈیاتھیسس کے لیے نہیں ہے اور اس دوا کا استعمال صرف ان ہی حالات میں ہوتا ہے۔ جہاں سلیسیا کے

کے پانی کی خواہش کرتا ہے۔ اور ان ٹھنڈی چیزوں سے اس کو آرام ملتا ہے۔ گرم اشیاء سے اس کے چہرے پر پسینہ آجاتے ہیں اور جسم پر تمتاہٹ ہوتی ہے۔ سلیبیا کا مریض دودھ نہیں پی سکتا۔ دودھ سے تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ بعض اوقات بچے دودھ بالکل نہیں پیتے، اور نہ پی سکتے ہیں۔ ایسی حالت میں نیٹرم کارب اور سلیبیا ہی دوائیں ہیں۔ یہ ہر دو ادویہ اس وقت مفید ہوتی ہیں۔ جبکہ ماں کے دودھ سے بچے کے اندر قے اور اسہال پیدا ہوں۔ سلیبیا کے بچے ہیں ماں کے دودھ سے نفرت اور قے یا دودھ سے پانی جاتی ہے

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ سلیبیا کا مریض گرم اشیاء سے نفرت کرتا ہے اور ٹھنڈی اشیاء کھانا پینا چاہتا ہے لیکن یہ یاد رہے کہ سینہ کی تکالیف میں ٹھنڈا پانی۔ ملائی کی برف اور ٹھنڈی چیزیں عموماً کھانسی اور انکائیاں بڑھا دیتی ہیں۔ اور یہ انکائیاں اتنی شدید ہوتی ہیں کہ یہ انکائیاں اور کھانسی مل کر مریض کا گلا گھونٹتی ہیں۔ یاد رکھیے کہ بلغم نکالتے وقت یا بلغم نکلنے کی کوشش پر اگر انکائیاں پیدا ہوں۔ تو کاربوج اور سلیبیا دونوں ہی مفید ہوا کرتی ہیں۔ سلیبیا کے مریض کا معدہ اس قدر کمزور ہوتا ہے کہ بہت دیر کے بعد بھی اس کو قے ہو جاتی ہے۔

مرطوب زمین پر سونے سے اگر دست شروع ہو جائیں تو سلیبیا ہی دوا ہوا کرتی ہے۔ سلیبیا میں شکم اور آنتوں میں درد ہوتا ہے۔ لیکن دبانے سے پھوڑے کا سا درد بڑھ جاتا ہے۔ ایسے درد بیٹھنے سے کم ہو جاتے ہیں۔ اگر بچوں اور بڑے آدمیوں کے شکم بڑھ جائیں، شکم میں تناؤ ہو، یا کپڑوں کے بوجھ سے، یا کھاتے کے بعد ان کے شکم میں تکلیف بڑھ جائے اور گرمی سے آرام ہو تو سلیبیا ایک یقینی دوا بن جاتی ہے

اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ سلیسیا ناسور کے لئے ایک بہترین دوا ہے وہ مریض جو دق کی زندگی رکھتے ہیں۔ یا جن کی طبیعت میں دق کا مادہ ہوتا ہے۔ اکثر جسم کے مقام میں ان کو دخل یا پھوڑے ہوا کرتے ہیں جو اندر کی طرف یا باہر کی طرف پھوٹتے ہیں۔ اگر ان پھوڑوں کو عمل جراحی سے یا بیرونی طریقہ سے درست کیا جائے تو یہ ناسور بن جاتے ہیں۔ اور اگر ناسور نہ بنیں تو ان کا رجحان سینہ کی طرف ہو جاتا ہے اور وہاں دق کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ ایسے موقعوں پر سلیسیا ہی ایک ایسی دوا ہے جو کہ متذکرہ طبیعتوں اور ایسے تاثر کو درست کر سکتی ہے۔ اور وہ ناسور ایک سے ۵ سال کے زمانہ میں طبیعت کی تبدیلی کے ساتھ درست ہو جاتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ گو سرجن یا جراح ایسی چیزوں کو بہت جلد درست کر دیتا ہے۔ مگر عمل جراحی سے یہ شفا و شفاء نہیں ہوتی بلکہ مریض کے لئے نقارہ کوچ ہوتا ہے۔ کیونکہ ناسور کے بند ہو جانے سے مریض کسی دوسرے مہلک مرض از قسم دق وغیرہ میں مبتلا ہو جاتا ہے اور نہ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اس جہان فانی سے رحلت کرتا ہے۔ ایسے حالات میں سلیسیا تھوجا کے بعد اچھی طرح کام کرتی ہے۔

عضو مخصوص میں دنبل، سیدوں میں دنبل، ندی کے عدد اور مخصیوں میں دنبل بھی سلیسیا کے مریضوں میں پائے جاتے ہیں۔ نیز مخصیوں میں مزمن ورم اور سختی بھی پائی جاتی ہے۔ مخصیوں میں ایسا احساس ہوتا ہے جیسے ان کو پکڑ کر نچوڑا جا رہا ہے اور اسی لئے ان میں ذکی الحسی اور درد زیادہ ہوتا ہے۔ لڑکوں اور بڑے آدمیوں کے ہائیڈروسیل (فوطوں میں پانی اترنا) کے لئے سلیسیا بہتر

www.pdfbooksfree.blogspot.com

دوا ہے، بشرطیکہ باقی علامات ملتی ہوں۔

آلات تناسل مردانہ میں اس دوا کے اثر سے مردی اور جماع کے بعد آلات تناسل میں کمزوری پائی جاتی ہے۔ مریض جماع کے بعد فوراً تھک جاتا ہے اور اس کے اندر طاقت مردمی نہیں رہتی۔ جماع کے بعد جب تک ایک ہفتہ یا دس دن بالکل آرام نہ کرے دوبارہ جماع ہی نہیں کر سکتا۔ آلات تناسل کے گرد پسینہ، ریڑھ میں کمزوری وغیرہ سلیمیا کے مریض میں مشاہدہ ہوتی ہے۔

چھوٹے لڑکے اور لڑکیوں میں اگر رات کے وقت پیشاب نکل جائے تو سلیمیا مفید ہو سکتی ہے۔

## علامات

دماغ :۔ توجہ یکجا کرنے میں دقت۔ دماغی پراگندگی۔ معمولی سے شور و غل سے چونکنا۔ شور و غل سے ذکی الحسی۔ مایوسی، غم گینی، خود کشی سے بیزاری۔ چڑچڑاپن۔ پست حوصلگی۔ معمولی سی باتوں کو بھی زیادہ محسوس کرنا۔ تمام خیالات سے ذکی الحسی۔ دماغی تھکاوٹ، تمام دن اپنوں سے خوف، اُن سے ڈرے، تلاش کرے اور گنے۔

سر :۔ چکر، جو ریڑھ کی ہڈی سے گردن سے ہوتا ہوا اوپر کی طرف جائے اور آگے گرنے کا مسلسل اندیشہ ہو۔ تمام دن چکر، خصوصاً جب کہ کام کرنے کے لئے مریض جھکے یا جھک کر کام کرے۔ چکر، اُوپر دیکھنے سے، جس کو سر گرم لیکھنے سے یا لیٹنے سے اور بائیں جانب لیٹنے سے آرام ہو۔ سر میں دوران خون، چہرے

میں سرخی اور جلن کے ساتھ سر کو بھاری رکھنے میں دقت۔ سر میں حدت۔ درد سر بڑھنے والے۔ پھٹنے والے۔ ایسا معلوم ہو جیسے آنکھیں اور دماغ باہر نکلا پڑتا ہے۔ درد سر جو گدی یا گردن سے اٹھے اور چاند پر قائم ہو جائے۔ شدید درد سر جس کے ساتھ عقل اور ہوش نہ رہے۔ درد سر رات کے وقت داخلی پراگندگی کے ساتھ دماغ میں گھسنے کا احساس جس وقت مریض چل رہا ہو یا اپنے پیر کو ٹھنڈا رہا ہو۔ صبح کے وقت دبانے والے شدید درد جاڑے اور قے کے ساتھ سر میں شدید چیرن اکثر ایک طرف، جو گدی سے شروع ہو اور داہنی طرف اور آنکھ کی طرف بڑھے۔ درد سر جس میں آنکھوں کے اوپر چوٹ کا سا درد محسوس ہو اور اس لئے آنکھوں کو کھولا نہ جا سکے۔ جھٹکے والے درد سر جو دماغ کی گہرائی میں جاتے معلوم ہوں۔ چاند میں پھٹن ایسا معلوم ہو کہ چاند پھٹ جائے گا، یہ درد سر سے ہو کہ گدی سے اور سر میں جاڑا اور تپکن پیدا کرے، مریض کو لیٹ جانے کے لئے مجبور کرے۔ اور مریض بستر میں کروٹیں بدلا کرے۔ ایسے درد کو سر باندھنے سے آرام ہو، پیشانی اور کنپٹیوں میں سوئیوں کا چبھنا آنکھوں پر وزن، پیشانی کے درمیان جھٹکے والا درد جو یکایک سر ہلانے سے جھٹکے سے یا ہلنے سے دوبارہ شروع ہو جائے۔ گدی میں دبانے والے درد دماغی محنت سے، حرکت سے۔ شور سے۔ جھٹکے سے، روشنی سے، چمکنے سے، ٹھنڈی ہوا سے ہو۔ اور سر کو کھینچ کر باندھنے سے یا گرم کپڑے میں لپیٹنے سے یا گرم پیٹوں سے اور گرم مکان میں کمی ہو۔ رات کے وقت سر پسینہ کی زیادتی سے سرکا تر ہو جانا۔ مریض سر کو لپیٹنا چاہے۔ گدی چھونے سے درد

کرے۔ یہاں تک کہ ٹوپی بھی برداشت نہ ہو سکے۔ سر کی پشت پر دانے، ترخنک
یا متعفن جن میں جلن، خارش ہو اور جن میں سے مواد رسے کھوپڑی پر خارش ہوں
کے کھجانے کے بعد درد ہو کھوپڑی اور گردن پر خارش کرنے والے آبلے جن کو گرم
کپڑا باندھنے سے آرام ہو۔

آنکھ۔ آنکھوں میں ورم، سرخی، ٹیس اور جلن کے ساتھ پیپ کی زیادتی
رات کے وقت پپوٹوں کا چپکنا۔ صبح کے وقت آنکھوں میں درد کرنے والی خشکی
ایسا معلوم ہو کہ آنکھوں میں ریت بھری ہے۔ آنکھوں کو دبانے سے گولی کے سے
درد۔ کمزوری گرمی انفیکشن۔ داہنی آنکھ کے آنسوؤں کے غدود اور آنسوؤں کی
نلیوں میں ورم، جلد متورم۔ بینائی میں دھندلا پن آنکھوں کے سامنے ستاروں کا
گزرنا۔ آنکھوں کے سامنے سیاہی اور درد سر کے بعد۔ حروف آپس میں ملے معلوم ہوں
اور زرد معلوم ہوں۔ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے۔ آنکھ کی پتلی میں زخم اور ورم
آنکھوں کے کنارے ماؤف ہو جائیں روشنی سے خصوصاً دن کی روشنی سے
تکلیف بڑھے۔ کیونکہ اس سے دھندلا آنکھوں میں زخم کی وجہ سے اگر ماڈا
یا جالا پیدا ہو جائے تو سلیبیا نمبر ۳ کئی ماہ تک استعمال کرنے سے رفع ہو جاتا ہے
پیپ کا پیشتر دب جانے کے بعد موقیا بند۔ آنکھوں میں کوا سفید۔

کان۔ بیرونی کان میں ورم اور اس کے ساتھ اندرونی کان۔ سوزش رطوبت
اور اسی کے ساتھ کانوں میں سی سی کی آوازیں۔ دونوں کان جس میں کھنچاوٹ ہو اور سوئیاں
چبھیں۔ کانوں میں خارش خصوصاً نہاتے وقت کانوں کا بند ہو جانا جو یک دم
کھل جائیں اور اندر کانوں میں گرجن اور گلنے کی آوازیں۔ اونچی آوازوں سے

زکام الرجی۔ کانوں کی ہڈیوں کا گلنا۔ کانوں کے گرد پھوڑے۔ اندرونی کان پک جائیں بعد ان میں سے گاڑھا زرد مواد نکلے۔

ناک۔ اکثر چھینکیں، یا چھینکوں کی بے سود کوشش۔ ناک سے تیز سوزش پیدا کرنے والی اور پھیلنے والی رطوبت۔ بغیر زکام کے ناک سے رطوبت کی زیادتی خشک زکام اور نتھنوں کا مکمل طور پر بند ہو جانا۔ بعد دیگرے تر اور خشک زکام۔ ناک کے نیچے ایک درد کرنے والا مقام جس کو چھونے سے درد ہو۔ ناک اندرونی طور پر خشک، درد کرے، جل جائے اور اس پر کھرنڈ ہوں۔ ناک کی جڑ میں کھنچنے والا درد۔ نیز دانے پھوڑے کی ہڈی میں۔ نکسیر۔ ناک میں خارش۔ ناک کے گرد مسے کی خارش، شام کے وقت ناک کی ہڈیوں میں پھوڑے کا سا درد۔ ایسا معلوم ہو جیسے چوٹ لگی ہے۔ ناک کی نوک پر خارش۔ ناک کے اندر خشک، سخت، کھرنڈ جن کو نکالنے سے خون بہے، ناک میں علاوہ تکلیف ہڈیوں یا جوڑنے والے ریشوں سے تعلق رکھتی ہو۔ متعفن رطوبت ناک کی ہڈیوں کا گلنا جس میں متعفن مواد آئے۔

چہرہ۔ تمام بیماریوں کا سا نیچے کے ہونٹ پر دانے اور زخم اوپر کے ہونٹ کے کناروں پر آبلے جن کو چھونے سے درد ہو۔ منہ کے کناروں میں درد کرنے والے زخم، خارش کے ساتھ۔ منہ کے گرد جلن۔ رخسار پر دانے تھوک کے غدودوں میں درد کرنے والا ورم جس کو چھونے سے درد ہو۔ چہرے کا عصبی درد جس میں ٹیک لگانے سے چہرہ سرخ ہو جائے۔ یہ درد ٹھنڈے مرطوب موسم میں بڑھے۔ چہرے پر چھوٹے چھوٹے گومڑ مسلی پھوڑا یعنی نتھنوں میں سے گاڑھا مواد نکلے۔ چہرے پر دانے جن کے اندر درد گاڑھا مواد

ہو۔ جبڑوں کی ہڈیاں گل جائیں یا سڑنے لگیں۔

مسوڑھے سوجے ہوئے معلوم ہوں اور ان کے ساتھ مسوڑھوں میں پھوڑے کا سا درد بھا درد ہو۔ مسوڑھے متورم اور پکے ہوئے۔ ٹھنڈا پانی منہ میں لینے سے مسوڑھوں میں بے حد درد۔ مسوڑھوں میں ٹھنڈی ہوا سے درد۔ آنکھ کی پتلیوں کی جڑ میں دنبل۔ دانتوں میں درد۔ بحر یکایک پیروں کو سردی لگ جانے یا پیروں کے بھیگنے سے ہو۔ زبان میں درد زبان کے اگلے حصے پر آبلے پڑے ہونے کا احساس زبان سخت ہو جائے۔ منہ سے متعفن بو صبح کے وقت کھانے کے بعد کھٹا ڈکار۔ منہ میں خشکی۔

حلق۔ حلق میں درد نگلنے پر ایسا معلوم ہو۔ جیسا کچھلی ہوئی جگہ سے نگلا جا رہا ہے۔ خصوصاً بائیں جانب۔ کاک (کوے) میں درد۔ نگلتے وقت درد۔ تیز چبھتے درد، نگلتے وقت حلق میں دبانے والا اور کانٹے چبھنے والا درد حلق میں نالچے۔ نگلنے پر غذا ناک کے راستہ واپس آجائے گلے کے غدودوں میں ٹوٹتی درد۔ غدودوں میں ایسا معلوم ہو۔ جیسے سوئی چبھ رہی ہے۔ حلق میں نزلہ۔ حلق کے غدود متورم۔ حلق میں زخم جس میں سے گاڑھا زرد مواد نکلے۔ غدود متورم اور بڑھے ہوئے جبکہ ان میں پیپ آگیا ہو (اگر سلیسیا مندمل نہ کرسکے تو کلکیریا سلف دو)۔

معدہ۔ بھوک کی زیادتی یا بھوک کا نہ ہونا بے حد پیاس صبح کے وقت غائقہ کڑوا یا کھٹی تیز سوزش پیدا کرنے والی ڈکار۔ غذا کے بعد حلق میں جلن کے ساتھ۔ پانی کا مزہ برا سا معلوم ہو پینے کے بعد قے متلی، اچھی بھوک اور غذا میں تلفق مزے کے ساتھ کھانے کے بعد معدے میں بھاری پن اور بوجھ۔ فم معدہ میں بچوڑ خصوصاً

کھانے کے بعد۔ گوشت اور گرم غذا سے نفرت۔ نکلتے وقت غذا ناک کے راستے باہر آجائے۔ یا حلق کے اوپر چڑھ جائے۔ کوڑی کا سخت ہو جانا۔ دیرینہ بد ہضمی تیزابی ڈکاروں کلیجہ میں جلن اور سردی کے ساتھ۔ بچہ جوں ہی دودھ پیتے ذرا ہی قے کر دے۔

**شکم**۔ شکم اور جگر کے مقام میں دبانے والا درد۔ شکم میں نفخ، سخت اور تنا ہوا ریاح کا بیحد گڑگڑاہٹ کے ساتھ۔ سخت متعفن ریاح کا اخراج۔ شکم میں کاٹنے والے اور نوچنے والے درد قبض کے ساتھ۔ گلہریوں کے غدود بڑھے ہوئے اور چھونے سے درد کریں۔ شکم میں سردی کا احساس جس کو بیرونی گرمی سے آرام ہو۔ جگر میں ورم یا زخم۔

**پاخانہ اور مبرز**۔ مبرز میں کٹن اور ڈنک لگنے کے سے درد۔ پاخانہ کے دوران جلن اور ڈنک لگنے کے سے درد مقعد میں تھی۔ مقعد میں جلن خصوصاً شکنک اور سخت پاخانہ کے بعد۔ مقعد میں پاخانہ کے وقت سکڑن۔ پاخانہ کی مسلسل مگر بے سود خواہش۔ پاخانہ بہت وقت تک مبرز میں رہے۔ دست، پاخانہ حد سے زیادہ متقطع۔ قبض، پاخانہ مقدار میں کم، یا سخت گولیوں کا سا مٹیالے رنگ کا جس کا نکلنا مشکل ہو۔ بوجہ مبرز کی کمزوری کے، جب تھوڑا سا باہر نکل آئے تو پھر اندر لوٹ جائے درد کرنے والے بواسیر کے مسّے، جو پاخانہ کے دوران باہر نکل آئیں۔ قبض حیض کے پہلے اور حیض کے دوران مقعد میں ناسور۔ مبرز میں تشنگات۔

**مثانہ**۔ پیشاب تحول آمیز۔ از خود ہو جائے اور اس میں سرخ یا زرد رسوب ہو۔ پاخانہ پر زور لگاتے وقت ندی خارج ہو۔ ماں بچوں کا از خود

نکل جائے، جو کیڑوں کی تکالیف میں مبتلا ہوں، پیشاب کی زیادتی پیشاب کی نالی میں تحریک کے ساتھ گردے پک جائیں اور پیشاب میں پیپ ہو۔

**آلات تناسل مردانہ۔** خواہش نفسانی بڑھی ہوئی یا بالکل کمزور۔ رات کے وقت شدید استادگی۔ رات کو احتلام۔ شہوانی خیالات۔ پاخانہ پر زور لگاتے وقت ندی کا اخراج۔ فوطوں پر خارش اور نمدار داغ۔ فوطوں پر پسینہ۔ ہائیڈروسیل۔ آلات تناسل میں جلن اور پھوڑے کا سا درد۔ رانوں کی اندرونی سطح پر دانوں کے ساتھ پرانا سوزاک، گاڑھی، متعفن رطوبت کے ساتھ۔ پرانی سفلس (آتشک) رشتوں میں زخم سخت ہو جائیں ندی کے غدودوں میں ورم جبکہ وہ پکنا شروع ہوں۔

**آلات تناسل زنانہ۔** حیض بڑھا ہوا، اور اس کے ساتھ تمام جسم میں سرد ہو جانے کے بار بار دورے۔ حیض بیکران کے ساتھ پیروں میں متعفن پسینہ قبض اور تمام جسم میں سردی موجود ہو۔ حیض کٹنے سے پانی سے ٹھنڈے پانی میں کھڑے ہونے سے رک جانے۔ حیض رکا ہوا۔ حیض بہت جلد جلد اور بہت کمزور۔ دودھ کا سا تیز سوزش پیدا کرنے والا سیلان۔ اندام پیشاب کرتے وقت۔ شرمگاہ میں جلنے کا احساس، شرمگاہ میں خارش، جلن اور درد دوران حیض۔ پستان متورم، سخت اور درد کریں۔ ایسا معلوم ہو جیسے کھینچے جا رہے ہیں۔ پستانوں میں گانٹھیں جو پکتی معلوم ہوں۔ بائیں سر پستان میں تیر لگنے کے سے اور چلنے والے درد۔ سر پستان میں زخم اور درد ہو۔ پستانوں میں ناسور بننے میں تامور۔ ہر دفعہ بچہ کے دودھ پینے پر شرمگاہ سے خون کا سیلان شرمگاہ میں ورم۔

**آلات تنفس۔** حنجرے میں کھرکھراہٹ اور آواز کا بیٹھنا۔ خشک، کھانسی بیٹھی ہوئی آواز کے ساتھ، سینہ میں درد کے ساتھ جس سے حلق میں سرسراہٹ پیدا ہو۔ کھانسی، خصوصاً شام کے وقت، لیٹ جانے پر، اور رات کے وقت اور صبح جاگنے پر۔ بلغم، گاڑھا زرد، لیچے دار، پیپ کا سا نس دار، سبزی مائل مقدار میں زیادہ تنفس رکا ہوا تنفس میں تنگی۔ کھانستے وقت سینہ میں چوٹ کا سا درد۔ سینہ میں اور سینہ کے اطراف میں سوئیاں چبھنے کا سا درد۔ سینہ کی سامنے والی ہڈی میں دبانے والا درد۔ زکام جلد ٹھیک نہ ہوں۔ نمونیہ کے بعد مکمل شفا نہ ہو۔

**گردن اور پیٹھ۔** گردن کے غدود متورم، سخت۔ گردن میں اکڑن درد سر کے ساتھ پیٹھ میں کمزوری اور اعضا میں فالج کا احساس جس سے مریض کو چلنے میں دقت ہو۔ پیٹھ میں جلن جبکہ مریض کھلی ہوا میں چل رہا ہو اور گرم ہو جائے، کمر میں درد گولی کے سے، تپکن کے سے، اور جلن۔ چوتڑوں کے درمیان سوئیاں چبھیں کندھوں کے درمیان بہت اوپر پھاڑنے والے درد۔ کمر میں اکڑن اور درد اپنی جگہ سے اٹھنے سے یا صبح کے وقت بستر سے باہر نکلتے سے۔ کمر میں اور چوتڑوں میں درد جیسے کوٹا پیٹا گیا ہے۔ پیچھی میں درد ہو اور ایسا معلوم ہو کہ بہت دیر تک گھوڑے کی سواری کی ہے۔ اپنی جگہ سے اٹھتے وقت پیچھی کے سرے میں ڈنک لگنے کے سے درد۔ ہو دبانے سے درد کریں۔ ریڑھ میں کمزوری۔ اور پیٹھ پر ہوا کا جھونکا برداشت نہ ہو۔ ریڑھ میں چوٹوں کی وجہ سے تکلیف۔ ریڑھ کی ہڈی میں تکلیفیں۔

اعضاء۔ ناخن پیلے، زرد۔ پھٹے ہوئے اور بدوضع۔ ناخنوں کے گرد زخم۔ اعضاء میں کمزوری جس کی وجہ سے چلنے میں دقت ہو۔ اعضاء جلد سن ہو جائیں۔ ٹانگیں اور پیر برف کے مانند ٹھنڈے۔ اعضاء میں چوٹ کا سا درد اور لنگڑاپن۔

بازو۔ بازو میں بھاری پن اور فالج کی سی کمزوری۔ تمام اعضاء میں خصوصاً ہاتھوں میں رعشہ بطلوں سکہ فاروقوں کا متورم ہونا۔ کلائیوں میں اور ہاتھوں میں چیرنے والے درد۔ بازو سن ہو جائیں۔ جب ان کے بل سویا جائے بازوؤں اور ہاتھوں کی جلد پھٹ جائے۔ معمولی سی محنت کے بعد ہاتھوں کے اینٹھن کے سے درد اور لنگڑاپن ہاتھوں میں پسینہ کی زیادتی۔ رات کے وقت ہاتھ سو جائیں۔ ناخن زرد اور کھردرے۔ انگلیوں کی نوکوں میں خشکی۔ پھیلنے والے جوڑ بندوں میں سکڑن۔ انگلیوں کو حرکت دینے میں دقت ہو انگلیوں میں چیرنے والے کھینچنے والے، سوئیاں چبھنے کے سے درد اور انگلیوں کا سن ہو جانا۔ ایسا معلوم ہو کہ وہ پک رہی ہیں یا ان کے اندر لہریں بن رہی ہے ٹانگیں۔ ٹانگوں میں بھاری پن اور تھکاوٹ چوتڑوں اور رانوں میں پھاڑنے والے درد اور سوئیاں چبھنے والے درد۔ ٹانگوں پر زخم جن میں سوئیاں چبھیں اور درد ہوں۔ چوتڑے جوڑ ہیں ایسے درد جیسے پکنے کے ہوں، چوتڑوں سے پیروں تک کھینچنے والے درد۔ عرق النسار چوتڑوں سے شروع ہو کر ٹانگوں میں سے ہوتے ہوئے پاؤں کو آئیں۔ گھٹنا درد کرے۔ اور ایسا معلوم ہو جیسے سختی سے باندھ دیا گیا ہے۔ گھٹنے میں بیٹھی ہوئی حالت میں

پھاڑنے والے درد جن کو حرکت سے آرام ہو۔ پنڈلیوں میں اینٹھن کی سی کھینچاوٹ۔ پیروں میں ورم سرخی۔ ہر روز شام کے وقت پیروں میں سے بغیر پسینہ کے ناقابل برداشت تعفن پیروں میں متعفن پھنسیاں اور انگلیوں میں درد کے ساتھ پیروں میں جلن، تلوؤں میں اینٹھن۔ ایڑی پر گوشت خورہ زخم خارش کے ساتھ تلوؤں میں درد اور جلن۔ انگلیوں میں پک جانے والی خارش، انگوٹھوں میں مسلسل، شدید پیپ کے درد۔ ناخن اگتے وقت جلد کے اندر گھس جائیں۔ گٹوں میں سوئیاں چبھنے کے سے درد ہوں نیز انگوٹھے کے نیچے۔

**مخصوص خواص** ۔ کمزوری اور کمزوری کا احساس۔ مریض لیٹ جانا چاہے۔ صبح کے وقت جاگنے کے بعد، اٹھنے پر، شام کے وقت چلنے کے بعد، اور رات کے وقت لاغری، چہرے پر زردی اور چہرے پر تکلیف کی اظہار کے ساتھ لکھتے وقت ہاتھ کانپنا جسم کے بائیں حصہ میں ٹھنڈک، مرگی کے دورے جس میں آنکھیں چڑھ جائیں۔ ہونٹوں میں اینٹھن ہو۔ زبان کتے کی طرح باہر لٹک جائے۔ سر اور اعضاء بدشکل ہو جائیں۔ یہ دورے نئے چاند یا پورے چاند پر ہوں۔ بے چینی تحریک کے ساتھ۔ حرارت عزیزی میں کمی۔ ورزش کرنے پر بھی جسم گرم نہ ہو۔ ٹھنڈی ہوا سے ذکی الحسی، جلد زکام ہو۔ تمام جسم میں چوٹ کے سے درد کا احساس جماع کے بعد، رات کے وقت ایسا معلوم ہو جیسے کہ ایک جانب سو سا گیا ہو اور جسم کا وہ تمام حصہ جس پر لیٹا جائے، درد کرے ایسا معلوم ہو جیسے اس میں زخم پڑ گئے ہوں۔ ننگا کرنے سے جاڑا محسوس ہو۔ پیاس ہو۔ سر میں تھکاوٹ

ہو جسم کے مختلف حصص میں خارش اور سوئیاں چبھنے سے دفع ہو جاتا
کا احساس کرچاقو اس کی طرح دوڑتے ہیں۔

جلد۔ چھوٹے چھوٹے زخم بھی جلد نہ مندمل ہوں اور پک جائیں۔ درد کرنے والے
آبلوں کے سے دانے جن میں آخر کار پک کر زخم بن جائیں۔ یہ دانے پیشانی پر گدی میں
سینہ کے سامنے اور پیٹھ میں ہوں۔ اکزیما کے دانے جسم کے مختلف حصص پر چھوٹے چھوٹے
گروہ، اندان میں چھونے سے ڈنک لگنے کے سے درد ہوں اور جن میں سے متعفن اور
سوزش پیدا کرنے والا مواد بہے اور گوشت باہر ابھرا ہوا معلوم ہو۔ جسم کے مختلف حصص
میں خارش جس کی زیادتی رات کے وقت ہو۔ غدودوں میں بغیر درد کے ورم نیز ان کا پک
جانا۔ ناسور جن میں سے متعفن مواد بہے۔ اور ناسور کے گرد جلد سخت، متورم اور نیلگوں ہو
موسم بہار میں پھوڑوں کی رغبت۔ کاربنکل پھوڑے زخم وغیرہ ان میں سے گاڑھا تدرواد
چور جلد پر زخم آہستہ آہستہ مندمل ہوں، مگر پک فوراً جائیں۔

**کمی و زیادتی**۔ رات کے وقت خصوصاً پورے چاند پر پسینہ کی رکاوٹ۔ حرکت
سے تمام تکالیف بڑھ جائیں۔ شور۔ دباؤ حرکت اور روشنی ناقابل برداشت ہو۔ گرمی
سے اور سلیک کریسے تسکین ہو۔


**خوراک**: ۳ x یا ۶ x سے نہایت شاندار نتائج بفضل سوشل حاصل ہوئے
ہیں۔ خارجی طور پر اس کا استعمال حمرہ۔ سیلولائٹس سوزش رحم اور مجرا الاثف کو سود مند
ہے۔ کہنہ امراض میں ۳۰ قوت کی ایک خوراک یومیہ پر قناعت کی جائے۔

---

ختم شد

---

اتحاد پرنٹنگ پریس مال روڈ لاہور


بایوکیمک سائنس
نسخہ جات
بایوکیمیسٹری
ہر مرض کا علاج
بایوکیمک کی بارہ دوا سے کیجئے

# فہرست مضامین


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| **الف** | |
| آتشک | ۳۰۳ |
| آنتیں | ۲۰۹ |
| آنکھ دکھنا | ۲۸۲ |
| آنکھوں کی تکلیف | ۲۴۳ |
| آکلہ | ۲۱۳ |
| آواز کا بیٹھ جانا | ۲۶۱ |
| آواز کا بند ہو جانا | ۲۰۳ |
| اُبھار | ۲۴۱ |
| اختناق الرحم | ۲۶۲ |
| ارتشاح | ۲۴۲ |
| استحاضہ | ۲۷۷ |
| استسقاء | ۲۳۴ |
| اسہال | ۲۳۰ |
| اعصابی درد | ۲۷۹ |
| اکوتہ | ۲۳۹ |
| التہاب سلسلۃ النظہر | ۲۹۱ |
| انفلوائنزہ | ۲۶۲ |
| اینٹھن | ۳۰۰ |
| **ب** | |
| باؤ گولہ | ۲۶۲ |
| بائی کے درد | ۲۸۸ |
| بچوں کا ہیضہ | ۲۱۸ |
| بخار | ۲۴۶ |
| بدہضمی | ۲۳۷ |
| بواسیر | ۲۵۹ |
| بول شکری | ۲۳۰ |
| بھٹنیوں میں درد | ۲۸۱ |
| بہرہ پن | ۲۲۸ |
| بھگندر | ۲۴۷ |
| بھوک | ۲۰۳ |
| بھینگا پن | ۳۰۲ |
| بے خوابی | ۲۶۴ |
| بے ہوشی | ۲۴۶ |
| **پ** | |
| پتہ کی پتھریاں | ۲۴۷ |
| پسینے | ۳۰۳ |
| پلورسیسی | ۲۸۶ |
| پھوڑے | ۱۹۹ |
| پھیپھڑوں میں پھلاوٹ | ۲۸۲ |
| پیٹھ کا درد | ۲۰۶ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بیچینی | ۲۳۵ |
| پیشاب کی تکالیف | ۳۱۲ |
| پیشاب میں البومن | ۲۱۱ |
| پیلیا | ۲۶۴ |
| **ت** | |
| تپ محرقہ | ۳۰۹ |
| تشنج | ۳۰۰ |
| تلی کا ورم | ۳۰۱ |
| تنفس | ۲۱۱ |
| **ٹ** | |
| ٹائیفائڈ بخار | ۳۰۹ |
| ٹائیفس بخار | ۳۱۱ |
| ٹھنڈ لگ جانا | ۳۱۹ |
| ٹیڑھا پن | ۲۹۱ |
| **ج** | |
| جریان | ۳۰۰ |
| جریان الرحم | ۲۶۸ |
| جگر کی تکالیف | ۲۶۹ |
| جلنا | ۲۱۳ |
| جلد مصر | ۲۰۴ |
| جلدی تکالیف | ۲۹۴ |
| جمو گا | ۲۷۰ |
| جوڑوں کا ورم | ۲۰۴ |
| **چ** | |
| چکر | ۳۱۶ |
| چوتڑ کے جوڑ کی تکالیف | ۲۶۸ |
| چوٹیں | ۲۷۲ |
| چیچک | ۲۹۰ |
| چیچک کا ٹیکہ | |
| **ح** | |
| حادثات | ۳۰۰ |
| حلق کا پکنا | ۲۹۸ |
| حلق کے غدود دل کا ورم | ۳۰۶ |
| حلق میں درد | ۲۹۸ |
| حمل کی متلی وقے | ۲۷۷ |
| حمل و ولادت | ۲۶۵ |
| حیض | ۲۸۴ |
| حیض کی زیادتی | ۲۷۳ |
| حیض کی کمی | ۲۰۰ |
| **خ** | |
| خسرہ | ۲۷۱ |
| خصیوں میں ورم | ۲۸۲ |
| خصیوں کی بیماریاں | ۳۰۴ |
| خنازیر | ۲۹۴ |
| خناق | ۲۳۴ |
| خون کی علامات | ۲۰۸ |
| خون کی نالیوں میں خون کے رک جانے سے گانٹھیں | ۲۰۲ |
| خون کی نالیوں میں گانٹھیں | ۲۰۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| د | |
| دانت نکلنے کا زمانہ | ۲۲۹ |
| درد | ۲۸۳ |
| درد دانت | ۳۰۷ |
| درد سر | ۱۵۴ |
| درد شکم | ۲۳۰ |
| درد کمر | ۲۷۰ |
| درد والے حصص | ۲۳۴ |
| دست | ۲۳۰ |
| دق | ۲۲۴ |
| دل کا بھینچنا | ۲۰۲ |
| دل کی تکالیف | ۲۵۶ |
| دماغ | ۲۰۹ |
| دماغی تھکاوٹ یا کمزوری | ۲۱۰ |
| دماغی چوٹ | ۲۲۱ |
| دماغی کیفیتیں | ۲۷۶ |
| دمہ | ۲۰۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ذبیل | ۱۹۹ |
| دو حیضوں کے درمیان خون | ۲۷۷ |
| دورے | ۲۴۷ |
| دھڑکن | ۲۸۴ |
| ذ | |
| ذکر تصویر یا | ۲۳۳ |
| ذ | |
| ذائقہ اور زبان | ۳۰۵ |
| ذات الجنب | ۲۸۶ |
| ذات الریہ | ۲۸۷ |
| ذیابیطس | ۲۳۰ |
| ر | |
| رات کو بستر میں پیشاب نکل جانے | ۲۳۹ |
| رحم کی بیماریاں | ۲۱۴ |
| رحم کی ورم | ۲۷۷ |
| رعشہ | ۲۱۹ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ریاح | ۲۴۷ |
| ریڑھ کی ہڈی کی بیماریاں | ۳۰۱ |
| ریڑھ کے مہروں کی سوجن | ۲۹۰ |
| ز | |
| زبان اور ذائقہ | ۳۰۵ |
| زہر خانہ کا بخار | ۲۸۸ |
| زخم | ۳۱۱ |
| زرد بخار | ۳۱۹ |
| زکام | ۲۱۹ |
| زہر باد | ۲۴۱ |
| س | |
| سانس | ۲۱۱ |
| سبز کبس | ۲۱۷ |
| سرخ بادہ | ۲۴۱ |
| سرخ بخار | ۲۹۲ |
| سرپستان میں تکلیف | ۲۸۱ |
| سردی لگ جانا | ۲۱۹ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| سرسام | ۲۷۳ |
| سرطان | ۲۱۴ |
| سرگھومنا | ۳۳۴ |
| سفلس | ۳۰۳ |
| سفید پانی | ۲۶۸ |
| سکتہ | ۲۰۳ |
| سن سٹروک | ۳۰۲ |
| سوزاک | ۲۵۲ |
| سوکھا | ۲۰۶ |
| سوکھنا | ۲۷۱ |
| سیلان خون | ۲۵۸ |
| سیلان الرحم | ۲۶۸ |
| **ش** | |
| شریانی رسولی | ۲۰۲ |
| **ص** | |
| صرع | ۲۴۰ |
| **ض** | |
| ضغطۃ القلب | ۲۰۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| **ع** | |
| عرق النساء | ۲۹۳ |
| عفونتی بخار | ۲۸۸ |
| **غ** | |
| غدودوں کی تکالیف | ۲۵۰ |
| غش کھانا | ۲۴۶ |
| غنودگی | ۲۳۵ |
| **ف** | |
| فالج | ۲۸۵ |
| فوطوں میں پانی بھر جانا | ۲۶۴ |
| **ق** | |
| قبض | ۲۲۲ |
| قولنج | ۲۲۰ |
| **ک** | |
| کاٹنا | ۲۰۷ |
| کاربنکل | ۲۱۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| کالرا | ۲۱۷ |
| کالی کھانسی | ۳۱۷ |
| کان کا درد | ۲۸۳ |
| کان کی تکالیف | ۲۳۷ |
| کانور | ۲۶۴ |
| کبڑا پن | ۲۹۰ |
| کثرت حیض | ۲۷۳ |
| کدو دانے | ۳۰۴ |
| کرمل | ۲۷۹ |
| کروپ کھانسی | ۳۲۷ |
| کزاز | ۲۰۸ |
| کسی مادہ کا آکر جلد پر جمع ہو جانا | ۲۴۲ |
| کلیجہ کا جلنا | ۲۵۸ |
| کمی خون | ۲۰۱ |
| کنٹھ مالا | ۲۹۴ |
| کھانسی | ۳۲۵ |
| کیڑے | ۳۱۸ |

صفحہ


کیڑوں کے ڈنک ۲۰۷
کینسر ۲۱۳
کینسر اور گومڑ ۳۰۸

گ

گٹھیا ۲۵۳
گردے کی تکالیف ۲۶۵
گلسوئے ۲۷۹
گنوریا ۲۵۲
گومڑ اور کینسر ۳۰۸
گھیگھا ۲۵۱

ل

لال بخار ۲۹۲
لنگڑی کا درد ۲۹۳
لو لگنا ۳۰۲
لیکوریا ۲۶۸

م

مثانہ ۲۰۷
مجروحوں کا رعشہ ۳۱۷
مرگی ۲۴۰
مزمن کھانسی ۲۱۱
مسوڑھے کا پھولنا ۲۵۴
معدہ کی خرابیاں ۲۴۸
مقعد میں ناسور ۲۴۷
ملیریا بخار ۲۶۴
منہ آنا ۲۰۳
منہ کی تکالیف ۲۷۸
موتیا بند ۲۱۴
موتیا سیکلا ۲۱۶
میعادی بخار ۲۰۹
مینجائی ٹس ۲۷۳

ن

نبض ۱۸۸
نزلہ ۲۱۵
نکسیر ۲۴۱
نمونیہ ۲۸۷
نواسیر ۲۴۷
نوبتی بخار ۲۶۴
نیند ۲۹۷

و

وبائی نزلہ ۲۶۸
وبائی زکام ۲۶۲
وجیع المفاصل ۲۸۸
ورم ۲۶۳
ورم پاریطون ۲۸۶
ورم حجاب القلب ۲۳۹
ورم الدماغ ۲۷۳
ورم رحم ۲۷۷
ورم طحال ۳۰۱
وریدوں کی تکالیف ۲۱۵

ہ

ہائیڈروسیل ۲۶۲
ہچکی ۲۰۰
ہڈیوں کی تکالیف ۲۰۸
ہذیان ۲۲۸
ہسٹریا ۲۶۲
ہیضہ ۲۱۷

ی

یرقان ۲۶۴

# نیخ سجات

# بائیوکیمسٹری

## دنبل پھوڑے Abscess

فیرم خاس ہر قسم کے دنبلوں وسرطان وکاربنکل وغیرہ میں جب ورم کی ابتدائی حالت ہو۔ اور بخار، درد، موجود ہو، کالی میور سے کچھ بعد دیگرے استعمال کرو۔

کالی میور۔ دنبلوں وغیرہ کے دوسرے درجہ میں جب ورم موجود ہو لیکن مواد نہ بنا ہو۔ اگر فیرم خاس کے ساتھ کچھ بعد دیگرے دی جائے گی تو ورم تحلیل ہو جائے گا اور مواد نہیں بنے گا۔ اگر پستانوں پر دنبل بن رہا ہو۔ اور ورم بہت زیادہ ہو مگر پیپ نہ بنا ہو تو اس کو ویسلین میں ملا کر بطور مرہم کے اور گرم پانی میں ملا کر بطور محلول کے استعمال کرو۔

سلیسیا۔ کالی میور کے استعمال کے بعد جب مواد بننا شروع ہو گیا ہو۔ تو سلیسیا دنبل کو پکا کر پھوڑ دیتی ہے، اور جب دنبل پھٹ جائے تو سلیسیا کو داخلی و خارجی طور پر استعمال کرو۔ اگر ناخن اتر جائے تو

بھی سلیسیا کا استعمال کرو۔

**کلکیریا سلف** ۔ سلیسیا کے استعمال کے بعد اگر ورم چلا گیا ہو اور مواد آتا ہو یا رستا ہو یا زخم نہ بھرا ہو تو کلکیریا سلف استعمال کرو۔ یہ زخم کو بھر دیگا۔

**کلکیریا فلور** ۔ جب ورم ہڈیوں میں پہنچ رہا ہو یا زخم کے کنارے سخت ہوں۔ پیپ دے کے دنبل جس سے قبل ہڈیوں کی تکلیف موجود ہو۔

**نیٹرم سلف** ۔ دیرینہ ناسور خصوصاً ٹانگوں کے جبکہ مواد پانی کا سا پتلا ہو اور زخم کے گرد سیاہ نیلگوں کنارے ہوں۔

**کالی فاس** ۔ جب مواد خون آمیز خارش کرنے والا متعفن اور دیکھنے میں گندہ ہو۔ پستانوں سے اگر متعفن اور گندہ مواد آئے۔

## MECHANICAL حادثات (دیکھو) ACCIDENTS
## یعنی جسمانی چوٹیں INJURIES

## INTERMITTENT FEVER ملیریا بخار (دیکھو) AGUE
## نوبتی بخار

## AMENORRHOEA حیض کی کمی

**کلکیریا فاس** ۔ جبکہ مریضہ میں خون کی کمی ہو۔

**کالی فاس** ۔ حیض دیر میں ہو اور بار بار رک جائیں۔ پستانوں میں سستی اور عام عصبی

کمزوری موجود ہو۔

**کالی سلف** ۔ حیض بہت دیر میں یا مقدار میں کم، شکم میں بھراؤ اور وزن کے ساتھ (مریضہ کی زبان کا رنگ ملاحظہ کرو)

**کالی میور** ۔ بلغمی مزاج ۔ زبان پر سفیدی ۔

# کمی خون ANAEMIA

**کلکیریا فاس** ۔ چہرہ زرد یا سبزی مائل سفید۔ کمی خون جہاں جاذبیت کی کمی ہو خون میں سفید اجزاء کی زیادتی کسی کمزور کرنے والی بیماری یا لمبی بیماری کے بعد۔

**فیرم فاس** ۔ کلکیریا فاس کے بعد اگر سرخ اجزاء میں اب بھی کمی معلوم ہو۔

**نیٹرم فاس** ۔ سبز بھس کی کیفیتوں میں جہاں خون پتلا پانی کا سا ہو اور نہ جمے۔ نوجوان سن بلوغت میں پہنچنے والی لڑکیوں میں جبکہ حیض نہ آئے یا بے قاعدہ ہو۔ قبض اور غضب کی غم گینی۔

**کالی فاس** ۔ کمی خون مسلسل دماغی محنت کے بعد۔ یا لمبی کمزوری کرنیوالی بیماری کے بعد جب آکوتہ یا جسم پر دوسرے دانے ہوں اور ساتھ ہی ساتھ خون میں کمی۔

**کالی میور** ۔ بلغمی مزاج اور زبان پر سفیدی ہو تو کلکیریا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

**نیٹرم سلف** ۔ دموی مزاج جبکہ کمی خون کی وجہ نمدار مکانوں میں رہنے سے ہو۔ یا سائیکوسس کا اثر مریض میں موجود ہو۔

**نیٹرم فاس** ۔ کمی خون بلغمی اور تیزابیت کے ساتھ۔ کلکیریا فاس کے ساتھ

یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

سلیسیا۔ چھوٹے بچوں میں کمی خون جب کہ ان کی پرورش اچھی طرح نہ ہو، پتلے، نازک اور نہ بڑھنے والے بچے کسی دوسری مندرجہ بالا ادویہ میں سے ایک کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

## شریانی رسولی۔ خون کی نالیوں کی گانٹھیں ANEURISM

## خون کی نالیوں میں خون کے رک جانے سے گانٹھیں

فیرم فاس۔ دورۂ خون کو درست کرنے کے لیے اور قلب کے فعل کو راہ راست پر لانے کے لیے مرض کے آغاز میں بہتر ہے۔ اگر ضرورت ہو تو کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

کلکیریا فلور۔ اس مرض کی بڑی دوا ہے۔

## دل کا بھنچنا۔ دل ڈوبنا ANGINA PECTORIS

## ضغطۃ القلب۔ درد دل

گنیشیا فاس۔ جب کہ دورے درد کے ہوں اور دفعۃً تیز ہو۔

کالی فاس۔ دل کی حرکت نوبتی ہو یعنی دل کی حرکت درمیان میں اپنی چالیں چھوڑ دے خشی کی رغبت۔ گنیشیا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

فیرم فاس۔ سر میں دوران خون، چہرہ پر سرخی۔ گنیشیا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے

استعمال کرو۔

**APHONIA آواز کا بند ہو جانا** (نیز دیکھو آواز میں بھاری پن اور حلق)

**نیرم فاس** ۔ زیادہ تر گانے اور بولنے والے جن کی آواز، آواز کے زیادہ استعمال سے بند ہو گئی ہو یا ٹھنڈ کے جھونکے سے، سردی سے اور نمی سے۔ شام کے وقت حلق میں اکثر کھرچن۔

**THRUSH - APHTHACE منہ آنا** (نیز دیکھو منہ کے امراض)

**کالی میور** ۔ منہ آنا جبکہ یہ تکلیف چھوٹے بچوں یا دودھ پلانے والی مستورات میں ہو۔

**نیٹرم میور** ۔ جبکہ تھوک کی زیادتی ہو۔

**APOPLEXY سکتہ** (دیکھو HACOMORRHAGE

**GASTRIC سیلان خون**

**APPETITE بھوک** (دیکھو DERANGEMENTS

(ہاضمہ کی خرابیاں معدہ کی خرابیاں)

---

## جوڑوں کا ورم ARTHRITIS (دیکھو EUTISM

وجع المفاصل - بائی کیے درد)

**فیرم فاس** - ابتداء میں جب بخار، ورم اور درد ہو - جوڑوں میں تیز درد حرکت سے زیادتی - اس دوا کی خوراکیں جلد جلد دو اور خارجی طور پر بھی استعمال کرو - جب بخار اتر جائے تو اس کو بند کر کے جو دوا بھی بالمثل ہو استعمال کراؤ -

**نیٹرم سلف** - فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے تکلیف کی حالتوں میں دو - ورنہ دیگر دیرینہ حالتوں میں یہ دوا اکیلی کافی ہے جوڑوں میں درد - گٹھیا جو مرغن غذا کھانے سے پیدا ہوئی ہو - دیرینہ تکلیف کے لیے یہ بڑی دوا ہے خصوصاً اگر صفراوی کیفیتیں موجود ہوں -

**نیٹرم فاس** - ڈاکٹر والکر صاحب لکھتے ہیں کہ نیٹرم فاس جوڑوں کے درد کے بہترین دوا ہے خصوصاً جہاں جہاں کہ تیزابیت موجود ہو - (زبان کا رنگ سونے کا سا زرد زبان کی جڑ میں)

## جلندھر ASCITES (دیکھو DROPSY استسقاء)

## دمہ - ضیق النفس ASTHMA

**کلکیریا فاس** - پھیپھڑے کی نالیوں کا ورم - کف صاف اور لیلبلہ بچہ کو دمہ کا دورہ پانے سے اٹھانے پر ہوتا ہے (نیٹرم فاس) دمہ گاڑھے

زرد بلغم کے ساتھ۔

**کالی فاس** - سانس کے لیے عمدہ دوا ہے۔ زیادہ مقدار میں اور جلد جلد دو۔ نظام عصبی میں کمزوری عصبی دمہ۔ غذا کے بعد دمہ۔

**کالی میور** - دمہ جب کہ معدہ کی خرابی موجود ہو۔ زبان پر سفید میل قبض اور جگر کے فعل میں خرابی۔ بلغم گاڑھا سفید لیسدار کھانسنے میں دقت۔ کالی فاس کے ساتھ اس دوا کو یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی سلفٹ** - ہوا کی نالیوں کا دمہ۔ ہلکا زرد بلغم کسی قدر ڈھیلا اور جلد نکلے۔ گرم مکان میں یا موسم گرما میں زیادتی ٹھنڈی ہوا میں کمی۔

**نیٹرم میور** - دمہ جس میں بلغم صاف جھاگ دار ہو۔ آنکھوں اور ناک سے پانی آئے کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**مگنیشیا فاس** - دمہ تکلیف دہ ریاح اور سینہ میں سکڑن کے احساس کے ساتھ۔

**کلکیریا فلور** - جب کہ بلغم میں چھوٹی زرد گانٹھیں ہوں۔ بلغم مشکل سے نکلے۔ کالی فاس کے ہمراہ یکے بعد دیگرے دو۔

**نیٹرم سلفٹ** - نوجوان آدمیوں کے دمہ کے لیے ایک نہایت ضروری دوا ہے نمدار موسم یا نمدار مکانوں میں زیادتی۔ صبح سویرے پتلے پاخانے۔

**سلیسیا** - سانس میں سخت دقت۔ تازہ ہوا مریض کو ضرور دے۔ نیٹرم سلفٹ کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

---

# سوکھنا۔ سوکھا ATROPHY

**کلکیریا فاس** ۔ بچوں کا سوکھا جو اوپر کے دودھ سے ہو۔ شکم متورم، جگر بڑا۔ کھانے کے بعد درد شکم۔ پاخانے غیر منہضم۔

**نیٹرم سلف** ۔ خاندان میں سوزاکی۔ ہتھیری۔ شکم میں نفخ اور شکم میں ریاح کی گڑگڑاہٹ۔ پاخانے پانی کے سے زرد، صبح سویرے، حرکت سے پاخانوں کی زیادتی۔

**سلیسیا** ۔ جسم سوکھا ہوا، سر بڑا۔ بچے کو جلد پسینہ آئے، پیٹ بڑا ہو، چہرہ سوکھا ہو، ماں کے دودھ سے نفرت، قے، پاخانے متعفن اور پتلے، موسم کی کسی تبدیلی میں بھی کمزوری۔

**نیٹرم فاس** ۔ اگر تیزابیت کی زیادتی ہو۔

**نیٹرم میور** ۔ بچوں میں گودن پہلے سوکھے۔

# پیٹھ کا درد BACKACHE (دیکھو PAIN درد)

**سلیسیا** ۔ پیٹھ میں اینٹھن کی کھچاوٹ جس سے بیٹھنے کے لیے مجبور ہو۔ ریڑھ کے درمیان مسلسل درد۔

**فیرم فاس** ۔ پیٹھ۔ کمر یوں اور گودوں کے اوپر درد جو محض حرکت پر محسوس ہو، درد کمر

**کلکیریا فلور** ۔ درد کمر حرکت کے آغاز پر زیادتی لیکن مسلسل حرکت سے

آرام۔ پیٹھ کے نچلے حصے میں تھکاوٹ کا احساس اور جلن دار۔ درد اور قبض۔

**نیٹرم میور** ۔ درد کمر جس میں کمی سخت چیز پر لیٹنے سے ہو، زبان پر جھاگ کے بلبلے۔ زیادہ دیر تک جھکے رہنے سے درد۔ ریڑھ میں ذکی الحسی۔ گردن میں اکڑن اور لاغری۔ بے حد کمزوری اور تھکاوٹ۔

**مگنیشیا فاس** ۔ عصبی درد کا سا درد۔ کمر اور گردن میں درد، گرمی پہنچانے سے آرام۔ پیٹھ میں تشنج کا سا کھنچاؤ۔

**نیٹرم سلف** ۔ پیٹھ میں درد جیسے زخم ہوں۔ صرف داہنی طرف لیٹ سکے۔ پھوڑے کا سا درد، ریڑھ اور گردن کے اوپر اور نیچے۔

**نیٹرم فاس** ۔ صبح کے وقت جاگنے پر گلہریوں میں درد۔

## کیڑوں کے ڈنک۔ کاٹنا BITES OF INSECTS

**نیٹرم میور** ۔ اندرونی بیرونی۔ فوراً جہاں تک ممکن ہو سکے اس دوا کا محلول لگاؤ، یا کٹی ہوئی جگہ کو ترکر کے سفوف اوپر ڈال کر رگڑو۔ یہ درد کو فوراً آرام دے گا۔

## مثانہ BLADDER (دیکھو:۔ پیشاب کی تکالیف / URINERY DISORDERS

# خون کی علامات BLOOD CHARACTERICTICS

خون چمکدار سرخ، جلد جمے: فیرم فاس - گاڑھا، سیاہ، کول تار کے موافق - کالی میور - سیاہ پانی کا سا یا ایسا معلوم ہو جیسے دھویا ہوا ہے کالی فاس پتلا پانی کا سا نہ جمے: نیٹرم میور - خون میں سفید اجزاء کی زیادتی: کلکیریا فاس -

## پھوڑے BOILS (دیکھو ABSCESS ڈنبل)

فیرم فاس - ابتدائی حالت میں جب کہ ورم، درد اور بخار ہو - اس دوا سے اغلباً نہیں پکیں گے -

سلیسیا - جب مواد بننا شروع ہو جائے، یہ دوا پکاتی ہے اور کھلوائے بغیر کھول دیتی ہے -

# ہڈیوں کی تکالیف DISEASES OF BONES

کلکیریا فاس - سب سے بہتر دوا ہے جبکہ ہڈیاں کمزور اور نرم ہوں - ہڈیوں کا ٹیڑھا پن - بچوں کی ٹانگوں کا ٹیڑھا پن - ہڈیوں میں کمزوری - ریڑھ میں خم وغیرہ علامات کلکیریا فاس کے متعلق ہیں - کیونکہ کلکیریا فاس میں چونا ہے اور ہڈیوں میں چونے کی کمی سے یہ تکالیف پیدا ہوتی ہیں -

سلیسیا قریباً سب ہڈیوں کی تکالیف میں کام آتی ہے - اس کی سب سے بڑی علامت گاڑھا، زرد، متعفن، مواد ہڈیوں کے زخموں سے ہے -

چوٹ کی ہڈی کا درد - تمام سیلان متعفن -

**کلکیریا فلور** - ہڈیوں کی سطح پر خراشیں، سخت، ناہموار، گانٹھوں کے ساتھ - نزلاوی شکایات جبکہ ناک کی ہڈیاں ماؤف ہو جائیں - ہڈیوں کی سطح میں زخم نوزائیدہ بچوں کے سر کی ہڈیوں میں گانٹھیں -

**فیرم فاس** - ہڈی کی تکالیف میں جبکہ نرم حصے متورم، گرم اور درد کرنے والے ہوں - چوٹ کے جوڑ کی تکالیف کا پہلا درجہ - ہڈیوں میں ورم - ہڈیوں کی جھلیوں میں ورم -

**کالی میور** - ہڈیوں اور ہڈیوں کی جھلیوں میں ورم کا دوسرا درجہ -

**کالی فاس** - ہڈیوں کا ورم - متعفن اسہال کے ساتھ -

**ہیپر سلف** - سائیکوسس، ہڈیوں میں درد، جوڑوں میں کڑکن، گھٹنے میں سختی -

## آنتیں BOWELS ز دیکھو DIARRHOEA

DYSENTERY (اسہال و پیچش وغیرہ)

## دماغ BRAIN ز دیکھو MENINGITIS & &

DELIRIUM (ورم دماغ اور سرسام و ہذیان)

**کالی فاس** - کھوئی ہوئی عصبی طاقت کو واپس لانے کے لیے - زیادتی کام سے دماغی کمزوری - بھوک میں کمی، پست ہمتی، چڑچڑا پن -

بے صبری حافظہ کی کمزوری یا بے خوابی کے ساتھ۔ ورم سے دماغ کا نرم ہو جانا۔ کافی میوز بھی اس کے ساتھ کیے بعد دیگرے دو۔ اگر دماغ میں پانی ہو تو ہمراہ کلکیریا فاس کے یکے بعد دیگرے دو۔

**فرم فاس:** دماغ میں ہر قسم کی ورمی تکالیف کا پہلا درجہ

**کلکیریا فاس:** دماغی تھکاوٹ جبکہ چہرہ پیلا ہو، اعضا ٹھنڈے ہوں۔

**نیٹرم میور:** پست حوصلگی، تاریک خیالات کے ساتھ، ہر چیز میں تاریک پہلو دکھائی دے۔ جلد تھکاوٹ۔

**نیٹرم سلف:** سر میں چوٹ کے بعد دماغی تکالیف۔ گرمی میں شدید درد، دماغ میں خون کا اجتماع۔

**میگنیشیا فاس:** دماغی تکالیف جبکہ تشنجی علامات موجود ہوں۔

## دماغی تھکاوٹ یا کمزوری BRAIN FAG

(دیکھو BRAIN دماغ)

**کلکیریا فاس** ۔ عصبی کمزوری، پست ہمتی کے ساتھ۔ رات کے وقت بینوں کی زیادتی۔ چہرے پر زردی، دماغی کمزوری، کمزوری کی وجہ ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے، بے خوابی بھوک نہ رہے۔

**سلیسیا۔** دماغی پراگندگی، یکسوئی نہ ہو۔ پڑھے لکھنے کے بعد کمزوری سوچ نہ سکے سخت کمزوری کا احساس۔ تھکاوٹ۔

**کالی فاس۔** کھوئی ہوئی عصبی طاقت کو درست کرنے کے لیے۔ تمام

عصبی کمزوری کو درست کرتی ہے - بے خوابی

نیٹرم میور: بے خوابی کے ساتھ تاریک بینی - بات چیت کرنے کے بعد تکاوٹ -

## سانس - تنفس BREATH

(DISEASES OF MOUTH دیکھو منہ کی تکالیف)

## پیشاب میں البیومن BRIGHT'S DISEASES

(EFFECTIONS OF KEDNEYS نیز دیکھو: گردہ کی تکالیف)

کلکیریا فاس - البیومن کی زیادتی کو روکنے کے لیے سب سے بہتر دوا ہے۔
کمزوری، لاغری، بھوک کی کمی وغیرہ

کالی فاس - تمام عصبی علامات کو روکنے کے لیے بیخوابی کمزوری، چڑچڑاپن

نیٹرم فاس اور نیٹرم میور جب ان دواؤں کی مخصوص علامتیں موجود ہوں
تیزابی کیفیتیں -

فیرم فاس - تمام ورمی یا بخار کی علامتوں کے لیے

## مزمن کھانسی BRONCHITIS -

فیرم فاس - مزمن کھانسی کا پہلا درجہ جبکہ حدت موجود ہو۔ یہ دوا

ورم اور بخار کو درست کرتی ہے۔ پھیپھڑے کی نالیوں میں ورمی تحریک چھوٹی درد کرنے والی کھانسی بغیر کسی بلغم کے۔ تنفس چھوٹا اور تنفس میں تنگی۔

**کالی میور۔** کھانسی کے دوسرے درجہ میں فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو جب کہ بلغم گاڑھا سفید، لیسدار ہو اور زبان پر سفیدی یا سلیٹی میل ہو۔

**کالی سلف۔** تیسرے درجہ میں جب کہ بلغم ہلکا زرد، پانی کا سا، مقدار میں زیادہ یا سبزی مائل ہو، فیرم کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر بخار کی علامات تاحال موجود ہوں، کھانسی شام کو بڑھے۔

**سلیسیا۔** جب بلغم گاڑھا، زرد اور بھاری ہو اور برتن کی سطح میں بیٹھ جائے کھانسی ٹھنڈی چیزیں پینے سے بڑھے اور گرم سے کم ہو جائے۔ رات کے پسینے۔

**ٹیرم میور۔** تیز کھانسی، بلغم صاف پانی کا سا یا جھاگ دار مزمن کھانسی موسم سرما کی کھانسی، بلغم ڈھیلا اور کھڑکھڑاہٹ کرے۔ بعض اوقات بہت مشکل سے نکلے اور بعض اوقات منہ بھر جائے اور مسلسل تھوکنا پڑے۔ سمندر کے کنارے کے نزدیک زیادتی ہو۔

**کلکیریا فاس۔** البیومن ملا بلغم۔ خون کی کمی والے مریضوں میں کھانسی بیماری کے بعد طاقت دیتی ہے۔

**کلکیریا سلف۔** مواد ملا بلغم یا خونی اور مواد آمیز بلغم بھاری۔

**نیٹرم سلف:** مریض کو کھانستے وقت سینہ پر ہاتھ رکھنا پڑے۔ دمہ کے دورے صبح کے قریب۔ سردی میں مرطوب اور بارش کے موسم میں زیادتی

## جلنا BURNS AND SCALDS

**نیٹرم فاس** - ابتدا میں جب تک درد بند نہ ہو اور بند ہوتے ہی کالی میور دو۔

**کالی میور:** کسی قسم کی حالت میں داخلی اور خارجی طور پر کالی میور استعمال کرو۔ اس دوا کے تیز محلول میں کپڑا بھگو کر خارجی طور پر استعمال کرو۔ کپڑے کو نہ اتارو۔ بلکہ اس دوا سے بھگوتے رہو۔

**کلکیریا سلف:** کالی میور کے بعد اگر پکنا شروع ہو جائے تو اس دوا کو استعمال کرو۔

**نیٹرم فاس:** جبکہ جلی ہوئی جگہ پر پکنے کی علامات شروع ہوں۔ نیز اس دوا کو خارجی طور پر استعمال کرو۔

## کینسر۔ آکلہ (نیز دیکھو TUMOUR گومٹ) CANCER

**کالی سلف:** منہ کا کینسر، پتلا زرد مواد۔ داخلی و خارجی طور پر استعمال کرو۔

**کالی فاس:** کینسر درد کے متعفن سیلان اور بدرنگی۔

**کلکیریا فاس:** خنازیری مزاج والوں میں کینسر۔

**نیٹرم فاس:** خصوصاً زبان کے کینسر۔

# کاربنکل۔ سرطان CARBUNCLE

**فیرم فاس:** ابتدائی حالت میں جب کہ ورم ہو۔ درد اور بخار ہو۔ عموماً یہ دوا بٹھا دے گی۔

**کالی میور۔** کاربنکل کے دوسرے درجہ میں اگر فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دیا جائے تو ورم بہت حد تک رفع ہو جائے گا اور کاربنکل انہیں پکے گا۔

**سلیسیا۔** جب مواد بننا شروع ہو گیا ہو تو اس دوا کو داخلی اور خارجی طور پر استعمال کرو۔

# موتیابند CATARACT

EYE DISEASES (نیز دیکھو آنکھوں کی تکالیف)

**کلکیریا فلور۔** آنکھ میں موتیابند۔ بینائی میں چندھاپن۔

**کلکیریا فاس۔** یہ دوا موتیابند کو روکنے کے لیے یقینی ثابت ہوتی ہے جب کہ مفصلہ ذیل علامات موجود ہوں۔ درد سر خصوصاً داہنی طرف۔ داہنی آنکھ کے گرد درد۔ داہنی آنکھ میں تھکاوٹ کا احساس۔ آنکھ سخت اور کمزور محسوس ہو۔ چکوبائی کے درد وغیرہ۔

# نزلہ CATARRH

**فیرم فاس** - ابتدائی مرحلہ - زکام جلد ہو - (کلکیریا فاس کے ساتھ دو)
نزلاوی بخار ناک کی بلغمی جھلی میں ورم -

**کالی میور** - نزلاوی تکالیف کا دوسرا مرحلہ جبکہ بلغم سفید گاڑھا لیسدار ہو -
مگر شفاف نہ ہو - سر میں نزلہ - ناک میں بندش کے ساتھ زبان پر سفید
یا سلیٹی میل خشک نزلہ -

**نیٹرم میور** - سر میں نزلہ - پانی کی سی شفاف رطوبت کے ساتھ - خون کی کمی
والے مریضوں کا نزلہ بھاگدار - رطوبت کے ساتھ بعض اوقات وٹریٹ
میں نکلین فائقہ - مزمن نزلہ - مندرجہ بالا علامتوں کے ساتھ پھیپھڑوں کی
نالیوں کا نزلہ بھاگدار بلغم کے ساتھ - انفلوانزہ چھینکوں اور پتلی رطوبت
کے ساتھ خشک نزلہ -

**کلکیریا فاس** - نزلہ جبکہ رطوبت میں البیومن ہو - انڈے کی سفیدی
کی طرح رطوبت شفاف -

**کالی سلف** - نزلہ تیسرے مرحلہ میں عموماً کالی میور کے بعد استعمال
ہوتا ہے اگر بلغم یا رطوبت زرد چپچپی یا مواد آمیز پانی کی ہو - ناک سے
پتلی زرد رطوبت علامات گرم مکان میں یا شام کے وقت بڑھیں -

**کلکیریا فلور** - نزلہ یا خشک نزلہ - پھیپھڑوں کی نالیوں کا نزلہ - چھوٹے
چھوٹے زرد بلغم کے ٹکڑے بہت مشکل سے نکلیں - ناک میں بدبو - ناک

کی ہڈیوں کی تکالیف سخت تعفن کے ساتھ۔

**کلکیریا سلف:** گاڑھی زرد مواد آمیز رطوبت۔ بعض اوقات خون آمیز

**کالی فاس** ناک میں بدبو متعفن رطوبتوں کے ساتھ۔

**نیٹرم فاس** ۔ نزلہ اگر جسم کے اندر تیزابی کیفیتیں موجود ہوں۔ رطوبتوں کا رنگ سنہری اور زرد۔

**نیٹرم سلف** ۔ دوران حیض تکسیر۔ ناک سے بدبو۔ ہر دفعہ گرمی کے بعد برسات کا موسم آنے میں تکلیف بڑھے۔ یہ دوا انفلوئنزہ کے لیے مفید ہے۔

**مگنیشیا فاس** ۔ سونگھنے کی قوت نہ رہے یا اس میں خرابی آجائے۔ یکے بعد دیگرے خشک اور تر نزلہ۔ ناک سے رطوبت کی زیادتی۔

**سلیسیا** ۔ ناک سے متعفن سیلان اگر یہ حالت ہو تو اس دوا کو اندرونی طور پر استعمال کرنے کے ساتھ اس دوا کی پچکاری بھی کرو۔ ناک میں مزمن بے حد خشکی یا نتھنوں کے کناروں پر زخم۔ ناک کی نوک میں خارش۔

## موتیا سیتلا CHICKEN POX (چیچک کی قسم کے دانے جو جسم پر بکھرے ہوئے ہوں)

**فیرم فاس:** بخار کی کیفیتوں میں اور ابتدائی حالات میں۔

**کالی میور:** دوسرے مرحلہ میں جبکہ زبان پر سفید یا سلیٹی میل ہو۔

**کالی سلف:** اگر دانے دب جائیں تو فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**نیٹرم میور** :۔ جبکہ نیٹرم میور کی پانی کی سی علامات موجود ہوں ۔ نیز غنودگی اور غفلت بھی موجود ہو۔

**کلکیریا سلف** : جب دانوں میں اس دوا کی علامات موجود ہوں۔

## سبز بخش CHLOROSIS (دیکھو ANAEMIA خون کی کمی)

## کالرا ہیضہ CHOLERA

حفظ ماتقدم کے لیے نیٹرم سلف کا استعمال کرو۔ مرض کے آغاز پر فیرم فاس اور کالی سلف تشنج کے لیے، مگنیشیا فاس۔ جب کیس کو دو تین گھنٹہ ہو گئے ہوں تو فیرم فاس، کالی فاس، اور مگنیشیا فاس ہر سہ دوا یہ ملاکر نیٹرم میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

خوراک ہر پانچ منٹ میں دو اور مریض کو جتنا ممکن ہو سکے گرم پانی پلاؤ نیز گرم پانی کے انجکشن دو۔

**فیرم فاس** : بخار کی علامات۔ بچوں کا ہیضہ پانی کے سے دستوں کے ساتھ۔ بچہ کو تیز بخار اور غنودگی۔

**نیٹرم سلف** ۔ بطور حفظ ماتقدم کے دوران تکلیف کسی بھی دوسری دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ مگر دوا کے مخصوص نشانوں کو نظر میں رکھو۔

**کالی فاس** - دستوں کا رنگ چاول کی پیچ کا سا۔ سخت متعفن، مردنی چہرے پر نیلا پن اور نبض میں سستی کے ساتھ۔

**مگنیشیا فاس** - آنتوں اور اعضاء میں بحالت مرض تشنج یا اینٹھن۔ قے اور پانی کے سے دست۔ کالرا یا دوسری کسی آنتوں کی تکلیف میں گرم پانی کا ڈوش جس کے اندر وہی بائیو کیمک دوا ملی ہوئی ہو مفید ہوتا ہے۔

**نیٹرم میور** - جسم میں پانی کی تقسیم کو باقاعدہ بنانے کے لیے بہترین دوا ہے۔ نیٹرم میور کی دوسری علامات کو نظر میں رکھو۔

# بچوں کا ہیضہ CHOLERA INFANTUM

(نیز دیکھو DIARRHOEA اسہال)

**نیٹرم فاس** - اگر تیزابی کیفیتیں موجود ہوں۔ سبز دست۔

**مگنیشیا فاس** - اینٹھن اور تشنج کے لیے۔

**کلکیریا فاس** - اس مرض میں سب سے بہتر دوا ہے فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ سبز پانی کے سے دست بہت جلد جلد ہوں جس سے کمزوری اور لاغری ہو۔

**فیرم فاس** - ورمی کیفیتوں کے لیے۔ بخار اور ہذیان۔

---

# رعشہ CHORES

**مگنیشیا فاس:** از خود اعضاء میں حرکات۔ یہ دوا بہتر ہے۔

**کلکیریا فاس:** مگنیشیا فاس کے بعد اگر مگنیشیا فاس سے آرام نہ ہو۔ نیز خنازیری مزاج کے مریضوں میں۔

**سلیسیا:** دورے، نیند ڈراونے خوابوں سے کھل جائے۔ آنکھیں پھری ہوئی چہرہ پیلا وغیرہ اگر کیڑوں کی وجہ سے ہو تو نیٹرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**نیٹرم میور:** مزمن حالتوں میں اگر دانوں کے دب جانے سے تکلیف ہوئی ہو۔ اعضاء میں اینٹھن اور جھٹکے وغیرہ۔

**نیٹرم فاس:** اگر کیڑوں کی وجہ سے ہو یا اگر تیزابی علامتیں موجود ہوں۔ زبان کے رنگ کا خیال رکھو۔

# ٹھنڈ لگ جانا۔ سردی لگ جانا۔ زکام COLDS

**فیرم فاس:** زکام کا پہلا درجہ، نزلاوی بخار۔ ناک کی بلغمی جھلیوں میں ورم۔ ناک کی نالی میں سرسراہٹ۔ یہ دوا زکام حاصل کرنے کی عادت کو مٹانے کے لیے نہایت عجیب دوا ہے۔ کلکیریا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر نرخرے کا نزلہ ہو اور بلغم سفید البیومن ملا ہو۔

**نیٹرم میور:** زکام اور نزلہ جبکہ رطوبتیں پانی کی سی پتلی۔ شفاف اور جھاگدار

ہوں - کمی خون والے مریضوں میں دیرینہ نزلہ - بعض اوقات بلغم میں نکسیر
ذائقہ - زکام بھنبھنے والا جس میں رطوبت پانی کی سی صاف اور جھاگدار
ہو اور جس کی زیادتی سردی میں جانے سے محنت سے ہو - انفلوانزہ -
کھانسنے یا چھکنے سے نکسیر - ناک اور حلق کی نالیاں خشک ، سونگھنے کی
قوت میں کمی یا اس کا جاتے رہنا -

**کالی میور** - بند زکام ، گاڑھی ، سفید رطوبت کے ساتھ - زبان پر سفید
یا سبزی مائل -

**کالی سلفیورک** - زکام کے پہلے درجہ میں فرم فاس کے یکے بعد دیگرے -
ان زکاموں میں استعمال ہوتی ہے جس سے جلد خشک ہو تو پسینہ لاتی ہے -
بند زکام جس میں سبزی مائل زرد رطوبت زیادہ مقدار میں جمع ہو جائے -

**کالکیریا سلفیورک** - زکام گاڑھے ، زرد بلغم کے ساتھ عموماً بلغم میں خون کی دھاریاں
یا نشانات ہوں -

# قولنج - درد شکم COLIC

**مگنیشیا فاس** : چھوٹے بچوں کا درد شکم جس میں وہ ٹانگیں اوپر کھینچیں - درد سے
مریض دوہرا ہو جائے - ریاحی درد نوبتی درد انٹیٹس کے درد کے ساتھ -

**نیٹرم سلفیورک** : صفراوی درد صفرا کی قے کے ساتھ - منہ کا ذائقہ کڑوا اور زبان
کی جڑ پر مٹیالا سبز میل - ریاحی درد جگر کی خرابی کی وجہ سے سینہ کا درد - درد کی

حالت میں جلد جلد دوا دو۔

**کالکیریا فاس** ۔ دانت نکالنے والے بچوں کا درد شکم، سبزی مائل اور غیر منہضم پاخانے (نیٹرم فاس) بدہضمی کے ساتھ درد (ایسی حالت میں اضمہ کو درست کرتا ہے) ہر قسم کے درد جس میں مگنیشیا فاس سے آرام نہ ہو۔

**نیٹرم میور** ۔ صفراوی درد کی حالتوں میں۔

**نیٹرم فاس** ۔ بچوں میں درد شکم۔ کیڑوں کے ساتھ یا تیزابیت کی علامات کے ساتھ سبز کھٹی پوکے دست۔ دہی بنے ہوئے دودھ کی قے۔

**کالی فاس** ۔ شکم میں درد پاخانہ کی بے سود حاجت کے ساتھ۔ درد کو دہرا ہونے سے آرام ہو۔ شکم ریاح سے اچھلا ہوا۔

**کالی سلف** ۔ مگنیشیا فاس کا سا درد شکم ٹھنڈا محسوس ہو بعض اوقات اسہال سے درد اور تھوڑی دیر بعد یکایک سردی کا احساس ریاح میں سے گندھک کی بو آئے۔

**فیرم فاس** ۔ حیض کے ایام میں درد، بخار اور نبض میں تیزی کے ساتھ۔

## دماغی چوٹ CONCUSSION OF THE BRAIN

**فیرم فاس** ۔ بخار وغیرہ کی حالت میں۔

**کالی فاس** ۔ پٹھیاں پھیلی ہوئیں۔ دماغ میں کمزوری کا احساس۔

**مگنیشیا فاس** ۔ دماغ میں چوٹ جبکہ بینائی میں فرق معلوم ہونے لگے۔

**نیٹرم سلف** ۔ دماغی چوٹ کی سب سے بہتر دوا ہے۔ سر میں چوٹ لگنے کے

بعد دماغی تکالیف ۔ گدی میں شدید درد ۔

**کلکیریا فاس** ۔ نرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو یا جبکہ سُن ہونے کا احساس ہو۔

# قبض CONSTIPATION

**فیرم فاس** : مبرز میں حدت کی وجہ سے قبض جس سے پاخانہ سخت ہو جائے ۔ بواسیر کا بیج کا نکلنا یا شرمگاہ یا رحم میں ورم کی وجہ سے قبض ۔ پاخانہ خشک

**کالی میور** : قبض ہلکے رنگ کے پاخانے کے ساتھ ۔ جگر کی کمزوری اور صفراء میں کمی کے ساتھ ۔ قبض جب کہ زبان کا رنگ سفید یا سلیٹی ہو یا جب مرغن اشیاء موافق نہ آئیں ۔ آنکھ کے ڈھیلے باہر نکلے ہوئے معلوم ہوں ۔

**کالی فاس** : پاخانہ سیاہ مٹیالہ ، جس پر زردی مائل سبز آؤں کی دھاریاں ہوں ۔ مبرز اور بڑی آنت میں فالجی اثر ۔

**نیٹرم میور** ۔ قبض جبکہ آنتوں میں نمی کی کمی ہو ۔ یعنی آنتوں میں خشکی اور جسم کے دیگر حصص میں پانی کی زیادتی ، مثلاً آنکھوں سے پانی ، تھوک کی زیادتی پانی کی سی قے وغیرہ قبض جبکہ منہ سے بحالت نیند پانی گرتا رہے سیا تھوک کی زیادتی ۔ وردِ سر ۔ سخت خشک پاخانہ جو مشکل سے نکلے ۔ پاخانہ ہو چکنے کے بعد مقعد کے پھٹ جانے کا احساس ۔ ایسی حالت میں اگر نیٹرم میور سے جلد فائدہ نہ ہو تو نمک کے پانی کا فوارش عموماً فائدہ پہنچاتا ہے

**کلکیریا فلور** ۔ پاخانہ نکالنے کی طاقت میں کمی ۔ یہ حالت اس وقت ہوتی ہے جبکہ مبرز میں ڈھیلا پن آجائے اور پاخانہ کا اجتماع ہو جائے ۔ ایسا قبض عموماً بچہ ہونے کے بعد دیکھا جاتا ہے ۔

**کلکیریا فاس** ۔ سخت پاخانہ جو ٹوٹ ٹوٹ کر ہو اور جس کے ساتھ گاہے گاہے البہ من علی آؤں ہو ۔

**نیٹرم فاس** ۔ چھوٹے بچوں کا قبض، گاہے گاہے دستوں کی شکایت کے ساتھ یہ ایک نہایت عمدہ سہل ہے اگر بڑی مقدار میں دیا جائے ۔

**نیٹرم سلف** ۔ سخت گانٹھ دار پاخانے جن پر بعض اوقات خون کی دھاریاں ہوں ۔ نرم پاخانہ بھی مشکل سے نکلے ۔ نیٹرم سلف بہت بڑی مقدار میں پاخانہ اور پیشاب دونوں لاتا ہے ۔

**سلیسیا** ۔ نکالنے کی قوت نہ ہو، تھوڑا سا پاخانہ باہر نکل کر پھر اندر چلا جائے ان بچوں میں قبض جن کی باقاعدہ پرورش نہ ہوئی ہو ۔

## زکام CORYEA (نیز دیکھو CATARRH نزلہ)

**کالی میور** ۔ نزلہ جبکہ بلغم سفید گاڑھا ہو ۔ خشک زکام سر میں ہذیانی زکام زبان سفید یا سلیٹی میل کے ساتھ ۔ ناک کے زکام میں جبکہ بلغم میں مواد ملا ہوا ۔ کالی میور ناک اور نرخرے کے جاودم میں جبکہ حلق خارش خشکی موجود ہو ایک نہایت مفید دوا ثابت ہوئی ہے ۔ حلق سے بلغم کھنکھارنا ۔ آتشکی نزلہ ۔

نیزم میور۔ زکام بہنے والا، صاف پانی کا سا۔ جھاگدار بلغم جس کی زیادتی ٹھنڈے مکان میں جانے سے یا محنت کرنے سے ہو اور کمی ٹھنڈی چیزوں کے لگنے سے ہو۔

## دق CONSUMPTION (نیز دیکھو COUGH کھانسی)

فیرم فاس۔ دق بخار کی علامتوں کے ساتھ تنفس چھوٹا اور رکا ہو۔ کھانسی خشک اور سرسراہٹ والی۔ پھیپھڑے کی نالیوں میں اکساہٹ کی وجہ سے سینہ میں درد کے ساتھ۔ پھیپھڑوں میں سے پھکدار سرخ جھاگدار خون بلغم خون آمیز۔ یاد رہے کہ فیرم فاس سیلان خون کے لیے چاہے وہ جسم کے کسی حصہ سے ہو ایک بہترین دوا ہے۔ بشرطیکہ خون چمک دار سرخ رنگ کا ہو۔

کلکیریا فاس۔ ابتدائی دق میں دبلے پن کو گھٹانے کے لیے۔ اس دوا کو ہر دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ کیونکہ اس کا اثر بطور مقوی کے ہوتا ہے۔ دق کے مریضوں میں پرانی کھانسی۔ کھانسی جس میں بلغم البیومن ملا ہو۔ دق کے مریضوں میں پسینہ کی زیادتی۔

کلکیریا سلف۔ بلغم مواد آمیز، خون آمیز جو بغیر کسی دقت کے نکل آئے۔

نیزم میور۔ جبکہ بلغم مواد پانی کا سا پتلا صاف اور جھاگدار ہو۔ خون کے روکنے کے لیے فیرم فاس کے ساتھ بڑی مقدار میں یکے بعد دیگرے دو۔ محنت کے بعد عام کمزوری۔ سینہ میں بلغم کی زیادتی۔ کھڑکھڑاہٹ

کے ساتھ دق میں پرانی کھانسی جھاگ دار بلغم کے ساتھ۔

**سلیسیا** - دق کی ایک نہایت ضروری دوا ہے۔ گاڑھے، سبزی مائل زرد بلغم کی زیادتی۔ متعفن پیپ۔ لیٹنے یا بیٹھے نافلہ کے ساتھ۔ رات کو پسینہ کی زیادتی۔ تلووں میں جلن وغیرہ۔ قبض۔ پیروں کا پسینہ۔ سخت متعفن۔ کھانسی تر۔ کھڑکھڑاہٹ والی اور بلغم کی زیادتی۔

**کالی سلف** - پیلا خشک اور کھردری، شام کو تکالیف بڑھیں۔ دق جس میں بلغم سبزی مائل زرد ہو۔ بلغم منہ تک آکر واپس چلا جائے۔

**کالی میور** - گاڑھا سفید بلغم۔ زبان پر سفید یا سلیٹی میل کے ساتھ

**کالی فاس** - سانس چھوٹی۔ بلغم متعفن، عام کمزوری بے خوابی

**نیٹرم سلف** - کھانسی مواد سے زردی مائل سبز بلغم کے ساتھ سینہ میں سینہ کے بیٹھنے کا احساس۔

## کھانسی COUGH (نیز دیکھو۔ نمونیہ، دق اور کالی کھانسی)

**کالی میور** - اونچی کھانسی زبان پر سفید یا سلیٹی میل کے ساتھ۔ کھانسی گاڑھے دودھ کے سے سفید لیسدار بلغم کے ساتھ چھوٹی کالی کھانسی کی سی کھانسی کروپ کھانسی سخت کھانسی۔ آواز کا بیٹھنا سخت کھانسی جس میں آنکھیں باہر نکلی ہوئی معلوم ہوں۔

**فیرم فاس** - تمام قسم کی کھانسیوں کا پہلا درجہ۔ چھوٹی، حاد، جلد کرنے والی کھانسی۔ پھیپھڑوں میں درد کے ساتھ بلغم ندارد پھیپھڑے

کی نالیوں میں ورم سرسراہٹ اور اکساہٹ سے کھانسی۔ سخت اور خشک کھانسی درد کے ساتھ بغیر کسی بلغم کے۔

**مگنیشیا فاس** ۔ کالی کھانسی کے دورے، دورے والی کھانسی۔ ایسے دوروں کو روکنے کے واسطے، کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ دورے والی کھانسی۔ کھانسی کے دورے بغیر کسی بلغم کے کھانسنے کی وجہ سے پھیپھڑوں میں درد کا احساس ہو۔ گرم گرم چیزیں پینے سے عارضی فائدہ ہو۔

**کالی سلف** ۔ کھانسی جس میں بلغم پیچیدار زرد یا بھنی کا سا ہو۔ ہمیشہ زیادتی گرم مکان میں یا شام کے وقت اور یکی ٹھنڈی کھلی ہوا میں کھانسی جب کہ بلغم منہ تک آکر اندر چلا جائے۔ سخت کھانسی کروپ کھانسی کی طرح نرخرہ میں تھکاوٹ کے احساس کے ساتھ۔

**کالی فاس** ۔ ہوا کی نالی۔ اکساہٹ سے کھانسی جس میں درد محسوس ہو، بلغم گاڑھا زرد نمکین اور متعفن۔ سینہ میں درد۔

**نیٹرم سلف** ۔ کھانسی سینہ میں بیٹھنے کے احساس کے ساتھ۔ بلغم میں مواد اور بلغم گاڑھا اور زردی مائل سبز، سینہ میں درد اور کمزوری کی وجہ سے مریض کو کھانستے وقت سینہ پر ہاتھ رکھنا پڑے۔

**سلیسیا** ۔ دق کی کھانسی۔ بلغم گاڑھا، زردی مائل سبز مقدار میں زیادہ میٹھے یا روغنی ذائقہ کا۔ کھانسی ٹھنڈی چیزیں پینے سے بڑھے۔ دق کے مریضوں میں صبح سویرے کھانسی۔ دق میں کھانسی جس کی زیادتی

لیٹنے سے ہو، یا صبح سویرے اٹھنے سے۔ بلغم میں متعفن بو اور پانی میں تھوکنے سے نیچے بیٹھ جائے۔

کلکیریا فلور۔ کھانسی حلق میں سرسراہٹ کے ساتھ یا کوئے کے بولنے سے یا حلق میں دماغ پر سے نزلہ گرنے سے۔ کھانسی جس کے ساتھ چھوٹے چھوٹے زرد بھورے دار بلغمی جھلی کی گولیاں ہوں جن میں سے بو آئے۔

نیٹرم میور۔ کھانسی، بلغم پانی کا سا پتلا لکین ذائقہ کا۔ کھانسنے وقت آنکھوں سے ناک سے اور منہ سے پانی۔ قبض۔

کلکیریا فاس۔ کھانسی جس کے ساتھ بلغم البیومن ملا یا انڈے کی سی سفیدی کا ہو۔

کلکیریا سلف۔ کھانسی جس میں بلغم پانی کا سا یا سیرم کا سا۔

# کروپ کھانسی CROUP

کالی میور۔ کروپ کھانسی میں سب سے بڑی دوا ہے۔ جلد جلد دیتے جاؤ۔ اور فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

فیرم فاس۔ کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ نیز بحالت بخار سانس میں تیزی اور تنگی کے لیے۔

کلکیریا فلور۔ اگر فیرم فاس اور کالی میور فائدہ نہ کریں تو کلکیریا فاس اور کلکیریا فلور استعمال کرو۔

کلکیریا فاس۔ کبھی منتخب شدہ دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو اگر

وہ دوا فائدہ نہ کر رہی ہو۔

**کلکیریا سلف** - آخری درجہ میں جب کہ اس دوا کی مخصوص علامات موجود ہوں۔

**کالی فاس** - عصبی کمزوری، چہرے پر زردی یا نیلا پن - نیز جب کہ علاج میں زیادہ دیر کر دی گئی ہو اور اگر مریض خطرے میں آگیا ہو کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

## بہرہ پن DEAFNESS (دیکھو EAR DISEASES)

## ہذیان DELIRIUM (نیز دیکھو BRAIN

MENINGITIS دماغ - ہذیان - سرسام)

**کالی فاس**: لرزہ والا ہذیان (ارتعاش ہذیانی) شرابیوں کے خوف ہذیانی خوابی بے چینی اور شکی مزاجی بے سر و پیر کی گفتگو۔ خیالی اشیاء سے ڈر اور اس سے خیال کو ہٹانا چاہیے۔ نیز دم میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

**نیٹرم میور** - ہذیان بڑبڑاہٹ کے ساتھ جسم میں پھریری۔ زبان پر تھوک کے چھوٹے چھوٹے بلبلے یعنی زبان پر جھاگ دار تھوک کے نشان ہذیان رہنے والا۔ بخار کی حالت میں ہذیان۔ نیز کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے

دو۔

فیرم فاس ۔ اگر بخار موجود ہو تو مندرجہ بالا دواؤں میں سے کسی منتخب شدہ دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

## دانت نکلنے کا زمانہ DENTITION

کلکیریا فاس ۔ دانت نکلنے کے زمانہ کی تکالیف کی سب سے بہتر دوا ہے کیونکہ اس سے ہڈیوں کی بناوٹ کا مسالہ پورا ہوتا ہے۔ اس سے دانت جلد نکلتے ہیں۔ اگر دانت نکلنے میں زیادہ وقت لگ جائے یا نکل کر اندر چلے جائیں ۔ بدہضمی یا غذا کی جاذبیت میں کمی ۔ دانت نکلنے کے زمانہ کی پریشان کن تکالیف ۔ تالو کھلا ہوا ۔ چلنا دیر میں سیکھے اگر یہ معلوم ہو جائے ۔ کہ کسی عورت کے بچوں میں دانت نکلنے کے زمانہ میں اکثر تکالیف ہوتی ہیں تو ایسی عورت کو بحالت حمل گاہے گاہے کلکیریا فاس دینا آئندہ بچوں کے لیے بہت مفید ہوتا ہے۔

مگنیشیا فاس ۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں تشنج اور دورے ایسی حالت میں کلکیریا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

فیرم فاس ۔ بحالت بخار مسوڑھے متورم اور گرم۔

کلکیریا فلور ۔ بعض اوقات ضروری ہوتا ہے جبکہ دانت کی ہڈیوں میں کمزوری یا دانت کھوکھلے ہوں یا ٹوٹ جائیں۔

سلیسیا ۔ دانتوں کی تکالیف جب سر میں پسینہ کی زیادتی ہو کلکیریا

فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دور سخت قبض۔
نیٹرم میور۔ جب منہ سے پانی گرے چاہے بچہ جاگتا ہو یا سوتا ہو۔

# ذیابیطس۔ بول شکری DIABETES

نیٹرم سلف۔ سب سے بہتر دوا ہے۔ اس دوا کو مسلسل استعمال کرو۔
کالی فاس۔ عصبی کمزوری، بھوک میں بے قاعدگی۔ بے خوابی وغیرہ۔
فیرم فاس۔ جب کہ نبض تیز ہو، یا جسم کے کسی حصہ میں درد حدت یا اجتماع خون موجود ہو۔
کلکیریا فاس۔ پیشاب کی زیادتی، کمزوری، پیاس کی زیادتی۔ منہ اور زبان میں خشکی کے ساتھ نمک کی خواہش۔ نیز پیشاب میں شکر جب پھیپھڑوں میں خرابی موجود ہو۔
کالی میور۔ شکری پیشاب کی زیادتی۔ بے حد کمزوری اور نیند۔
نیٹرم میور۔ پیشاب کی زیادتی۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ لاغری، بھوک اور نیند کا جاتے رہنا۔ بے حد کمزوری اور مایوسی۔

# اسہال، دست DIARRHOEA

فیرم فاس۔ جب کہ دستوں میں غیر منہضم غذا ہو۔ سردی لگ جانے

سے دست پتلے پانی کے سے بار بار بخار اور پیاس کے ساتھ (یاد رہے کہ گرم پانی کا ڈوش اسہال کے پہلے درجہ میں دینا مفید ہے، کیونکہ اس سے آنتیں صاف ہو جاتی ہیں)۔

**نیٹرم فاس** ۔ اسہال جو تیزابیت سے پیدا ہوئے ہوں۔ پاخانے کھٹی بُو کے اور سبز دانت نکالنے والے بچوں میں مندرجہ بالا علامات کے ساتھ دست۔ دست جب کہ پیٹ میں کیڑے موجود ہوں۔ موسم گرما کے دست بدہضمی کی وجہ سے یا کچے پھل کھانے سے (نیٹرم فاس کی زبان کا رنگ یعنی زبان کے پچھلے حصہ پر زرد ملائی کا صاحبان نظر انداز نہ کریں)

**کلکیریا فاس** ۔ دانت نکالنے والے بچوں کے دست کے لیے ایک بہترین دوا ہے۔ غذا کے نہ جذب ہونے سے دست۔ ہونے بچوں میں دست یاد رہے کہ نیٹرم فاس، نیٹرم فاس، اور کلکیریا فاس یہ ہر سہ ادویہ چھوٹے اور بڑے بچوں کے دستوں میں جو غذا کے نہ جذب ہونے کی وجہ سے ہوں یا سردی لگ جانے سے ہوں مفید ہے اور عموماً ان ہی ہر سہ ادویہ سے تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔ دست گرم پانی کے سے، متعفن ابتداء میں زیادہ، اور پڑ پڑ کی آواز کے ساتھ بعض اوقات سبز یا غیر منہضم۔

**کالی میور** ۔ دست جس میں ہلکے رنگ کی، ہلکے پیلے رنگ کی پھٹکیاں یا مٹی کے رنگ کے دست۔ ٹائیفائڈ بخار میں دست۔ مرغن غذا کھانے کے

بعد سفید یا چھپے دست چکر زبان پر سفید میل ہو۔ خون ملے یا چھپے دست۔

**کالی فاس** ۔ متعفن دست چاول کی پیچ کے سے دست۔ دست کمزوری کے ساتھ متعفن دست درد کے ساتھ یا بغیر درد کے۔

**کالی سلف** ۔ دست زرد، پانی کے سے پتلے جس میں پھٹکیاں ہوں۔ بعض اوقات آنتوں میں اینٹین۔ اگر مگنیشیا فاس درست نہ کر سکے تو کالی سلف دو (زبان کے رنگ کو نظر انداز نہ کرو۔ جڑ میں خصوصاً ہلکی زردی ہونی ضروری ہے)۔

**نیٹرم میور** ۔ دست، پانی کے سے، چھپے، شفاف چھپے جو اکثر نمک کے بیجا استعمال سے پیدا ہوتے ہیں۔ دست اور قبض یکے بعد دیگرے دستوں سے درد اور ٹیس۔

**نیٹرم سلف** ۔ اسہال سیاہ یا سبز، صفراوی۔ دیرینہ اسہال صبح کے وقت پانی کے سے دست، زیادتی ٹھنڈے مرطوب موسم میں۔ دست ٹائیفائڈ بخار میں اور صفراوی دست۔ بوڑھے آدمیوں کے دست۔

**کلکیریا سلف** ۔ گاڑھے۔ یا خون آمیز یا گاڑھے بغیر خون کے دست۔

**مگنیشیا فاس** ۔ دست آنتوں میں اینٹین والے درد اور مروڑ کے ساتھ۔ ریاحی درد۔ گرم چیزوں سے سینکنے سے آرام ہو۔

**سلیسیا** ۔ چھوٹے بچوں کے دست۔ مردہ کی سی بو کے دست۔ چیچک کے ٹیکہ کے بعد دست۔ سر پر پکھنا پسینہ۔ شکم میں سختی کے ساتھ نفخ۔

# ڈفتھیریا۔خناق DIPHTHERIA

فیرم فاس ۔ڈفتھیریا کے پہلے درجہ میں بخار کی علامتوں کے واسطے۔کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

کالی میور ۔ڈفتھیریا کی دوا ہے ۔اگر کالی میور کو فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دیا جائے تو کسی دوا کی ضرورت نہیں ہوتی ۔کالی میور دس یا پندرہ گرین ایک گلاس پانی میں ملا کر بار بار غرارہ کراؤ۔

نیٹرم میور ۔جب پانی کی سی رطوبت کی قے یا پانی کے سے دست ہو جائیں جیسے چہرہ پر پھلاوٹ، پیلا پن موجود ہو یا غنودگی یا منہ سے تھوک کی زیادتی ہو۔زبان پر خشکی ۔خراٹے دار سانس ۔

نیٹرم سلف ۔اگر قے شدہ رطوبت سبز ہو یا کڑوی ہو تو نیٹرم سلف دوا ہوتی ہے اس حالت میں کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

کالی فاس ۔اس بیماری کے کسی درجہ میں کمزوری کے لیے یا آخری مرحلہ میں زہر فاسد کو درست کرنے کے لیے ۔ڈفتھیریا کے اثرات مابعد، نظر کی کمزوری آواز کا بند ہو جانا یا جسم کے کسی حصہ کا فالج ۔

کلکیریا فلور ۔اگر بد احتیاطی سے مرض غدا یا ہوا کی نالی تک پہنچ گیا ہو تو کلکیریا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

کلکیریا فاس ۔ڈفتھیریا کا زہر یعنی جھلی جب غذا کی نالی پر پہنچ رہی ہو۔

نیٹرم فاس ۔جب کہ تالو، غدود اور زبان کے پچھلے حصہ پر نم دار بالائی

کی سی زرد جھلی یا میل ہو۔

نوٹ: جب بائیو کیمک علاج کیا جارہا ہو تو کسی قسم کی دوسری چیز مثلاً لائم واٹر کاربالک ایسڈ یا برف کا پانی استعمال نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ اس سے معاؤل کے اثر میں رخنہ اندازی ہوتی ہے۔

## سرگھومنا DIZZINESS (نیز دیکھو VERTIGO چکر)

**کالی فاس** محض اعصابی وجوہات سے پیدا شدہ تکلیف بغیر معدے کی کسی خرابی کے بہترین نتائج اس وقت حاصل ہوتے ہیں۔ جب معا چھوٹی طاقت میں اور کھانے کے فوراً بعد دی جائے۔

## استسقاء DROPSY

**کالی میور**: استسقاء جب دل، جگر یا گردے سے پیدا ہوا ہو اور جب کہ کالی میور کی مخصوص علامتیں موجود ہوں۔ زبان پر سفید میل۔ استسقاء دل کی کمزوری سے دھڑکن کے ساتھ و کالی فاس بھی یکے بعد دیگرے دو) استسقاء صفراوی نالیوں کے رک جانے سے جب کہ زبان کا رنگ سفید، یا سلیٹی سفید ہو۔

**نیٹرم سلف**: سادہ استسقاء جسم کے کسی حصہ میں۔ اندرونی یا بیرونی استسقاء ہائیڈروسیل۔

نیٹرم میور: نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ ہائیڈروسیل سرخ بخار کے بعد استسقاء۔

کلکیریا فلور: قلبی تکلیف سے پیدا شدہ استسقاء۔ ہائیڈروسیل جبکہ کسی بوجھ وغیرہ کی وجہ سے ہو۔

کلکیریا فاس۔ فیرم فاس: جب کہ استسقاء خون کے ضائع ہو جانے سے کمی خون سے، غذا کے نہ ہضم ہونے وغیرہ سے ہو تو ان ہر دو ادویہ کو یکے بعد دیگرے دو۔

## غنودگی DROWSINESS (دیکھو نیند)

## پیچش DYSENTERY

گنیشیا فاس: جب کہ شکم اور آنتوں میں انفیکشن اور تشنج ہو۔ معدہ میں انفیکشن کے سے درد۔ درد آگے کی طرف جھکنے سے یا سینکنے سے کم ہوں۔ مروڑ۔ درد اور انفیکشن مسلسل پاخانہ جانے کی حاجت کے ساتھ (ایسی حالت میں گنیشیا فاس گرم پانی میں حل کر کے ڈوش کرو)۔

کالی میور: فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ عموماً یہ دوائیں پیچش کو درست کرنے کے لیے کافی ہوتی ہیں۔ شکم میں شدید درد جو یکساں رہیں یا کاٹنے والے درد قریب قریب مسلسل پاخانہ کی

حاجت کے ساتھ۔ مروڑ اور درد۔ درد پیچھے پہلے، زور

**فیرم فاس** ۔ کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ جب کہ بخار ساتھ ہو دست گرم پانی کے سے پتلے۔

**کالی فاس** : پیچش متعفن دستوں کے ساتھ زبان پر خشکی وغیرہ پاخانے میں خالص خون۔ مریض بعض اوقات غنودگی یا ہذیانی کیفیت پر پہنچ جائے۔ شکم متورم اور دست متعفن۔

**کلکیریا سلف** ۔ دست خون آمیز۔ عموماً کالی میور کے بعد استعمال ہوتی ہے۔

# دردوالے حیض DYSMENORRHOEA

**فیرم فاس** ۔ درد کے ساتھ حیض۔ جس میں خون چمک دار سرخ ہو چہرہ پر تمتماہٹ، نبض تیز۔ بعض اوقات غیر منہضم غذا کی قے۔ سوزدوالے حیض جس کے ساتھ رحم کی جھلی کے ٹکڑے نکلیں۔ شرمگاہ میں خشکی اور ذکی الحسی۔ اگر یہ تکلیف دیرینہ ہو تو فیرم فاس حیض سے چند روز پہلے دینا چاہیئے۔ تاکہ تکلیف نہ ہو۔ اگر فیرم فاس کو کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دیا جائے۔ اور گاہے گاہے کلکیریا فاس کی خوراکیں دی جائیں تو یقیناً یہ ہر سہ ادویہ مسلسل استعمال کرنے سے اس تکلیف کو بیخ و بن سے اکھیڑ دیتی ہیں۔ مگنیشیا فاس اس وقت استعمال ہوتا ہے۔ جبکہ درد اینٹھن والے ہوں۔

**مگنیشیا فاس :** درد والے حیض جس میں اینٹھن کے سے درد ہوں اس کی یہ بہترین دوا ہے درد حیض شروع ہونے کے ٹھیک قبل شروع ہوتے ہیں یا حیض کے ساتھ ہوتے ہیں - لیٹنے سے آرام ہوتا ہے مگنیشیا فاس کو گرم پانی میں ملا کر رحم کو سیلکنے سے نیز اندرونی طور پر استعمال کرنے سے بہت جلد آرام ہوتا ہے -

**کالی فاس :** زرد، غم گین، بڑبڑی، ذکی الحس عورتوں میں درد کے ساتھ حیض - فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو حیض کا خون گہرا سرخ یا سیاہی مائل سرخ -

## بادھمی (دیکھو ہاضمہ کی خرابیاں)

# کان کی تکالیف DISEASES OF EAR

**فیرم فاس :** کان کی تکالیف جبکہ بخار، درد، ورم موجود ہو - کان کا درد جب کہ تیز سوئیاں گھسنے کے سے درد ورم کی وجہ سے موجود ہوں - باہر سیکنے سے آرام ہوتا ہو - مگر اندرونی طور پر سردی سے کچھ کمی معلوم ہوتی ہو - کان میں آوازیں کانوں میں ٹپکن - کانوں اور سر میں نبض کی ہر ضرب کے ساتھ ٹپکن کان میں دیرینہ ورم جس سے بہرہ پن پیدا ہو (کالی میور)

**کالی میور -** کان کی تکالیف میں یہ ایک نہایت مفید دوا ہے خصوصاً

جبکہ ورم کے بعد بلغمی جھلی موٹی ہوگئی ہو اور بہرہ پن پیدا کر رہی ہو۔ کان کی نالی میں ورم کی وجہ سے بہرہ پن۔ شور و غل میں بہتر سن سکے۔ بہرہ پن کانوں میں غدودوں میں ورم کے ساتھ۔ ناک پھنکنے یا نگلتے وقت کانوں میں کڑکن کی آوازیں۔ درد کان حلق یا کان کے غدود سوجنے کے ساتھ۔ درمیانی کان کا جنا سفید رطوبت کے ساتھ اندرونی یا بیرونی کان کا مزمن ورم۔

**کالی فاس** ۔ اعصابی کمزوری سے کانوں میں آوازیں اور بہرہ پن۔ اعصابی کمزوری سے بہرہ پن۔ سر میں آوازیں۔ کانوں میں زخم۔ مواد ملی متعفن خارش پیدا کرنے والی رطوبت۔

**مگنیشیا فاس** ۔ کانوں کے اعصاب کی کمزوری سے بہرہ پن یا سننے میں دقت کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر مگنیشیا فاس فائدہ نہ کر رہا ہو۔ درد کان خالص طور پر اعصابی وجہ سے۔ کانوں اور کان کے گرد اعصابی درد،

**کالی سلف** ۔ درد کان جس سے پتلا، زرد، پانی کا سا مواد بہتا ہو۔ کان کے نیچے تیز درد کاٹنے والے یا سوئیاں چبھنے کے سے۔ کان کے پردہ میں ورم کی وجہ سے بہرہ پن۔ کان کی نزلاوی کیفیتیں بلغمی جھلیوں کے ورم کے ساتھ اگر ان میں سے پتلا زرد مواد آتا ہو۔ زبان پر [illegible]

**کلکیریا فاس** : بیرونی کانوں میں سردی کا احساس۔ کان کے گرد ہڈیوں میں درد۔ کان کا درد و پانی کی تکالیف کے ساتھ خصوصاً غذا زہری مزاج بچوں

ہیں جن کے غدود بڑھے ہوئے ہوں - دیرینہ کان کا درد - بچوں میں جب کہ دانت نکل رہے ہوں -

**فیرم میور** - کونین کے استعمال کے بعد کانوں میں شائیں شائیں - زبان پر جھاگ کے بلبلے یا منہ سے تھوک کی زیادتی - کان کے اندر ورم سے بہرہ پن -

**کلکیریا سلف** - بہرہ پن گاڑھے مواد کے ساتھ بعض وقت ان میں خارش ہو - اگر پکنا شروع ہو جائے تو اس کو روکنے کے لیے (سلیسیا)

**سلیسیا** - بیرونی کان میں ورم - کانوں سے متعفن پیپ بلا مواد -

**نیٹرم فاس** - بیرونی کان میں پھوڑے کا سا درد - بیرونی حصص پر پتلے ملائی کے سے کھرنڈ - ایک کان سرخ، گرم، خارش کرے اور اس کے ساتھ معدہ کی خرابی اور تیزابیت موجود ہو -

## اکوتہ ECZEMA (دیکھو جلدی تکالیف)

## ورم حجاب القلب ENDOCARDITIS (دیکھو قلبی تکالیف)

## رات کو بستر میں پیشاب نکل جانا ENURESIS

(نیز دیکھو پیشاب کی تکالیف)

**فیرم فاس** : شانہ میں کمزوری کی وجہ سے - بچوں کا رات کو وقت بے پیشاب

نکل جائے۔ عورتوں میں کھانسنے سے پیشاب نکلے۔ مثانہ کی گردن یا عضو کے سرے پر اکساہٹ کی وجہ سے پیشاب نکل جائے۔

کلکیریا فاس: چھوٹے بچوں اور بوڑھے آدمیوں کا پیشاب نکل جائے۔

کالی فاس: اعصابیت سے پیشاب نکل جائے۔ پیشاب کی نالی میں جزوی فالج کی وجہ سے پیشاب نکل جائے۔

## مرگی۔ صرع (نیز دیکھو EPILEPSY SPF تشنج وغیرہ) CONVULSIONS

کالی بیورو: مرگی کی بہترین دوا ہے۔ اگوحہ کے دب جانے کے بعد مرگی زبان پر سفید یا سلیٹی سفید میل۔

فیرم فاس: مرگی کے دورے سر میں اجتماع خون کے ساتھ۔ کالی بیورو کے ساتھ یکے بعد دیگرے دورے۔

مگنیشیا فاس: بری عادتوں سے پیدا شدہ مرگی۔ نیز تشنج اور بدشکلی کے لیے اعضا میں سختی۔ سر پیچھے کی طرف کھینچ جائے۔ مٹھیاں بند ہو جائیں۔ دانت بیٹھ جائیں وغیرہ وغیرہ۔ مگنیشیا فاس گرم پانی میں بار بار دوہ جب تک دورے ختم نہ ہو جائیں۔

کلکیریا فاس: مرگی کے دورے عموماً بدعادت خصوصاً جلن وغیرہ کی وجہ سے ہوں۔

نیٹرم فاس: اگر آنتوں میں کیڑوں کی وجہ سے اکساہٹ ہو۔ نیٹرم فاس

کو کالی میدر کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

سلیشیا ۔ مرگی جب کہ دورے رات کے وقت یا نئے چاند کے قریب ہوں (دوسری دواؤں کے ساتھ گاہے گاہے دو)

کالی فاس ۔ دورے کے بعد چہرے پر کھنچاوٹ، ٹھنڈا پن اور دھڑکن کے لیے استعمال کرو۔

## ابھار ERUPTIONS

(دیکھو جلدی تکالیف اور ارتشاح)

یعنی کسی مادہ کا جلد پر آکر جمع ہو جانا۔

## نکسیر EPISTAXIS

(نیز دیکھو سیلان خون)

فیرم فاس : نکسیر خصوصاً بچوں میں چمک دار سرخ خون۔

کالی فاس : کمزور، نازک مزاج مریضوں میں نکسیر۔ بڑھاپے کی وجہ سے کمزوری سے نکسیر۔ خون سیاہ۔ پتلا متعفن۔

## سرخ بادہ۔ زہر باد ERYSIPELAS

فیرم فاس : ابتدائی حالت میں خالص دوا ہے جو حرکت، سرخی، بخار اور درد کو روکتی ہے گلابی رنگ کا زہر باد۔ اگر صفراوی علامات ہوں تو نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

نیٹرم سلف : زہر باد کی خاص دوا ہے جبکہ جلد پر سرخ چمکدار،

سرسراہٹ والا اور درد کرنے والا ورم موجود ہو اور سطح ہموار ہو۔
گرم میوور۔ جب کہ زہر باد میں دانے موجود ہوں۔ فیرم فاس کے ساتھ
یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔
کالی سلف۔ زہر باد میں آبلے ہوں۔
نیٹرم فاس۔ زہر باد جب کہ ناہموار، سرخ اور چمکدار ہو جلد میں درد اور
ورم ہو۔
نوٹ: یہی ادویہ علامات کے مطابق خارجی طور پر بھی استعمال کیجئے۔ پانی
میں حل کر کے کپڑا تر کر کے ماؤف حصہ پر رکھو۔

# ارتشاح۔ کسی مادہ کا جلد پر EXUDATIONS

# آ کر جمع ہو جانا

رطوبت جب کہ سفید ریشہ دار ہو تو کالی میور۔
جب البیومن میں ملی ہو تو۔ کلکیریا سلف۔
جب زرد ہو اور اس میں چھوٹی چھوٹی پپڑیاں ہو تو کلکیریا فلور
جب سونے کے مانند زرد ہو تو: نیٹرم فاس
جب زردی مائل چپچپی یا پانی کی سی ہو تو کالی سلف
جب سبزی مائل پتلی ہو تو کالی سلف۔

جب صاف شفاف پانی کے مانند پتلی ہو تو نیٹرم میور

جب گاڑھی یا خون کی دھاریوں کے ساتھ ہو تو کلکیریا سلف۔

جب مواد گاڑھا نہ ہو تو سلیسیا۔

جب تیز متعفن ہو تو کالی فاس۔

جب محبت سے چھوڑنے کا سا درد چبھن محسوس ہو تو نیٹرم میور اور کالی فاس۔

تمام قسم کی کھانسیوں میں جن کے ساتھ بلغم ہو، زکاموں میں نزلاوی کیفیتوں میں اور سیلان الرحم وغیرہ میں رطوبتوں کی رنگتیں عموماً دوا کے تبدیل کرنے میں رہنمائی کا کام دیتی ہیں۔

## آنکھوں کی تکالیف EYE DISEASES

**فیرم فاس:** آنکھوں میں ورم، درد سرخی کے ساتھ تکلیف کی ابتدائی حالت میں آنکھوں میں جلن کا احساس۔ آنکھ کے ڈھیلوں میں تیز درد جو حرکت سے بڑھے اور ٹھنڈے پانی میں نہانے سے کم ہو۔ پتلی میں ورم اور درد آنکھوں میں زخم، پتلی میں زخم، آنکھ کے پپوٹے میں ورم اور کنجرویٹی رہنے کی ہر ابتدائی حالت میں فیرم فاس کا داخلی اور خارجی طور پر استعمال کرو۔

**کالی میور۔** آنکھوں کے ورم کے دوسرے درجہ میں یہ دوا مفید ہے جب کہ سفید یا سبزی مائل زرد رطوبت موجود ہو۔ کالی سلف کے ساتھ یکے بعد

دیگرے دو۔ آنکھوں میں درد، پپوٹوں میں سبزی مائل یا سفید رطوبت کے تار ہوں (کالی سلف) پتلی میں ورم اور درد کا دوسرا درجہ آشوب چشم رد ہے، آنکھوں میں ریت کا احساس (فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو) آنکھوں میں سطحی زخم۔

کالی سلف۔ ورم کا تیسرا درجہ جس میں سبز یا سبزی مائل رطوبت ہو یا چپچپی زرد یا پانی کی سی رطوبت کالی میور) پپوٹوں پر زرد گھرنڈ موتیا بند۔ آشوب چشم جبکہ کالی سلف کی مخصوص رطوبت موجود ہو۔

کالی فاس۔ کسی بیماری کے بعد مزاج میں کمزوری آنے کی وجہ سے بینائی میں کمزوری بینائی کے عصب کے کمزور ہو جانے سے اندھاپن پتلیاں پھیل جائیں بحالت بے مرض کے عضلات کے جزوی فالج سے آنکھوں کے پپوٹے لٹک جائیں۔ ڈفتھیریا کے بعد، دماغ کی کیفیتوں سے پھینگا پن۔

گلینشیا فاس۔ پپوٹوں کا لٹکنا (کالی فاس کے یکے بعد دیگرے دو) آنکھوں کی تکالیف جہاں روشنی سے حد درجہ کی ذکی الحسی ہو۔ پتلیاں سکڑی ہوئی آنکھوں کے سامنے مختلف رنگ یا ستارے۔ بینائی کے عصب کی کمزوری کی وجہ سے بینائی میں خرابی۔ آنکھوں میں عصبی درد جس کو سینکنے سے آرام ہو۔ پپوٹوں میں تشنج۔

نیٹرم میور۔ صاف پانی کی سی پتلی رطوبت یا آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلان آنکھوں سے رطوبت جلد میں درد پیدا کرے یا پپوٹے چھوٹے دانے پیدا ہوں

پپوٹے کے اندر رہتا ہے۔ پتلی کے اوپر سفید داغ (نیٹرم میور پانی میں حل کر کے روزانہ کئی بار آنکھوں میں ڈالو) نوبتی عصبی درد۔ آنسوؤں کے سیلان کے ساتھ۔ پتلی پر آبلے۔

**کلکیریا سلف** ۔ آنکھوں میں ورم، گاڑھی زرد رطوبت کے ساتھ۔ پتلی میں گہرا زخم۔ پتلی میں زخم۔ پتلی میں آنکھوں میں یا آنکھوں کے اعصاب میں زخم۔ کلکیریا سلف کی مخصوص رطوبت موجود ہو یا مخصوص مواد آرہا ہو۔

**سلیسیا** ۔ ورم، گاڑھی، زرد رطوبت کے ساتھ۔ پپوٹوں پر گوہانچیاں۔ پیروں کے پسینہ کے رک جانے سے نظر میں کمزوری۔ پپوٹوں کے گرد چھوٹی چھوٹی پھڑیاں اور گومڑ۔

**نیٹرم فاس** ۔ آشوب چشم جیکدر طوبت سونے کے مانند زرد ہو۔ صبح کے وقت پپوٹے چپک جائیں۔ آنتوں میں کیڑوں کی وجہ سے اکساہٹ وغیرہ سے پیدا شدہ نظر کی خرابی۔ خنازیری آشوب چشم۔

**نیٹرم سلف** ۔ جگر کی خرابی سے آنکھ کے ڈھیلوں میں تری۔ پپوٹوں کے کناروں میں جلن، آنسوؤں کے ساتھ۔ دیرینہ آشوب چشم پپوٹوں میں آبلوں کے ساتھ ساتھ۔

**کلکیریا فاس** ۔ پپوٹوں میں تشنجی تکالیف۔ مگنیشیا فاس کے ساتھ۔ اگر مگنیشیا فاس ناکام ہو جائے۔ آنکھوں میں عصبی درد جب مگنیشیا فاس کام نہ دے سکے۔ خنازیری مزاج آدمیوں کو روشنی برداشت نہ ہو سکے۔ ازدواج الجبر

(یعنی ایک کو دو دیکھنا / مگنیشیا فاس)

کلکیریا فلور - موتیا بند - آنکھوں کے سامنے ستارے اور پتلی پر داغ -

## غش کھانا - بے ہوشی FAINTING

کالی فاس - کمزوری اور اعصابی مریضوں میں بے ہوشی کی رغبت -

کلکیریا فاس - عام صحت کو درست کرنے کے لیے کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو -

## بخار FEVER, SIMPLE

فیرم فاس - یہ ہر قسم کے بخاروں کے لیے سب سے بڑی دوا ہے - نبض تیز حرارت میں زیادتی وغیرہ، ہر قسم کی حمی نزلاوی یا بائی کے بخار - مرض میں حد درجہ کی حدت -

کالی میور - بخاروں کی دوسری دوا جبکہ زبان پر سفید میل ہو یا قبض ساتھ ہو فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

کالی فاس - ہر قسم کے اعصابی بخاروں میں - بخار تیز نبض تیز بیقاعدہ - اعصابی سٹریک کمزوری، فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

نیٹرم میور - نزلاوی بخار - ناک اور آنکھوں سے پانی کی سی رطوبت کے ساتھ اگر بخار کی ابتدا میں زبان پر خشکی ہو تو فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

# مقعد میں ناسور - نواسیر FISTULA IN ANO

## بھگندر

**کلکیریا فاس** : عمل جراحی کے بعد - ان مریضوں میں ناسور جن کو ہر دفعہ سردی لگنے سے طوفانی موسم میں خصوصاً ، دبلے انسانوں کے جوڑوں میں درد رہتا ہو - یا جن کو نواسیر اور سینہ کی تکالیف یکے بعد دیگرے ہوتی ہوں مقعد میں جلن اور تپکن - مقعد میں نیچے دبانے کے احساس ، علی الصبح اٹھنے پر مقعد میں پھوڑے کے سے درد کا احساس -

**سلیسیا** - چلتے وقت مبزیں تیز سوئیاں - پھوڑے کا پکنا - گاڑھا زرد مواد

**کلکیریا سلف** - جب سلیسیا ناکام ہو جائے اور کلکیریا سلف کا مخصوص مواد یعنی گاڑھا یا خون کی دھاریوں والا ہو -

## دورے FITS (دیکھو مرگی)

## ریاح (دیکھو معدہ کی تکالیف)

# پتہ کی پتھریاں GALL STONES

**کلکیریا فاس** - پتھریوں کی بناوٹ کو روکنے کے لیے نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو - اگر مریض صفراوی کٹھیاوی مزاج ہو -

گنیشیا فاس - درد کی زیادتی سے اینٹھن یا تشنج -

# معدہ کی خرابیاں GASTRIC DERRANGEMENTS

فیرم فاس - معدہ میں ورم درد کی زیادتی کے ساتھ یا غیر منہضم غذا کی قے کے ساتھ درد میں سینکنے سے کمی - ورم معدہ کے بخار کی پہلی دوا - ریاح سے غذا کی بو آئے - بدہضمی چہرہ پر تمتماہٹ کے ساتھ معدہ چھونے سے درد کرے - بدہضمی معدہ میں ٹیکن کے ساتھ - زبان صاف - سردی لگ جانے کی وجہ سے معدہ میں درد پینے دستوں کے ساتھ بخار کی حالت میں بھوک نہ رہے -

کالی میور - ہر قسم کی معدے کی یا صفراوی تکالیف زبان پر سفیدی یا سلیٹی غلیظ میل ہو - خصوصاً صبح کے وقت - بدہضمی جگر کے مقام میں بھاری پن - یا درد کے ساتھ یا داہنے کندھے کے نیچے درد کے ساتھ - زیادہ گرم چیزیں پینے سے بدہضمی - جگر کی خرابی کی وجہ سے ریاح - مرغن غذائیں کھانے کے بعد طبیعت مالش کرے - قبض کے ساتھ -

نیٹرم فاس - تیزابیت کی زیادتی سے بدہضمی - معدے سے کھٹی ڈکاریں اٹھیں یا کھٹا پانی منہ کو آئے - زبان کی پشت میں سنہری زرد میل - منہ میں تیزابی مزہ - تیزابی ریاح - معدہ میں زخم - کھانے کے بعد شدید درد تیزابی ڈکاروں کے ساتھ کلیجہ جلنے کی حالت میں فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو - کیڑوں کی وجہ سے بدہضمی یا درد تیزابی کیفیتوں

کے ساتھ بھوک بالکل نہ رہے۔

نیٹرم میور۔ بدہضمی منہ میں پانی کے ساتھ۔ منہ میں تھوک کی زیادتی یا صاف و شفاف پانی یا جھاگ دار پانی کی قے۔ قبض کے ساتھ بدہضمی کی تکالیف۔

کلکیریا فاس۔ ہر قسم کی بدہضمی میں دوسری دواؤں کے ساتھ دینے سے یا کھانے کے فوراً بعد دینے سے بڑی حد تک تکلیف کم ہو جاتی ہے غذا کے ہضم نہ ہونے سے بدہضمی جس کے لیے یہ دوا نہایت مفید ہے غذا کی تھوڑی سی مقدار کھانے یا ٹھنڈا پانی پینے کے بعد درد، بشرطیکہ تیزابی کیفیتیں موجود نہ ہوں۔ ریاح کے زیادہ جمع ہو جانے کے لیے یہ ایک بے خطا دوا ہے۔

کالی فاس۔ اعصابی بوجھ گنہگاروں کی وجہ سے بدہضمی جس کے ساتھ کلیجہ بیٹھنے کا احساس ہو۔ ٹائیفائڈ بخار یا کسی کمزور کر دینے والے مرض کے بعد نہ سیر ہونے والی بھوک یعنی بار بار بھوک۔ خوف یا اکساہٹ سے ورم معدہ۔ ریاح بائیں جانب درد کے ساتھ ریاح قلب کے گرد جمع ہو جائیں جس سے پریشانی ہو اور دل میں کمزوری اور درد ہو۔

کالی سلف۔ بدہضمی جس میں زبان کا رنگ چھچھا سنہرا زرد ہو۔ قم معدہ میں بھراؤ اور باد کے احساس کے ساتھ بدہضمی۔ معدہ میں درد اور منہ میں پانی کا اجتماع بشرطیکہ نیٹرم میور اور کالی میور فائدہ نہ پہنچا

سکیں، معدہ میں درد۔ بشرطیکہ مگنیشیا فاس درست نہ کر سکا ہو۔ معدہ میں درد منتقل ہونے والا جو ناف تک ایک لکیر کی شکل میں قائم ہو جائے۔ اور داہنے پہلو تک جاتا ہوا معلوم ہو۔

**مگنیشیا فاس**۔ معدہ میں اینٹھن اور تشنج جبکہ زبان صاف ہو۔ بدہضمی معدہ میں نوچنے والے اور کاٹنے والے دردوں کے ساتھ۔ جبکہ ریاح کے اخراج سے کچھ بھی فائدہ نہ ہو۔ درد جبکہ ایسا معلوم ہو کہ معدہ یا شکم کے گرد کس کر پٹی باندھی ہوئی ہے۔ معدے کا اعصابی درد جس کو گرم اشیاء پینے سے آرام ہو۔ ہچکی۔

**نیٹرم میور**۔ صفراوی خرابیوں کی وجہ سے معدے کی خرابی۔ منہ میں ذائقہ کڑوا۔ صفرا کی زیادتی۔ کڑوی رطوبت کی قے۔ زبان پر عموماً میل سبزی مائل ٹیالا یا سبزی مائل سفیدی ہو۔ منہ میں چپچپاہٹ گاڑھے یا لیدار تھوک کی۔ سیاہ صفراوی دست معدے میں خرابی صبح کے وقت منہ میں کڑوے ذائقہ کے ساتھ۔ بدہضمی درد سر یا ہچکی یا سستی کے ساتھ۔ جگر میں سوئیاں چبھنے کے سے درد صفراوی علامات کے ساتھ قے صفراوی یا سبزی مائل رطوبت کی۔

## غدودوں کی تکالیف GLANDULAR AFFECTIONS

**کالی میور**۔ غدودوں کے ورم میں بہتر دوا ہے جبکہ غدود سخت ہوں خازیری غدود، کرل۔ اگر ممکن ہو سکے تو اس دوا کو داخلی اور خارجی

طور پر استعمال کرو۔

کلکیریا فلور۔ اگر غدود پتھر کی طرح سخت ہوں (کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو) مستورات کے پستانوں کے اندر سخت پتھر کے سے۔

نیٹرم میور۔ غدودوں کا ورم جبکہ نیٹرم میور کی مخصوص پانی کی علامات موجود ہوں (یعنی تھوک وغیرہ کی زیادتی) جلدی غدود کا بڑھنا کرمل پانی کی علامات کے ساتھ گھیگھا۔

فیرم فاس۔ غدودوں میں حاد ورم بخار اور درد کے لیے استعمال کرو۔

کلکیریا فاس۔ غدودوں کے دیرینہ ورم اور سختی کے لیے یہ سب سے بہتر دوا ہے۔ گھیگھا میں کلکیریا فاس خاص دوا ہے۔ خنازیر غدود۔

سلیسیا۔ جب غدود پکتے معلوم ہوں تو یہ دوا ان کو پکا کر ان میں سے مواد نکال دیتی ہے۔ خنازیری غدود۔

نیٹرم فاس۔ گھیگھا میں جب کہ زبان کا مخصوص رنگ اور تیزابی کیفیتیں موجود ہوں۔

## گھیگھا GOITRE (نیز دیکھو غدودوں کی تکالیف)

کلکیریا فلور۔ جبکہ گھیگھا پتھر کی طرح سخت ہو۔

سلیسیا۔ خنازیر مزاج کے مریضوں کا گھیگھا۔

کلکیریا فاس۔ اس مرض کے لیے یہ بہتر دوا ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے گھیگھا درست ہو جاتا ہے۔ بہت سے مصنفوں کا یہی مقولہ ہے۔

**نیٹرم فاس** - ڈاکٹر والکر صاحب لکھتے ہیں کہ گھیگھا کو تحلیل کرنے کے لیے اس سے بہتر کوئی دوا نہیں ہے۔

# سوزاک GONORRHOEA

**کالی میورہ** سوزاک کے لیے یہ سب سے بہتر دوا ہے۔ یہ ہر درم کو جو کسی حصہ میں ہو درست کر دیتی ہے۔ گاڑھے سفید یا زردی مائل سفید مواد کا اخراج۔

**نوٹ:** یاد رہے کہ عضو کو مواد نکالنے کی خاطر دبانا نہیں چاہیے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے زخم مندمل نہیں ہوتے اور وزخش وغیرہ کرنی چاہیے۔

**فیرم فاس:** ابتدائی حالتوں میں کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی فاس** - جبکہ زخم عضو کے منہ کے نزدیک ہوں۔ داخلی و خارجی طور پر دونوں سوزاک جبکہ خون آ رہا ہو۔

**کلکیریا سلف** - جبکہ مواد کے اندر خون اور مواد موجود ہو یا مواد پیپ والا ہو۔

**نیٹرم میور** - دیرینہ سوزاک۔ سوزاک جبکہ مواد پنی کا سا پتلا اور شفاف ہو سوزاک جبکہ سلور نائٹریٹ یا کاسٹک کی پچکاری سے دبا دیا گیا ہو۔

**کلکیریا فاس** - سوزاک جبکہ اس کے ساتھ خون کی کمی کی کیفیتیں (یعنی بھوک) موجود ہوں۔ مواد پچپچا، شفاف، البومن آمیز۔

**کالی سلف** - سوزاک پچپچے، زرد یا سبز مائل مواد کے ساتھ۔

**نیٹرم سلف** - مزمن سوزاک، زردی مائل سبز مواد کے ساتھ مواد

گاڑھا جو مسلسل جاری رہے۔ بے درد کا سوزاک۔ ندی کے غدود بڑھے ہوئے۔ ہماسے

سلیسیا۔ وہ سوزاک جو بہت مدت سے موجود ہو اور جس میں گاڑھا متعفن مواد ہو۔ مسلسل سردی کا احساس۔

مگنیشیا فاس۔ جب سوزاک میں پیشاب کی نالی تنگ ہو جائے سوزاک جس میں تیز کانٹے چبھنے کے سے درد ہوں۔

نوٹ: ایسی حالت میں مواد کے رنگ کو دیکھ کر مگنیشیا فاس کو اس دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

## گٹھیا GOUT (نیز دیکھو۔ بائی کے درد)

فیرم فاس۔ گٹھیا کا ابتدائی مرحلہ جب کہ ورمی کیفیتیں موجود ہوں۔

نیٹرم فاس۔ حاد گٹھیا۔ پرانا گٹھیا۔ گٹھے پٹھوں کی زیادتی۔

نیٹرم سلف۔ گٹھیا کی حاد تکالیف میں اس کو فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ پرانا گٹھیا۔ پیروں میں گٹھیا حاد اور مزمن دونوں یہ اس مرض میں خاص دوا ہے۔

## سوڑھے پھوڑنا GUMBOIL

فیرم فاس۔ ورم کی کیفیتوں میں داخلی وخارجی طور پر استعمال کرو۔

کالی میور۔ ورم کے لیے جب کہ مواد شروع نہ ہوا ہو۔

سلیسیا۔ جب مواد شروع ہو چکا ہو۔
کلکیریا سلف۔ اگر جلد دیدیا جائے تو مسوڑھوں کو پکنے نہیں دیتی۔ لیکن اگر پک جائیں تو پھر سلیسیا دو۔

## دردسر HEADACHE

کالی فاس۔ ان سر کے دردوں کے لیے مفید ترین دوا ہے جو اعصابی ہوں جو زیادہ دماغی محنت کی وجہ سے پیدا ہوئے ہوں۔ طالب علموں کا دردسر جو تھک کر چور ہو چکے ہوں۔ کالی فاس کے دردسر میں عموماً زبان پر ہلکا زرد رائی کے لیپ کا سا میل ہوتا ہے اعصابی دردسر بے خوابی وغیرہ۔ کالی فاس کے دردسر کو آہستہ آہستہ ٹہلنے سے آرام ہوتا ہے۔ دردسر معدے میں خالی پن کے احساس کے ساتھ ساتھ ہو۔

فیرم فاس۔ دردسر دبانے والے سوئیاں چبھنے والے اور پھٹنے والے جن کی زیادتی حرکت سے یا جھکنے سے ہو کسی قسم کا دردسر جو دموی کیفیتوں سے پیدا شدہ ہو۔ دردسر چہرہ اور آنکھوں میں تمتماہٹ کے ساتھ چکن والے دردسر جو سر میں اجتماع خون سے ہو۔ دبانے سے آرام ہو دردسر جس کے قبل آنکھوں کی بینائی جاتی رہے دردسر جس میں بغیر منہضم غذا کی قے ہو۔ لو لگنے سے یا زیادہ سردی لگنے سے دردسر۔

کالی میور۔ جگر کی خرابی سے دردسر۔ زبان پر سفید سلیٹی مائل سفید میل

دودھ کا سا سفید۔

نیٹرم میور۔ سفید بلغم، یا قے وغیرہ درد سر کے دورے کالی میور سے درست ہوا کرتے ہیں۔

۔ ہلکے درد، یا سر میں بھاری پن جس میں آنسوؤں کی، یا تھوک کی یا ناک سے رطوبت کی، یا ہر سہ کی زیادتی ہو، یا قبض ہو، درد سر غنودگی کے ساتھ۔ یا پانی کی سی شفاف رطوبت کی قے کے ساتھ نوجوان لڑکیوں کو سن بلوغیت پہنچنے پر درد سر یا حیض کی بے قاعدگیوں سے درد سر۔ درد سر زیادہ تر صبح کے وقت۔ یا سورج کے ساتھ ہو اور سورج کے غروب ہونے پر جائے۔

**کالی سلف** ۔ درد سر جو گرم مکان میں بڑھے۔ یا شام کو بڑھے۔ اور ٹھنڈی کھلی ہوا میں آرام ہو۔

**مگنیشیا فاس** ۔ اعصابی درد سر تیز خلش پیدا کرنے والا۔ ٹک لگنے کا سا۔ گولی لگنے کا سا، تیر لگنے کا سا، نوبتی یا دورے کی صورت میں ہو۔ درد سر جو گرمی سے کم ہو اور سردی سے بڑھے، بائی کا درد سر اعصابی درد سر آنکھوں کے سامنے ستاروں کے ساتھ۔

**کلکیریا فاس** ۔ درد سر ٹھنڈے پن کے احساس کے ساتھ۔ سر چھونے سے ٹھنڈا معلوم ہو۔ (فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو) درد سر جبکہ سر میں رینگنے والی سردی یا سن ہو جانے کا احساس ہو۔ اعصابی درد سر مگنیشیا فاس آرام نہ دے سکے۔

**نیٹرم سلف** ۔ صفراوی دردِ سر یا جبکہ دردِ سر صفر کی تکالیف سے ہوا ہو صفرا کی قے زبان پر سبزی مائل سلیٹی رنگ کا میل ۔ دردِ سر چکر کے ساتھ ۔

**نیٹرم فاس** ۔ سر کی چوٹی میں یعنی چاند میں دردِ صبح سویرے جاگنے پر ۔ زبان کی جڑ میں نمدار زرد میل نیز تالو میں دردِ سر معدے میں تیزابیت ہے، یا معدے میں سے کھٹی رطوبت حلق تک اُٹھے ۔ یا کھٹے پانی کی سی پتلی شفاف رطوبت کی قے کے ساتھ ۔ پیشانی کا یا گدی کا دردِ سر ایسا معلوم ہو جیسے کھوپڑی بالکل بھری ہے ۔

**سلیسیا** ۔ دردِ سر جب کہ سر میں مہاسے کے دانے کے برابر چھوٹے چھوٹے گومڑی کی قسم کی گلٹیاں موجود ہوں ۔

# دِل کی تکالیف HEART AFFECTIONS

**کالی فاس** ۔ دل میں دھڑکن ہائی کے بخار کے بعد یا قلب میں کمزوری سے یاد رہے کہ کالی فاس دل کی طاقت کے لیے ایک عجیب دوا ہے جب لمبے بخار ٹوٹتے ہیں تو نبض کمزور ہو جاتی ہے اور دل کا فعل بھی کم ہو جاتا ہے ۔ ایسی حالت میں کالی فاس نعمت غیر مترقبہ ہے دل کی تکالیف دل کی حرکت نوبتی یعنی ضربات چھوڑ دے دھڑکن کے ساتھ اعصابیت ۔ کمزوری یا تھکاوٹ کی وجہ سے دھڑکن وغیرہ

دھڑکن، پریشانی، بے خوابی، یا نظام عصبی کی کمزوری کے ساتھ کسی بھی وجہ سے غشی۔

فیرم فاس۔ خون کی نالیوں کا تحلیل ہونا، یا دل (اعضا) کا تحلیل ہوتے جانا۔

نوٹا: کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ دل میں ورمی کیفیات۔ دل میں یا حجاب الحاجز میں درد وغیرہ۔ دل میں دھڑکن۔ کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

کلکیریا فلور۔ خون کی نالیوں کا یا دل کا تحلیل ہونا فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ دل میں زیادہ خون کے اجتماع سے کمزوری۔

کالی میور۔ دل کی ورمی کیفیتوں میں دوسری دوا ہے۔ دل کا خشک ہوتے جانا۔ کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

کلکیریا فاس۔ دل کے فعل میں کمزوری۔ کمزوری کے بعد دھڑکن۔ دورۂ خون میں کمزوری ہاتھ اور پیروں کا ٹھنڈا ہو جانا۔ معدے میں ریاح کے اجتماع سے دھڑکن۔

کالی سلف۔ نبض تیز، دل کی چال سست، تپکن دار، ہونے کی طبیعت نہ چاہے چہرہ پیلا۔

گلیشیا فاس۔ دھڑکن جب کہ دورے کی صورت میں ہو۔ تیز گولی لگنے کے سے، تیر لگنے کے سے قلب میں درد۔

نیٹرم میور۔ بھس والے مریضوں میں دھڑکن۔ استسقائی کیفیتوں میں دھڑکن۔ غم گینی سے دھڑکن۔

## کلیجہ کا جلنا HEARTBURN (دیکھو معدہ کی خرابیاں)

# سیلان خون HAEMORRHAGE

میں نے عمداً یہ اصطلاح "سیلان خون" استعمال کی ہے جسم کے کسی حصّہ سے خون کا سیلان اسی ضمن میں لے لیا ہے۔

**گرم قاس** - جسم کے کسی حصّہ سے سیلان خون کے لیے ایک بہتر دوا ہے۔ جبکہ خون چمک دار سرخ ہو اور جلد منجمد ہو جائے۔ کسی وجہ سے مکسیر، پھیپھڑوں سے سیلان خون۔ چمک دار سرخ خون کی قے۔ جس کے مریضوں میں سیلان خون کی رغبت۔ ایسی حالت میں کلکیریا قاس اور کالی قاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی قاس** - کمزور، نازک یا کمزور شدہ مریضوں میں سیلان، خون سیاہ سیاہی مائل سرخ، پتلا، جو نہ جمے۔ متعفن خون۔ رحم سے خون۔

**کالی میور** - سیلان خون سیاہ۔ منجمد یا لچھے دار۔

**نیٹرم میور** - سیلان خون جب کہ خون پتلا، پیلا، سرخ اور پانی کا سا ہو۔ اور جلد منجمد نہ ہو سکے۔

**کلکیریا فلور** - رحم سے سیلان خون، کالی قاس کے یکے بعد دیگرے دو۔

لیواسیری خون

---

# بواسیر HEMORRHOIDS

**کلکیریا فلور** - اس مرض کی سب سے بہتر دوا ہے - زبان کا رنگ دیکھ کر کسی دوسری دوا کے ساتھ جو زبان کے رنگ سے منتخب ہو سکے - کلکیریا فلور کو یکے بعد دیگرے دو - خونی بواسیر، اندرونی بواسیر، کمر کے درد کے ساتھ - بواسیر مع یبوست قبض کے ساتھ - بواسیر میں خارش کا بچ کا نکلنا -

**نوٹ:** بواسیر کی حالت میں کلکیریا فلور ۲x ۳ ڈیسلین میں ملا کر بطور مرہم استعمال کرو -

**فیرم فاس** - بواسیر جب کہ خون چمکدار سرخ ہو اور جلد جم جائے - کانچ نکلنا اس دوا کو خارجی طور پر بطور مرہم لگانے سے بہت جلد آرام ہوتا ہے -

**کالی میور** - جب خون سیاہ اور گاڑھا ہو - کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

**کالی سلف** - یہ دوا عموماً بواسیر میں کلکیریا فلور کے ساتھ استعمال ہوتی ہے زبان پر زرد چپچپا میل موجود ہو -

**نیٹرم سلف** - بواسیر جب کہ صفراوی کیفیتیں موجود ہوں - آنتوں کے نچلے حصہ میں گرمی کا احساس - زبان کے رنگ کو نظروں میں رکھتے ہوئے کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

**کالی فاس** - کانچ نکلنا، کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

**کلکیریا فاس** - کمیٔ خون کے مریضوں میں بہتر دوا ہے۔
**نیٹرم میور** - کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر پاخانہ سخت خشک اور ٹوٹنے والا ہو۔ منہ میں تھوک کی زیادتی۔
**مگنیشیا فاس** - بواسیری منوں میں درد۔ کاٹنے والے۔ تیر لگنے کے سے۔ نہایت تیز بجلی کی طرح۔ خارجی طور پر مگنیشیا فاس گرم پانی میں حل کر کے سینکو۔

نوٹ: چونکہ بواسیر کے ساتھ جگر معدے وغیرہ کی تکالیف موجود ہوتی ہیں۔ اس لیے مکمل شفا حاصل کرنے کی خاطر باقی باتوں کو مدنظر رکھ کر ان کا علاج بھی ساتھ ساتھ کرو۔

## ہچکی HICCOUGH

**مگنیشیا فاس** - ہچکی کی سب سے بہتر دوا ہے۔ گرم پانی میں بہت جلد اثر کرتی ہے۔ جلد جلد دہراؤ۔
**نیٹرم میور** - کونین کے بے طرح استعمال کے بعد آئی ہچکی۔

## چوتڑ کے جوڑ کی تکلیف HIP JOINT DISEASE

**فیرم فاس** - چوتڑ کے جوڑ کی تکلیف میں درجہ کیفیت کے پہلے درجہ میں بخار اور درد کو دور کرنے کے لیے داخلی و خارجی طور پر استعمال کرو۔ درد۔ لیکن جب کہ داؤفہ جگہ پر ورم آگیا ہو مگر یاد رہے کہ مواد شروع ہونے

سے قبل یہ مفید ہوتی ہے۔

**سلیسیا**۔ جب ماؤف حصص پک جائیں اور ان میں مواد پیدا ہو جائے تو اس دوا کے استعمال سے نہ صرف زخموں کو قابو میں لایا جا سکتا ہے بلکہ ہڈیوں کے گلنے کو بھی اس سے روکا جا سکتا ہے۔

**کلکیریا سلف** ۔ پیپ اور مواد خارج کرنے کے لیے۔ اسی حالت میں فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

## آواز کا بیٹھ جانا HOARSENESS (نیز دیکھو حلق)

**فیرم فاس** ۔ گانے والوں اور بولنے والوں کے حلق میں درد اور آواز کا بیٹھنا آواز کا بیٹھنا۔ آواز کے زیادہ استعمال سے۔ سردی لگ جانے سے یا معمولی سے ورم سے۔

**کالی میور** ۔ سردی لگ جانے سے آواز بیٹھ جائے۔ اگر آواز اس دوا سے درست نہ ہو تو کالی سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی فاس** ۔ فیرم فاس کے بعد اگر کمزوری یا اعصابی کمزوری ہو نیز حلق میں تکاوٹ کا احساس یا بائی کی تکلیف سے۔

**کالی سلف**۔ اگر کالی میور سے آرام نہ ہو تو اس کو استعمال کرو۔

**کلکیریا فاس** ۔ مسلسل دیر تک آواز کا بیٹھنا۔ حلق میں چھیلن کے ساتھ۔

# فوطوں میں پانی بھر جانا۔ہائڈروسیل HYDROCELE

نیٹرم میور۔ فوطوں میں پانی۔ نسوں میں پانی۔
نیٹرم سلف۔ اگر زہر باد کی کیفیت موجود ہو تو نیٹرم میور کے بعد یکے بعد دیگرے دو۔
کلکیریا فاس۔ اگر نیٹرم میور سے مریض کو فائدہ نہ ہو۔
کلکیریا فلور۔ اگر فوطوں میں سختی ہو۔یا عضلات کے ڈھیلے پن کے اندر کھنچاوٹ پیدا کرنے کے اور پانی کو نکالنے کے لیے۔
سلیسیا۔ خنازیری مزاج بے قاعدہ پرورش شدہ بچوں میں۔

# ہسٹریا۔اختناق الرحم۔باؤگولہ HYSTERIA

کالی فاس۔اس عصبی مرض کی سب سے بہتر دوا ہے۔یکایک یا جذباتی تحریک سے ہسٹریا۔عصبی مزاج مریضوں میں شہوت کی تحریک سے، ہنسنے اور چلانے کے دورے۔ ہسٹریا ایسا معلوم ہو جیسے حلق میں گولہ سا چڑھ رہا ہے۔
نیٹرم میور۔اگر تکلیف کے ساتھ غمگینی یا حیض کی بے قاعدگیاں موجود ہوں کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

# انفلوئنزہ۔وبائی زکام INFLUENZA

فیرم فاس: درمی کیفیتوں کے لیے بخار حدت، درد، وغیرہ کے لیے۔

**نیٹرم سلف** - پیشاب کی مقدار کو بڑھانے کیلیے اور ریشوں کی رطوبت کو کم کرنے کے لیے سب سے بہتر دوا ہے۔

**کالی میور** - بائی کے دردوں کے لیے جب زبان پر سفید یا سلیٹی میل ہو اور اگر کمزوری ہو تو کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

## ورم INFLAMATION

**فیرم فاس** - ہر قسم کے ورم کی ابتدائی حالت میں جبکہ حدت، سرخی، درد وغیرہ موجود ہو یہ دوا مفید ہے۔ اگر اس دوا کو داخلی و خارجی طور پر استعمال کیا جائے تو بہت سی حالتوں میں یہ دوا تکالیف کو کم کر دیتی ہے۔

**کالی میور** - جسم کے کسی حصہ کے ورم کے دوسرے درجہ کے لیے جب کہ مادہ جمع ہونا شروع ہو چکا ہو۔ یہ دوا حاد کے ورم یا سفید رطوبت کے سیلان میں استعمال ہوتی ہے۔

**کالی سلف** - جب کہ رطوبت زرد یا پیپ ہو۔

**کالکیریا سلف** - ورم کا تیسرا درجہ جب گاڑھا، زرد پیپ بلا مواد ہو۔ یا جب اس پر خون کی دھاریاں موجود ہوں۔

**سلیسیا** - جب ورم کے بعد ماؤفہ جگہ پکنی شروع ہو جائے تو یہ دوا عموماً اس کو پکاتی ہے۔ یا پکانے سے روکتی ہے۔

نوٹ! یہ ضروری نہیں کہ ورم اندرونی ہو یا بیرونی۔ یا جسم کے کسی حصہ میں ہو، علاج مندرجہ بالا ہی رہے گا۔

## بے خوابی INSOMNIA (دیکھو نیند)

## نوبتی بخار۔ ملیریا بخار INTERMITTENT FEVER

**نیٹرم سلف** ۔ ملیریا بخار ہر حالت میں اس دوا سے درست ہو تا ہے ملیریا بخار اور صفراوی کیفیتوں کی یہ خاص دوا ہے

**فیرم فاس** ۔ تمام قسم کے بخار کی کیفیتوں کے لیے اور جب کہ غیر منہضم غذا کی قے ہو۔ نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی فاس** ۔ جب کمزوری اور پسینہ کی زیادتی ہو۔

**کالی میور** ۔ اگر زبان پر سلیبٹی یا سفید میل ہو۔

**نیٹرم میور** ۔ تمام قسم کے نوبتی بخاروں میں جب کہ نیٹرم میور کی مخصوص پانی کی علامات موجود ہوں پیاس کی زیادتی۔ ہونٹوں کے گرد بخار کے دانے کونین کے زیادہ استعمال کے بعد۔

**مگنیشیا فاس** ۔ نوبتی بخار جب کہ پنڈلیوں میں اینٹھن ہو۔ نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کلکیریا فاس** ۔ بچوں میں پرانے نوبتی بخار میں اس دوا کو دوسری غذاؤں کے ساتھ ساتھ استعمال کراؤ۔

## یرقان۔ کانور۔ پیلیا JAUNDICE (دیکھو جگر کی تکالیف)

# گردہ کی تکالیف AFFECTIONS OF KIDNEYS

**فیرم فاس** - گردہ کی تمام تکالیف میں جبکہ ورم، بخار، حدت یا درد ہو۔ ورم گردہ کے پہلے درجہ میں ورم کم کرنے کے لیے۔

**کالی میور** - گردے کی ورمی تکالیف کے دوسرے درجہ میں جبکہ ورم ہو۔

**کالی فاس** - اگر اعصابی علامات میں تحریک ہو تو کسی دوسری دوا کے ساتھ اس کو یکے بعد دیگرے دو۔

**کلکیریا فاس** - پیشاب میں البیومن کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر اعصابی تکالیف ہو۔ ورم گردہ کی خاص دوا ہے۔

# حمل و ولادت LABOUR AND PREGNANCY

میرا تجربہ ہے کہ اگر کالی فاس دن میں تین بار بحالت حمل دی جائے تو ولادت کے وقت کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی اور جب ایک یا دو دن ولادت کے قبل یہ دوا دی جاتی ہے تو بھی یہ دوا ولادت میں مدد کرتی ہے درد زہ میں بھی یہ دوا نہایت عجیب ہے لیکن اگر اینٹھن کے ساتھ درد موجود ہوں تو مگنیشیا فاس کو استعمال کرنا چاہیئے اور اگر ولادت سے قبل زچہ بد ہضمی کی شکایت کرے تو کلکیریا فاس دینا چاہیئے۔ عفونتی بخاروں میں کالی فاس، کالی میور اور فیرم فاس کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔

**کالی فاس** - یہ دوا ہمارے ہاتھوں میں نہایت عجیب ہے۔ اگر ایک دو ماہ

قبل ولادت کالی فاس دی جائے تو یہ رحم اور بچہ کو طاقت بخشتی ہے اور ولادت نہایت آسان اور بغیر کسی تکلیف کے ہوتی ہے۔ اگر درد زہ کمزور یا بے اثر ہوں تو اس دوا کو استعمال کرنا چاہیے۔ رحم کے منہ میں سختی مریضہ میں بے چینی اور دردوں کا برداشت نہ ہو سکنا۔ مگر یاد رہے کہ اگر درد انقباض والے ہوں مگنیشیا فاس بھی کالی فاس کے ساتھ ساتھ دو۔ ولادت کے بعد اگر چند یوم تک فیرم فاس دیا جائے تو کسی قسم کی درمی کیفیت باقی نہیں رہتی۔

عفونتی پاگل پن کے لیے یا زہر چڑھ جانے کے لیے یہ ایک بہترین دوا ہے کالی سلف بھی ساتھ دو۔ اعصابی مزاج متذبذب ہیں جب کہ اسقاط حمل کا خدشہ لاحق ہو جائے تو بھی یہ دوا مفید تریں ہے۔

**فیرم فاس** - ولادت کے بعد دردوں کو رفع کرتی ہے اور معمولی سی خراشوں کو جو زچہ کے پوشیدہ مقاموں میں آجاتی ہیں درست کرتی ہے۔ ایسی حالت میں داخلی و خارجی طور پر استعمال کرائی جائے۔ دورے کے بخار میں نیز ورم پستان میں بحالت حمل صبح کی متلی میں یا غیر منہضم غذا کی قے میں عفونتی بخاروں میں یہ پہلی دوا ہے۔ اس کو اس حالت میں کالی فاس کے ساتھ دو۔

**مگنیشیا فاس** - دردزہ انقباض اور تشنج والے عفونتی تشنج۔

**کالی میور** - عفونتی بخار کے آغاز میں سب سے خاص دوا ہے۔ پستانوں کے ورم اور ان کے پکنے سے قبل یہ دوا ورم کو روکتی ہے۔ حمل کی

حالت میں صبح سویرے کی قے اس سے درست ہوتی ہے بشرطیکہ قے میں سفید بلغم یا رطوبت ہو۔

**کلکیریا فاس** ۔ اگر دودھ میں کسی قسم کی خرابی ہو نمکین ہو یا نیلا ہو۔ بچہ دودھ نہیں پیتا ۔ دودھ پلانے کے زمانہ میں قبض ۔

**کلکیریا سلف** ۔ پستانوں میں ورم جبکہ مواد نکل رہا ہو۔ اس دوا کو سلیسیا کے بعد دینا چاہیے ۔

**سلیسیا** ۔ پستانوں کے ورم میں کالی میور کے بعد جب پیپ بننا شروع ہو گیا ہو۔ سر پستانوں میں زخم ۔ پستانوں میں سخت گانٹھیں ۔

**کلکیریا فلور** ۔ جب ولادت کے بعد درد کمر درد ہوں تو یہ دوا درد کو بڑھا کر آنول کو نکالتی ہے اور اگر رحم اپنی جگہ سے گرا ہوا ہو تو اس دوا کا داخلی استعمال اور اس کو گرم پانی میں حل کر کے ڈوش رحم کو اپنی جگہ پہنچاتا ہے ۔ پتھر کی مانند سخت گانٹھیں پستانوں میں یا رحم میں اگر دودھ نہ آتا ہو یا کم ہو تو یہ دوا بہترین ہے ۔

**نیٹرم میور** ۔ حمل کی حالت میں صبح کی متلی ۔ پانی کی سی جھاگ دار قے کے ساتھ

**نیٹرم فاس** ۔ صبح کی متلی ، کھٹی ، تیزابی رطوبت کی قے کے ساتھ ۔

**نیٹرم سلف** ۔ حمل کی قے ، صفراوی رطوبت کی قے کے ساتھ اور منہ میں کڑوے ذائقہ کے ساتھ ۔

# وبائی نزلہ LA GRIPPE (نیز دیکھو انفلوانزہ)

فیبرم فاس - وبائی نزلہ کے پہلے درجہ میں جبکہ بخار، حدت، درد وغیرہ موجود ہوں - جلد جلد خوراکیں دہراؤ -

کالی میور - درجہ دوم - حلق میں درد، زبان پر سفید میل اور جسم میں درد -

کالی سلفت - شام کے وقت زیادتی - فیرم فاس کے ساتھ دو تاکہ پسینہ آئے -

نیٹرم سلفت - صفراوی علامات اگر موجود ہوں - زبان پر سیاہ مٹیالا میل ذائقہ کڑوا یا کڑوی صفراوی رطوبت کی قے -

نیٹرم میور - چھینکیں آنکھوں یا ناک سے پانی کی زیادتی کے ساتھ -

کالی فاس - اگر اعصابی علامات موجود ہوں -

# لیکوریا - سیلان رحم - سیلان مہبل

## سفید پانی LEUCORRHOEA

کلکیریا فاس - سیلان رحم میں البومن کا سا محلول - انڈے کی سفیدی کی طرح معلوم ہو لیکوریا حیض کے بعد - آلات تناسل میں کمزوری کے لیے اس کو استعمال کرو -

جب لیکوریا کا رنگ دودھ کا سا سفید اور اکساہٹ پیدا کرنے والا نہ ہو -

کالی فاس - تیز سوزش پیدا کرنے والا یا چھیل دینے والا لیکوریا اگر اعصابی

موجود ہو۔ نیٹرم میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**نیٹرم میور** ۔ سیلان پانی کا سا۔ تحریک پیدا کرنے والا ٹیس اور چھیلن پیدا کرنے والا سیلان درد سر کے ساتھ یا شرمگاہ میں خارش کے ساتھ۔

**کالی سلفٹ** ۔ زرد سبزی مائل چھچھے یا پانی کے سے سیلان۔

**نیٹرم فاس** ۔ سیلان طلائی کا سا یا شہد کے سے رنگ کا، پانی کا سا تیزابی کیفیتوں کے ساتھ۔

نوٹ: لیکوریا کے علاج میں یہ بہتر ہے کہ جو دوا داخلی طور پر دی جائے اسی کو گرم پانی میں حل کر کے ڈوش دیئے جائیں۔

## جگر کی تکالیف AFFECTIONS OF LIVER

**فیرم فاس** ۔ جگر میں ورم، اجتماع خون، حدت، بخار، درد وغیرہ کے لیے ابتدائی درجہ میں استعمال کرو۔

**کالی میور** ۔ جگر کے فعل میں کاہلی، زبان پر سفید یا سلیٹی مائل سفید میل اور پاخانہ ہلکے رنگ کا۔ جگر کے مقام میں درد اور داہنے کندھے کی ہڈی کے نیچے درد۔ قبض ہلکے رنگ کے پاخانہ کے ساتھ جس سے یہ معلوم ہو کہ صفرا میں کمی ہے۔ یرقان اگر سردی لگ جانے کی وجہ سے پیدا ہو۔

**نیٹرم سلفٹ** ۔ یرقان پاخانے صفراوی سبز، زبان پر سبزی مائل مٹیالے رنگ کا میل۔ آنکھوں کے ڈھیلے پیلے۔ یاد رہے کہ نیٹرم سلفٹ میں

صفراء کی زیادتی ہوتی ہے۔ صفراوی تکالیف اگر دماغی محنت کی وجہ سے ہوئی ہو۔ ایسی حالت میں کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو جگر میں اجتماع خون درد تیز سوئیاں چبھنے کے سے درد کے ساتھ نیٹرم فاس بھی دو۔

**کالی فاس** ۔ اعصابی وجوہات سے جگر کی تکالیف ۔ زیادہ دماغی محنت سے صفراوی دورے یا پریشانیوں کی وجہ سے نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

**نیٹرم فاس** ۔ جگر میں سختی ۔ زبان کے رنگ کا خیال رکھو۔

**کالی سلف** ۔ جبکہ اس دوا کی مخصوص علامات موجود ہوں تو اس کو کسی دوسری دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کلکیریا سلف** ۔ جگر میں دنبل، درد، کمزوری یا متلی کے ساتھ پیپ بننے کو یہ دوا روکتی ہے۔

## جمود گا LOCK JAW (دیکھو تشنج)

## درد کمر LUMBAGO (نیز دیکھو درد)

**نیٹرم فاس** ۔ درد، درمی کیفیات کی خالص دوا ہے ۔ کسی دوسری دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

**کلکیریا فاس** ۔ کمر کے مقام پر صبح سویرے جاگنے پر درد۔

ٹیٹرم میورہ۔ درد کمر جس کو کسی سخت چیز پر لیٹنے سے آرام ہو۔ درد جیسے چوٹ لگی ہو۔ یا جیسے بہت دیر تک جھک کر کھڑا رہا گیا ہو۔ کمر میں کمزوری زیادہ تر صبح کے وقت۔

## سوکھنا MARASMUS (دیکھو ATROPHY)

## خسرہ MEASELES

فیرم فاس۔ خسرہ کے ہر درجہ میں، درمی کیفیت ہو، بخار، آنکھوں میں سرخی سینہ میں ورم وغیرہ کے لیے مفید ہے پہلے درجہ میں اس کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔

کالی میورہ۔ خسرہ کا دوسرا درجہ، کھردری کھانسی، غدودوں میں ورم وغیرہ زبان پر سفید سلیٹی مائل سفید میل۔ خسرہ کے اثرات مابعد، بہرہ پن حلق میں ورم، اسہال، اگر کالی میورا اور فیرم فاس یکے بعد دیگرے شروع سے آخر تک دیتے جائیں تو شروع سے آخر تک کوئی تکلیف سارے کورس میں نہیں ہو سکتی۔

کالی سلف۔ خسرہ یا کسی دوسرے تفاطی بخار میں جبکہ دانے یک دم دب جائیں تو ایسی حالت میں کالی سلف کی بار بار خوراکیں دانوں کو جسم پر واپس لاتی ہیں اور پسینہ کو بھی لاتی ہیں۔

ٹیٹرم میورہ۔ اگر آنکھوں میں پانی یا پانی کی دیگر کیفیتیں موجود ہوں کسی

دوسری دوا کے ساتھ اس کو یکے بعد دیگرے دو۔

## چوٹیں MECHANICAL INJURIES (نیز دیکھو ہڈیوں کی تکالیف)

**فیرم فاس** - حال کی چوٹوں کے لیے یہ ایک مفید دوا ہے۔ کیونکہ اس دوا سے مضروب جگہوں پر خون کی مقدار زیادہ پہنچتی ہے اور اسی لیے اس سے جلد فائدہ ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ گرنے سے چوٹیں، کٹ جانا۔ تازہ زخم اور موچوں وغیرہ کے لئے پہلے درجہ میں یہ مفید ترین دوا ہے۔ یہ دوا ایسی حالت میں درد، درد کو روک کر مضروب جگہ کو درست کرتی ہے۔

**کالی میور** - ضربوں کے دوسرے درجہ میں جبکہ ورم آچکا ہو۔

**سلیسیا** - جب علاج کی طرف سے غفلت کی گئی ہو اور جب مضروب جگہ کے پک جانے کا اندیشہ ہو یا جب پکی ہوئی جگہ سے گاڑھا پیپ آرہا ہو تو اس دوا کا استعمال کرو۔ اور اس کے بعد اگر ضرورت محسوس ہو تو کلکیریا سلف دو۔

**کلکیریا سلف** - جب زخم مندمل نہ ہو رہا ہو اور اس میں گاڑھی زرد پیپ آرہی ہو یا پیپ پر خون کی دھاریاں ہوں۔

**کلکیریا فلور** - ہڈیوں میں چوٹیں۔

**نیٹرم سلف** - سر میں چوٹ کی وجہ سے دماغی خرابی۔

# ورم دماغ سرسام مینجائٹس MENINGITIS

(نیز دیکھو دماغ)

**فیرم فاس** - پہلے درجہ میں جبکہ بخار ہو۔ نبض تیز ہو اور ہذیانی کیفیت ہو۔

**کالی فاس** - جب دماغ کے پردوں میں ورم آچکا ہو۔ ایسی حالت میں فیرم فاس کے ساتھ بکے بعد دیگرے دو۔

**نیٹرم سلفٹ** - دماغ کی جھلیوں شدید ورم۔ ڈاکٹر کینٹ صاحب کہتے ہیں کہ اگر میرے ہاتھ سے سب دوائیں کھو جائیں نیٹرم سلف کے لے لی جائیں تو بھی میرے ہاتھ میں نیٹرم سلف ایک ایسی دوا باقی رہ جاتی ہے جو مینجائٹس میں مفید ترین ہے یہ ورم کو کم کرکے انسان کی زندگی کو پنجۂ اجل سے بچاتی ہے۔ سر میں خون کا اجتماع فوراً اس دوا سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

**کلکیریا فاس** - سر میں پانی آجانے کے لیے یہ سب سے پہلی اور بڑی دوا ہے تالو کھلے ہوئے اور کمزوری جن خاندانوں میں یہ مرض موجود ہو تو کلکیریا فاس اس کی آئندہ نمود کو روکتی ہے۔

# کثرت حیض حیض کی زیادتی MENORRHAGIA

(نیز دیکھو حیض)

**کلکیریا فلور** - رحم کو طاقت دینے اور اس کی نالیوں کو سکیڑنے کے لیے یہ ایک بہترین دوا ہے۔ کثرت حیض نیچے دبانے والے بوجھ

کے ساتھ جن میں اکثر رحم اپنی جگہ سے ہٹا ہوا ہوتا ہے۔

**فیرم فاس** ۔ دو حیضوں کے درمیان اس دوا کو استعمال کرنا چاہیے۔ چمکدار سرخ خون کا سیلان جو جلد منجمد ہو جائے۔

**کلکیریا فاس** ۔ عام جسمانی صحت کو درست کرنے کے لیے کسی دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

## حیض MENSTRUATION

**فیرم فاس** ۔ درد والا حیض، بہرے میں تمتماہٹ، نبض میں تیزی، چمکدار سرخ خون کے ساتھ جو جلد منجمد ہو جائے۔ حیض کے دوران میں غیر منہضم غذا کی قے۔

**کالی فاس** ۔ حیض کی بے قاعدگیوں میں ایک ضروری دوا ہے بشرطیکہ مریضہ کمزور چڑچڑی اور ذکی الحس ہو۔ حیض بہت دیر میں بہت کم یا بہت زیادہ۔ خون گہرا سرخ یا سیاہی مائل بعض اوقات بالکل نہ جمے اور تعفن ہو۔ پیلی اور ذکی الحس مستورات میں ماہواری پر از ورد حیض رک جائے یا دیر میں آئے پست حوصلگی اور عام اعصابی کمزوری کے ساتھ۔

**کالی میور** ۔ حیض بہت دیر میں یا سردی لگ جانے سے رکے ہوئے زبان پر سفید یا سلیٹی میل۔ حیض بہت جلد جلد، خون سیاہ منجمد کول تار کے رنگ کا۔ حیض بہت دن تک رہیں یا بہت جلد ہوں۔

نیٹرم میور۔ پتلا، پانی کا سا، پیلے رنگ کا سیلان، نوجوان لڑکیوں میں جن میں کمی خون ہو حیض کی خرابیاں خنودگی۔ غم گینی اور صبح کو دردِ سر۔

مگنیشیا فاس۔ حیض کے دوروں کی بڑی دوا ہے۔ حیض کے دوران میں یا حیض سے قبل درد، تشنج یا اینٹھن کی قسم کے جن کو گرمی اور سیکنے سے سکون ہو۔

کلکیریا فاس۔ حیض میں درد جبکہ مگنیشیا فاس آرام دینے سے قاصر ہو۔ نوجوان یا کمی خون والی لڑکیوں میں حیض کی بے قاعدگیاں سانسی حالت میں اس دوا کو کسی دوا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دودھ پلانے کے زمانہ میں حیض۔ نوجوان لڑکیوں میں جلد جلد حیض۔ آلات تناسل میں تپکن شہوانی احساسات کے ساتھ۔

کلکیریا فلور۔ کثرتِ حیض، نیچے دبانے والے دردوں کے ساتھ حیض کی زیادتی اس دوا کو آلات تناسل کی تقویت کے لیے استعمال کرو۔

کالی سلف۔ حیض بہت دیر میں مقدار میں کم۔ شکم میں بوجھ کے احساسات کے ساتھ۔

نیٹرم فاس حیض کھٹا یا تیزابی۔ معدے میں تیزابی کیفیتیں۔ سیلان تیز خارش پیدا کرنے والا۔ جہاں لگ جائے وہیں چھوڑے کا سا درد کرے۔

سلیسیا۔ حیض میں تیز بو قبض کے ساتھ۔ دورانِ حیض جوف کی سی سردی کا احساس ٹھنڈے پانی میں کام کرنے سے خون کا جاری ہونا۔ شہوت کی زیادتی۔

# دماغی کیفیتیں MENTAL CONDITIONS

(نیز دیکھو دماغ، ہذیان وغیرہ)

**کالی فاس** - یہ دماغی تکالیف کی سب سے بہتر دوا ہے۔ کام کی زیادتی یا دماغی کام کی زیادتی سے دماغی تھکاوٹ۔ پست ہمتی۔ چڑچڑا پن۔ بے خوابی حافظہ کی کمزوری۔ سوچنے کی نااہلیت۔ ذکی الحسی۔ شرمیلا پن۔ بے چینی بزدلی۔ کند ذہنی۔ تنہا رہنے سے ڈر۔ غشی کا احساس۔ علالت یا وطن تو ہمات غم گینی سکتی۔ کاہلی۔ اعصابی تھکاوٹ۔ مختلف قسم کے غرضی ڈر اور غرضی تصورات آہ سرد کا لینا، ہر چیز کے تاریک پہلو کو دیکھے۔ نیند کی حالت میں سرد آہیں لینا اور کراہنا۔ بچوں میں رات کے ڈر۔ جلد چونک پڑیں۔ جلد رو دیں اور چیخیں۔ دیوانہ پن قوت اور قوت مدلّلہ میں کمی۔ ارتعاش ہذیانی۔

**کلکیریا فاس** - چڑچڑا پن بچوں میں۔ حافظہ کی کمزوری۔ یکسوئی قلب میں کمی دماغ ایک مضمون سے دوسرے مضمون میں پہنچ جائے۔ مجلوق انسانوں میں حافظہ کی کمی یا دل کی کمزوری یا دماغی کمزوری۔ مستقبل کے متعلق پریشانی تنہائی چاہے۔ غم۔ ہجر وغیرہ کے بعد۔

**فرم فاس** - غصہ کے نتائج۔ شدید پاگل پن۔

**نیٹرم میور** - مستقبل کی پریشانی۔ پست ہمتی۔ غم گینی کے دورے جب قبض کے ساتھ ہو۔

غصہ ورمزاج - ارتعاش ہذیانی -

مگنیشیا فاس - آنکھوں کے سامنے وہمی اشکال - بینائی میں توہم - دماغی محنت سے جی چرائے -

نیٹرم سلفٹ - صفراوی تکالیف کی وجہ سے خودکشی کے خیالات -

## رحم میں ورم - ورم رحم METRITIS

فیرم فاس - ورم کی پہلی دوا - بخار - درد اور اجتماع خون کو درست کرتی ہے - رحم پر سینک کرو -

کالی میور - دوسرا درجہ جب کہ ورم دیر پذیر ہو چکا ہو - اگر پتھر کی سی سختی آ گئی ہو تو پھر کلکیریا فلور دو -

## استحاضہ - دو حیضوں کے درمیان خون METRORRHAGIA (دیکھو حیض)

## حمل کی متلی - قے MORNING SICKNESS

(نیز دیکھو قے)

فیرم فاس - غیر منہضم غذا کی قے -

نیٹرم سلفٹ - صفراوی رطوبتوں کی قے - منہ کا ذائقہ کڑوا -

کالی میور۔ جھاگ دار پانی کے سے بلغم کی قے، منہ سے پانی کی زیادتی تھوک کی زیادتی۔ ایسا معلوم ہو جیسے معدہ خالی ہو چکا ہے۔

نیٹرم فاس۔ تیزابی کھٹے مواد کی۔

## منہ کی تکالیف DISEASES OF MOUTH

فیرم فاس۔ منہ کے کسی حصہ میں ورم۔ مسوڑھوں میں درد، سرخ ہوں اور متورم۔

کالی میور۔ چھوٹے بچوں یا دودھ پلانے والی مستورات کے منہ میں سفید زخم۔ منہ کا آنا تھوک کی زیادتی کے ساتھ (نیٹرم میور) منہ کی تکالیف جب کہ زبان کا رنگ سفید ہو۔ مسوڑھوں کا پھولنا جبکہ ان میں ابھی مواد نہ پڑا ہو۔

نیٹرم فاس۔ اگر زبان کا رنگ زرد ہو تو منہ کے زخموں کے لیے یہ خاص دوا ہے۔ نیز تمام قسم کی تکالیف میں جبکہ تیزابی کیفیتیں موجود ہوں۔

کلکیریا فاس۔ مسوڑھوں کی شکل پیلی معلوم ہو۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں مسوڑھوں میں درد ہو درد کریں اور متورم ہوں، ایسی حالت میں فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرے۔

کالی فاس۔ منہ میں گنگرین کی کیفیتیں۔ سکروی۔ منہ میں تعفن مسوڑھوں سے خون بہے۔ منہ میں کینسر۔

نیٹرم میور۔ منہ کے کسی مرض میں جبکہ منہ سے تھوک کی زیادتی موجود ہو

اس دوا کو استعمال کرو۔ منہ کے گرد پانی بھر سے آبلے۔
کالی سلفٹ - نچلے ہونٹ کی بلغمی جھلی میں خشکی اور اس کا چھل جانا۔
کلکیریا فلورک - جبڑے پر سخت درد - منہ میں سخت گلٹیاں۔
سلیسیا - منہ سے تعفن یا وہ تکالیف جن میں تعفن ہو۔

## گلسوئے MUMPS (نیز دیکھو غدودوں کی تکالیف)

فیرم فاس - بخار کی تکالیف وغیرہ جب موجود ہوں یہ اس مرض کی پہلی دوا ہے۔
کالی میور - اس مرض کی خاص دوا جب کہ غدودوں میں ورم ہو فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر فیرم فاس اور کالی میور شروع سے آخر تک استعمال کیا جائے تو مریض بالکل درست ہو جاتا ہے اور کسی دوسری دوا کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔
نیٹرم میور - کرمل جب کہ منہ سے تھوک کی زیادتی ہو یا خصیوں میں بھی ورم آگیا ہو۔

## اعصابی درد NEURALGIA (نیز دیکھو درد)

فیرم فاس - اعصابی درد دموی کیفیتوں کی وجہ سے۔ اعصابی درد سردی یا ٹھنڈ لگ جانے سے شدید تپکن والے درد کے ساتھ ایسا معلوم ہو جیسے مغز اندر ٹھوکی گئی ہے۔ سر کے ایک جانب کنپٹیوں میں

یا آنکھوں کے اوپر درد۔ درد جب کان کے ساتھ چہرے پر تمتماہٹ، بخار وغیرہ ہو۔

**میگنیشیا فاس** ۔ ہر قسم کے عصبی درد جبکہ سینکنے سے ان کو آرام ہوتا ہے۔ اور سردی سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔ درد بہت تیز تیز کسے اور شدید درد تیز سوزش پیدا کرنے والے خشکی اور اینٹھن والے درد اعصاب کے ساتھ ساتھ۔ چہرے میں عصبی درد۔ یاد رہے کہ میگنیشیا فاس کے دردوں کو سینکنے سے ہمیشہ آرام ہوتا ہے۔

**کالی فاس** ۔ اعصابی اور بھس والے مریضوں میں اعصابی درد۔ درد جو آہستہ آہستہ بڑھنے سے کم ہوں۔ یا مریض خوشی کی حالت میں اپنے کو بہتر محسوس کرے۔ درد اکیلے ہونے سے، بیٹھی ہوئی حالت سے اٹھنے سے یا زیادہ محنت سے بڑھ جائیں۔ درد طاقت کی کمی سے یا کمزوری سے شور وغل سے بڑھیں۔ اعصابی درد سر بے خوابی اور اعصابیت کے ساتھ۔ شدید درد اعصاب میں جس سے فالج کا خدشہ ہو اور مریض کو سن ہونے کا احساس ہو۔ (کلکیریا فاس)

**کلکیریا فاس** ۔ جب منتخب شدہ دوا آرام دینے سے قاصر رہے۔ درد (نصف رات کے وقت ہوں) درد اتنا گہرا جو معلوم ہو جیسے ہڈیوں میں ہے۔ درد جیسے نشتر لگنے، سردی اور سن ہونے کے احساس کے ساتھ درد رات کے وقت درد مقعد میں پاخانہ ہو چکنے کے بعد بھی دیر تک رہے۔

نیٹرم میور ۔ اعصابی شدید درد آنکھوں میں آنسو منہ میں تھوک کی زیادتی کے ساتھ ۔ تیر لگنے کے سے ۔ گولی لگنے کے سے درد ' اعصاب کے ساتھ ساتھ نیز آنکھوں سے پانی کے ساتھ ۔ یہ یاد رہے کہ مگنیشیا فاس اور نیٹرم میور کے اعصابی درد ایک ہی قسم کے ہوتے ہیں صرف فرق اتنا ہے کہ نیٹرم میور میں دردوں کے ساتھ آنکھوں سے اور منہ سے پانی آتا ہے ۔ جب کہ مگنیشیا فاس میں نہیں ہوتا ۔

اعصابی ۔ درد قبض کے ساتھ آنتوں میں خشکی ہوتی ہے جب کہ دوسری بلغمی جھلیوں سے پانی کی زیادتی ہوتی ہے ۔

کالی میور ۔ شدید درد جن کے ساتھ زبان کا رنگ سفید یا سلیٹی مائل سفید ہو ۔

کالی سلف ۔ درد شام کے وقت ' یا گرم مکان میں زیادہ ہو ٹھنڈی کھلی ہوا میں کمی منتقل ہونے والے درد

سلیسیا ۔ پرانے درد ۔ اس دوا کو دوسری منتخب شدہ دوا کے ساتھ ساتھ گاہے گاہے درد ۔

# سرپستان میں تکلیف ۔ چھاتیوں میں درد یا تکلیف

## SORENESS OF NIPPLES

فیرم فاس ۔ سب سے بہتر دوا ہے خصوصاً اگر وہ پھٹ جائیں ۔ یا خونی بنے ۔ اگر یہ درست نہ کر سکے تو کلکیریا فلور دو ۔

# پھیپھڑوں میں پھلاوٹ OEDEMA OF THE LUNGS

(نیز دیکھو - دق)

**ٹنکچر میور** - پھیپھڑوں میں حاد پھلاوٹ جس کے ساتھ پانی کی سی جھاگدار رطوبت نکلے پھیپھڑوں اور پھیپھڑوں کی نالیوں میں بلغم کی زیادتی جس سے سینہ میں گڑگڑاہٹ ہو۔

**کالی فاس** - پھیپھڑوں میں پھلاوٹ تشنجی کھانسی جس سے دم گھٹنے کا خدشہ ہو - سانس پھولے اور چہرہ نیلا پڑ جائے۔

# آنکھ دکھنا OPHTHALMIA (نیز دیکھو آنکھوں کی تکالیف)

**ٹنکچر فاس** - تمام قسم کی ورمی کیفیتوں کے لیے۔

**نیٹرم فاس** - بچوں کی آنکھوں کا دکھنا - نوزائیدہ بچوں کی آنکھوں سے مواد آمیز رطوبت کی زیادتی۔

**کالی سلف** - رطوبت کی زیادتی - سبزی مائل۔

**کلکیریا سلف** - رطوبت گاڑھی - بعض اوقات خون آمیز۔

# خصیوں میں ورم ORCHITIS

**کالی میور** - خصیوں میں ورم کی سب سے بہتر دوا ہے بشرطیکہ یہ ورم سوزاک کے رک جانے کی وجہ سے ہوا ہو۔

فیرم فاس - درجی کیفیت، بخار، حدت، درد کے لیے۔
کلکیریا فاس - جب مرض پرانا ہو چکا ہو تو اس کو درمیانی دوا کے طور پر استعمال کرو۔

## کان کا ورم OTITIS

فیرم فاس - اگر کان کے نرم حصے ورم کو آئیں اور ان میں درد ہو۔
کلکیریا سلف - درمیانی کان میں ورم - رطوبت کا سیلان بعض اوقات رطوبت خون آمیز - بہرو پن درمیانی کان کے پکنے کے ساتھ غدودوں وغیرہ کے بڑھنے کے ساتھ۔
سلیسیا - بیرونی کان متورم - ورم پکنے سے یا پک جائے - نیز رطوبت بدبو خارش پیدا کرنے والی، متعفن اور ہڈیوں کو کھاتی جائے۔

## دھڑکن PALPITATION (دیکھو دل کی تکالیف)

## درد PAIN (نیز دیکھو اعصابی اور دردسر)

فیرم فاس - درجی درد جسم کے کسی حصہ میں عصبی درد - کھر اور ناخنوں اور گودوں کے اوپر درد - یاد رہے کہ فیرم فاس کے تمام درد ٹھنڈک سے اور ٹھنڈی ہی چیزیں لگانے سے کم ہوتے ہیں - لیکن اگر درد بہت گہرے واقع ہوئے ہوں تو سینکنا ضروری ہو جاتا ہے۔
مگنیشیا فاس - تیز گولی لگنے کے سے، تیر لگنے کے سے تشنجی یا سکیڑنے والے

درد جس کو مینکنے سے آرام ہو اور سردی سے تکلیف ہو۔ درد اعصابی قسم کے۔

کالی میور۔ فیرم فاس کے بعد اگر درد باقی رہے تو بطور خود یا فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے درد کو حرکت سے تکلیف ہوتی ہے۔ اور زبان پر سفید میل ہوتا ہے۔

کالی فاس۔ اس کے درد کو بہت آہستہ آہستہ حرکت کرنے سے آرام ہوتا ہے لیکن زیادہ محنت سے تکلیف بڑھ جاتی ہے یہ دوا ہسٹیریا اور اعصابی مریضوں کے واسطے نعمت ثابت ہوتی ہے۔ اس کے درد لنگڑا کرنے والے ہوتے ہیں اور ماؤف حصوں میں طاقت کا نام و نشان بھی باقی نہیں ہوتا۔

کلکیریا فاس۔ درد کے ساتھ سن ہونے کا، سردی کا، یا رینگن کا احساس ہوتا ہے۔ زیادتی رات کے وقت، یا بادل اور بارش میں ہوتی ہے۔ یہ ان دردوں کے لیے مفید ہے جو کسی لمبی یا کمزور کرنے والی بیماری کے بعد ہوئے ہوں۔

نیٹرم میور۔ جب دردوں کے ساتھ تھوک کی اور آنکھوں سے پانی کی زیادتی ہو زبان پر ہمیشہ نمی ہوتی ہے جس میں بلبلے دکھائی دیتے ہیں سر میں درد آنکھوں سے آنسوؤں کے ساتھ ساتھ اس کے درد گنیشیا فاس کی طرح ہوتے ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ نیٹرم میور کے دردوں کے ساتھ آنکھوں سے پانی آتا ہے۔ درد عموماً صبح کے وقت زیادہ ہوتے ہیں۔

کالی سلف - منتقل ہونے والے درد، درد زیادہ تر شام کو، گرم مکان میں یا گرم آب و ہوا میں۔ ٹھنڈی کھلی ہوا میں کم۔

نیٹرم فاس - درد عموماً کھانا کھانے کے بعد۔ تیزابی کیفیتوں کے ساتھ درد خصوصاً بائی کے اگر زبان پر زرد میل ہو۔

کلکیریا فلور - کمر میں درد، ریڑھ میں اکساہٹ کی وجہ سے کمر کے زیریں حصہ میں دقت قبض سے۔ بواسیر سے یا رحم کے گر جانے سے۔

# فالج PARALYSIS

کالی فاس - یہ پہلی اور نہایت ہی مفید دوا ہے۔ چاہے کسی قسم کا فالج کیوں نہ ہو، آلات نطق کا فالج، آواز نہ رہے، ہر قسم کا فالج، رینگنے والا فالج قوت حیات کی کمی ہو جائے۔ پاخانہ میں متعفن بو آئے۔ لقوہ جزوی فالج - ادھرنگ وغیرہ وغیرہ میں کالی فاس ایک بہترین دوا ہے۔

گنیشیا فاس - سر، ہاتھ، پیروں کا از خود ہلنا (کلکیریا فاس) عضلاتی فالج مگر اس دوا کو ہمیشہ کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

کلکیریا فاس - ٹھنڈک اور سن ہو جانے کا احساس تیز رینگنے کا احساس ٹانگوں میں رینگنے والا فالج۔ اس دوا کو کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

سلیسیا - خنازیری مزاج کے مریضوں کا فالج جوڑوں میں فالجی کمزوری۔

# ورم باریطون PERITONITIS

باریطون ایک جھلی ہوتی ہے جو شکم کے اندر ہر عضو کو ایک دوسرے سے الگ کرتی ہے۔ اس پر ورم یا درد پیدا ہو جانے سے قریب قریب شکم کے سب اعضاء ماؤف ہو جاتے ہیں اور اکثر اوقات یہ ورم خطرناک ثابت ہوتا ہے۔

فیرم فاس۔ اس مرض میں سب سے بہترین دوا ہے۔ یہ فوراً ہی درد، ورم، بخار وغیرہ کو روکتا ہے۔ درد کی حالت میں فیرم فاس کو گرم پانی کے ساتھ ہر چند منٹ کے بعد دینا چاہئیے اور فیرم فاس کے گرم محلول سے ڈوش بھی دینا چاہئیے۔

کالی میور۔ ورم کا دوسرا درجہ جب کہ زبان پر سفید میل ہو۔ فیرم فاس کے ساتھ اس کو یکے بعد دیگرے دو۔

# ذات الجنب۔ پلوریسی PLEURISY

فیرم فاس۔ پہلا درجہ، بخار کی کیفیتوں کے لیے۔ چھوٹی خشک کھانسی۔ سانس میں تنگی۔

کالی میور۔ دوسرا درجہ جب کہ زبان پر سفید میل آگیا ہو۔

کلکیریا سلف۔ تیسرا درجہ جب پیپ پڑ چکا ہو۔

# نمونیہ۔ذات الریہ PNEUMONIA

**فیرم فاس** ۔پھیپھڑوں کے ورم کا پہلا درجہ، درد، بخار، ورم، تنفس میں دقت وغیرہ کے پیے۔ نمونیہ میں کھانسی بغیر بلغم کے یا خون آمیز یا زنگ کے رنگ کا۔ ایسی حالت میں سینہ پر سینک کرو، یا انٹی فلوجسٹین لگاؤ۔ اور دوا ہذا کو بار بار دو۔

**کالی میور**۔ ورم کا دوسرا درجہ، کھانسی سفید بلغم کے ساتھ۔ فیرم فاس اور کالی میور اگر شروع ہی سے یکے بعد دیگرے دیئے جائیں تو کامیابی یقینی ہوتی ہے۔

**کالی سلف**۔ اگر پسینہ نہ آرہا ہو تو فیرم فاس کالی سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ نمونیہ جبکہ سانس میں سیٹی بجنے کی آواز ہوں یا بلغم ڈھیلا کھڑکھڑاہٹ کرنے والا، پانی کا سا زرد بلغم عموماً حلق سے پھر نیچے اتر جائے اور اپنے آپ ہی نگلا جائے۔

**نیٹرم میور**۔ نمونیہ۔ بلغم ڈھیلا، کھڑکھڑاہٹ کرنے والا، شفاف، جھاگدار زبان کے کناروں پر جھاگ کے بلبلے۔ ہلکی خشک کھانسی جسے فیرم فاس درست نہ کر سکا ہو۔ سرسراہٹ والی کھانسی جب کہ زبان نیٹرم میور کی ہو۔ کھانسی جب کہ سوتے وقت آنسو بہتے ہوں یا پھٹنے والے درد سر ہوں۔

**کلکیریا سلف**۔ جبکہ بلغم میں مواد آرہا ہو۔

# عفونتی بخار۔ زچہ خانہ کا بخار PUERPERAL FEVER

(نیز دیکھو عمل و ولادت)

**فیرم فاس** ۔ بخار کا پہلا درجہ سردی، درد سر، تیز نبض، رحم کے مقام پر درد۔

**کالی میور** ۔ اس مرض کی سب سے بہتر دوا ہے ۔ دودھ اور نفاس روک جائے ۔ زبان سفید، شکم میں نفخ ۔

**کالی فاس** ۔ جب دماغ ماؤف ہو جائے ۔ ہذیان، پریشانی، اعصابیت نفاس سے بدبو سانس میں ہو اور دیگر فاسد علامات ۔

**فیرم میور** ۔ ہذیان ۔ بڑبڑاہٹ، زبان پھٹ جائے اور سیاہ پڑ جائے ۔

**کلکیریا فاس** ۔ تمام کورس میں یعنی مرض کی تمام حالتوں میں دوسری دواؤں کے ساتھ گاہے گاہے دو، نیز کالی فاس اور کلکیریا فاس کے گرم محلول سے شرمگاہ میں ڈوش کریں ۔

# نبض PULSE

(دیکھو دل کی تکالیف)

# بائی کے درد، وجع مفاصل RHEUMATISM

**فیرم فاس** ۔ بائی کے درد اور بائی کے بخار میں ابتداً یہ سب سے بڑی دوا ہے اگر آغاز ہی میں یہ دوا دی جائے تو کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں رہا کرتی ۔ وجع مفاصل یعنی جوڑوں کا درد ۔ حاد بائی کے درد جبکہ

تکلیف زیادہ ہو اور حرکت سے تکلیف بڑھے جسم کے کسی حصہ میں بائی کے درد - تمام جسم پر درد اور سختی -

کالی میور - بائی کے بخار کا دوسرا درجہ جب کہ ورم آگیا ہو - تمام قسم کے بائی کے اور گٹھیا وی درد اگر حرکت سے بڑھیں اور زبان پر سفید میل ہو دیرینہ اور پرانے بائی کے درد ورم کے ساتھ جب کہ حرکت سے تکلیف ہو -

نیٹرم فاس - جوڑوں میں حاد اور مزمن بائی کے درد پسینہ کی زیادتی اور کھٹے پسینہ کے ساتھ وجع رباطی جبکہ تیزابی کیفیتیں موجود ہوں مگر یاد رہے کہ زبان اور غدودوں پر زرد یا طائی کا میل ہو -

نوٹ : پچھلے چند سالوں میں یہ معلوم ہوا ہے کہ بائی کے دردوں اور نسول کے دردوں میں چونکہ تیزابیت کی کیفیت زیادہ تر موجود ہوتی ہے اس لیے نیٹرم فاس خاص دوا ہے - بعض مصنفین کا خیال ہے کہ ہر مخصوص دوا کے ساتھ ساتھ نیٹرم فاس کو بھی دینا چاہیئے - اس سے جلد تر آرام ہو جاتا ہے -

رُکٹیشیا فاس - تیزابیت کے سے درد وجع رباطی میں - بائی کے دردوں میں درد تیز سوزش پیدا کرنے والے سینکنے سے آرام اور سردی سے تکلیف ہو -

کالی سلف - منتقل ہونے والے بائی کے درد جو گرم مکان میں شام کو بڑھیں، کھلی ٹھنڈی ہوا میں کم ہوں -

کالی فاس - حاد یا مزمن بائی کے درد جب ماؤف جگہ میں سختی ہو - درد آغاز حرکت پر بڑھیں - لیکن آہستہ آہستہ ٹہلنے سے کم ہوں - صبح

کے وقت بیٹھی ہوئی حالت سے اٹھنے میں بڑھیں، ٹہلنے سے کم ہوں۔ لیکن مسلسل محنت سے یا تھکاوٹ سے بڑھ جائیں۔

**کلکیریا فاس** ۔ بائی کے درد جن کی زیادتی رات کو ہو، نیز ابر آلود موسم میں درد گرمی اور سردی دونوں سے بڑھیں۔ یا موسم کی تبدیلی سے بڑھیں گردن میں درد زیادہ تر رات کے وقت ۔ گٹھیاوی درد زیادہ تر رات کے وقت اور ابر آلود موسم میں ۔

**نیٹرم سلف** ۔ گٹھیا۔ اس مرض کی یہ سب سے بڑی دوا ہے۔ فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ پرانی گٹھیا میں بھی اس دوا کو خاص دوا سمجھنا چاہیے۔ گٹھیا کے مریضوں کو شراب اور مرغن غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہیے۔ مرطوب موسم میں تکالیف بڑھیں۔

**نیٹرم میور** ۔ جوڑوں میں بائی کا پرانا درد، جوڑوں میں کڑکن۔ مگر یاد رہے کہ نیٹرم میور کی پانی کی زیادتی موجود ہونی چاہیے۔

**کلکیریا فلور** ۔ گٹھیا کی وجہ سے جوڑوں کا بڑھ جانا۔ نیٹرم سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

**کلکیریا سلف** ۔۔ جب ورم ہو۔ پکنے لگے (سلیسیا)

# ریڑھ کے مہروں کی سوجن RACHITIS

# کیرٹہ پن

# ٹیڑھا پن۔ التہاب سلسلۃ النظہر

یہ مرض ریڑھ میں ورم کی وجہ سے ہوتا ہے اور ریڑھ میں ورم کی وجہ ہڈیوں کے ریشوں کا بے جا بڑھنا ہوتا ہے۔ اور ہڈیوں کے ریشوں کی یہ خرابی فاسفیٹ آف لائم میں کمی کی وجہ سے ہوتی ہے اور چونکہ البیومن ایسی حالت میں زیادہ ہوتا ہے اس لیے ہڈیوں کی بناوٹ اسپنج کی طرح نرم ہو جاتی ہے۔ التہاب سلسلۃ النظہر صرف طبی اصطلاح ہے، درحقیقت اس ضمن میں کل جسم کی ہڈیوں کی بناوٹ میں فرق آنا ہی معالجہ کے لیے کافی ہے۔

**کلکیریا فاس** - یہ سب سے بہتر دوا ہے۔ کیونکہ یہی دوا کلکیریم فاسفیٹ یا فاسفیٹ آف لائم ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے اس لیے یہی دوا اس مرض کو درست کرتی ہے اور خوراک کو ٹھیک ٹھیک پھاڑ کر ہر نمک کو الگ الگ کر کے قوت جاذبہ کو بڑھاتی ہے اور اسی لیے بالیدگی میں مدد دیتی ہے تمام سوکھے ہوئے نازک مزاج جن کے چہروں پر جھائیاں اڑتی ہوں، تالو کھلے ہوں اور دانتوں کی بالیدگی میں رکاوٹ ہو یا دانت نکل کر اندر چلے جاتے ہوں یہ دوا نعمت غیر مترقبہ ہے۔ ریڑھ میں کمی کھوپڑی کی ہڈیوں میں نرمی اور پتلا پن، گردن سر کا بار برداشت نہ کر سکے، تو اس دوا کو دینا چاہیے مگر یاد رہے کہ لائم واٹر بالکل الگ چیز ہے۔ وہ لائم کی کمی کو پورا نہیں

کر سکتا اس لیے اس غلطی میں نہ رہنا چاہیے۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں دست یا التہاب سلسلۃ الظہر مزاجی بچوں میں دست اس دوا سے یقینی طور پر درست ہوتے ہیں۔ اگر کسی عورت کے بچے کمزور پیدا ہوتے ہوں تو بحالت حمل کلکیریا فاس دینے سے بچہ کو ماں کے پیٹ کے اندر ہی طاقت ور بناتی ہے اور ان کی ہڈیوں کو درست کرتی ہے۔

**نیٹرم فاس** ۔ ان بچوں کی ہڈیوں میں کمزوری جن کو غذا جذب نہ ہوتی ہو اور تیزابی علامات موجود رہتی ہوں۔

**سلیسیا** ۔ سر پر پسینہ کی زیادتی۔ متعفن دست۔ کلکیریا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو۔

**کالی فاس** ۔ جبکہ جسم جلد جلد لاغر ہو رہا ہو اور دستوں کے اندر تعفن ہو۔

## سُرخ بخار۔ لال بخار SCARLET FEVER

**فیرم فاس** ۔ بخار نبض میں تیزی نچلا درجہ، کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی میور** ۔ معمولی حالتوں میں یہی دوا کافی ہوتی ہے۔ فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ اگر یہ بخار بطور وبا کے پھیل جائے تو کالی میور۔ حفظ ماتقدم کے طور پر بہتر کام کرتا ہے۔

**کالی سلف** ۔ اگر دانے یکایک رُک جائیں۔ بخار بہت تیز ہو۔

**کالی فاس** ۔ سُرخ بخار میں حلق میں کیفیت فاسد کمزوری، غشی وغیرہ کی کیفیت ۔

**نیٹرم میور** ۔ سُرخ بخار کے ساتھ جب پانی کی سی رطوبت کی قے ہو۔ غنودگی اور تشنج وغیرہ ہوں ۔

**نیٹرم سلف** ۔ یہ دوا سرمیں اجتماع خون کو بہت جلد روکتی ہے ۔ تیز صفرادی علامات جب موجود ہوں ۔

## عرق النساء ۔ لنگڑی کا درد SCIATICA

(نیز دیکھو بائی کا درد)

**کالی فاس** ۔ اس مرض کی یہ سب سے بہتر دوا ہے ۔ درد ران کی پشت سے گھٹنے تک ۔ درد کے ساتھ اکڑن، بے چینی، اعصابی کمزوری آہستہ آہستہ ٹہلنے سے آرام محسوس ہو ۔

**مگنیشیا فاس** ۔ اینٹھن والے تیز سوزشی درد، گرم پانی میں دو اور کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔

**نیٹرم سلف** ۔ جب گٹھیا کی علامات بھی موجود ہوں کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔

**فیرم فاس** ۔ جب بخار کی علامتیں موجود ہوں ۔

**کلکیریا فاس** ۔ جب مگنیشیا فاس آرام دینے سے قاصر رہے تو یہ ایک نہایت مفید دوا ہے ۔

## خنازیر گنٹھ مالا SCROFULA (نیز دیکھو غدودوں کی تکالیف)

اس مرض میں عموماً نیٹرم فاس دوا ٹھہرا کرتی ہے۔ مگر بائیو کیمک کے پانچوں فاس یعنی فیرم فاس۔ کلکیریا فاس، کالی فاس، میگنیشیا فاس اور نیٹرم فاس ہی کام آتی ہیں۔ اگر منتخب شدہ دوا اثر نہ کرے تو سلیسیا کی گاہے گاہے خوراک دینا نہایت مفید ہوا کرتی ہے۔ غدودوں کی تکالیف میں میں نے اس کو اچھی طرح واضح کر دیا ہے۔ اس لیے دوبارہ ان ہی ادویہ کو دہرانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔

## جلدی تکالیف AFFECTIONS OF SKIN

**فیرم فاس** ۔ ہر جلدی تکلیف کی ابتدا میں جب ورم، بخار، درد اور اجتماع خون وغیرہ موجود ہو۔

**کالی میور** ۔ فیرم فاس کے بعد ورم کے دوسرے درجہ میں جسم پر دانے جن میں گاڑھا سفید مواد ہو۔ یا جب اس کے ساتھ معدے کی تکالیف ہوں۔ رحم کے فعل کی خرابی کی وجہ سے۔ زبان کا رنگ سفید ہو۔ منہ پر دانے، مسے، سوزاکی دانے وغیرہ۔ لیوپس یعنی سلی پھوڑے کی سب سے بہتر دوا ہے۔ اکوتہ چھوٹے بچوں کے سر پر دانے اور بالوں کا گتھ جانا نیز دانوں پر آنے کے سے چھلکے۔ اکوتہ چیچک کے ٹیکہ کے بعد یا رحم کے فعل کی خرابی سے۔ ہر مندرجہ صدر تکلیف میں اس دوا کو جہاں اندرونی

استعمال کیا جائے۔ وہاں اس کا مرہم یعنی کالی میور ۳ × ۶۰ = ۶۰ گرین اور ویسلین ایک اونس لگائی جائے۔

**کالی سلف**۔ ہر قسم کے دانے اور اکوتہ جبکہ مواد پانی کا سا زرد اور کسی قدر لیسدار دانوں کا یا اکوتہ کا سردی لگ جانے کی وجہ سے یک دم دب جانا۔ جسم میں خشکی، کسی بیماری کی حالت میں (ایسی حالت میں نیم خاص ساتھ ہیں دو تاکہ پسینہ آئے)۔ ناخنوں میں تکلیف اور ان کی بالیدگی میں رکاوٹ۔ جسم پر چٹے۔ جلد کا چھل جانا اور بدشکل ہو جانا۔ بھوسی زردی مائل یا سفید چھلکوں کے ساتھ ایسی حالت میں کالی سلف کے محلول کے ساتھ ماؤفہ جگہ کو دھوؤ۔

**نیٹرم میور**۔ جلد پر دانے جن کے اندر صاف پانی کی سی رطوبت ہو کسی قسم کے آبلے نما دانے۔ اکوتہ۔ سفید چھلکے۔ پانی کی سی رطوبت کے ساتھ جو زیادہ نمک کھانے کی وجہ سے ہوئے ہوں۔ بچوں کی جلد میں درد پانی کی سی رطوبت کے ساتھ۔ داخلی اور خارجی طور پر استعمال کرو۔ کیڑے مکوڑوں کے مارنے کی صورت میں جہاں تک ممکن ہو سکے جلد تر نمک خارجی طور پر لگاؤ۔ اس سے درد فوراً بند ہو گا۔

**نیٹرم خاس**۔ اکوتہ اور دیگر امراض جلدی جب دانوں پر شہد کے رنگ کے سنہرے زرد کھرنڈ ہوں یا اسی رنگ کی رطوبت ہو۔ جلدی تکالیف تیزابی علامتوں کے ساتھ یا زبان کی جڑ میں زرد میل کے ساتھ غرضیکہ کسی بھی جلدی تکلیف میں اگر رطوبتوں کا رنگ سنہرا

زرد طلائی کا سا اور رطوبتیں شہد کے رنگ کی ہوں یا زبان کی جڑ میں زرد میل ہو تو نیٹرم فاس دوا ہوتی ہے۔

**کالی فاس** - اکوتہ یا دیگر قسم کے دانے اگر ان میں فاسد یا متعفن کیفیتیں موجود ہوں - اعصابی اکساہٹ یا ذکی الحسی - زہریلے آبلے چکنے کھرنڈ جن میں سے بدبو آئے - دانوں کی رطوبت سے جلد پر پھوڑے کا سا درد اور خارش ہو - خون آمیز پانی کی سی رطوبت سکروی وغیرہ فاسد کیفیتیں جسم میں خارش چیونٹی رینگنے کے احساس کے ساتھ - کمزور کرنے والے پسینے سخت بُو کے ساتھ۔

**کلکیریا فاس** - چھوٹے چھوٹے دانے جن میں البیومن کی سی رطوبت ہو - زردی مائل سفید کھرنڈ اکوتہ عموماً ان مریضوں کا جن میں خون کی کمی ہو - لیپرسی یعنی جسمی پھوڑا خانہ زیری مزاج کے انسانوں میں (ایسی حالت میں کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو) بوڑھے آدمیوں کی جلد میں خارش (کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو) نوجوان آدمیوں کے منہ پر کیل یا ان لوگوں کے منہ پر کیل جن میں خون کی کمی ہو۔

**کلکیریا سلف** - جلد پر تکالیف جن میں گاڑھا زرد مواد ہو یا زردی مائل کھرنڈ ہوں - ورم کے بعد متورم جگہ پک جائے۔

**کلکیریا فلور** - جلد میں شگاف یا جلد پھٹ جائے - ہاتھ کی ہتھیلیوں میں شگاف یا ان کا پھٹ جانا ایسی حالت میں دیسلین میں بلاکہ مرہم بھی استعمال کرو - مقعد پر شگاف - داخلی و خارجی طور پر استعمال کرو۔

دانوں کا پک جانا بشرطیکہ ان کے کنارے سخت ہوں۔

**سلیسیا** ۔جلد پر چھوٹی چھوٹی پھوڑیاں ۔جلد تکالیف جبکہ مواد یا خون آمیز مواد موجود ہو۔ پیروں پر متعفن پسینہ یا جب پسینہ سردی لگنے سے رک گیا ہو۔ بچوں کے سروں پر پسینہ۔

**نیٹرم سلف** ۔ خانہ دار اکوتہ جس میں زردی مائل پانی کی سی رطوبت ہو۔ نمدار جلدی تکالیف جن میں یا تو زردی مائل رطوبت ہو یا زردی مائل کھرنڈ ہوں ۔صفراوی کیفیتوں کے ساتھ استسقائی کیفیتیں صفراوی کیفیتوں کے ساتھ۔

## نیند SLEEP

**کالی فاس** ۔ نیند کی تکالیف کے لیے یہ سب سے بہتر دوا ہے ۔اگر بے خوابی کی وجہ، دماغی محنت کی زیادتی ، اکساہٹ ، کاروباری تکالیف ۔ پریشانی یا دیگر اعصابی وجوہات ہوں ۔نمبر ۲۰۰ استعمال کرو۔

**فیرم فاس** ۔اگر دماغ میں خون کی کمی کی وجہ سے بے خوابی ہو تو اس دوا کو کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔ بے چین کر دینے والے پریشان کن خواب رات کو اور غنودگی بعد دوپہر۔

**نیٹرم میور** ۔نیند کی زیادتی نیند کی مسلسل خواہش، غنودگی ۔خیر قدرتی ۔ نیند بعض اوقات منہ سے پانی بہتا رہے یا قبض ہو۔ اگر معمول کے مطابق نیند آجائے تو نیند کے بعد طبیعت ہلکی نہ ہو۔ تھکاوٹ اور سستی صبح

کے وقت محسوس ہو۔ جسے بخاروں میں غنودگی کی زیادتی۔

**نیٹرم سلف**۔ غنودگی یرقان کی حالت میں یا صفراوی کیفیتوں میں۔ نیند کا غلبہ جبکہ زبان پر سلیٹی مائل یا سبزی مائل ٹپالا میل موجود ہو۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔

## چیچک SMALL POX

**فیرم فاس**۔ چیچک کی پہلی دوا جبکہ بخار تیز ہو نبض تیز ہو۔

**کالی میور**۔ چیچک کی سب سے بہتر دوا ہے۔ یہ چیچک کے آبلوں کو قابو میں رکھتی ہے۔

**کالی فاس**۔ اگر خون میں سمیت آگئی ہو غنودگی کمزوری وغیرہ۔

**کالی سلف**۔ جسم کی بدشکلی کو دور کرنے کے لیے اور نئی صورت پیدا کرنے کے لیے۔

**نیٹرم میور**۔ جب غنودگی واقع ہو، یا تھوک کی زیادتی ہو۔ آبلوں کا آپس میں ملنا جب آبلے پک جائیں اور ان میں سے مواد بہنا شروع ہو۔

## حلق میں درد۔ حلق کا پک جانا SORE THROAT

(نیز دیکھو نمونیہ۔ کروپ کھانسی وغیرہ)

**فیرم فاس**۔ کسی وجہ سے بھی گلے میں ورم آجائے تو اس دوا کو جلد جلد دینا چاہیے اور کلی بھی کرنا چاہیے اگر گلے کی تکلیف کے ساتھ بخار، درد وغیرہ ہو تو

بھی اس دوا کو دو گانے اور بولنے والوں کے گلے میں ورد اس دوا سے گلے کے عضلات میں تقویت ہوتی ہے۔ گاہے گاہے گلکیریا فاس ساتھ میں دو۔

**کالی میور۔** ورمی کیفیتوں کا دوسرا درجہ۔ جبکہ رطوبات پیدا ہو جائیں اور غدودوں میں ورم ہو۔ گلے میں زخم۔ سلیٹی مائل سفید چھٹوں کے ساتھ ڈفتھیریا گرم پانی میں حل کر کے کلی بھی کراؤ۔

**کالی فاس۔** گلے میں سمی اور فاسد کیفیتیں۔ سانس میں تعفن۔

**کلکیریا فاس۔** دیرینہ آواز کا بیٹھنا۔ مسلسل حلق میں کھچاوٹ۔ البیومن آمیز بلغم کے ساتھ۔

**کلکیریا فلور۔** حنجرہ میں سرسراہٹ۔ کوئے کے بڑھ جانے کی وجہ سے بیٹھنے پر سرسراہٹ والی کھانسی۔

**نیٹرم میور۔** حلق میں ورم جبکہ غدودوں پر شفاف جھاگدار بلغم موجود ہو۔ حلق کی تکالیف جبکہ پانی کی علامات موجود ہوں کوئے کا بڑھ جانا (کلکیریا فلور)

**نیٹرم فاس۔** حلق میں تشنج نگلتے وقت گلا گھٹتا معلوم ہو۔

**نیٹرم فاس۔** حلق یا غدودوں میں ورم۔ صبح کے وقت حلق میں چھلے ہونے کا احساس حلق میں زرد ملائی کا سا میل۔

**کلکیریا سلف۔** جبکہ حلق اور غدود پک رہے ہوں۔ مواد گاڑھا۔ اور بعض اوقات خون کی دھاریوں والا۔

**نیٹرم سلف** - نگلتے وقت حلق میں گولے کا سا احساس -

## اینٹھن - تشنج - دورے وغیرہ SPASMS. CONVULSIONS

(نیز دیکھو مرگی)

**مگنیشیا فاس** - جسم کے کسی حصہ میں تشنج یا دورے - اس کیفیت میں اس دوا کو جلد جلد دو - چوگا کی حالت میں مسوڑھوں پر ملو - تشنج لکنت مجروں کا رعشہ نگلتے وقت حلق میں اینٹھن - کھاتے وقت منہ کے کناروں اور چہرہ کے عضلات میں تشنج یا اینٹھن -

**کلکیریا فاس** - دانت نکلنے کے زمانہ میں دورے (مگنیشیا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے استعمال کرو)

**کالی فاس** - دورے، ڈر یا اعصابیت کی وجہ سے چہرہ پیلا یا نیلا ہو - مگنیشیا فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو -

**کالی میور** - مرگی کے لیے یہ عجیب دوا ہے - یہ مرگی کو روکتی اور درست بھی کرتی ہے - دورہ کی حالت میں مگنیشیا فاس دو -

**فیرم فاس** - دانت نکلنے والے بچوں میں تشنجی دورے جبکہ بخار بھی ساتھ ہو -

## جریان SPERMATORRHOEA

**نیٹرم فاس** - جریان جبکہ تیزابی کیفیتیں موجود ہوں - منی پتلی، پانی کی سی اگر منی کے اخراج کے بعد کمزوری اور لرزہ ہو -

**کالی فاس** - کثرت مباشرت یا شہوانی اکساہٹ کی کثرت سے پیدا شدہ اعصابی تکالیف یا آلات تناسل کی دوسری کمزوریاں -

**کلکیریا فاس** - جریان - احتلام وغیرہ جسم کی عام کمزوری کے لیے بہتر دوا ہے - اس دوا کے مسلسل استعمال سے آلات تناسل میں قدرتی طاقت آجاتی ہے نوجوانوں میں مشت زنی کی خواہش

## ورم طحال - تلی کا ورم SPLEEN INFLAMATION

**فیرم فاس** - تمام تکالیف کی پہلی دوا ہے جبکہ بخار، درد، ورم، نبض میں تیزی اور تلی کے مقام پر ورم موجود ہو -

**کالی میور** - ورم کا دوسرا درجہ - تلی کا بڑھنا - زبان پر سفید میل وغیرہ

**کلکیریا فاس** - تمام علاج کے بعد بھی اس دوا کو گاہے گاہے دو -

## ریڑھ کی بیماریاں SPINE DISEASES

(نیز دیکھو التہاب سلسلۃ الظہر)

**کلکیریا فاس** - ریڑھ کی تکالیف جب لائم کی کمی سے ہوئی ہوں - ریڑھ میں کمزوری ریڑھ میں خم، ریڑھ میں کمی خون، کمر میں درد - اگر ریڑھ میں خم ہو تو خارجی علاج مفید ہوتا ہے - ایسی حالت میں کلکیریا فاس مسلسل دو -

**نیٹرم میور** - ریڑھ میں اکساہٹ اور پیٹھ میں کمزوری ہو تو معمولی نمک کے محلول سے ریڑھ پر مالش کرو - یاد رہے کہ نیٹرم میور کی باقی علامات

بھی موجود ہونا ضروری ہیں۔

کالی میور۔ ریڑھ کے مستون میں مسلسل کمزوری آ رہی ہو۔

نیٹرم فاس۔ تیزابی کیفیات کی وجہ سے ریڑھ میں کمی خون۔

سلیسیا۔ ریڑھ میں اکساہٹ۔ پیروں کے پسینہ میں تعفن۔ اگر بچوں کی ریڑھ میں اکساہٹ ہو اور کیڑے موجود ہوں تو سلیسیا نیٹرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔ بچوں کے سر پر پسینہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں میں پکنے والے امراض کے لیے سلیسیا مفید ہے۔

کلکیریا فلور۔ ریڑھ میں سخت گانٹھیں۔ کمر میں کمزوری۔ نیچے دبانے والے درد، قبض کے ساتھ۔

## لوگنا۔ سن سٹروک SUN STROKE

نیٹرم میور۔ اس مرض کی یہ سب سے بہتر دوا ہے۔ اگر دماغی علامتیں بھی موجود ہوں تو نیٹرم میور کے ساتھ کالی فاس بھی دو۔

## بھینگا پن SQUINTING

لگنیشیا فاس۔ تشنجی بھینگا پن۔ یا آنکھوں میں اینٹھن۔

کالی فاس۔ خارجی کیفیتوں سے بھینگا پن۔ عموماً اس کی تکلیف ڈفتھیریا کے بعد ہوتی ہے۔

نیٹرم فاس۔ اگر بھینگا پن کیڑوں کی اکساہٹ کی وجہ سے یا تیزابی

کیفیتوں کی وجہ سے ہوا ہو۔

**کلکیریا فاس** ۔ مگنیشیا فاس کے ساتھ یا اس کے بعد دو اگر مگنیشیا فاس شفا نہ دے سکے۔

## پسینے SWEATS

**سیلیسیا** ۔ دق کی حالت میں رات کے وقت پسینوں کی زیادتی کمزوری کے ساتھ بچوں کے سر پر پسینے ۔ پاؤں پر اور بغلوں میں متعفن پسینے کسی ظاہری تکلیف کے نہ ہوتے ہوئے بھی پسینوں کی زیادتی ۔

**نیٹرم میور** ۔ رات کے وقت کمزور کرنے والے اور مقدار میں زیادہ کھٹے پسینے ۔ ملیریا بخاروں میں کمزور کرنے والے پسینے ۔

**کالی فاس** ۔ بیماریوں کی کمزوری یا جسمانی کمزوری سے پسینوں کی زیادتی ۔

**کلکیریا فاس** ۔ دق میں پسینوں کی زیادتی ۔ اگر سیلیسیا پسینوں کو نہ روک سکے جسم پہ ٹھنڈے اور چپچپے پسینے ۔

## سفلس ۔ آتشک SYPHILIS

**فیرم فاس** ۔ گلٹی، بد، جبکہ اس میں حرارت، درد، تپکن یا بخار کی کیفیات موجود ہوں ۔

**کالی میور** ۔ بد کی حالت میں مرہم ۔ دیرینہ آتشک ۔ اس مرض کی سب سے بہتر دوا ہے داخلی اور خارجی طور پہ استعمال کرو ۔

**ٹیٹرم سلف** ۔ معدہ پر آتشکی گومڑیا آتشکی ورم ۔ داخلی و خارجی طور پر استعمال کرو ۔

**ٹیٹرم میور** ۔ دیرینہ سفلس، میں جب کہ پانی کی سی رطوبتیں یا پانی کی دیگر علامات ساتھ ہیں ہوں ۔

**کالی فاس** ۔ جبکہ بدیا آتشکی زخم میں سمی کیفیت موجود ہو ۔ یا زخم یا بدگوشت کو کھاتا ہوا جا رہا ہو ۔

**کالی سلف** ۔ جب کہ سفلس میں کالی سلف کی علامات موجود ہوں ۔

**کلکیریا سلف** جبکہ بدیا زخم پک جائیں تو سلیسیا کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔

**سلیسیا** ۔ جب بد پک جائے (کلکیریا سلف کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو)

مزمن سفلس جب جلد میں زخم وغیرہ موجود ہوں اور پارہ کا بے تحاشہ استعمال کیا گیا ہو ۔ سفلس کے تیسرے درجہ میں جسم کے اندر گانٹھیں

**کلکیریا فلور** ۔ جب کہ بد کے زخم کے کنارے سخت ہوں یا جسم کے اندر سخت گانٹھیں ہوں ۔

## کدو دانے TAPE WORMS (دیکھو کیڑے)

# خصیوں کی بیماریاں TESTICLES DISEASES

**فیرم فاس** ۔ خصیوں کی تمام بیماریوں کی پہلی دوا ہے ۔ جب ورم درد حدت وغیرہ موجود ہوں ۔

**کالی میور** ۔ ورم کا دوسرا درجہ خصیوں کی بیماریاں اگر سوزاک کے دب

جاتے ہیں ظاہر ہوتی ہوں۔

گلکیریا فاس۔ مدم خصیہ۔ ہائڈروسیل (نیزم میہ کے بعد) ہرنیا (ایسی حالت میں گلکیریا فاس کے ساتھ یہ بھی دیگر سے دو)

گلکیریا فلور۔ خصیوں میں استسقاء ہرنیا۔

نیٹرم میور۔ خصیوں میں استسقاء خصیے بڑھنے کا مادہ کوئی۔ فوطوں پر شدید خارش۔ آلات تناسل سے بال گر جائیں۔

## زبان اور ذائقہ TONGUE & TASTE

کالی میور۔ زبان پر سفید یا سلیٹی مائل سفید میل۔ خشکی۔ زبان پر گاڑھا سفید جمی۔ زبان پر ورم۔

فیرم فاس۔ زبان پر سیاہی مائل ورم (کالی میور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو) زبان سرخ یہ سرخی ظاہر کرتی ہے کہ جسم کے کسی حصہ میں ورم ہے۔

کالی فاس۔ زبان پر ملیالا میل اور بائی کے مخلوق کا سا۔ بے حد خشکی خصوصاً صبح کے وقت خواب ذائقہ اور متعفن سانس کے ساتھ۔ بائی یا پلے بخاروں میں زبان پر ورم بے حد خشکی اور کمزوری۔

نیٹرم میور۔ زبان صاف چمکیلی یا پانی کے سے میل کے ساتھ۔ زبان کے کناروں پر جھاگدار نمی جس کے اندر چھوٹے چھوٹے بلبلے ہوں۔ زبان صاف نمدار اور تھوک کی زیادتی۔

کالی سلف۔ زبان پر زرد چپچپا میل۔ بعض اوقات کناروں پر سفیدی

ذائقہ بالکل پھیکا۔

**نیٹرم فاس** ۔ زبان کی جڑ میں سنہرا زرد نمدار ملائی کا سا میل۔ نیز حلق کے غدودوں پر بعض اوقات ذائقہ تیزابی۔

**نیٹرم سلف** ۔ زبان میلی۔ مٹیالی سبز یا سلیٹی سبز۔ زبان چپچپی منہ میں لیسدار گاڑھا تھوک ذائقہ کڑوا جس سے صفراوی کیفیتیں معلوم ہوں۔

**کلکیریا فاس** ۔ زبان موٹی اکڑی ہوئی اور سُن معلوم ہو۔

**کلکیریا فلور** ۔ زبان میں شگاف یا پھٹی ہوئی۔ درد کے ساتھ یا بغیر درد کے۔

**کلکیریا سلف** ۔ زبان پر ورم جب کہ پک رہا ہو۔

**مگنیشیا فاس** ۔ جب کہ شکم میں آنتوں میں درد ہو، یا معدہ میں بوجھ ہو تو زبان کا رنگ زرد چھپا ہوتا ہے۔

نوٹ: زبان کا رنگ عموماً اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ کون سی دوا دی جائے لیکن بعض اوقات دیرینہ اور مزمن امراض میں زبان کی رنگت کچھ حقیقت نہیں رکھتی۔ یہ شاذ و نادر ہی ایسا ہوتا ہے۔

## حلق کے غدودوں کا ورم TONSILITIS (نیز دیکھو ڈفتھیریا)

**فیرم فاس** ۔ پہلے درجہ میں جب کہ درد، ورم، بخار وغیرہ موجود ہو۔ جلد جلد دوہراؤ۔ نیز گرم پانی کی کلی کراؤ۔

**کالی میور** ۔ ورم کا دوسرا درجہ۔ غدودوں پر سلیٹی رنگ کے دھبے یا چتے۔ دیرینہ یا حاد غدودوں کا ورم۔ زبان پر سفید میل۔

**کلکیریا سلف** - غدودوں میں ورم جبکہ ان کا پکنا شروع ہو گیا ہو۔

**کلکیریا فاس** - غدودوں میں دیرینہ ورم بعض اوقات نکلنے میں دقت۔

**نیٹرم فاس** - غدود متورم جبکہ زبان کی جڑ میں اور ان پر سنہری زرد جھلی یا میل ہو۔

**نیٹرم میور** - کتے میں ورم جبکہ نیٹرم میور کی علامتیں اور نیٹرم میور کی زبان موجود ہو۔

## دردِ دانت TOOTHACHE (نیز دیکھو - اعصابی درد)

**گنیشیا فاس** - دانت میں درد جب کہ گرم چیزیں منہ میں رکھنے سے آرام ہو اور ٹھنڈی چیزوں سے تکلیف بڑھے - درد بہت شدید گولی لگنے کا سا اعصاب کے ساتھ ساتھ درد دبانے اور سینکنے سے کم ہو اور ٹھنڈی ہوا میں بڑھ جائے۔

**فیرم فاس** - دردِ دانت اعصاب یا مسوڑھوں کے متورم ہو جانے سے درد - ٹھنڈے پانی سے یا کھلی ٹھنڈی ہوا میں کم ہو - گرمی سے بڑھے - مسوڑھے سرخ درد کریں اور متورم ہوں۔

**کالی میور** - دردِ دانت جبکہ مسوڑھوں یا گالوں میں ورم ہو تو یہ دوا ورم کو کم کرتی ہے - فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی فاس** - اعصابی پیلے یا اُن آدمیوں کا دردِ دانت جو دماغی محنت سے تھک چکے ہوں - خوشی کی حالت میں درد کم ہو - دردِ دانت جب کہ

مسوڑھوں سے جلد خون نکلے یا ان پر ایک سرخ لکیر ہو۔

**کلکیریا فاس** ۔ بوسیدہ دانتوں میں درد۔ دانت جلد گل جائیں۔ دانت نکلنے کے زمانہ کی تکالیف ۔ درد دانت جس کی زیادتی رات کو ہو۔

**کالی سلفٹ** ۔ درد دانت جو شام کو یا گرم مکان میں زیادہ ہو اور ٹھنڈی کھلی ہوا میں کم ہوں۔

**نیٹرم میور** ۔ درد دانت جب منہ سے تھوک کی زیادتی ہو یا رال ٹپکے۔

**کلکیریا فلور** ۔ دانت درد جیسے دانت ہل رہے ہوں۔ وٹامن غذا کا بھی برقرار ثبت نہ ہو۔

**سلیسیا** ۔ درد دانت جب دنبل یا پھوڑا بن رہا ہو۔ دانت میں گہرا سوراخ جس کو دانت کھینچنے سے آرام ہو۔ درد دانت جو یک دم سردی لگنے یا پیروں کا پسینہ رک جانے سے ہو۔ سلیسیا کے درد دانت رات کو زیادہ ہوتے ہیں، نہ تو سردی آرام دیتی ہے نہ گرمی۔

## گلٹیاں (دیکھو تشنج۔ اینٹھن۔ دورے وغیرہ) TETANUS

## گومڑ اور کینسر TUMORS AND CANCERES

**کالی سلف** ۔ ہونٹ کا کالہ۔ جلد میں آکلہ جبکہ پتلے زرد مواد کا سیلان ہو۔ داخلی اور خارجی طور پر استعمال کرو۔

**کلکیریا فلور** ۔ پستانوں میں سخت گانٹھیں۔ چھوٹے بچوں کے سر میں گومڑ

کسی حصہ میں سخت ورم وغیرہ ۔

**کالی فاس** ۔ کینسر جبکہ سیلان متعفن ہو ۔ یہ دوا کینسر کے زخموں کو بہت جلد آرام دیتی ہے ۔

**نیٹرم میور** ۔ زبان کے نیچے نرم ورم ۔

**فیرم فاس** ۔ آکلہ میں مفید ۔ کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔

**کالکیریا فاس** ۔ خنازیری مزاج میں آکلہ ۔ گھیگھا ۔ ورم وغیرہ ۔

**سلیسیا** ۔ غدودوں میں ورم جس میں گومڑ اور گانٹھیں وغیرہ جن کے پک جانے کا اندیشہ ہو ۔ رحم میں آکلہ ۔ اوپر کے ہونٹ اور چہرے میں سختی اور سخت گانٹھیں ۔ گردن میں خنازیری گومڑ ۔

**نیٹرم فاس** ۔ زبان کا آکلہ ۔

# ٹائیفائیڈ بخار تپ محرقہ TYPHOID FEVER

# میعادی بخار

**فیرم فاس** ۔ پہلے درجہ میں جاڑا ، بخار وغیرہ ۔ ہر دوا کے ساتھ اس کو یکے بعد دیگرے دو ۔ جب تک کہ ورمی کیفیتیں موجود ہیں ۔ ٹائیفائڈ ۔ بخار ، کمزوری اور چمکدار سرخ خون کے سیلان کے ساتھ ۔

**کالی میور** ۔ اس مرض کی سب سے بہتر دوا ہے ، فیرم فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔ زبان پر سفید میل یا دست ہلکے رنگ کے پیٹ میں

ورم اور چھونے سے درد کرے۔ سیلان خون سیاہ اور منجمد۔

**کالی سلف** ۔ ٹائیفائڈ بخار۔ شام کے وقت زیادتی یعنی شام کو تکلیف اور بخار بڑھ جائے۔ نیز نبض سست، بھاری جو خون کے اندر زہر ظاہر کرے ایسی حالت میں کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو۔

**کالی فاس** ۔ ٹائیفائڈ بخار میں سمی علامتیں، خصوصاً جب دماغ ماؤف ہو جائے۔ کمزوری بدبودار دست، بے خوابی، منہ سے بو، دل کے فعل میں کمزوری، بے خوابی، دانتوں پر میل۔ زبان پر خشکی جس کی وجہ سے بولنے میں لکنت۔

**نیٹرم میور** ۔ ٹائیفائڈ بخار میں فاسد علامات، پانی کی قے کے ساتھ، زبان پر خشکی۔ تشنج غنودگی، سیلان خون وغیرہ وغیرہ

**نیٹرم سلف** ۔ جبکہ صفراوی علامات موجود ہوں۔ دست صفراوی پانی کے سے وغیرہ وغیرہ۔

**کلکیریا فاس** ۔ جب بخار اتر رہا ہو تو مریض کی طاقت کو قائم رکھنے کے لیے اس دوا کو ضرور استعمال کرو۔ دوران مرض اس دوا کا کبھی کبھی استعمال مریض کی طاقت کو قائم رکھتا ہے۔

ڈاکٹر چیپ مین لکھتے ہیں اور مصنف کا بھی ذاتی تجربہ یہی بتاتا ہے کہ اگر مرض کے دوران سادہ گرم پانی کے ڈوش مقعد کی راہ سے دیئے جائیں یعنی روزانہ ایک ڈوش دیا جائے تو قبض کی حالت میں قبض کو رفع کرتا ہے اور دستوں کی حالت میں آنتوں کو صاف کر کے ان کے زخموں

کو مندمل کر دیتا ہے ۔ بخار کو قابو میں رکھتا ہے ۔

## ٹائیفس بخار TYPHUS FEVER

**فیرم فاس** ۔ بخار کا پہلا درجہ ۔ بخار کی کیفیتوں کے لیے کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔

**کالی فاس** ۔ بخار کی سبھی کیفیتوں کو شروع سے آخر تک روکنے کے لیے یہ سب سے بہتر دوا ہے ہر قسم کے سبھی بخار اور سبھی حالتیں اس دوا سے درست ہوتی ہیں ۔ نیز بے خوابی، غنودگی وغیرہ بھی اس سے ٹھیک ہوتی ہیں ۔

**کالی میور** ۔ ٹائیفس بخار میں اگر حیض ہو ۔ پاخانہ ہلکے رنگ کے ہوں تو اس دوا کو کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو ۔

**نیٹرم میور** ۔ کالی فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دو جبکہ غنودگی اور بے خوابی زیادہ ہو اور پانی کی کیفیتیں موجود ہوں ۔

## زخم ULCERS (نیز دیکھو دنبل)

**کالی میور** ۔ زخم جب کہ مواد گاڑھا سفید، ریشہ دار ہو ۔ زبان عموماً سفید یا سلیتی مائل سفید ہوتی ہے ۔

**فیرم فاس** ۔ زخم کی حالت میں اگر بخار، حدت، درد، ورم، وغیرہ موجود ہو تو یہ درست کرتی ہے ۔

**سلیسیا** ۔ گہرے زخم، جو ہڈیوں تک پہنچیں ۔ ناسور ۔ زخم سختی لیے ہوئے

ورم اور غدودوں میں سختی۔ زخم جن میں سے متعفن پانی کا سا پتلا زرد مواد نکلے۔

**کلکیریا سلف** ۔ وہ زخم جن میں سے مسلسل مواد سا ہی کرے۔ غدودوں کے زخم۔ زخموں اور دردوں اور جلنے کے بعد پیدا شدہ زخم جن میں سے پانی کی طرح زرد مواد نکلے۔

**کلکیریا فلور** ۔ ہڈیوں کے زخم، گاڑھا زرد مواد۔

**کلکیریا فاس** ۔ ہڈیوں کے زخموں میں اس کو دوسری دواؤں کے ساتھ مسلسل استعمال کرنا چاہیئے۔

**نیٹرم فاس** ۔ معدہ یا آنتوں کے زخم۔ پیچش۔ تیزابی رطوبت کی قے یا سیاہ رطوبت کی قے آتشکی زخم جس کے ساتھ ملائی کا سا زرد میل زبان پر ہو۔

# پیشاب کی تکالیف URINARY DISORDERS

(نیز دیکھو گردوں کی تکالیف)

**فیرم فاس** ۔ یہ دوا مثانہ اور پیشاب کی ہر ورمی کیفیت کے لیے مفید ہے۔ جبکہ حاد حالت ہو۔ ورم مثانہ کا پہلا درجہ جب کہ درد، حدت اور بخار موجود ہو۔ بچے بستر میں پیشاب کر دیں۔ مثانہ کی کمزوری جو عموماً مستورات میں پائی جاتی ہے۔ کھانسنے سے پیشاب کا قطرہ نکل جائے۔ یا مستورات کو رات کے وقت بستر میں پیشاب ہو جائے۔ مسلسل

پیشاب ٹپکتا رہے۔ ورمی کیفیتوں کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے۔ زیادہ دیر تک پیشاب روکے رہنے کی وجہ سے پیشاب کی مسلسل حاجت۔ پیشاب کی زیادتی۔

**کالی میور** ۔ ورم مثانہ کا دوسرا درجہ۔ دیرینہ ورم مثانہ کی سب سے بڑی دوا ہے۔ پیشاب میں گاڑھا سفید مواد پیشاب سیاہی مائل۔ پیشاب میں یورک ایسڈ۔

**گنیشیا فاس** ۔ عضلات میں تشنج کی وجہ سے پیشاب رُک جائے۔ پتھری۔ اگر درد زیادہ ہو تو درد کو یہ دوا کم کر دیتی ہے۔ پیشاب کی نالی میں سلائی لگانے کے بعد اگر عضلات نہ سکڑیں اور سلائی کا احساس رہے تو یہ دوا اس کو رفع کرتی اور عضلات کو سکیڑتی ہے۔

**کالی فاس** ۔ پیشاب بار بار مقدار میں زیادہ۔ عضلات میں فالج پیشاب روکنے کی نااہلیت۔ پیشاب جہاں لگے وہاں چھالے پیدا کر دے۔ پیشاب کی نالی سے خون (ورم فاس) عضلات کی کمزوری سے بستر میں پیشاب نکل جائے۔

**نیٹرم سلف** ۔ پیشاب میں انڈے کے چوزے کا سا رسوب۔ پیشاب میں لیتھک ایسڈ جو برتن کے کناروں میں چمٹ جائے۔ یا سطح میں بیٹھ جائے گٹھیا یا صفراوی کیفیتوں کے دوران پیشاب سُرخ رنگ کا۔ پیشاب میں ریت

**کلکیریا فاس** ۔ پتھری۔ کنکر۔ فاسفیٹ۔ پتھری کی پیدائش کو روکنے کے لیئے اس دوا کے ساتھ نیٹرم سلف بھی دو۔ پیشاب کے ساتھ منی

(نیٹرم فاس) بوڑھے آدمیوں کا پیشاب بستر میں نکل جائے۔ پیشاب رکا رہا جبکہ میگنیشیا فاس آرام نہ دے سکے۔

**نکلکیریا سلف** ۔ مثانہ میں ورم جب کہ پیپ آ رہا ہو۔

**نیٹرم فاس** نیچے بستر میں پیشاب کر دیں۔ اگمان میں تیزابیت یا کیڑے ہوں۔ گردہ میں پتھری۔ بائی کے دردوں میں سیاہی مائل سرخ پیشاب۔

**نیٹرم میور** ۔ پیشاب کی زیادتی بشرطیکہ نیٹرم میور کی علامات موجود ہوں۔ نیز بستر میں پیشاب نکل جائے۔

# رحم کی بیماریاں AFFECTIONS OF UTERUS

(نیز دیکھو دردوں کے حیض۔ لیکوریا۔ ورم رحم، حمل اور ولادت)

**فیرم فاس** ۔ رحم کی تمام ورمی کیفیتیں پہلے درجہ میں درد۔ حدت اور بخار کو رفع کرنے کے لیے۔ شرمگاہ میں ورم جس کی وجہ سے بوقت جماع درد ہو۔ شرمگاہ میں بے حد خشکی اور ذکی الحسی۔ اس دوا کو گرم پانی میں حل کر کے ڈوش دو۔

**کالی میور** ۔ ورم کا دوسرا درجہ۔ رحم کے منہ میں اور رحم کی گردن میں زخم جب کہ رطوبت گاڑھی سفید ہو۔ رحم میں دیرینہ ورم۔ رحم کا بڑھ جانا۔ بشرطیکہ بڑھی ہوئی جگہ سخت نہ ہو۔

**کالی فاس** ۔ رحم سے سیلان خون گہرا سرخ، یا سیاہی مائل سرخ۔ اعصابی علامات کے ساتھ رحم اپنی جگہ سے گر جائے۔

**کلکیریا فلور** - رحم کے اپنی جگہ سے گرنے کے لیے یہ سب سے بہتر دوا ہے - نیز اگر رحم، یا آلات تناسل زنانہ ڈھیلے پڑ گئے ہوں تو یہ دوا ان کو تقویت بخشتی ہے رحم اور رانوں پر کھینچنے والے درد - آلات تناسل میں تپکن اور قبوت انگیز احساسات - رحم میں پتھر کی مانند سختی -

**کلکیریا فاس** - رحم کا اپنی جگہ سے گرنا کلیجہ بیٹھنے کے احساس کے ساتھ - رحم کا اپنی جگہ سے گرنا باہمی کے دردوں کے ساتھ - رحم کے مقام میں کمزوری وغیرہ ہر دو کے ساتھ اس کو دو -

## چیچک کا ٹیکہ VACCINATION

چیچک کے ٹیکہ سے پیدا شدہ ہر مرض کے لیے چاہے اکوتہ ہو یا آبلے یا کسی قسم کی اور خرابی ہو، یا ٹیکہ کی ویکسین میں خرابی کی وجہ سے پیدا شدہ بیکالیت کالی سیور سے درست ہوتی ہے -

## وریدوں کی تکالیف DISEASES OF VEINS

**فیرم فاس** - وریدوں کے لیے یہ خاص دوا ہے - اس کو ہمیشہ کلکیریا فلور کے ساتھ یکے بعد دیگرے دینا چاہیے جسم کے کسی حصہ کی وریدیں اگر بڑھ جائیں، یا ورم کریں تو یہی دوا کام آتی ہے -

**کلکیریا فلور** - وریدوں کے تحلیل ہونے کے لیے یہ بہت بہتر دوا ہے ٹانگوں کی وریدوں میں گانٹھیں - وریدوں کی گانٹھوں میں زخم و

# چکر VERTIGO

**فیرم فاس** ۔ سر میں دوران خون کی وجہ سے چکر۔ تپکن والے درد اور چہرہ میں تمتماہٹ کے ساتھ۔ جھکی ہوئی حالت سے اٹھنے میں چکر۔

**کالی فاس** ۔ اعصابی وجوہات سے یا کمزوری سے چکر۔ خون کی کمی سے چکر۔ اٹھنے سے اوپر کی طرف دیکھنے سے چکر۔ تھکاوٹ سے چکر۔

**نیٹرم سلف** ۔ صفراوی خرابیوں سے چکر۔ زبان کا سنگ نرد۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔

**نیٹرم فاس** ۔ معدہ کی تکالیف کے ساتھ چکر۔

# قے VOMITING

**فیرم فاس** ۔ غیر منہضم غذا کی قے بعض اوقات کھٹی رطوبت کے ساتھ (نیٹرم فاس اور نیٹرم میور) سرخ چمکدار خون کی قے جو جلد جم جائے۔

**کالی میور** ۔ گاڑھے سفید بلغم یا سیاہ منجمد لیسدار خون کی قے۔

**نیٹرم میور** ۔ کھٹی رطوبت کی قے۔ پانی کی سی شفاف رطوبت کی قے منہ سے پانی کی زیادتی قبض کے ساتھ۔

**کالی فاس** ۔ سیاہ رطوبت کی قے۔

**نیٹرم فاس** ۔ کھٹی یا تیزابی رطوبت یا جمی ہوئی رطوبت کی قے۔ زبان کی جڑ میں سنہرا زرد میل۔

نیز ضم سلف ۔ صفرا کی یا صفراوی رطوبت کی قے میں ذائقہ کڑوا۔
کلکیریا فاس ۔ غذا کی غیر جاذب بیت سے قے۔ رات کے وقت مقررہ وقت پر ہو چھوٹے بچے
اکثر قے کریں یا ٹھنڈی چیزیں پینے سے جلد قے ہو۔
گنیشیا فاس ۔ تشنج سے قے خصوصاً اگر تشنجی درد شکم موجود ہو۔
کلکیریا فلور ۔ غیر ہضم غذا کی قے اگر فیرم فاس فیل ہو جائے۔

## محرروں کا رعشہ WRITERS CRAMP

گنیشیا فاس ۔ محرروں کا ہاتھ یعنی لکھنے والوں کا رعشہ کا سب سے خاص دوا ہے۔
نیٹرم فاس ۔ اگر بار بار کے دوروں کی وجہ سے ہو تو نیٹرم فاس اور کلکیریا فاس کے بعد دیگرے دو۔

## کالی کھانسی WHOOPING COUGH

کالی میور ۔ سب سے بہتر دوا ہے ۔ اگر زبان پر سفید میل یا بلغمی لیپ ہو اور سفید ہو نیز
کالی کھانسی کی قسم کی کھانسی جس میں ہوپ کی آواز نہ ہو۔
گنیشیا فاس ۔ کالی کھانسی کے دورے جو ہوپ کی آواز پر ختم ہوں ۔ اس دوا کو مسلسل
استعمال کرو ۔ جب دورے بہت تیز ہوں ۔ دیرینہ کالی کھانسی کی حالت میں ہیپار
کے ساتھ کالی میور کے بعد دیگرے دو۔
کالی فاس ۔ کالی کھانسی میں اس دوا کو لگاتار دینا ہے دوسری دواؤں کے ساتھ دو ۔ اگر
کمزوری یا اعصابیت وغیرہ موجود ہو۔
فیرم فاس کالی کھانسی کے ساتھ جب بخار ہو۔
کالی سلف کالی کھانسی اگر کالی سلف کے تشنجات موجود ہوں
نیٹرم میور ۔ اگر نیٹرم میور کا ہاضم اس کی دوسری علامات موجود ہوں۔

**گلکیر یا فاس** - کالی کھانسی اگر میگنیشیا فاس نے کام نہ کیا ہو۔

## کیڑے WORM

**نیٹرم فاس** - ہر قسم کے کیڑوں کی یہ سب سے بہتر دوا ہے۔ کیونکہ اس دوا سے ریکٹک ایسڈ نہیں رہتا اور ریکٹک ایسڈ ہی سے کیڑے پرورش پاتے ہیں۔ بچوں میں اعصابی کیفیات آنتوں میں درد کے ساتھ ناک کریدنا مقعد میں خارش، بے چینی کی نیند دانتوں کا پیسنا وغیرہ یہ سب علامات ہیں۔ یاد رہے کہ اس دوا کا مسلسل استعمال ضروری ہے بیشتر اس کے کہ کوئی بہتر نتیجہ معلوم ہو سکے اگر کیڑے موجود ہوں تو نمک ملا کر نیم گرم پانی کا ڈوش بہت مفید ہے۔

**گلکیر یا فلور** - مقعد پر خارش، بواسیر کی وجہ سے عموماً اس خارش کو کیڑوں کی وجہ سمجھا جاتا ہے۔

جوڑ اکڑ جائیں : نیٹرم میور
پک جائیں : سلیسیا، کلکیریا سلف
جیسے چوٹ لگی ہے یا اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہے : کلکیریا فاس
" جوڑ کے اوپر پانی چل رہا ہے : نیٹرم میور
" ہاتھ اور پیروں کی انگلیوں کو کھینچ کر جوڑوں سے الگ کیا جا رہا ہے : سلیسیا
درد بائیں کا : کالی میور، نیٹرم میور، کلکیریا فاس، فیرم فاس
" " دیرینہ : نیٹرم میور، کلکیریا فاس
" " منتقل ہونے والا : کالی سلف
" " پاگل بنا دینے والا : مگنیشیا فاس
" پھوڑے کا سا : نیٹرم میور
" تیر کے سے اور چیرنے والے : کلکیریا فلور
" سخت ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں : کالی سلف
" شدید : سلیسیا۔

جوڑ: سردی : نیٹرم میور
کرڈکن : کلکیریا فلور، نیٹرم میور، نیٹرم سلف، نیٹرم فاس
کے گرد ورم : کالی میور
گٹھیا کی وجہ سے بڑھ جائیں : کلکیریا فلور
ورم : فیرم فاس، کالی سلف، مگنیشیا فاس، نیٹرم فاس، کالی میور
" کہنی کے جوڑ میں : کلکیریا فلور
جوڑ بند: پھوڑے کا سا درد : نیٹرم فاس
درد کرنے والی کھنچاوٹ : نیٹرم میور
چلنا : دیر میں سیکھے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور
چھوٹے کا جوڑ : بائیں جانب : کلکیریا فاس
بخار : فیرم فاس
برف کی مانند ٹھنڈا : کلکیریا فاس
پکنا : سلیسیا
پنڈلیوں میں اینٹھن : کلکیریا فاس
" " " چلتے وقت : نیٹرم میور
تلوے سن رہیں : کلکیریا فاس
درد ہوں اور ختم ہوں : مگنیشیا فاس، کالی فاس
" آپریشن کے بعد : فیرم فاس، کالی میور
" ابتدا ہو : کالی میور
" بھالے لگنے کے سے : مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس، کالی سلف

چوتڑ کا جوڑ : درد پہلی دفعہ حرکت سے : کالی فاس
" پھاڑنے والے بائیں طرف جائیں : نیٹرم سلف
" زیادتی رات کو : کلکیریا فاس
" سوئیاں چبھنے کے سے داہنی جانب : کالی فاس
ویریٹر : سلیسیا، کلکیریا سلف
گھٹنا ٹھنڈا : کلکیریا فاس
میں کھنچنے والے درد : نیٹرم فاس
ورم : فیرم فاس
چوتڑ کے مقام میں درد : نیٹرم میور، سلیسیا، کالی فاس
کی ہڈی میں درد : کلکیریا فاس
سختی جوڑوں اور ہاتھ پیر کی : نیٹرم میور، سلیسیا
عرق النسار : کالی فاس، گنیشیا فاس، نیٹرم سلف، کلکیریا سلف، نیٹرم میور، فیرم فاس
کلائی : درد : نیٹرم فاس، فیرم فاس، کلکیریا فاس
" تیز بائی کا : فیرم فاس
" پھاڑنے والے اور کلائی کے جوڑ میں کھنچن : کالی میور
" سوئیاں چبھنے کے سے : نیٹرم میور
گٹھیا : تیز یا حال کا : نیٹرم سلف، فیرم فاس، نیٹرم فاس
جوڑ بڑھ جائیں : کلکیریا فلور۔
درد بائی کے سے : نیٹرم میور
" " درد کے ساتھ : رات کو زیادتی : کلکیریا فاس

گٹھیا درد جوڑوں میں : کالی میور، نیٹرم میور، کلکیریا فاس، مگنیشیا فاس
کے نوبتی دورے : نیٹرم میور
مزمن : نیٹرم سلف، نیٹرم فاس، سلیسیا
رگڑے گٹے : نیٹرم میور، سلیسیا
گھٹنے، جوڑوں میں ورم : کلکیریا فلور
درد بھالے لگنے کے، چیرنے والے، ڈنک کے سے : سلیسیا
" دونوں میں شدید : فیرم فاس
" سوئیاں چبھنے کے سے : کلکیریا سلف
" " " بائیں گھٹنے میں : نیٹرم سلف
" گھٹنے سے پیروں کو جائیں : کلکیریا فاس
" " ٹانگوں میں گولی لگنے کے سے : فیرم فاس
سائی نوائٹس (التہاب غشاء دسمی) یعنی رطوبت ہونے سے تکلیف :
سلیسیا، کلکیریا فلور، کلکیریا فاس

لنگڑا پن : نیٹرم فاس
سردی سے : فیرم فاس
فالجی اور ہائی کا : کالی فاس
محرروں کا رعشہ : مگنیشیا فاس
ناخن : سلیسیا، نیٹرم میور
پیروں کی انگلیوں کے گوشت میں گھسیں : کالی میور، سلیسیا
کے نیچے زخم : سلیسیا۔

ناخن میں تکلیف : کالی سلف

ہاتھ پیر کا پھوٹنا : ابتدا میں : نیٹرم سلف، کالی فاس

بعد میں : سلیسیا، کلکیریا سلف

ہاتھ : آبلے : نیٹرم میور

اور پاؤں ٹھنڈے : نیٹرم میور

انیٹھن : مگنیشیا فاس

" دوران نیند : نیٹرم میور

از خود ہیں : مگنیشیا فاس، نیٹرم میور

بھاری محسوس ہوں : سلیسیا

سردی سے پھٹ جائیں : فیرم فاس، کلکیریا فلور

سوجائیں : کلکیریا فاس۔

کپکپی یعنی کانپنا : نیٹرم سلف، مگنیشیا سلف

لکھتے وقت سخت ہوجائیں : کلکیریا فاس، کالی میور، نیٹرم فاس

کانپنے : نیٹرم میور، نیٹرم سلف، نیٹرم فاس

نگڑے معلوم ہوں اور سخت ہوجائیں : سلیسیا

میں جلن : نیٹرم میور

میں پسینہ : "

میں تشنج : سلیسیا

متورم اور درد کریں : فیرم فاس

ہتھیلی پر مہاسے : کالی میور، نیٹرم میور، نیٹرم سلف

ہتھیلی میں پھٹن یا تشنگاف : کلکیریا ظور

میں خارش : کالی فاس

محنت اور پھوڑے کا سا درد : نیٹرم سلف

کی جلد خشک اور پھٹی ہوئی : نیٹرم میور

گرم : فیرم فاس

## جلد

اکوتہ : اعصابی اکساہٹ کے ساتھ : کالی فاس

تیزابیت کی علامت کے ساتھ : نیٹرم فاس

چیچک کے ٹیکہ کے بعد : کالی میور

دانے پانی کے : نیٹرم سلف

" سفیدی مائل : کالی میور

ذکی الحسی کے ساتھ : کالی فاس

رحم کی بے قاعدگی سے : کالی میور۔

رطوبت سفید ہوتی ہے : نیٹرم سلف

" سبزی مائل : کالی سلف

زیادہ نمک کھانے سے : نیٹرم میور

زیادتی نہانے سے : نیٹرم سلف، نیٹرم میور

شام کے وقت کھجلی : کالی سلف

کانوں کے پیچھے، بھوؤں پر جوڑوں کے زخم میں، نمک زیادہ کھانے سے : نیٹرم میور

انکوتہ، کھرنڈ باریک : نیٹرم میور
" زرد : کلکیریا فاس
" سفید : " "
یکایک دب جائے : کالی سلف
انتھرکس (جمرہ) جلندار دانے : کالی فاس، سلیسیا، کلکیریا سلف
بسہری : کلکیریا فلور، سلیسیا، فیرم فاس، کلکیریا سلف، نیٹرم سلف
پتی : نیٹرم فاس، کالی فاس، نیٹرم میور، نیٹرم سلف، کالی سلف، سلیسیا
شدید خارش کے ساتھ : نیٹرم میور
گرم ہو جانے کے بعد : "
پھوڑے : سلیسیا، گنیشیا فاس، کلکیریا سلف، فیرم فاس، کالی میور
پکانے سے روکنے کے لیے : کلکیریا سلف
کی رغبت : سلیسیا
گاڑھا زرد مواد : سلیسیا
جذام : (کوڑھ) تانبہ کے رنگ کے چٹے، ناک کے زخم اور گومڑ وغیرہ : سلیسیا
(داخلی و خارجی)

جلد : آبلے : کالی فاس، نیٹرم میور، کلکیریا فاس
" پانی سے بھرے ہوئے : نیٹرم میور
" کی خارج رطوبت سے بھرے ہوئے : کالی فاس
" چیچک کے سے : کلکیریا سلف، سلیسیا
" خاصہ : کالی فاس، سلیسیا

جلد : بدرنگ ہو جائے : کالی سلف، نیٹرم میور، سلیسیا
بے حد خشکی : نیٹرم میور
بھوسی : کالی سلف، نیٹرم میور، کالی میور
پھٹی ہوئی : کلکیریا فاس، نیٹرم فاس، نیٹرم سلف، کالی سلف، کالی فاس
نیٹرم میور
پھوڑے کی طرح درد : نیٹرم میور، کلکیریا فاس، سلیسیا
ٹھنڈی : نیٹرم میور، سلیسیا
پرٹیں : نیٹرم میور، سلیسیا
ٹوبرکلر یعنی جلد پر ٹوبرکلوسس کی گانٹھیں : کلکیریا فاس
جلن : سلیسیا، کلکیریا فاس، نیٹرم میور
" اور خارش پتی کی طرح : کلکیریا فاس
جھرّیاں : کالی فاس، کلکیریا فاس، نیٹرم میور
جوئیں : کلکیریا سلف، نیٹرم فاس
چکنی : کالی فاس
چھوٹے چھوٹے گومڑ : سلیسیا
چھوٹے بچوں کی چھلیں : نیٹرم فاس، نیٹرم میور
چھلکے : کلکیریا فاس، نیٹرم سلف، نیٹرم میور، کالی میور، کالی سلف
" زرد : کالی سلف
" " رطوبت کے : کالی سلف
" سفید : نیٹرم میور

جلد خشک: کالی سلف، کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور

والے تر: نیٹرم میور، نیٹرم سلف، نیٹرم فاس

" باجرے کے سے: نیٹرم میور

" چیچک کے ٹیکہ کی ویکسین سے: کالی میور

" چھوٹے چھوٹے بغیر درد کے: "

" " " " خارش کے ساتھ: کالی فاس، نیٹرم فاس، نیٹرم میور

" جلنداراور خارش کریں: کالی سلف، کالی فاس

" خشک اور گرم: کالی سلف

" خنازیری: سلیسیا، کلکیریا فاس

" سخت، زک دار: کلکیریا فلور

" یکایک بیٹھ جانے والے: کالی سلف

سینہ کی تکالیف: نیٹرم میور

ذکی الحسی: نیٹرم میور، سلیسیا

زخم: نیٹرم میور، سلیسیا

زرد: نیٹرم میور، نیٹرم سلف، سلیسیا

سکوڑی ہوئی: نیٹرم میور، سلیسیا

سرخ چھٹے: کالی میور، نیٹرم فاس

سرخ: فیرم فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

ورم: سلیسیا، نیٹرم سلف

کٹن: نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فاس

جلد کھردرا، زرد، سفید : کلکیریا فاس
" سنہری : نیزم فاس
" متعفن : کالی فاس، کالی سلف
کھرکھری : کالی سلف، کلکیریا فلور
کھجلائے : کلکیریا فاس، نیٹرم سلف، کالی فاس، سلیسیا، نیٹرم میور
میں خشکاف : کلکیریا فلور، نیٹرم میور
میلی : نیٹرم میور
شکل سے مبدل ہو : سلیسیا
متورم : فیرم فاس - نیٹرم میور
نیلی : نیٹرم میور، سلیسیا
جلد کا باہم رگڑ کھانا : کالی فاس، نیٹرم میور، نیٹرم فاس
جلنا : فیرم فاس، کالی میور، کالی سلف، کلکیریا سلف
آبلے پڑ جائیں : نیٹرم میور
" پھٹ جائیں : کالی میور
اگر جگہ پک رہی ہو : کلکیریا سلف
پکنا شروع ہو جائے : سلیسیا
جلد سرخ، ورم کرے : فیرم فاس
چھپاکی (ایک قسم کی خارش) : کلکیریا فلور، کالی سلف
چوٹیں : اوڈاریٹے، تازہ زخم : فیرم فاس
اگر سمیت شروع ہو جائے : نیٹرم فاس

چوٹیں لگنے اور کمر میں درد پیدا کرے : کلکیریا فلور
جن کی پرواہ نہ کی گئی ہو : سلیسیا ، کلکیریا سلف
گنگرین : کالی فاس
نیم حصص میں ورم کے ساتھ : نیٹرم فاس
ورم کے ساتھ : کالی میور
ہڈیاں ٹوٹ جائیں : کلکیریا فاس
ہڈیوں میں شدید درد : کلکیریا فلور
چیچک : کالی میور
آبلے مل جائیں : نیٹرم میور
" جب بننے لگیں : نیٹرم فاس
" سے رطوبت نکلے : کلکیریا سلف
آبلے دب جائیں : کالی صلف
اگر سمی کیفیت پیدا ہو جائے : کالی فاس
حدت اور بخار کے ساتھ : نیٹرم فاس
غنودگی اور منہ سے تھوک کے ساتھ : نیٹرم میور
متعفن کیفیت : کالی فاس
خارش : کالی فاس ، گنیشیا فاس ، کلکیریا فاس
آنکھوں میں : نیٹرم میور
آنکھوں کے درمیان : نیٹرم میور
آنکھوں پر : نیٹرم سلفیٹ

تحلیل یا ورچیوں کی : کلکیریا فلور، کالی میور، مگنیشیا فاس

بغیر دانوں کے : کلکیریا فاس

پستانوں پر : سلیسیا

پپوٹوں پر : نیٹرم فاس، نیٹرم سلف

پتی کے مانند : کلکیریا فاس

تلووں میں : کلکیریا سلف، کالی فاس، مگنیشیا فاس

تر : نیٹرم میور، نیٹرم سلف، سلیسیا

تمام جسم پر : کالی میور، نیٹرم میور، سلیسیا

ٹانگوں پر : کالی میور، کالی فاس

جلد پر : کلکیریا فاس، کالی سلف، کالی فاس، سلیسیا

چہرہ پر : نیٹرم سلف، سلیسیا

چیونٹیاں رینگنے کے احساس کے ساتھ : کالی فاس

حجام کی : مگنیشیا فاس، کالی فاس، کالی میور

دب جائے : نیٹرم میور، سلیسیا

رات کو زیادتی : کلکیریا فاس، سلیسیا

سخت محنت کے بعد : نیٹرم میور

شدید : نیٹرم میور

کانوں کے پیچھے : نیٹرم میور

کیڑوں کے رینگنے کی طرح : نیٹرم فاس

کھجلانے سے خون بہے : کلکیریا فاس

خارش کپڑے اتارتے وقت : نیٹرم سلف
متورم پستانوں پر : سلیسیا
ناک میں : سلیسیا
ناک کی نوک پر : کلکیریا فاس، سلیسیا
نتھنوں میں : نیٹرم سلف
ہاتھوں اور پیروں میں : کالی فاس
ہتھیلیوں میں : کالی فاس
خراشیں : فیرم فاس، کلکیریا سلف، کالی میور
خسرہ : اثرات مابعد : کالی میور
اگر دانے دب جائیں ، کالی سلف
بخار : کالی میور، فیرم فاس
دنبل : بدبو دار خون آمیز : کالی فاس
پکنے کے لیے ، سلیسیا (چھوٹی طاقت میں)
پک جانے کے بعد اس میں جلد خون ہے : سلیسیا
حدت اور درد : فیرم فاس
دیرینہ : کلکیریا فاس، سلیسیا
رد کنے کے لیے : کلکیریا سلف، سلیسیا (اونچی طاقت میں)
سخت، متورم غدود : کلکیریا فلور
سفید، چکدار غدود (پھٹنے کے نزدیک) : کالی میور
سبزی مائل پانی کا سا بیان : نیٹرم سلف

دنبلی، گنگرین : کالی فاس

گاڑھا زردی مائل، مفید سیلان : کلکیریا سلف

متعدد کے گرد : کلکیریا سلف

ملائی کا سا زرد سیلان : نیٹرم فاس

ناسور بربینہ : نیٹرم سلف

ورم : فیرم فاس، نیٹرم فاس

بتر کے (بڑ سور) کالی فاس (داخلی و خارجی)

پک رہے ہوں : سلیسیا، کلکیریا سلف

تازے : فیرم فاس

گاڑھا، زرد مواد : سلیسیا

گنگرین : کالی فاس

ورم کے ساتھ : کالی میور، نیٹرم فاس

زہر باد، آبلے دار : کالی سلف

بخار کے لیے : فیرم فاس

دانے دار : کالی میور

گاہے گاہے : کلکیریا فلور

گہرا : سلیسیا

گوشت خور : سلیسیا

ہموار سرخ چمکدار : نیٹرم سلف، فیرم فاس

بخار بنگل (سرطانی)، بخار اور درد : فیرم فاس، کالی میور

کارنیکل : پہلا درجہ، سخت : کلکیریا فلور
پکانے کے بعد : سلیسیا
دوسرا درجہ : کالی فاس
گاڑھا، زرد مواد : سلیسیا، کلکیریا سلف
کیڑوں کے ڈنگ : نیٹرم میور
کیل : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فاس، نیٹرم فاس، کالی میور، فیرم فاس
کینسر (آکلہ) اندرونی : مگنیشیا فاس
بھالے لگنے کے بعد اور تیز سوزش پیدا کرنے والے درد : مگنیشیا فاس
پانی کا سا سیلان : نیٹرم میور
پتھر کی طرح سخت : کلکیریا فلور
چہرے پر : کالی سلف
زرد کھرنڈ : کالی سلف
کنارے سخت : کلکیریا فلور
گوشت خورہ : کالی فاس
متعفن رطوبت : کالی فاس
ہونٹ کا : کالی سلف
گنگرین : (ورم فاسد) کالی فاس
مسے : کالی میور
ہاتھ کی ہتھیلیوں پر : نیٹرم میور
موتیا سیتلا (چیچک) : فیرم فاس، کالی میور

موتیا سیتلا : جلد میں بدشکلی : کالی سانف

لاپرواہی سے علاج شدہ : سلیسیا

ہرپس (چھوٹے چھوٹے جلندار دانے) پھیلنے والے، خارش کرنے والے :

کالی سلف، کالی فاس، کلکیریا فاس

تر : نیٹرم میور

دیرینہ : کلکیریا سلف، کلکیریا فاس

نیا : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، کلکیریا سلف

# نیند

بے خوابی : نیٹرم میور، سلیسیا، کالی فاس

نصف شب کے قبل یا بعد : نیٹرم میور، سلیسیا

اکساہٹ سے : کالی فاس

اعصابی تحریک سے : کالی فاس

تھکاوٹ سے : مگنیشیا فاس

دماغی پریشانی سے : کالی فاس

سر میں خون کی سے : فیرم فاس

کھجلی سے : نیٹرم فاس

نیند محسوس ہو مگر نہ آئے : نیٹرم میور، سلیسیا

جماہیاں : نیٹرم میور، سلیسیا

دورے والی : مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس

جماہیاں، غیر قدرتی : کلکیریا فاس۔
دوسرے دانی : گنیشیا فاس، کلکیریا فاس
خواب : کلکیریا فلور، کلکیریا فاس، نیٹرم میور، نیٹرم سلف، سلیسیا
آگ کے : نیٹرم میور، کالی فاس، کلکیریا فاس
بیماری کے : سلیسیا
پانی کے : سلیسیا، نیٹرم سلف
پریشان : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، نیٹرم فاس
تاسف کے : نیٹرم میور، نیٹرم
جانوروں کے : سلیسیا
جن بھوتوں کے : سلیسیا، کالی فاس
جھگڑے کے : نیٹرم سلف
چوروں کے : نیٹرم میور، سلیسیا، کالی فاس
خوشگوار مزے دار : نیٹرم میور، سلیسیا
خیالی خوشگوار واقعات و تصورات کے : کلکیریا فلور، کلکیریا فاس
نیٹرم میور، سلیسیا
گہرے خیالی خطرے کے ساتھ : کلکیریا فلور، گنیشیا فاس
دماغی کشاکش کے : نیٹرم میور
دن کے کاروبار کے : سلیسیا
گرنے کے : کالی فاس
" آگ کے، جن بھوت اور چوروں کے : کالی فاس

خواب : مشکلات کے : کلکیریا فلور

مرے ہوؤں کے : نیٹرم فاس

میں رات کو بستر سے اچانک کر کھڑکی سے کودنا چاہے : کلکیریا فلور

بچے نیند میں چیخیں : کلکیریا فاس

بیٹھے بیٹھے نیند آجائے : نیٹرم فاس، فیرم فاس

بے حد خواہش نیند : نیٹرم میور

بے چینی، کیڑوں کی وجہ سے، نیند میں : نیٹرم فاس، کالی میور، نیٹرم میور
کلکیریا فاس، فیرم فاس، نیٹرم سلف

تھکاوٹ صبح جاگنے پر : نیٹرم میور، کلکیریا فلور

" " کے وقت : نیٹرم میور، نیٹرم سلف

جاگنے کے بعد نیند کا آنا ناممکن ہو : نیٹرم میور

جلد جاگ اٹھے : نیٹرم فاس

چیخ کر جاگے : کلکیریا فاس، کلکیریا سلف

چیخے نیند میں : نیٹرم فاس

چلے نیند میں : کالی فاس

چونکے نیند میں : کلکیریا فاس، کلکیریا سلف

دانت پیسے نیند میں : نیٹرم فاس

دوران نیند اعضاء میں جھٹکے : سلیسیا، نیٹرم میور، مگنیشیا فاس، نیٹرم سلف

دن کو نیند آئے رات کو جاگے : کلکیریا سلف

ڈرے نیند میں صفراوی علامات کے ساتھ : نیٹرم سلف، نیٹرم میور، کالی سلف

ذرا سے شور سے چونکے : کالی میور
رات کو جاگا کرے : کلکیریا سلف، کالی فاس، فیرم فاس
زیادہ حد سے : کالی میور
صبح اٹھنے کی خواہش نہ ہو : کلکیریا سلف، کالی فاس، فیرم فاس
" جاگنے پر پیچھے سے بیوقوفی ٹپکے : نیٹرم میور
صبح کو مشکل سے جاگے : کلکیریا فاس
" کے وقت نیند آئے : نیٹرم سلف
عضلات میں اینٹھن نیند آنے پر : کالی فاس
غنودگی صبح کے وقت : نیٹرم میور، مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس، کلکیریا فلور
" صفراوی علامتوں کے ساتھ : نیٹرم سلف
مسلسل انگڑائیاں اور جماہیاں : کلکیریا فاس، کالی فاس
" سونے کی خواہش صبح کو : نیٹرم میور
" خواب نیند میں : نیٹرم سلف، کلکیریا فلور
آرام نہ دینے والی نیند : نیٹرم میور
نیند کا غلبہ، دن کو : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا
سہ پہر کو : نیٹرم میور، سلیسیا
شام کو : نیٹرم میور، سلیسیا
صبح کے وقت : نیٹرم سلف
قبل دوپہر : سلیسیا

---

# بخار

بخار، آنتوں کا یا معدہ کا : کالی سلف، کالی میور، فیرم فاس، کالی فاس، نیٹرم میور

اعصابی : کالی فاس

ایک ہفتہ یا زیادہ رہے پیاس کے ساتھ، زبان خشک میلی، بے خوابی، بے چینی

ہڈیاں بڑھیں : کلکیریا فلور

بائی کا : کالی میور، نیٹرم میور، فیرم فاس

" منتقل ہونے والے دردوں کے ساتھ : کالی سلف

بڑبڑانے والے ہذیان کے ساتھ : کالی فاس

پیر اور ہاتھ جاڑے کی حالت میں ٹھنڈے : نیٹرم میور

" برف کے مانند ٹھنڈے : نیٹرم فاس

" میں رات کے وقت سوزش : نیٹرم فاس، سلیسیا

پیشانی میں درد تمتماہٹ کے ساتھ : نیٹرم فاس

پیاس کی زیادتی کے ساتھ : نیٹرم میور

پیشاب رک جانے کے ساتھ : فیرم فاس

پیٹھ اور گردن میں لرزہ، پیروں میں گرمی کے ساتھ : کالی میور

تشنجی علامات کے ساتھ : گلنیشیا فاس

تھوک کی زیادتی کے ساتھ : نیٹرم میور

ٹائیفائڈ یا ٹائیفس : کالی سلف، کالی میور، نیٹرم میور، فیرم فاس، کالی فاس سلیسیا

بخار : ٹائیفائڈ یا ٹائیفس پہلا درجہ : فیرم فاس
قبض کے ساتھ : کالی میور
ٹانگیں گھٹنوں تک ٹھنڈی شام کے وقت : سلیسیا
جوڑوں پر کھلی ہوا میں پانی پڑتا معلوم ہو : نیٹرم میور
جگر اور تلی بڑھی ہوئی : نیٹرم میور
جسم بھر میں جاڑا، پیشانی میں حدت کے ساتھ اور پیاس : نیٹرم میور
〃 کا نچلا حصہ ٹھنڈا اور چہرہ گرم : کلکیریا فاس
〃 کی حرارت بڑھی ہوئی اور بے چینی : نیٹرم سلف
حدت اور ورم کے ساتھ : فیرم فاس
خون میں سمیت ہے : کالی سلف
دماغی : کالی فاس
دق کا : سلیسیا، کلکیریا سلف، کلکیریا فاس
〃 کا قبض اور سرخ پیشاب کے ساتھ : کلکیریا سلف
درد سر کے ساتھ : نیٹرم میور
روزانہ : نیٹرم میور
رطوبت رہنے کے ساتھ : کالی میور
زرد بخار : نیٹرم سلف
سر کی چوٹی میں گرمی کا احساس : نیٹرم سلف
شام کے وقت تیز ہو : کالی سلف
صفراوی : نیٹرم سلف : نیٹرم فاس، مگنیشیا فاس، نیٹرم میور، کالی فاس

بخار، عفونتی یعنی زچہ کا : کالی فاس، کالی میور، مگنیشیا فاس، نیٹرم سلف
خنودگی کے ساتھ : نیٹرم میور
فاسد : متعفن : کالی فاس
کھجلی کے دب جانے سے : نیٹرم میور
کاہی : نیٹرم میور، کالی فاس، سلیسیا
لرزہ اور بخار کے آغاز میں : کلکیریا فاس
مسلسل صفراوی، سبزی مائل زرد یا سیاہ قے : نیٹرم سلف
" میعادی : نیٹرم سلف
نعوظ کا : نیٹرم فاس
نزلاوی : کالی میور، فیرم فاس
نبض اور تلب کے فعل میں شدت کے ساتھ : کالی میور
" تیز، بخار کی زیادتی : فیرم فاس
ہ کی ضرب گردن میں اور سینہ کے بائیں حصہ میں بیٹھی ہوئی حالت
سا میں محسوس ہو : کلکیریا فاس
نیم بے ہوشی : نیٹرم میور، کالی فاس
درجی : فیرم فاس، کالی میور، کالی سلف
ہونٹوں پر چھالے : نیٹرم میور
ہذیان کے ساتھ : کالی فاس
ہاتھ اور پیشانی گرم : باقی جسم ٹھنڈا : نیٹرم سلف
" کو بستر کے باہر نہ نکال سکے : سلیسیا

بخار : یکے بعد دیگرے جاڑا اور بخار دن کے مختلف حصص میں بغیر پسینہ کے جاڑا دینے والا اور بخار : نیزم سلف

جگر اور تلی میں شدید بوجھ اور درد بخار اترنے کے بعد : کالی میور

دل کے مقام میں سوئیاں چبھیں، بخار اترنے کے بعد بے حد سستی، لاغری چہرے پر خاک اڑے، پیشاب کا رکھا، پیشاب میں سرخ ریت بھوک ندارد، ذائقہ کڑوا، اعضاء میں کھنچن : نیٹرم میور

بخار لال - کالی سلف، کالی میور، نیٹرم میور، فیرم فاس، کالی فاس

ابتدا میں : فیرم فاس

باقی کورس میں : کالی میور، نیٹرم میور، نیٹرم فاس

جلد میں جذوقی کے ساتھ : کالی فاس

دانے رک جانے پر : کالی سلف

غنودگی کے ساتھ : نیٹرم میور، کالی فاس

بخار ملیریا : مگنیشیا فاس، کالی میور، نیٹرم میور، نیٹرم فاس، فیرم فاس، کالی فاس نیٹرم سلف، کلکیریا فاس - کالی سلف، کلکیریا سلف

پنڈلیوں میں اینٹھن کے ساتھ : مگنیشیا فاس

تیزابی قے کے ساتھ : نیٹرم فاس

جگر اور تلی بڑھ جانے کے ساتھ : نیٹرم میور

جو مرطوب موسم، مرطوب جگہوں، یا دریا، جھیل، سمندر کے کنارے بود و باش کرنے سے ہو : نیٹرم سلف

غذا کی قے کے ساتھ : فیرم فاس

بخار ملیریا : کونین کے زیادہ استعمال کے بعد : نیٹرم میور

کونین کے زیادہ استعمال سے، بخار دب جانے سے داہنی طرف نہ لیٹ سکنا، داہنی پسلیوں میں درد کی وجہ سے : نیٹرم میور

کے بعد فالج : نیٹرم میور

مزمن : کلکیریا فاس

پسلیاں : بغلوں میں : نیٹرم میور، سلیسیا

بغیر پیاس کے : نیٹرم سلف

تیز بوکا : سلیسیا

تلووں میں : نیٹرم میور، سلیسیا

تیزابی حد سے زیادہ کھٹا : نیٹرم فاس

ٹھنڈا : کلکیریا فاس

" منہ پر : کلکیریا فاس

جسم کے بعض حصّوں میں مریض کو کمزور کرے : کلکیریا فاس

" پر سے کپڑا نہ ہٹانے کی خواہش کے ساتھ : نیٹرم میور

چپچپا تمام جسم پر : کلکیریا فاس

چہرے پر : نیٹرم سلف

درد سر اور دوسرے دردوں کو کم اور ان کو کمزور کر دے : نیٹرم میور

رات کا : سلیسیا

" کابائی کے دردوں کو کم نہ کرے، مریض کو بستر سے نکالے : نیٹرم فاس

" صبح کے نزدیک اور صبح کو : کلکیریا فاس، سلیسیا

پسینہ رات کو کمزور کرنے والا : کالی فاس

" کھٹا، متعفن : سلیبیا

" مقدار میں زیادہ : کلکیریا فاس سلیبیا، نیٹرم میور

" واحد حصّوں پر : کلکیریا فاس

زیادہ کمزور کرنے والا، متعفن، ملیریا بخاروں میں : کالی فاس

" متعفن اور کمزور کرنے والا : کالی فاس

" دق کے مریضوں میں : کلکیریا فاس، سلیبیا

سر پر : سلیبیا

" تکیہ بھیگ جائے : سلیبیا

صرف ہاتھوں اور چہرے پر : سلیبیا

کھاتے وقت : کالی فاس، نیٹرم میور، نیٹرم سلف

کھٹا، کمزور کرنے والا : نیٹرم میور

گھریوں میں : سلیبیا

متعفن پیروں کا : سلیبیا

میں کمی : کالی سلف

مقدار میں زیادہ کمزور کرنے والا اور تیز بو کا : کالی فاس، سلیبیا

ہاتھوں میں زیادہ : نیٹرم میور

جاڑا اندرونی، مسلسل : سلیبیا

ایک بجے بعد دوپہر : فیرم فاس

اور حدت شام کے وقت : نیٹرم سلف

پسینہ بغیر پیاس کے : نیٹرم سلف ۔ مگنیشیا فاس
بخار کے آغاز پر : کلکیریا فاس
بستر میں پیاس بڑھی ہوئی نیفس تیز : نیٹرم سلف
پیاس کے ساتھ پانی تھوڑی تھوڑی دیر میں زیادہ پیئے سستی جماہیاں
شدید دردسر بے ہوشی چہرے پر نیلاپن : نیٹرم میور
پیاس کاہلی دردسر : نیٹرم میور
پیروں یا کمر سے شروع ہو : نیٹرم میور
پیٹھ میں : نیٹرم میور
پھر بخار پھر پسینہ : نیٹرم میور
پیشانی اور ہاتھوں میں گرمی کے ساتھ : نیٹرم سلف
جسم کا بروت کے مانند ٹھنڈے ہو جانے کے ساتھ : نیٹرم سلف
جس کے ساتھ سفید رطوبت کی قے ہو : کالی میور
جس کے قبل شدید کھجلی ہو : نیٹرم میور
جماہیوں کی زیادتی کے ساتھ : نیٹرم میور
حدت کے ساتھ یکے بعد دیگرے : نیٹرم میور ۔ سلیشیا
رات کے وقت بستر میں کانپنے : سلیشیا
" کو جگائے تکلیف اور پیاس کے ساتھ : نیٹرم سلف
ریڑھ کی ہڈی میں نیچے اوپر جلنے : مگنیشیا فاس
زیادہ تر بایاں جسم کے اندرونی حصص ہاتھ پیر ٹھنڈے : نیٹرم میور
سر پر کو کھلی ہوا میں : کالی میور

جاگنا : شام کے وقت بستر میں : نیٹرم سلف، سلیبیا
کی وجہ سے دانت، بیچین، اعصابی، کالی فاس، گلونیا فاس
مسلسل ہاتھوں میں ٹھنڈ کے ساتھ : کلکیریا فاس
نزلہ اور کھانسی کے ساتھ : کلکیریا فاس
نو دس بجے صبح، پھر بخار، دوسرے کے ساتھ بعد میں پسینہ : نیٹرم میور
اتھا اور پیر ٹھنڈے ہونے کے ساتھ خصوصاً شام کو : نیٹرم میور
حالت : اور نیند کے بعد دیگر سے : سلیبیا
بیرونی یا اندرونی تمتاہٹ : نیٹرم میور ۔ سلیبیا
پیر دل پر : نیٹرم سلف، سلیبیا
چٹیانی میں : نیٹرم میور
پھر لرزہ : نیٹرم میور
پھر پسینہ : سلیبیا
پیاس کے ساتھ : نیٹرم میور : سلیبیا
چہرے میں : کلکیریا فاس، فیرم فاس، نیٹرم میور
داہنے کان میں : نیٹرم سلف
سر میں : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیبیا
سینہ کے نچلے حصہ میں : کلکیریا فاس
شکم سے سر تک : نیٹرم سلف
کپڑا اتارنے سے ڈر کے ساتھ : نیٹرم میور ۔ سلیبیا
گردن میں : نیٹرم میور

حدت ماؤفہ حصص میں : سلیبا

نچلی آنتوں میں : نیٹرم سلف

واحد حصوں میں : فیرم فاس نیٹرم میور

زبان : زرد چھپچپی : کالی سلف

سفید یا سلیٹی - کالی میور

سلیٹی میل : کالی میور

کی پشت پر خشک مٹی کی طرح کامیل : کلکیریا سلف

سردی (جاڑا) عام کیفیت' اندرونی : نیٹرم میور' سلیبا

پیاس کے ساتھ : نیٹرم میور' سلیبا

جلد سردی لگے : نیٹرم میور' سلیبا

خاص حصوں میں : نیٹرم میور' سلیبا

لرزے کے ساتھ : سلیبا

قے : پانی کی : نیٹرم میور

صفراوی' ملیریا بخار میں : نیٹرم سلف

غذا کی : فیرم فاس

معدہ پھولے ہونے کے ساتھ : فیرم فاس

کرمیوی رطوبت یا مٹیالی یا سیاہ رطوبت کی : نیٹرم سلف

کھٹی رطوبت : نیٹرم فاس

# کمی اور زیادتی

زیادتی : آرام سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور، کالی فاس

آندھی سے : کلکیریا فاس، سلیسیا

" گوبھ وغیرہ میں بارش کے بعد : نیٹرم میور، سلیسیا، نیٹرم فاس

اکیلا ہو جانے : کالی سلف، کالی فاس

انزال کے بعد : سلیسیا، نیٹرم فاس، نیٹرم میور، کلکیریا فاس، کالی فاس

اوپر کی طرف دیکھنے سے : سلیسیا

اعضاء کو اکڑانے سے : نیٹرم میور

بعد دوپہر : نیٹرم میور

بھوک سے : سلیسیا

بوجھ اٹھانے سے : نیٹرم میور، سلیسیا

بیرونی طور پر دبانے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، نیٹرم سلف، سلیسیا

بستر میں اٹھنے سے : نیٹرم میور، سلیسیا

" میں کروٹ لینے سے : نیٹرم میور، سلیسیا -

بیٹھی ہوئی حالت میں : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور، کالی فاس

برفانی ہوا سے : سلیسیا

بات چیت کرنے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

بھیگ جانے سے : کلکیریا فاس، کلکیریا سلف

" پیروں کے : نیٹرم میور، سلیسیا

زیادتی پانی میں نہانے سے اور کام کرنے سے : کلکیریا سلفر، نیٹرم سلف

پریشانی، چپ چاپ غم کے ساتھ : نیٹرم میور

" غم، مایوسی کے ساتھ : کلکیریا فاس

پارہ کے زیادہ استعمال سے : نیٹرم میور، سلیسیا

پڑھنے سے : نیٹرم میور، سلیسیا

پسینہ کے بعد : نیٹرم میور، سلیسیا

" پیروں کے رک جانے کے بعد : سلیسیا

پوچھنے کے وقت : نیٹرم میور

تبدیلی موسم سے : کلکیریا فاس، سلیسیا

تکلیف کو سوچنے سے : کلکیریا فاس

ٹوپی کے بوجھ سے : سلیسیا

جگہ کے پھٹ جانے سے : سلیسیا

" پھٹنے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، کالی فاس

جھگڑنے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

جلنے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

جاڑے میں : نیٹرم میور، سلیسیا

جانوروں سے : نیٹرم میور، سلیسیا

چوٹ اور ضربات : نیٹرم میور، سلیسیا

چھینکوں سے : نیٹرم میور

چھونے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، مگنیشیا فاس

زیادتی چکر کے دوران : نیٹرم میور، سلیسیا
چلنے سے : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا
" " تیز : نیٹرم میور، سلیسیا
" " کھلی ہوا میں : نیٹرم میور، سلیسیا
" کے آغاز میں : نیٹرم میور، سلیسیا
حرکت سے : سلیسیا، کلکیریا فاس، کالی میور، فیرم فاس
" بیٹھی ہوئی حالت سے اٹھنے پر : کالی فاس، نیٹرم میور، سلیسیا
" کے شروع میں : سلیسیا
" ماوف حصوں کی : نیٹرم میور
خرابی معدہ : نیٹرم میور، سلیسیا
دن کے دوران میں : نیٹرم میور
دانوں کے دب جانے کے بعد : سلیسیا
دافع درد ادویہ سے : نیٹرم میور
دوڑنے سے : نیٹرم میور، سلیسیا
دھوئیں سے : نیٹرم میور
رات کو : کلکیریا فاس، سلیسیا
روشنی سے : نیٹرم میور، سلیسیا
رطوبات زندگی کے ضائع ہو جانے سے : نیٹرم میور، سلیسیا، کالی فاس
کلکیریا فاس، نیٹرم فاس
راگ سے : نیٹرم سلفٹ

کمی ، حرکت سے مسلسل : سلیسیا
خمیر سے : کلکیریا فلور
دہرا ہونے سے : مگنیشیا فاس
دودھ سے : نیٹرم فاس
دبنے ″ ″ کلکیریا فاس
ڈکاروں ″ : سلیسیا
ساتھیوں میں : کالی فاس
سرد ٹھنڈی ہوا سے : کالی سلف
سردی سے : فیرم فاس، کلکیریا فلور
سر کو ڈھانکنے سے : سلیسیا
سہلانے سے : مگنیشیا فاس
شام کے وقت : نیٹرم میور
کھلی ہوا سے : کلکیریا سلف
گرم خشک موسم میں : نیٹرم سلف، کلکیریا سلف، کلکیریا فاس
″ چیزیں پینے سے : مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس
گرمی سے : سلیسیا، مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس، کلکیریا فلور
لیٹنے سے بہتر ہیں، چت یا کسی جانب سے : کلکیریا فلور، کلکیریا فاس
″ ″ سخت چیز پر : نیٹرم میور
مالش سے : کلکیریا فلور
مرطوب گرمی سے : سلیسیا

کمی ہوا کے اخراج سے : کلکیریا فاس

## علاماتِ عامہ

احساس : بستر کے سخت ہونے کا : سلیسیا

بچہ کا : نیٹرم میور

چوہے کے دوڑنے کا : سلیسیا

چھونے کا : نیٹرم میور، سلیسیا

چیونٹیاں رینگنے کا : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فاس

ندم کا : کلکیریا فاس، سلیسیا

سوجانے کا جسم کے ماعد حصوں کا : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

سوراخ کرنے کے سے درد کا : نیٹرم میور، سلیسیا

سرسراہٹ کا : نیٹرم میور، سلیسیا

تنے کا : نیٹرم میور، سلیسیا، نیٹرم فاس

کھودے جانے کا : نیٹرم میور، سلیسیا

کھینچنے کا : کلکیریا فاس

گولے کا اندرونی : نیٹرم میور، سلیسیا

لڑکھڑاہٹ کا : نیٹرم میور، سلیسیا

مُردہ ہونے کا : نیٹرم میور، سلیسیا

نوچنے کا : نیٹرم میور، سلیسیا

اسباب : احتلام : کالی فاس، کلکیریا فاس، نیٹرم فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

بدہضمی : نیٹرم میور، نیٹرم فاس

بے حد خوشی : کلکی فاس

پانی میں کام کرنا : کلکیریا فاس، نیٹرم سلف، سلیسیا

تبدیلی موسم : کلکیریا فاس

ٹھنڈی ہوا یا موسم : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا

جہاز یا گاڑی کی حرکت : نیٹرم میور، سلیسیا

چوٹ، موچ یا کٹ جانا : نیٹرم فاس

خوف : کالی فاس

دانے دب جانا : سلیسیا، کالی سلف

دل شکنی : کلکیریا فاس

غصہ : نیٹرم میور

غم : کلکیریا فاس، کالی فاس

قبض : نیٹرم میور، نیٹرم فاس، سلیسیا

مایوسی، عارضی نقصانات : کالی فاس، کلکیریا فلور، نیٹرم سلف

مرطوب برساتی موسم : نیٹرم سلف، کلکیریا فاس، کلکیریا فلور

یاد وطن : کالی فاس

استسقاء : نیٹرم میور، نیٹرم سلف، کالی میور، کالی سلف

اندرونی و بیرونی : سلیسیا، کالی سلف، نیٹرم میور، نیٹرم سلف، کلکیریا فاس

استفراغ : جگر کی تکلیف اور قلبی تکلیف کے بعد : کلکیریا فاس
چہرے پر پسینہ کے ساتھ : کالی میور
خون کے ضائع ہونے سے : فیرم فاس، کلکیریا فاس
سرجری بخار کے بعد : نیٹرم میور، نیٹرم سلف، کلکیریا سلف
صفراوی نالیاں بند ہونے سے : کالی میور
قلبی تکلیف سے : کلکیریا فلور، کالی میور
گردے کی تکلیف سے : کالی میور، نیٹرم میور، کلکیریا فاس
اطراف میں درد، بائیں جانب : فیرم فاس، کالی میور، نیٹرم میور، سلیسیا
" " داہنی " : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا
اعصابی علامات کے بعد : نیٹرم فاس
اعضاء میں : نیٹرم سلف، سلیسیا
انگلیوں میں : فیرم فاس
" کے جوڑوں میں یا داہنے کندھے میں : نیٹرم فاس
بازوؤں کے اوپر کندھے کے جوڑ کے نزدیک : کلکیریا فاس
تیز : کلکیریا فاس، کلکیریا سلف، فیرم فاس، کالی فاس، کالی میور، گنیشیا فاس
جبڑے اور دانتوں میں کنپٹی تک آسکے : سلیسیا
جوڑوں میں : کالی میور، گنیشیا فاس، نیٹرم میور، کلکیریا فاس، نیٹرم فاس
حرکت کے دوران میں محسوس ہو : فیرم فاس، کالی میور
دانتوں میں : گنیشیا فاس

استسقاء دائمی پیریٹس : فیرم فاس
دیرینہ : کلکیریا فاس، کالی میور، کالی فاس، نیٹرم میور، نیٹرم سلف
نیٹرم فاس، کالی سلف، سلیسیا، کلکیریا سلف
زیادتی بستر کی گرمی سے : کالی میور
" بیٹھی ہوئی حالت سے اٹھنے سے : کلکیریا فاس
" تبدیلی موسم سے : کلکیریا فاس
" حرکت سے : فیرم فاس
" رات کے وقت : کلکیریا فاس
" سردی لگنے سے : فیرم فاس
زیادتی صبح کے وقت : فیرم فاس
" گرمی یا سردی سے : کالی فاس
" محنت یا تھکاوٹ سے : کالی فاس
سر میں : مگنیشیا فاس
سیاہی مائل سرخ پیشاب کے ساتھ : فیرم فاس
عضلاتی : فیرم فاس، کالی میور
کمی، آہستہ حرکت سے : کالی فاس
" گرمی سے : فیرم فاس
کندھے کے درمیان : کلکیریا فاس
گٹھیادی : نیٹرم میور

استسقاء : گھٹنے، کندھے، کلائی یا داہنے کندھے کے جوڑ میں : فیرم فاس
گھسنے والے جوڑوں کا : فیرم فاس، کالی میور، کلکیریا فاس، نیٹرم فاس، کالی فاس

لنگڑی کا : مگنیشیا فاس
منتقل ہونے والا : کلکیریا فاس، کالی سلف
نچلے گریوں کا : سلیسیا
نسوں کا : نیٹرم فاس
ورم اور بخار کے ساتھ : فیرم فاس
" کے ساتھ : کالی میور
بالیدگی ناقص : کلکیریا فاس
بتوڑی : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فاس
بدن ٹوٹنا : کلکیریا فاس، فیرم فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، نیٹرم سلف، کالی فاس، نیٹرم فاس، کلکیریا سلف
بلغمی جھلی کی رطوبات بڑھ جائیں : نیٹرم میور، سلیسیا
بھس (کمی خون) نیٹرم میور، کلکیریا فاس، فیرم فاس، کلکیریا فلور، کالی فاس، کالی میور
تشنج : کلکیریا فاس
جذبات سے پیدا شدہ : کالی فاس
جلدی تکالیف سے : کالی میور

استسقاء چھوٹے بچوں میں : سلیشیا
دل کی تکان کے ساتھ : کالی فاس
ریڑھ کی ہڈی کا : کالی فاس، نیٹرم فاس، نیٹرم میور
غلط علاج شدہ : سلیشیا
معدہ کی تکلیف سے : نیٹرم سلف، کالی فاس، نیٹرم میور
سبز ہوشی : نیٹرم میور، کالی فاس
پتھری، صفراوی مزاج آدمیوں میں : نیٹرم سلف
پکنا : پکانے کے لیے : سلیشیا (چھوٹی طاقت میں)
پکنے کو روکنے کے لیے : کلکیریا سلف (اونچی طاقت میں)
جب مواد پڑ جائے : سلیشیا، کلکیریا سلف
جب مواد بدبودار ہو جائے : کالی فاس
غدودوں کا : سلیشیا
ہڈیوں کا : کلکیریا فلور
پھڑکنا : کسی عضو کا : کالی فاس
تراوش : پانا (جلد سے رس کر اوپر پہنچ ہو جانا)
آنول : نیٹرم میور
" کی سی : کالی فاس
البیومن ملی : کلکیریا فاس
کساہٹ پیدا کرنے والی : کالی فاس

تراوش اکسا ہیٹ پیدا کرنے والی دودھ کی طرح سفید یا سفیدی مائل سلیٹی :
کلکیریا فاس
بدبودار : سلیسیا ۔ کالی فاس
بخیر بوکے : سلیسیا
پانی کی سی : نیٹرم میور ، کالی سلف ، سلیسیا
" پتلی زرد : کالی سلف ، نیٹرم میور ، سلیسیا
" پتلی : کالی سلف ، نیٹرم سلف ، نیٹرم میور
" خون آمیز : کالی فاس
پھوڑے کا سا مواد : تیز شوزش پیدا کرے : میرم فاس ، نیٹرم میور
تیز ، شوزش پیدا کرنے والی ، پانی کی سی : نیٹرم میور ، سلیسیا
تیز کھٹی : نیٹرم فاس
تیز ابو والی : سلیسیا ، نیٹرم فاس
خون اور پیپ : کلکیریا سلف
" مادہ ملی : کلکیریا سلف
" ملی رنگ دار ، تار دار : کالی فاس
ریشہ دار : کالی میور
" سخت ، کھٹی بدبو دار بھی : کالی میور
نسو : نیٹرم سلف ، نیٹرم میور ، کالی سلف
ندی مائل ، سبزی مائل پانی کی سی : کلکیریا سلف

تراوش سخت : کلکیریا فلور

سنہری، زرد چمچمی : نیٹرم فاس

سیرم کی سی : کالی سلف، نیٹرم میور، کلکیریا فاس

" خارش پیدا کرنے والی بدبودار : کالی فاس

شہد کے رنگ کی : نیٹرم فاس

صاف شفاف، پانی کی سی، خارش پیدا کرنے والی : نیٹرم میور

کھٹی : کالی سلف

گاڑھا، زرد، پیپ : سلیسیا

متعفن : کالی فاس

" شفاف، کلکیریا فلور، نیٹرم میور، سلیسیا

مواد ملی : کالی سلف، کلکیریا سلف، نیٹرم فاس

ملائی کی سی، زرد : نیٹرم فاس

" سلیٹی مائل سفید خون کی دھاریوں کے ساتھ : کلکیریا سلف

مُردے کی بو والی : کلکیریا فلور، سلیسیا، کالی فاس

تشنجی اینٹھن : نیٹرم میور، سلیسیا، کمنیشیا فاس

اعضائیں رات کے وقت : کمنیشیا فاس، کلکیریا فاس

ایوپتھک علاج کے بعد : کالی فاس

بازوؤں، ہاتھوں، ٹانگوں اور پنڈلیوں میں : نیٹرم میور، کالی سلف

بچوں میں : کلکیریا فاس

تشنجی، انفیشن بحالتِ ہیضہ: نیٹرم سلف
پنڈلیوں میں: کلکیریا فاس، مگنیشیا فاس
" درد کے ساتھ: کالی فاس، مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس
تلوؤں میں: سلیبا
جسم میں خشکی کے ساتھ: کالی سلف
جھوگا: مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس، کالی سلف، کالی فاس
چھوٹے بچوں میں بغیر بخار کے: کلکیریا فاس، مگنیشیا فاس
" " بخار کے ساتھ: فیرم فاس
شکم اور معدہ میں: مگنیشیا فاس، نیٹرم میور
گلے میں: مگنیشیا فاس
مخربوں کی یا ہارمونیم بجانے والوں کی: مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس، نیٹرم فاس
تشنجی دورے: سلیبا، نیٹرم میور، مگنیشیا فاس
بوڑھے آدمیوں میں: کلکیریا فاس
دانت نکلنے والے بچوں میں: کلکیریا فاس، فیرم فاس
نوجوان آدمیوں میں: کلکیریا فاس
ٹھنڈا پن: کلکیر فاس، سلیبا، فیرم فاس
ایک جانب: سلیبا
بائیں " سلیبا
بازوؤں اور ٹانگوں کا: سلیبا

ٹھنڈا پن پیروں کا : سلیبا، نیٹرم میور
تمام جسم پر : سلیبا
جوڑوں میں : نیٹرم میور
شکم میں متلی کے ساتھ : کلکیریا فاس
قلب " : کالی میور
کانوں " : کلکیریا فاس
گلٹی " : کلکیریا فاس
روزہ کے ساتھ : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیبا
" خاص حصّوں کا : نیٹرم میور، سلیبا
مقعد میں : کالی میور
ناک کا : سلیبا
جمود : (دفعتہً مریض کی حس و حرکت کا باطل ہو جانا) کلکیریا فاس، کالی میور، نیٹرم میور، کالی سلف۔ کالی فاس
جھوگا : مگنیشیا فاس، کالی فاس
چیچک کے ٹیکے کے اثرات مابعد : کالی میور، نیٹرم فاس، نیٹرم میور، سلیبا
خشکی، م آنکھوں میں : نیٹرم سلف
انگیوں کی نوک میں : سلیبا
اندرونی ناک کی : سلیبا
بائیں آنکھ کے ڈھیلے میں : نیٹرم فاس

خشکی بلغمی جھلی میں : نیٹرم فاس
جلد کی : نیٹرم میور
حلق میں : کالی میور
" اور سینہ کی : کالی میور
" میں رات کے وقت ، کلکیریا فاس
" کی : کالی میور، نیٹرم میور، نیٹرم سلف، سلیسیا
خنجرہ میں : کلکیریا فلور، نیٹرم میور
زبان کی : کالی فاس، نیٹرم میور
مسوڑھوں کی : نیٹرم سلف
منہ میں : سلیسیا، کالی میور، نیٹرم میور
ناک کی : نیٹرم میور
ہونٹوں کی : سلیسیا
دانتوں کا بیٹھ جانا : مگنیشیا فاس
دق : نیٹرم فاس، مگنیشیا فاس، سلیسیا، فیرم فاس، کلکیریا فاس
شکم کی : نیٹرم سلف
غدود جاذبہ میں ورم کے ساتھ : نیٹرم فاس، کالی فاس
رغبت، خواہش بیٹھنے کی : نیٹرم میور، سلیسیا
لیٹ جانے کی : نیٹرم میور، سلیسیا
زخم : کلکیریا فاس، کالی میور، نیٹرم میور، سلیسیا

زخم : آتشکی ، کلکیریا فلور ، کالی میور ، کلکیریا فاس ، سلیسیا

آنکھ کے : سلیسیا

اردگرد دانوں کے ساتھ : سلیسیا ، کلکیریا فاس

اسفنج کا سا : سلیسیا

بازوؤں اور ٹانگوں کا : کالی میور

بدگوشت کے ساتھ : سلیسیا ، کالی میور ، کلکیریا سلف

پرانا - پھر کھل جائے : سلیسیا

پکنے والا اور متورم : نیٹرم میور ، سلیسیا

پیر کا : کلکیریا سلف

پیکن والے درد کے ساتھ : نیٹرم میور ، سلیسیا

پھنگ کا : نیٹرم سلف ، کلکیریا فلور ، فیرم فاس ، نیٹرم میور

جلدی : کلکیریا فاس

جھنکنے والا درد کے ساتھ : نیٹرم میور ، سلیسیا

خارش کے ساتھ : نیٹرم میور ، سلیسیا

خنازیری : کلکیریا فاس

خون بہے : نیٹرم میور ، سلیسیا ، کالی فاس

دبانے والے دردوں کے ساتھ : سلیسیا

درد سوراخ کرنے والے اور جلندار : نیٹرم میور ، سلیسیا ، کالی میور

ڈنگ لگنے کے دردوں کے ساتھ : سلیسیا ، نیٹرم میور

زخم رینگن کے ساتھ : نیٹرم میور
سخت : کلکیریا فلور
" کنارے والا : سلیسیا
سردی کے احساس کے ساتھ : سلیسیا
سفید داغوں کے ساتھ : سلیسیا
سفید، شفاف پانی کے ساتھ : نیٹرم میور
غدودوں کا : کالی میور، نیٹرم فاس، کلکیریا سلف
کاٹنے والے، سیاہ، نیلگوں : کالی فاس، سلیسیا
" درد کے ساتھ : سلیسیا
کے گرد سرخی : سلیسیا
گہرا : سلیسیا
متعفن : سلیسیا
معدہ کا : کالی فاس
مواد خون آمیز تیز : نیٹرم میور، سلیسیا، کالی میور
" لیسدار پتلا، پانی کا سا، سفیدی مائل : نیٹرم میور، سلیسیا
" متعفن : کلکیریا فاس، سلیسیا، کالی فاس
" ٹیالا، مقدار میں زیادہ، خارش والا یا کم : سلیسیا
" گاڑھا یا زرد : کلکیریا سلف
ناسوری : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور

زخم زمندمل ہونے والا : کلکیریا فلور، کلکیریا فاس، سلیسیا
ورم کے ساتھ : سلیسیا، فیرم فاس
وریدوں کا : کلکیریا فلور، نیٹرم سلف
ہڈیوں کا : کلکیریا سلف، سلیسیا
سائی کوسس : نیٹرم سلف، کالی میور، کلکیریا فاس
سائی کوسس : (زہلی بیماری یعنی جسم کے کسی حصہ یا پورے جسم کا نیلا ہوجانا)
کالی میور، نیٹرم میور، گنیشیا فاس
سکتہ : کلکیریا فاس، سلیسیا، کالی فاس، نیٹرم میور، گنیشیا
بے عزتی کی وجہ سے : سلیسیا
خطرہ تقدم : کلکیریا فاس
درد اور تحریک ساتھ : کالی فاس
منہ سے پانی کی زیادتی کے ساتھ : نیٹرم میور
یکایک، بھلے چنگے کے سے درد کے ساتھ : گنیشیا فاس
سمی کیفیت (سپٹک) : کالی فاس، نیٹرم فاس، گنیشیا فاس
ورم : نیٹرم میور، سلیسیا، نیٹرم سلف
پھول جانے کی : سلیسیا
زہر باد کی : نیٹرم سلف
ماؤف حصوں کی : فیرم فاس، نیٹرم میور، سلیسیا
مکمل جسم کی : نیٹرم سلف

ورم : قلبی : نیٹرم میور، سلیسیا

ہموار : نیٹرم سلف

سوکھا : بچوں کا : کالی فاس، کلکیریا فاس، نیٹرم میور، نیٹرم فاس

دانت نکالنے والے بچوں کا : کلکیریا فاس

سوکھنا، بھوک کی زیادتی کے ساتھ : کلکیریا فاس، کالی سلف۔

بوڑھے آدمیوں کا : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، کلکیریا سلف، کالی میور، کالی سلف، سلیسیا

چھوٹے بچوں کا : کلکیریا فاس، سلیسیا

سر کے بڑے ہونے کے ساتھ : سلیسیا

سر میں پسینہ کے ساتھ : کلکیریا فاس، سلیسیا

سردی کے احساس کے ساتھ : کلکیریا فاس، سلیسیا

عضلاتی : کالی فاس

کمی خون سے : سلیسیا، کلکیریا فاس، نیٹرم میور، کلکیریا سلف، کالی میور۔ کالی سلف

شراب سے پیدا شدہ اثرات : مگنیشیا فاس

〃 〃 معدہ کی تکالیف : نیٹرم فاس

〃 〃 ہذیان : نیٹرم میور

طاقت (دلیری) میں کمی : کالی فاس

عصبی کمزوری : کالی فاس

عصبی کمزوری ؛ مریض کام سے گھبرائے : فیرم فاس، سلیسیا
عضلات ؛ سخت ہو جائیں ؛ سلیسیا
" میں سختی، کھنچاوٹ اور اینٹھن والے درد : نیٹرم میور
" گردن میں کھنچن : کلکیریا فاس
عمل جراحی کے بعد : فیرم فاس
جراحی کے بعد کمزوری اور صدمہ : کالی فاس، نیٹرم میور
" گنگرین : کالی فاس
غشی : کالی فاس
جلد ہو : نیٹرم میور
غنودگی : نیٹرم میور، مگنیشیا فاس، کالی فاس، نیٹرم سلف، نیٹرم فاس
بعد دوپہر : فیرم فاس
بوڑھے آدمیوں میں : کلکیریا فاس
فالج : کالی فاس، مگنیشیا فاس، کلکیریا فاس
بچوں کا : کالی فاس
پیروں کا پسینہ رک جانے سے : سلیسیا
ریڑھ کا : مگنیشیا فاس، کالی میور، کالی فاس، نیٹرم سلف، سلیسیا
سکھا دینے والا : کالی فاس
کمزوری کے ساتھ : کلکیریا فاس
متعدی بیماری کے بعد : کالی فاس

قے : بجری : کالی فاس، نیٹرم فاس
خون کی، چوٹ کے بعد : فیرم فاس
کمزوری : کلکیریا فاس، کالی میور، نیٹرم میور، سلیسیا، نیٹرم فاس، فیرم فاس، کالی فاس
اعصابی : نیٹرم میور، سلیسیا، کالی فاس، نیٹرم فاس، مگنیشیا فاس
تھکاوٹ سے پیدا شدہ : کالی فاس، مگنیشیا فاس
ہڈیوں کی : نیٹرم فاس، سلیسیا
حلق اور تالو کی : کلکیریا فاس
صبح کے وقت : کلکیریا فلور
عضلاتی : کالی فاس
فالجی : سلیسیا
گلٹیوں میں، پنڈلیوں میں اور معدہ میں : سلیسیا
کھنچاوٹ : نیٹرم میور، سلیسیا
کیڑوں کے ڈنک : کالی فاس، نیٹرم میور
کیڑے : نیٹرم فاس
آنتوں کے : نیٹرم فاس، کلکیریا فاس، فیرم فاس
بدہضمی کے ساتھ : فیرم فاس
سوتی : سلیسیا، نیٹرم فاس، کلکیریا فاس، فیرم فاس
کدو دانے : نیٹرم میور، سلیسیا
گول : نیٹرم میور، سلیسیا

کپڑے لمبے : نیٹرم فاس
گٹھیا : نیٹرم سلف، فیرم فاس، نیٹرم فاس
ہائی کے دردوں کے ساتھ، زیادتی رات کو : کلکیریا فاس
جوڑ بڑھ جائیں : کلکیریا فلور
جوڑوں میں درد : کالی میور، نیٹرم میور، کلکیریا فاس، گنیشیا فاس
دیرینہ : نیٹرم سلف، نیٹرم فاس، سلیسیا
نوبتی دورے : نیٹرم میور
گومڑ : کلکیریا فلور، سلیسیا فاس، سلیسیا
جسم کے کسی حصہ میں : کلکیریا فلور، سلیسیا
خصیۃ الرحم کے : کلکیریا فلور، سلیسیا
ہڈیوں کے : کلکیریا فلور، سلیسیا
لکنت : گنیشیا فاس
مُردنی : نیٹرم میور، کالی فاس
مروڑ : کالی میور، نیٹرم میور، سلیسیا
مسّے : کالی میور، سلیسیا، نیٹرم میور، نیٹرم سلف
منہ پر : کلکیریا فاس
ہتھیلیوں میں : نیٹرم میور، کالی میور، نیٹرم سلف
موچ : فیرم فاس، کالی میور، کلکیریا فلور
بھاری بوجھ اٹھانے سے : نیٹرم میور، سلیسیا

نہانے اور پانی سے ڈرے : سلیسیا
ہڈیاں اپنی جگہ سے ہٹ جائیں : کلکیریا فلور
احساس پٹی کا : نیٹرم میور، سلیسیا
" جیسے گوشت میں ڈھیلی ہیں : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور
" چوٹ کے بعد درد : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور
" سکڑن : نیٹرم میور، سلیسیا
بوجھ اور تکلیف : سلیسیا
پک جائیں : کلکیریا سلف، سلیسیا، کلکیریا فلور
ٹوٹنا : کلکیریا فلور، فیرم فاس، کلکیریا فاس
ٹوٹی ہوئی کے جڑنے میں دیر ہو : سلیسیا
" " " جڑیں : کلکیریا فاس
ٹیڑھا پن : کلکیریا فاس
" ہڈیاں بڑھتے وقت : کلکیریا فاس
" " " تیزابی دستوں کے ساتھ : نیٹرم فاس
" " " تعفن دستوں کے ساتھ : کالی فاس
جلتی ہیں ورم : سلیسیا
جلن : سلیسیا
چوٹیں، سلیسیا، کلکیریا فلور، فیرم فاس
چیونٹیاں رینگنا : نیٹرم میور

ہڈیاں درد : نیٹرم میور، کلکیریا فاس، سلیسیا
پھاڑنے والا : کلکیریا فاس، نیٹرم میور
" جھکنے والا : نیٹرم میور، سلیسیا
" جیسے ٹوٹی ہوں : نیٹرم میور
" زخم کا سا : نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور
" سوراخ کرنے کا سا : نیٹرم میور، سلیسیا
ڈھیلی اور پتلی : کلکیریا فاس
زخم، گل جانا : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا، کلکیریا فلور
" " ہڈیوں کی جھلی کا : سلیسیا
کا بڑھ جانا : کلکیریا فلور
کمزور جلد ٹوٹ جائیں : کلکیریا فاس
میں تکلیف، نازک حصوں میں ورم : فیرم فاس
نرم ہونا : کلکیریا فلور، کلکیریا فاس، سلیسیا
ورم : کلکیریا فاس، نیٹرم میور، سلیسیا
" اور درد : سلیسیا
ہسٹریا : کالی فاس، نیٹرم فاس، سلیسیا

# حصہ پنجم

# ضمیمہ بایوکیمک سائنس یعنی

# بایوکیمک نمکوں کی معاون ادویہ

ڈاکٹر سوشلر نے اپنی کتاب (ABRIDGED THERAPHY) میں یہ اچھی طرح سے واضح کیا ہے۔ کہ بیماریوں کا علاج بایوکیمک ادویہ سے کیوں اور کس طرح سے ہوتا ہے (مصنف بایوکیمک سائنس نے اس اصول کو کتاب ہذا کے آغاز میں اچھی طرح سے واضح کر دیا ہے اور اس لیے دوبارہ اس کی تشریح کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتی)

چنانچہ ڈاکٹر سوشلر نے مقصد ذیل الفاظ حوالۂ قلم کیے:

'میں نے بایوکیمک طریق علاج میں صرف گیارہ ادویہ کو لیا ہے یعنی وہ غیر مجتمعہ اجزاء جو انسان کے خون اور ریشہ جات میں پائے جاتے ہیں"۔ اور بایوکیمک طریقہ علاج امراض کو شفا دینے میں قدرت کے ساتھ اس لیے ہم آہنگی کرتا ہے، کیونکہ یہ طریق علاج ان اجزاء کی کمی اور بیشی کو توازن دیتا ہے جن کی خون یا ریشہ جات میں کمی اور بیشی واقع ہو جاتی ہے اور اس کی کمی و بیشی کی وجہ سے امراض کی نمود ہوتی ہے۔

آج ڈاکٹر سوشلر کو قریب نصف صدی کا زمانہ گزرتا ہے' یہ ظاہر ہے کہ اس کے اپنے وقت سے آج تک معدنیات اور نمکوں کے علم میں وسیع ترقی اور معلومات ہو چکی ہے جو انسانی جسم کے لیے اہم اور ضروری ہیں۔ اگر آج ڈاکٹر سوشلر زندہ ہوتے تو وہ خود اپنی کتاب میں کئی ایک نمکوں کا اضافہ کر چکے ہوتے' اس میں کسی کو بھی انکار نہیں ہو سکتا۔

یہ تو ہم جانتے ہیں کہ سوشلر نے اپنے زمانہ میں گیارہ ادویہ کو قائم رکھ کر بارھویں دوا کلکیریا سلف کو نکال پھینکا تھا۔ لیکن ان کے پیروؤں نے یہ محسوس کیا کہ کلکیریا سلف کے بغیر ان کا گزارہ نہیں ہے اس لیے کلکیریا سلف متروک شدہ دوا کو پھر برادری میں شامل کر دیا گیا اور بایو کیمسٹری میں دواؤں کی تعداد بجائے گیارہ کے بارہ ہی رہی

ہم دیکھتے ہیں کہ آج ڈاکٹر سوشلر کی آزمائش شدہ ادویہ کو کم کرنے کے لیے آگے بڑھایا گیا اور ان کی تحقیقات کو جاری رکھا گیا۔ ان اصحاب کے نام نامی یہ ہیں:-

ہوبر، اوپن، ہیمر، اشاک لاسا اور پروفیسر زنڈک

پروفیسر زنڈک اپنی کتاب (THE ELECTROLYTES) نامی میں لکھتے ہیں کہ "الیکٹرولائٹس" ELECTROLYTES وہ مرکب نمک جس کو پانی یا کسی سیال چیز میں بجلی کے ذریعہ الگ الگ کیا گیا ہو) نظام ریشہ حیات کے فعل میں بہت بڑا حصہ لیتے ہیں جس کا ثبوت ہمیں گزشتہ چالیس برسوں میں مل چکا ہے۔ دنیا کے بڑے بڑے سائنسدانوں کا خیال ہے کہ عالم کائنات کی جاندار آبادی کی بناوٹ میں بایو کیمک سکے بارہ نمکوں کے علاوہ مفصلہ ذیل نمک آیوڈیم، گنیشیم، الیومینم، برومیم، آرسنک، زنک کاپر، پرونز، وینیڈیم اور ریڈیم کا ہونا نہایت لازمی اور لابدی ہے۔

ڈاکٹر بوہل نے سوشرتی کتاب بایوکیمسٹری میں کچھ ادویہ کا اسی لیے اضافہ کیا ہے کیونکہ ان کے خیال میں ان اضافہ شدہ ادویہ کے بغیر علاج ادھورا رہتا ہے کیونکہ پچھلے کئی سالوں کی تحقیقات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ان معمہ نکوار کے علاوہ ایسے فزیالوجیکل کیمیکل بھی ہیں جن کے بغیر انسانی جسم کی تربیت، بناوٹ اور افعال ٹھیک نہیں ہیں۔ مثلاً آیوڈیم کی مقدار غدۂ تربیہ یعنی تھائرائڈ THYROID GLAND میں قریب ۰٫۰۰۹ فی صد ہی ہے۔ آیوڈیم کی یہ مقدار نہ صرف جسمانی بناوٹ کے لیے ضروری ہے بلکہ دماغی نشوونما کے لیے بھی آیوڈیم نہ صرف غدۂ تربیہ میں ہی ملتا ہے بلکہ جسم کے دیگر اعضاء میں بھی۔ اس کی مقدار چاہے کتنی ہی کم کیوں نہ ہو تاہم اس کی ذرا سی کمی بیشی نظام جسم اور اس کے افعال پر بہت اثر رکھتی ہے اور اسی لیے ان معدنیات کو نظر انداز کرنا شفا کے راستہ میں روڑے اٹکانا ہے۔ آرسنک، بروماٹن، لیتھیم اور مگنیسی، کیمیاوی معدنیات جسم کے لیے ضروری ہونے کی وجہ سے مفصلہ ذیل ادویہ ان کی بجائے اضافہ کی گئی ہیں:

| | |
|---|---|
| KALI ARSENICOSUM | کالی آرسنی کوسم |
| KALI BROMATUM | کالی برومیٹم |
| KALI IODATUM | کالی آیوڈیٹم |
| LITHIUM MURIATICUM | لیتھیم میوریٹیکم |
| MANGANUM SULPHURICUM | مینگنم سلفیوریکم |

جو اصحاب ان ادویہ کا استعمال کرنا چاہتے ہیں ہم ان کے لیے مفصلہ ذیل حوالہ نقل کرتے ہیں ہمیں امید ہے کہ یہ بھی باقی ادویہ کی طرح ان اصحاب کے لیے

یہ عجیب وغریب ثابت ہوں گی :

یہ تمام ادویہ ۳x - ۶x - ۱۲x اور ۳۰x میں استعمال ہوتی ہیں ۔

# کالی آرسنی کوسم KALI ARSENICOSUM

CHEMICAL SYMBOL: $KAsO_2 + H_3AsO_3$

272.04

SYNONYMS: POTASSIUM ARSENITE

Tritration

اس دوا میں آرسینس ایسڈ ایک حصہ، کاربونیٹ آف پوٹاش ایک حصہ، کمپاؤنڈ ٹنکچر آف لونڈر تین حصہ، ڈسٹلڈ واٹر ۹۵ حصہ شامل ہے ۔ اس دوا کا دوسرا نام فلاورز سلیوشن بھی ہے ۔

کالی آرسنی کوسم میں آرسنک (سنکھیا) ایک ایسا عنصر ہے جس میں زہر پایا جاتا ہے اور جس چیز میں مل جاتا ہے اسی کے اندر زہریلی کیفیتیں پیدا کر دیتا ہے لیکن اگر اس کو بالکل غیر مجتمع بنا دیا جائے جو قطعی طور پر حل نہ ہو سکے تو اس حالت میں یہ زہریلا عنصر نہیں رہتا ۔ یہ یاد رہے کہ بذات خود یہ اتنا سخت زہر نہیں ہے جتنا کہ اسے فرض کر لیا جاتا ہے ۔ ایلوپیتھک ڈاکٹر اسے بعض دفعہ بڑی مقدار میں نسخوں کے اندر مریضوں کو دیا کرتے ہیں ۔

بایوکیمک نقطۂ نظر سے اس کو ۶x اور اونچی طاقتوں میں دوا مانا جاتا ہے ۔ اور انہیں طاقتوں کے خواص کو ہمیشہ مدِ نظر رکھا جاتا ہے ۔ کالی آرسنی کوسم نظام جسم میں خود تو تحلیل نہیں ہوتا بلکہ مختلف جسمانی افعال کو سست کر دیتا ہے اور اسی لیے یہ مختلف قسم کے جراثیم کی نشوونما کو روک کر جسم کے اندر قوت مدافعت کو بڑھا دیتا ہے

یا یوں سمجھنا چاہیے کہ جسمانی ریشہ جات میں تقویت دے کر بکٹریا کے یہ قوت مدافعت کو بڑھا دیتا ہے یہ یاد رہے کہ انسان اور دوسرے جاندار آرسنک کی مقدار قدرتی طور پر غذاؤں سے حاصل کرتے ہیں۔ لیکن ایک ہی قسم کی خوراک ہمیشہ استعمال کرنے سے آرسنک کی مقدار میں کمی واقع ہو جاتی ہے اور اسی لیے قوت مدافعت میں بھی کمی اور بیماریوں کی نمود آرسنک کی موجودگی کی زندہ مثال ہیں جلد، بال، غدہ تریہ، گردوں اور دماغ میں ملتی ہے۔

اس دوا کی رہنما کن علامات یہ ہیں :-

خوف اور پریشانی جسم اور دماغ کی بے چینی کے ساتھ ساتھ۔ مریض آرام میں کبھی نہیں ہوتا وہ اپنے بستر سے اٹھ کر ہے ادھر ادھر چلتا ہے کبھی بیٹھتا ہے کبھی اٹھتا ہے۔ اسے ایک عجیب بے چینی ہوتی ہے، یہ حالت ہے اس وقت کی جب مریض میں طاقت جسمانی موجود ہو، لیکن اگر مریض کمزور ہو چکا ہے۔ اکثر ہو چکتا ہے تو اس کے اندر دماغی بے چینی اور پریشانی بہت بڑھی ہوئی ہے۔ اس کے اندر موت کا خوف اور خودکشی کے خیالات ہوتے ہیں۔ قلبی کمزوری (زیادہ تر دیرینہ) ٹانگوں میں استسقائی کیفیت اور دردم تنفس میں وقت (قلبی دھڑکن) زیادتی نصف شب کے وقت۔ دردم قلب، قلب پر چربی، قلب بڑھا ہوا، مکمل کمزوری اور تھکاوٹ حاد حالات۔ میں یکایک طاقت کا سلب ہوتے جانا۔ مزمن تکالیف میں جسم کا جلد جلد لاغر ہوتے جانا۔ دردِ نیتی۔ جلندار دردِ حس سے مریض میں وحشت آجائے۔ تراوشیں تیز سوزش پیدا کرنے والی۔ پیاس بہت تیز لیکن پانی تھوڑا تھوڑا بہت جلد جلد پیے ذرا سی سردی سے تکلیف بڑھ جائے۔ مٹھائیوں، کھٹی چیزوں اور گرم غذاؤں کی بیحد

خواہش اور رغبت۔ یاد رہے کہ خشک گرمی میں مریض کے تمام کیفیتی سوائے جلدی اور درد سر کی تکلیفوں کے کم ہو جاتی ہیں۔ جبکہ مؤخر الذکر ہر دو تکلیفیں گرمی میں بڑھ جاتی ہیں۔ اس دوا میں طاقت اس قدر کم ہو جاتی ہے کہ مریض کو بستر میں اٹھ کر بیٹھنا دوبھر معلوم ہوتا ہے۔ اونچی آواز یا یکایک۔ جسمانی حرکت سے جسم کے اندر لرزہ پیدا ہوتا ہے لرزہ۔ رعشہ۔ غشی۔ گوشت خورہ یا پھیلنے والے زخم۔ گہرے زخم جن کے کنارے اٹھے ہوئے ہوں۔ باقی کے درد، گہیدوی یا آتشکی درد، گٹھیا وی کانٹیں۔

اگر مندرجہ بالا الفاظ کو غور سے دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ دوا مندرجہ ذیل تکالیف میں مفید ہوتی ہے:

اعصابی خرابیاں خصوصاً کمی خون اور کمزوری سے درد سر، اعضاء میں درد غشی، فالجی کیفیتیں، تشنج اور مرگی۔ کوبالٹی رعشہ، آتشک کے اثرات مابعد، معدہ یا آنتوں کا ورم۔ معدہ یا آنتوں سے سیلان خون۔ پانی کے سے دست، خنازیر، دق بے قاعدہ حیض، ملیریا کے اثرات مابعد۔ مندرجہ صدر تمام تکلیفوں کے علاوہ یہ جلدی بیماریوں کی عجیب و غریب دوا ہے۔ خصوصاً ان حالتوں میں جہاں بایوکیمک ادویہ فیل ہو جائیں یا اپنا اثر دکھا نہ سکیں۔ کینسر اور خنازیری مزاج۔

یہ ہیں عام کیفیتیں جن کا ذکر ہم نے اوپر کیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ دوا بہت گہری اور مفید ہے۔ جلدی تکالیف میں یہ ذکر کرنا بے جا نہ ہوگا کہ خارش کی زیادتی رات کے وقت، بستر سے اترنے پر اور گرمی سے بڑھتی ہے۔

عجیب احساسات سر کا بڑا محسوس ہونا، آنکھوں کے ڈھیلوں کا باہر نکلتے محسوس ہونا۔ زبان میں جلن اور سن ہونے کا احساس ہونا، زبان کا بڑا محسوس ہونا۔ اس کے

علاوہ ثم معدے سے گولے کا اٹھ کر حلق تک آنا اور دم گھٹنے کا احساس ہونا، ایسا محسوس ہو جیسے معدہ میں گرم سرخ لوہا رکھا ہے۔

## علامات

دماغ: اعصابی کمزوری بے حد اعصابیت۔ بے صبر، دوسروں کو لعنت وملامت کرے، جھگڑالو، ہر چیز سے لاپروائی۔ سوالات کا جواب دینا نہ چاہے۔ یا بدمزاجی سے رکھے جواب دے۔ چہرے سے دہشت اور خوف ظاہر ہو۔ دماغی علامات ہر تیسرے روز بڑھ جائیں۔

سر: بڑا محسوس ہو۔ درد سر کھوپڑی کی ہائیں ہڈی میں، ایسا محسوس ہو جیسے پکی ہے اور ہاتھ سے دبائی جا رہی ہے۔ سر میں بھنچن اور کھنچاوٹ کا احساس، ایسا محسوس ہو جیسے کھوپڑی کی ہڈی میں زخم ہے اور اسے پھیلا جا رہا ہے، یہ مقام گرم محسوس ہو۔ دبانے سے درد سر میں آرام نہ ہو۔ دودھ پینے والے بچوں کے کھوپڑی کے بال چٹائی کی طرح گتھ جائیں۔

آنکھ: آنکھیں سرخ، پپوٹوں میں کھجلی اور جلن جس کے بعد ورم اور درد ہو۔ آشوب چشم، روشنی سے ذکی الحسی، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے۔ پتلی میں خارش۔ آنکھوں کے ڈھیلے باہر نکل آئیں۔ سفید پتلیاں گاڑھی اور زرد ہو جائیں۔ یرقان، کالی پتلی سفید ہو جائے۔ آنکھوں میں سرخی۔ داہنی آنکھ کمزور، داہنی آنکھ سے پانی جیسے رو رہا ہے۔

چہرہ: چہرہ پر گانٹھ دار ابھار، پھوڑے، چہرہ پیلا۔ چہرہ سے اصل عمر

سے زیادہ عمر ظاہر ہو۔ داڑھی میں بھوسی وار بخار۔

منہ: مسوڑھے متورم اور درد کریں۔ زبان صاف، سرخ کچے گوشت کی طرح زبان کے کناروں پر بتھم کی دھاریاں، زبان میں اعصابی درد، زبان متورم، بہت بڑی محسوس ہو۔

حلق: حلق اور جبڑے میں احساس جیسے یہ ٹکڑے ہو جائیں گے۔ حلق میں خشکی اور درد، حلق میں سکڑن مسلسل تھوک کے بہنے کے ساتھ۔

معدہ: بھوک ندارد، پیاس تیز۔ غذا کے بعد مسلسل درد اور متلی، نیم ہضم شدہ غذا کی عموماً قے کھانے کے بعد بوجھ، کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد، ہر دس یا پندرہ منٹ کے بعد معدہ سے گولا اٹھ کر حلق میں جاتا ہوا محسوس ہو جس سے دم گھٹے اس بوجھ کو اور اس احساس کو اونچی اونچی ڈکاروں سے آرام ہو۔ قم معدہ سے ریڑھ تک ایک پریشانی کا احساس دھڑکن کے ساتھ، گویہ دھڑکن دیکھنے والے کو معلوم نہ ہو سکے۔ معدہ میں خالی پن کا احساس۔ قم معدہ میں کلیجہ بیٹھنے کا احساس۔

شکم: آنتوں میں جلندار درد، نہ بجھنے والی پیاس، شکم میں نفخ اور درد کرے از خود پاخانے اس احساس کے ساتھ جیسے گرم سرخ لوہا مقعد میں رکھا ہے۔ بار بار آنتوں میں مروڑ اور پاخانہ کی مسلسل حاجت، شدید دست، دست سفید، پانی کے سے، جھاگ دار۔

آلاتِ تناسل زنانہ: رحم کے منہ پر گوبھی کے پھول کے سے مہاسے منتقل ہونے والے دردوں کے ساتھ، پیڑو کے نیچے بوجھ اور چپک دار رطوبت کے ساتھ حیض ندارد۔ دودھ قطعی رک جائے۔

آلات تنفس : معدہ کی کھانسی بار بار حلق سے بلغم کھنکھارنا پڑے اور بلغم میں بعض وقت خون کے اجزا دکھائی دیں۔ جلدی تکالیف کے بعد آواز کا مکمل جاتے رہنا۔ نبض کمزور اور سکڑی ہوئی، چھوٹی، وقت سے محسوس ہو۔

پیٹھ : ریڑھ میں نیچے کی طرف درد

اعضاء : ہتھیلیوں اور تلوؤں میں گئے، دانتے کندھے اور کہنی میں درد جس کے بعد ابھار نکلیں۔ گھٹنے اس طرح سے جھک جائیں کہ وہ اپنے پیروں کو حرکت نہ دے سکے۔ ٹانگوں کی وریدوں میں ورم، ٹانگوں میں، انیٹھن کا احساس۔ جزوی حرکت میں کمی اور احساس میں جزوی کمی۔ ٹانگوں میں جا بجا پھنسیاں جن کی رغبت پک جانے کی طرف ہو۔

جلد : خشک مرجھائی ہوئی جسم لاغر، صرف پنجر ہی پنجر دکھائی دے۔ چہرے پر زہر باد، کیل ایسے جیسے چیچک میں ابتدائی دانے ہوتے ہیں۔ باجرہ کے سے دانے۔ کان کے پیچھے داہنی طرف کندھے پر، داہنی طرف گردن میں، داہنے بازو میں، داہنی طرف سینہ پر۔ نمله کے دانے، چند اسی قسم کے بکھرے دانے بائیں طرف گردن پر بھی دکھائی دیں۔ سینہ کے داہنی طرف چھوٹے چھوٹے سرخ دانوں کی لمبی لکیریں جن میں اعصابی درد بھی ہو۔ سوائے کھوپڑی کے تمام جسم بھر میں سرخ سرخ دانے آلپین کے سر سے لے کر چاندی کی دھونی کے برابر تک ہوں اور جن پر آبلے ہوں جو پھٹ جائیں اور اس پر کھرنڈ بن جائیں اور پھر مندمل ہوں لیکن ان دانوں کو مندمل ہونے سے جسم پر سیاہ داغ رہ جائیں۔ شدید خارش ٹھنگ گفت کی سی اور جلنداز محسوسات کے وقت کپڑے اتارتے پر، خارش زیادہ تر جسم کے

اوپری حصہ ٹانگوں اور کلائیوں میں چیچک کی قسم کے دانے جو تمام جسم پر سوائے چہرہ ہتھیلیوں تلوؤں اور کچھ حصہ سینہ کے تمام جسم پر پھیل کر آپس میں مل جائیں اور باقی جسم پر سرخ سرخ دانے ہوں۔ خارش کھجانے۔ جن پر بھوسی ہو اور جسم کا رنگ ایسا معلوم ہو جیسے تمام جسم پر پاؤڈر لگا ہے۔ سر میں بھوسی، بال چپ، آنکھیں اور خشک ہو جائیں۔ جلد میں تحریک۔ جس کی وجہ سے جلد سرخ پڑ جائے اور پھٹ جائے خصوصاً بازوؤں اور گھٹنوں کے پوروں میں خسرہ کے سے دانے جس کے ساتھ نزلاوی کیفیتیں موجود ہوں۔ جلد ہی کیلسر۔ مزمن خشک اکوتہ۔ بازوؤں کی جلد قدرتی سے زیادہ سوئی اور کھردری۔ گرم ہو جانے سے کھجلی میں تحریک پیدا ہو اور دماغی طور پر مریض چڑچڑا ہو جائے۔ کہنیوں، کلائیوں اور ہاتھوں کے گرد جلد پھٹ جائے حیض بے قاعدہ۔ خارش بے چینی۔ مریض اس زور سے کھجلائے کہ جلد سے تیز سوزش پیدا ہونے والی رطوبت نکلے اور وہی رطوبت جلد پر جم کر کھرنڈ بن جائے۔ خارش کی وجہ سے جلد کا رنگ بدرنگ ہو جائے۔

بخار: سطح جسم کا درجۂ حرارت کم ہو جائے، جلد ٹھنڈی خشک

طاقت: نمبر ۶x سے ۳۰x تک اور اونچی طاقتیں۔

تعلق۔ اس کا اثر کالی آیوڈائڈ سے زائل ہوتا ہے۔

---

# کالی بروماٹم

KALI BROMATUM
CHEMICAL SYMBOL:- KBr; 119·02
SYNONYMS:- POTASSISM BROMIDE
Tetuvation

## بروماٹڈ آف پوٹاشیم

انسانی جسم میں بروماٹن کی مقدار بہت قلیل ہوتی ہے۔ بروماٹن کا سب سے بڑا کام کلورائن اور آیوڈیم کے اثر کو متوازن رکھنا ہے۔ یہ نمک ان غدودوں میں پایا جاتا ہے۔ جن میں نالیاں نہیں ہوتیں (ان غدودوں کا نام ENDOCRINE ہے۔ یہ وہ غدود ہیں جن میں نالیاں نہیں ہوتیں بلکہ یہ اپنی تراوشوں کو سیدھا خون کے اندر پہنچاتے ہیں اور اسی لیے ان کی تراوشوں کا اثر فوری ہوتا ہے ان غدودوں کی مثالیں ہمیں THYROID GLAND یعنی کنٹھ، خصیے وغیرہ میں ملتی ہے) اس نمک کی کمی سے دماغی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اور نظام غدودی اور اعصابی میں ابتریاں۔

رہنما کن کیفیتیں اس دوا کی مفصلہ ذیل ہیں:-

مریض میں اعصابیت اور بے چینی ہوتی ہے، چنانچہ ہاتھ کانپتے ہیں۔ حافظہ بہت کمزور ہو جاتا ہے۔ ذہنیت میں کمی واقع ہو جاتی ہے اور ایک قسم کی مکمل لاپروائی سی مریض میں آجاتی ہے۔ یہ نمک خصوصاً اس وقت مستعمل ہو سکتا ہے جب حد سے زیادہ دماغی محنت یا جماع کی زیادتی سے دماغ بالکل کمزور ہو چکا ہو یا ختم ہو چکا ہو۔

اس نمک سے لاغری اور سوکھا پیدا ہوتا ہے۔ ریشوں میں طاقت کم ہو جاتی ہے اور اسی لیے تباہ شدہ ریشے از سر نو پیدا نہیں ہوتے۔ بلغمی تراوشیں کم ہو جاتی ہیں۔ عروق شعریہ کا دوران خون بہت حد تک ماؤف ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نمک کا مریض آنکھیں بند کر کے پڑ جاتا ہے اور اپنے آپ کو ایک نہایت خوش قسمت انسان سمجھنے لگتا ہے۔ تمام دن انگیٹھی کے سہارے یا آگ کے نزدیک پڑا رہتا ہے اور اس کے اندر کسی قسم کی طاقت، جرأت، حوصلہ نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے کہ پوٹاشیم برومائڈ مرگی کی ایک عجیب و غریب دوا ہے۔ لیکن اس کے متعلق ہمیں یہ بتا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہ نمک درحقیقت مرگی کو سوائے معدودے چند حالتوں کے درست نہیں کر سکتا، بلکہ دماغ کے اندر ایک قسم کی کمزوری پیدا کر کے نظام عصبی کو کمزور اور سست بنا دیتا ہے اور اسی لیے مرگی کی نحوستیں کم ہو جاتی ہیں۔ جن لوگوں نے پوٹاشیم برومائڈ کو مرگی میں استعمال کیا ہے وہ جانتے ہیں کہ دوروں کو روکنے کے لیے دوا کی مقدار دن بدن بڑھانی پڑتی ہے۔ لیکن ایک خاص بات اس ضمن میں یاد رکھنے کے قابل ہے کہ دورے چاہے وہ مرگی کے ہوں یا دوسری تشنجی قسم کے ہمیشہ ابھاروں کے سطح جسم پر نکل آنے سے بہتر ہو جاتے ہیں۔

اعضاء اور زبان میں فالجی کمزوری یا فالج تیز منہ چلانے یعنی چبانے میں دقت، بے چینی، محنت سے نفرت، سستی، لاپرواہ اور نیند میں متعالا عضلاتی کمزوری اور اعضاء اور جگاسوں میں چوٹ کے سے درد کا احساس عضلاتی فالج اپنے آپ کو سیدھا نہ رکھ سکنے، غشی، حرکت کرنے کی یا محسوس کرنے کی نااہلی

اعصابی احساس میں عموماً کمزوری یعنی احساسات بہت دیر کے بعد محسوس ہوں۔
بے ہوشی۔

اس نمک کا اثر اعضائے تناسل پر اور ان کے متعلق اثرات پر بہت زبردست ہوتا ہے۔ مریض میں حد سے زیادہ جوش پایا جاتا ہے۔ شہوانی توہم اور خیالات یہاں تک بڑھ جاتے ہیں کہ مریض یا مریضہ کو ایک جنون کی حد تک پہنچا دیتے ہیں یہ جنون جماع کی دیوانگی کی حد تک پہنچتا ہے اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہر دو مرد و عورت میں نامردی اور لاغری شروع ہو جاتی ہے۔ اعضائے تناسل بالکل ڈھیلے پڑ جاتے ہیں، اور ان کے اندر کسی قسم کی طاقت یا حس باقی نہیں رہتی۔ یہاں یہ ذکر کرنا غیر مناسب نہ ہوگا کہ یہ نمک مرگی میں اس وقت فائدہ مند ہوا کرتا ہے جب کہ مرگی کی وجہ مردوں میں زیادتی جماع اور عورتوں میں دورے اگر حیض کے دوران یا حیض کے نزدیک واقع ہوں۔

کہا جاتا ہے کہ نوجوان آدمیوں میں جب خواہش جماع بہت بڑھ جائے اور اس کی وجہ سے رات کو نیند نہ آئے تو سوتے وقت ایک آدھ گرین پوٹاشیم برومائڈ کا لینا اس تکلیف کو رفع کر دیتا ہے۔ دنیا جانتی ہے کہ اس نمک کا اثر آلاتِ تناسل کے دائرہ میں کتنا زبردست ہے۔ اس لیے یہ بتانا بے جا نہ ہوگا کہ عین عالمِ شباب میں جب جوش جوانی موجود ہو اور منہ پر کیلیں نکلنا شروع ہو جائیں تو اس نمک کی نمبر ۲ طاقت ان کیلوں کو درست کرنے کے لیے اکسیرِ اعظم ہے۔

جلدی علامات اس نمک میں بے شمار ملتی ہیں اور بے شمار قسم کے ابھار پائے جاتے ہیں لیکن کیل خاص طور پہ قابلِ ذکر ہیں جن کا بیان اوپر ہو چکا ہے۔

دماغی حالت میں حافظہ بالکل جاتا رہتا ہے۔ مریض بھول جاتا ہے کہ کس طرح بات چیت کرے یہاں تک کہ مریض کو بات ختم کرنے کے لیے یا بات کے درمیان سلسلہ گفتگو جاری رکھنے کے لیے لفظ یاد کرنے پڑتے ہیں۔ مریض کے اندر بیچینی، بوکھلاہٹ، غم گینی یہاں تک پائی جاتی ہے کہ بعض وقت اس کے لیے رونے سے باز رہنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ مریض محسوس کرتا ہے جیسے وہ پاگل ہو گیا ہے۔ بے چینی، بے خوابی، پریشانی کی وجہ سے چلنے میں لڑکھڑاہٹ، شرابیوں کی سی چال، کمزوری یا فالجی کمزوری، ٹانگوں اور ریڑھ میں سرسراہٹ اور سن ہونے کا احساس، شہوانی خواہش بڑھ جانے کے ساتھ، ہاتھ مسلسل کانپیں۔ مریض کی انگلیاں کسی نہ کسی چیز سے کھیلتی ہی رہیں۔ مریض کبھی پنجلا نہ بیٹھ سکے۔

بچوں میں رات کے خوف دماغی تحریک سے پریشانی سے، یا دانت نکلنے کے زمانہ میں بچوں کے اسہال یا طفلی ہیضہ سر میں پانی بھر جانے کے ساتھ۔

غنودگی اس دوا کی ایک قابل ذکر علامت ہے۔ مریض بیٹھتے ہی سو جاتا ہے اور اگر اسے جگایا جائے تو پھر فوراً نیند میں غافل ہو جاتا ہے۔ اس کی یہ گہری نیند جھٹکے سے یا چونکا دینے سے کھل سکتی ہے۔ لیکن جگانا پھر بھی اس کا مشکل ہو جاتا ہے۔ نیند میں عجیب و غریب خواب آتے ہیں جس سے مریض کے دماغ میں پراگندگی پیدا ہوتی ہے۔

کالی برومیٹم سے جہاں ایک طرف کھیل درست ہوتی ہیں وہاں دوسری طرف یہ عمل یاد رکھنے کے قابل ہے کہ خصیتہ الرحم میں چھوٹے چھوٹے گومڑ یا مواد کی تھیلیاں

(CYSTS) اس دوا کے زیر اثر رفع ہو جاتی ہیں۔ چونکہ اس دوا کے اندر اندرونی تراوشیں موجود ہیں اس لیے جلدی گومڑ بھی بہت حد تک رفع ہو سکتے ہیں۔ خصیۃ الرحم میں گومڑوں کے ساتھ سیلان خون کی زیادتی ہو یا نہ ہو یہ دوا مفید ہوتی ہے۔ نوجوان مستورات میں سیلان خون کی حد سے زیادہ زیادتی میں بھی اس سے فائدہ ہوتا ہے۔

قبل اس کے کہ ہم اس دوا کی رہنما کن علامتیں ختم کریں صرف ایک لفظ کہنا چاہتے ہیں، وہ یہ کہ ہیضہ طفلی یا بچوں کے اسہال میں خاص بات یہ ہوتی ہے کہ بچے کو ناف کے مقام میں شدید درد اٹھا کرتے ہیں جن میں خاص نوبت پائی جاتی ہے۔ دبانے سے کافی وقت بعد تک، بچہ کو شکم میں چوڑے کا سا درد رہتا ہے اسہالوں کے عود کرنے کا وقت پانچ بجے صبح ہے۔

یہ نمک ان آدمیوں کے لیے مفید ہے جن کی رغبت موٹے ہونے کی طرف ہو۔ بچوں کے لیے اور اعصابی مستورات کے لیے یہ دوا خصوصاً مفید ثابت ہوتی ہے۔ تکالیف واہنی جانب پر نسبت بائیں کے زیادہ ہوتی ہیں۔ نوبت اس دوا میں خاص طور پر ملتی ہے۔ ہر دو یا تین یا چوبیس گھنٹے کے بعد تکلیف کا ظاہر ہونا۔ ہر دو ہفتہ کے بعد۔ ہر مہینہ میں دو بار، ہر نئے چاند پڑنے پر، موسم سرما میں عود کر آنی ہے۔ بہت سی علامات رات کے وقت بڑھ جاتی ہیں۔ دو بجے پچھلی رات کو باقاعدہ طور پر تکالیف بڑھتی اور عود کرتی ہیں۔ گرم مکان میں جاڑا اور تیز بخار میں خارش۔ موسم گرما میں تکالیف بڑھتی ہیں۔ مگر جلدی تکالیف موسم سرما میں کم ہو جاتی ہیں۔ چکر جھکنے سے بڑھتا ہے۔ کھانسی لیٹنے سے زیادہ ہوتی ہے۔

ایلوپیتھک طریقۂ حکمت میں اس دوا کا استعمال وہاں ہوتا ہے جہاں نظام اعصابی میں کمزوری بڑھ جائے۔ تپ محرقہ یا عفونتی بخاروں کے بعد پاگل پن۔ بوڑھے آدمیوں میں دماغ کا نرم پڑنا۔ نیز جب معدہ اور آنتوں کی بلغمی جھلی میں تحریک موجود ہو۔

## علامات

**دماغ** : ہذیان، وہم، ایذا رسانی اور تشدد کے خیال کرے کہ اس سے لڑکا بلا لے رہا ہے۔ اپنی قسمت پر زور زور سے افسوس کرے۔ لیکن اسی دوران میں یکایک سو جائے۔ دوسرے دن صبح اٹھ کر کمرہ میں ادھر ادھر ٹہلے اور اسے یہ وہم ہو جائے کہ چوری کے الزام میں پولیس اس کو گرفتار کرنے آئی ہے۔ وہم اس امر کا کہ شوہر نے اسے چھوڑ دیا ہے اس لیے بکات وہم اس کی آنکھوں میں آنسو بھرے رہیں۔ یہ وہم جیسے وہ اپنے بچہ کو مرا دیکھ رہی ہے اور جب بچہ اس کے سامنے لایا جائے تو وہ اسے اپنا تسلیم کرنے سے انکار کر دے۔ وہم جیسے ایک فاحشہ عورت اس کے گھر میں گھس آئی ہے اور اسی لیے پولیس اس کا پیچھا کر رہی ہے۔ وہم جیسے اس کے کپڑوں میں سونا سلا ہے۔ شکل و صورت شرابی آدمیوں کی ایسی دکھائی دے۔ سوائے اس کے کہ اس کا رنگ بہت پیلا اور سفید ہو۔ نبض سست، جلدی ٹھنڈی، ہتھیلیاں سکڑی ہوئی۔ ہاتھ مسلسل مشغول رہیں۔ بزدل اور شکی، اپنے آپ کو کھڑکی سے گرانا چاہے یا خطرے سے بچنے کے لیے دروازہ میں سے پھاندنا چاہے۔ احساس جیسے ہر چیز جو محسوس کرتا ہے یا دیکھتا ہے یا سوچتا ہے

کہ اس نے خواب میں دیکھا ہے۔ وہم بینائی اور آوازوں کے جنون کے ساتھ یا بغیر جنون کے۔

گائے اور ناچے اور یہ سمجھے اور کہے کہ دنیا میں اس سے زیادہ خوش اور خوش نصیب کوئی نہیں ہے۔ پھر اس کے بعد زور زور سے روئے۔ بغیر کسی وجہ کے روئے۔ غم گینی، بے پروائی، زندگی سے قریب قریب بیزاری۔ موت نزدیک ہونے کا احساس، منہمک مزاج، بچوں کی سی چال ڈھال۔ پریشانی، دماغی پراگندگی، خیالات میں یکسوئی نہ ہو سکے۔ خیالات بہت دیر تک دماغ میں آتے رہیں اور اسی لیے کافی وقت کے بعد احساس پیدا ہو۔ اپنے خیالات کو ظاہر کرنے کی نااہلیت دورانِ گفتگو غلط الفاظ استعمال کر جائے، بے ہوشی۔

حافظہ نمایاں، ہر فقرہ کا آخری لفظ یا ہر لفظ کا آخری حرف بولتے بولتے چھوڑ جائے یا دو الفاظ کو اس طرح خلط ملط کر دے کہ ایک کے بجائے دوسرا استعمال کر جائے۔ اس کی تحریر بالکل سمجھ میں نہ آئے کیونکہ فقرہ کے الفاظ چھوڑ جائے یا لفظوں کے حروف۔ لفظوں کو بار بار دہرائے، حافظہ بالکل خراب ہو جائے۔ خودکشی کا جنون۔ زہر دیے جانے کا خوف، رات کے خوف۔

سر چکر، سر میں ہلکے درد کے ساتھ۔ سر میں پراگندگی۔ شدید درد خصوصاً گرمی میں رات کے وقت قریب گیارہ بجے، سر میں سُن ہونے کا احساس۔ دماغی تھکاوٹ۔ سر میں بھاری پن (اس دوا کو درمی درد سر میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ دماغ میں سُن ہونے کا احساس ہو یا چکر)۔

آنکھ: آنکھ کی پتلیاں پھیل جائیں۔ پپوٹے گر جائیں۔ ایسا معلوم ہو جیسے

ڈھیلوں کے اوپر لٹک رہے ہیں۔ بینائی میں پراگندگی۔ بینائی کمزور۔ بینائی جاتی رہنا۔

**کان اور ناک** : رات کے وقت بستر میں کانوں میں گمنج نبض کی ہر ضرب کے ساتھ۔ قوت سامعہ میں ابتری۔ کمزوری، قوت سامعہ جاتی رہنا ناک گاڑھی رطوبت سے بھری ہوئی اور زرد کھرنڈ۔ سونگھنے کی طاقت کمزور ہو جائے

**منہ** : منہ اور تالو کی ملغمی جھلی میں تحریک، زبان میں درد، منہ کی ساری خلا میں جلن کا احساس ایسا محسوس ہو جیسے کوئی تیز چیز لگا کر منہ کو جلا دیا گیا ہے۔ منہ میں تھوک کی زیادتی۔ تالو میں تھوڑی دیر تک رہنے والی سرسراہٹ، صوتحے درد کریں۔ بعض وقت سرخ اور متورم ہو جائیں۔ بولنے کی نااہلیت، منہ میں خشکی منہ میں تعفن، زبان پر سفیدی کے ساتھ، سستی اور نیند کے ساتھ ذائقہ نمکین، برا سایا بالکل جاتا رہنا۔

**حلق** : کوا، غدہ تالو میں ورمی کیفیت۔ تالو، زخرہ اور حنجرہ میں حس نہ رہنے۔ نگلنے میں خصوصاً سیال چیزوں کے نگلنے میں دقت (شراب کے اثرات مابعد حلق میں اگر احساس نہ رہے یا فالجی کیفیت پیدا ہو جائے تو یہ دوا عجیب وغریب ہے)

**معدہ** : قے، شدید پیشاب کے ساتھ، ہر لقمہ کے بعد، نہ رکنے والی مسلسل ہچکی، ڈکار متلی پیدا کرنے والی قے جھاگ دار، بلغم کی یا رطوبت کی معدہ میں ایک عجیب قسم کا بوجھ، کھانے کے بعد بوجھ، معدہ میں جلن پھر

خالی پن کا احساس جس میں کمی کھانے سے ہو۔ معدہ میں کمزوری۔
شکم کا احساس جیسے آنتیں باہر گر رہی ہیں۔ ہیضہ، طفلی و داغی تحریک عضلات میں جھٹکے اور تشنجی کیفیت کے ساتھ سبز پانی کے سے دست، بے حد پیاس لگے کے ساتھ آنکھیں کھنچ جائیں، کمزوری شکم میں اندرونی سردی۔ دست بے حد خون کے ساتھ، سبز پانی کے سے دست، شکم اندر کی طرف کھنچ جائے۔ درد شکم یکایک رات کے وقت نیند میں پریشان کرے۔ مسلسل خون آمیز دستوں کے ساتھ کانچ نکلنے کے لیے یہ بہترین دواؤں میں سے ہے۔

آلاتِ بول: پیشاب کی نالی کی قوتِ حس جاتی رہے۔ مثانہ کی گردن میں جلندار درد۔ اس احساس کے ساتھ جیسے پیچھے سے ایک گولہ دھکیلا جا رہا ہے۔ پھر قطرہ بھر کے قریب انڈے کی سفیدی کی طرح رطوبت سی نکلے۔ پیشاب کی حاجت بار بار لیکن پیشاب کی مقدار کم۔ پیشاب کی نالی میں جلنطار درد جس کو ٹھنڈے پانی کی پچکاری سے آرام ہو، پیشاب کرتے وقت جلندار درد اس احساس کے ساتھ جیسے مثانہ سے پیشاب کی نالی میں ایک گولی دھکیل دی گئی ہے۔ مسلسل مقدار میں زیادہ پیشاب۔ پیشاب کے آخری قطرہ نکلنے کے وقت پر پیشاب کی نالی کا منہ بند ہو جائے۔ جس کے ساتھ تیز کاٹنے والا درد پیدا ہو اور پھر سفیدی مائل زرد سوزاک کی مواد نکلے۔ اس درد کو نہایت ٹھنڈے پانی میں اعضاء کو دھونے سے آرام ہو۔

بار بار پیشاب۔ پیشاب مقدار میں زیادہ، پیلا، پانی کا سا، پریشانی

کے ساتھ، پتلا، بھورے کے رنگ کا پیشاب، پیشاب مقدار میں زیادہ پیاس کے ساتھ، ذیابیطس یہ دوا ذیابیطس میں بہت مفید ہے۔ بشرطیکہ حافظہ میں بہت کمزوری آگئی ہو اور منہ میں خشکی۔

آلات تناسل مردانہ: کمزوری اور نامردی، کثرت جماع کے اثرات بدخصوصاً حافظہ میں کمزوری، عضلات کے توازن اور ہم آہنگی میں کمی اعضاء میں سن ہونے اور مرمرسراہٹ کا احساس۔ آدھی نیند میں شہوانی تحریک بائیں خصیے اور نالی میں درد ورم اور ذکی الحس کے ساتھ۔

آلات تناسل زنانہ: آلات تناسل میں کھجلی۔ خصیۃالرحم میں اعصابی درد، بے حد اعصابیت کے ساتھ خواہش جماع بہت بڑھ جائے خصیۃ الرحم میں گومڑ حاملہ عورتوں کی کھانسی۔ اس دوا سے خصیۃالرحم کے گومڑ درست ہوتے ہیں اور شرمگاہ پر خارش کی وجہ سے بڑھی ہوئی خواہش جماع کو سکون ملتا ہے۔

آلات تنفس: تشنجی کروپ کھانسی، دوران حمل کھانسی، رات کے وقت خشک و تھکا دینے والی کھانسی خشک تشنجی کھانسی کالی کھانسی کی طرح جس کی زیادتی رات کے وقت لیٹ جانے سے ہو اور سانس میں دقت پیدا ہو جائے۔

ہاتھ اور پیر: ہاتھوں میں لرزہ، انگلیاں ہر وقت مشغول رہیں۔ عضلات میں جھٹکے اور تشنج۔ تحریر میں لرزہ اور پڑھی نہ جا سکے۔ کھڑے ہونے چلنے کی نااہلیت، چلنے کے انداز پر لڑکھڑاہٹ، ایسا محسوس ہو جیسے نشہ پیا

ہے۔ ٹانگوں اور گھٹنوں میں کمزوری۔

جلد: چہرے پر کیل، آبلے، خارش زیادہ تر سینہ، کندھوں اور چہرے پر، جلد میں رس کا جاتے رہنا۔

نیند: نیند بے چینی کی۔ بے حد غنودگی۔ بے خوابی، پریشانی، غم اور جماع کی زیادتی کی وجہ سے رات کے خوف، بحالت نیند دانت پیسنا، خوف ناک خواب بحالت نیند اٹھ کر کام کرے مگر یاد نہ رہے۔ بے چینی، نیند شہوانی، خوابوں اور تسادگیوں کی وجہ سے جاگ جائے۔

بخار: جاڑا۔ لرزہ، جلد ٹھنڈی اور پسینہ والی اعضا ٹھنڈے، سر میں چکر ہے، پسینہ رات کے وقت مقدار میں زیادہ اور چپچپا۔

کمی اور زیادتی: مریض اس وقت بہتر محسوس کرتا ہے جب وہ دماغی یا جسمانی طور پر مشغول رہے۔

طاقت: نمبر ۳ سے نمبر ۳۰ تک اور اونچی طاقتیں۔

---

## کالی آئیوڈیٹم

KALI IODATUM

CHEMICAL SYMBOL:-KI ۶۶۶·02

SYNONYMS:- POTASSIUM IODIDE

پوٹاشیم آئیوڈائیڈ

جب وقت ہوتی جب یہ دریافت ہوا کہ [illegible]

ہے خصوصاً غدۂ ترسیہ (THYROID GLAND) (یہ ایک غدود ہے جو ہوا کی نالی میں پھیپھڑوں کے سروں کے دونوں اطراف میں واقع ہے۔ اس کا فعل خون کے فاسد مادوں کو نابود کرنا ہے۔ اگر اس میں خرابی واقع ہو تو نہ صرف گلگنڈ ہا پیدا ہوتا اور بڑھتا ہے۔ بلکہ دماغی خرابیاں بھی پیدا ہو جاتی ہیں) میں اس کی مقدار کافی ہے۔ چنانچہ غدۂ ترسیہ میں یہ عضوی طور پر پایا جاتا ہے۔ خون کے دوران اور نظام لمف کے ذریعہ یہ جسم میں دورہ کرتا ہے اور ہر دو دوران خون اور لمف کے نظام میں یہ نمک پایا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ کالی آیوڈیٹم ایک ایسی دوا ہے جو نہ صرف جسم کا ایک نمک ہے بلکہ اسے افشانی نمک اگر کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ غدۂ ترسیہ کے علاوہ یہ جسم کے مختلف غدودوں میں مثلاً خصیتوں میں، مذی کے غدودوں میں رحم میں جگر میں، تلی میں، گردوں میں، پھیپھڑوں میں اور دماغ وغیرہ میں پایا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس نمک کی کمی سے جسم کے اندر کس قدر خطرناک ابتری پیدا ہو سکتی ہے۔

گنڈ مالا یعنی گردن کے غدودوں کا بڑھنا، گلٹیا، باؤ، سفلس اور کینسر کے مریض سب کے سب کالی آیوڈیٹم سے مستفیض ہوتے ہیں۔ ان مریضوں کے مزاج میں چڑچڑا پن غصہ، بے چینی، پائی جاتی ہے اور عام طور پر ان کے اندر اجتماع خون کی رغبت یعنی دموی کیفیت موجود ہوتی ہے۔ حرکات سے یا چلنے پھرنے سے ان مریضوں کی حالت کسی قدر بہتر ہو جاتی ہے۔ لیکن رات کے وقت بحالت آرام یہ مریض تکلیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ان

مریضوں کے لیے ماؤ فکر دوا لینا ناممکن نہیں تو ناقابل برداشت ضرور ہوتا ہے۔ یہی حالت گرمی سے بھی پیدا ہوتی ہے۔ یعنی گرمی سے کالی آیوڈیم کے مریضوں کی حالت بگڑتی ہے۔ ٹھنڈی ہوا سے ان کی تکالیف میں کمی ہوتی ہے لیکن یاد رہے کہ ٹھنڈی ہوا سے اور سردی سے نزلہ اور زکام پیدا ہوتے یا بڑھ جاتے ہیں۔

کالی آیوڈیم کے مریض بہت جلد زکام حاصل کرتے ہیں۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ان میں نزلہ کی ایک زبردست رغبت موجود ہوتی ہے۔ زکام کی ابتدائی اور حاد کیفیتوں میں رطوبات عموماً پانی کی سی پتلی، تیز سوزش پیدا کرنے والی، اور چھیل دینے والی ہوتی ہیں۔ جب کہ مزمن نزلاوی کیفیتوں میں رطوبتیں گاڑھی، بھاری اور مواد ملی ہوتی ہیں۔ ان حالتوں میں گرم چیزیں پینے کی بڑی زبردست خواہش ہوتی ہے۔

مندرجہ بالا مزمن کیفیتوں میں مریض کا وزن دن بدن کم ہوتا جاتا ہے اور کمزوری بڑھتی جاتی ہے۔

مندرجہ صدر بیان ایک نہایت ہی معمولی خاکہ تھا۔ کالی آیوڈیم کا۔ اس خاکہ کو دیکھ کر ایک ذی فہم انسان اس دوا کے استعمال کو بخوبی سمجھ سکتا ہے لیکن اس کی وضاحت کر دینا زیادہ ضروری معلوم ہوتا ہے تاکہ اس کے استعمال کا ٹھیک موقع اور محل اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔

اس دوا کے عام خواص یہ ہیں:-

لاغری یعنی سوکھتے جانا۔ لاغری جلد دق کے تیسرے درجہ میں عموماً

دیکھی جاتی ہے۔ اعصابی تیزی۔ لرزہ۔ انیمن۔ تشنج عضلات اور جوڑ بندوں میں انیمن اور جکڑ، اعضاء میں جکڑن کے دورے زیادہ تر بائیں بازو میں اور پہرے میں زیادہ تر بائیں جانب، پریشانی اور دھڑکن کے ساتھ مسلسل تکالیف یا تشنجات۔

چھاتی کا سارا درد بائیں نپل پر ہے، پنڈلی میں، بائیں ران میں، بائیں کلائی کی ہڈیوں میں، زیادہ تر قبل دوپہر بعض کبھی یہاں اور کبھی وہاں، نوچن کا سا درد کبھی یہاں کبھی وہاں زیادہ تر شام کے وقت۔ تکلیف، پریشانی، تحریک اور اعصابی بے چینی اعصابیت حد سے زیادہ بڑھی ہوئی۔ اعضاء میں، پٹھہ اور سر میں ایک عجیب اور ناقابلِ بیان پریشان کن احساس بے چینی۔ کمزوری اس دوا کا خاص نشان کی بناوٹ پر، ہڈیوں کی جھلیوں پر، جوڑوں کے جوڑ بندوں میں ہوتا ہے اور بہت سی علامات آرام کی حالت میں بڑھتی یا پیدا ہوتی ہیں اور حرکت سے کم ہوتی ہیں۔

یہ تمک ہر قسم کے گومڑوں اور ضرروں کو تحلیل کر دیتا ہے۔ مثلاً بڑھے ہوئے لمف کے غدود، آتشکی غدود اور گانٹھیں، کنڈائی لوما، پستانوں اور رحم کے گومڑ وغیرہ گھیگھا کے تحلیل کرنے میں بھی اس کی طاقت عجیب و غریب بتائی جاتی ہے، نیز رحم کے اندر ریشہ دار گومڑوں کے لیے اکسیر دوا ہے ضرروں کی ان تکالیف کے لیے نمبر ۲، ۳ اور ۴ بہترین طاقت بتائی جاتی ہے۔ ڈاکٹر کوپر لکھتے ہیں کہ مزمن کھانسی، نمونیہ اور دیگر ورمی کیفیتوں کے بعد کالی آیوڈائڈ نمبر ۲۰۰ جادو کا سا کام کرتی ہے اور تباہ اور کمزور شدہ

ریشوں کی از سر نو مرمت کر دیتی ہے۔

اس دوا کی آزمائش سے پتہ چلتا ہے کہ اس دوا کا اثر آتشک کی طرح بہت گہرا ہے۔ یہ خانہ زیری مزاج مریضوں پر اور ان کی ہونے والی تکلیفوں پر عجیب و غریب اثر کرتی ہے۔ بشرطیکہ ان مریضوں کو آتشک ہو چکا ہو۔ یا کسی طریقہ پر ان پر پارہ کا استعمال کیا گیا ہو۔ اس دوا سے سفلس کی گانٹھیں تحلیل کی جا سکتی ہیں۔ تمام اعصابی یا درمی دردوں میں جہاں درد کی شدت ساتویں آسمان پر پہنچ چکی ہو، کالی آیوڈائڈ عجیب و غریب دوا ہے۔ کھوپڑی میں گانٹھیں، ہڈیوں کو مرچا ہے۔ وہ آتشک کی وجہ سے ہوں یا کسی دوسری وجہ سے اس دوا کے حلقہ اثر میں آتے ہیں۔

زکام بدترین قسم کے پائے جاتے ہیں۔ زکام کی رطوبت تیز، سوزشی پانی کی سی ہوتی ہے۔ آنکھوں میں جلن ہوتی ہے۔ آنکھیں پھولی پھولی معلوم ہوتی ہیں اور آنکھوں سے پانی بہتا ہے، ایسی حالت میں اگر کالی آیوڈائیڈ سے یہ نزلہ نہ روکا جائے تو آنکھوں میں زخم ہونے کا خدشہ ہوا کرتا ہے۔ ہر وقت ٹھنڈی ہوا لگنے سے زکام ہو جاتا ہے اور زکام کا ایک سلسلہ لاانتہا ہی دکھائی دیتا ہے جس میں ناک سرخ متورم ہو جاتی ہے جب زکام پک جاتا ہے۔ تو رطوبت گاڑھی، سبز اور متعفن ہو جاتی ہے۔ ناک سے بدبو آنے لگتی ہے اور بعض وقت ناک کی ہڈیوں میں سوراخ بھی ہو جاتے ہیں۔ آواز بھاری اور کھرکھری اور اس کے بعد آواز ندارد

حنجرہ اور پھیپھڑوں کی دق کے لیے کالی آیوڈائیڈ بھی ایک عجیب دوا ہے

پھیپھڑوں میں سوئیاں چبھنے کا سا درد۔ سینہ کی سامنے والی ہڈی کے درمیان سوئیاں چبھنے کے سے درد۔ سینہ کی سامنے والی ہڈی میں سے سوئیاں چبھنے کے سے درد پیٹھ یا سینہ میں گہرائی تک جائیں۔ جب مریض چلتا ہو۔ گہری کھوکھلی ہلکی کھانسی سینہ میں درد کے ساتھ اس کا رہنما کن بلغم سبزی مائل مقدار میں زیادہ ہوتا ہے اور جب مریض تھوکتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے سانس کا جھاگ ہے۔ یاد رہے کہ کالی آیوڈائڈ میں پہلے نزلہ ہوتا ہے۔ اس کے بعد چھینکیں شروع ہوتی ہیں اور پھر ہوا کی نالیوں کے ورم سے کھانسی پیدا ہوتی ہے جو پھیپھڑوں میں پھیل کر دق کی حد تک پہنچ جاتی ہے۔

قلب بھی اس سے ماؤف ہوتا ہے۔ جاگنے پر قلب میں پھڑپھڑاہٹ، مریض کو اٹھ کر بیٹھنا ہی پڑے کیونکہ ڈرے کہ کہیں دم نہ گھٹ جائے۔ چلنے سے تمام قلبی علامات بڑھ جاتی ہے۔

آلات ہضم بھی بلغمی جھلیوں کی طرح ماؤف ہوتے ہیں۔ زبان کی جڑ میں شدید درد اس کی رہنما کن علامت ہے۔ بھوک کا نہ ہونا، ہاضمی ریاحوں اور پیٹ میں شدید نفخ کے ساتھ اکثر پایا جاتا ہے۔ یہ تمام علامات سردی اور ٹھنڈی اشیاء سے بڑھ جاتی ہیں۔

سفلس کے ابھار یا دوسرے قسم کے ابھار اور دانے اکثر اس میں دیکھے جاتے ہیں، کھوپڑی پر خصوصاً آبلے یا سخت قسم کے دانے پائے جاتے ہیں۔ اسی قسم کے دانے پیٹھ میں ہوتے ہیں اور جب یہ دانے مندمل ہو جاتے ہیں تو ان کے نشان باقی رہتے ہیں۔

بہت سی قسم کی کانوں میں آوازیں اس دوا میں پائی جاتی ہیں اور درست ہوتی ہیں اور اس کی تکالیف غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک زیادہ ہوتی یا بڑھتی ہیں۔ بچوں کی ہڈیوں کے ٹیڑھے ہونے (RICKETS) میں نمبر ۳ عجیب و غریب دوا ہے۔ جب بچے چھوا جانا برداشت نہ کریں، یا ہچکولے لگنے والی گاڑیوں، (مثلاً یکہ وغیرہ) میں سفر نہ کر سکیں، جن کے سر بڑے اور اعضاء پتلے ہوں، جن کے دانت بڑے اور جبڑے چھوٹے ہوں۔ پیشاب اور پاخانہ جن کو بار بار ہوتا ہو تو ایسے بچوں میں کالی آیوڈائڈ نمبر ۳ معجزہ دکھاتی ہے بچپن کے زمانہ میں کالی آیوڈائڈ تکالیف کو یک دم ختم کر دیتی ہے۔ جب کہ عالم شباب میں نہ درست ہونے والی اور ضدی بیماریوں میں علاج کے لیے راستہ صاف کر دیتی ہے۔

تمام دردی اور اعصابی دردوں کی کیفیتوں میں جہاں ماؤف حصص میں ذکی الحسی یا درد بہت بڑھ چکا ہو کالی آیوڈائڈ بہترین دوا ہے اور درد سر جب کہ کھوپڑی میں چھوٹی چھوٹی گانٹھیں ہوں اور شدید درد کریں۔ یہ حالت اکثر آتشکی مزاج کے آشناؤں میں اور ان انسانوں میں جنھوں نے پارہ کا بے جا استعمال کیا ہو پائی جاتی ہے۔ ایسی حالتوں میں اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ سر کے بعض حصوں میں درد ہوتا ہے اور سوجے پپوٹے لے ہوئے بھی۔ ڈاکٹر کوپر لکھتے ہیں کہ گٹھیاوی بائی میں جب تمام جوڑ ماؤف ہو جائیں اور مریض رات کو جوڑوں میں درد کی وجہ سے سو نہ سکے تو کالی آیوڈائڈ بہترین کام کرتی ہے۔

## علامات

دماغ: غم گینی، پریشانی (نیرم میور) سخت مزاجی، چڑچڑاپن۔

باتونی، خیالی قلعے بنائے، شکی، لڑاکا، ہر آقا نافرمان شعلہ و غل پسند چونکے۔ تحریک جیسے نشہ پیا ہے۔ نیز پارہ کے استعمال کے بعد۔

سر: سر کے اوپر کے حصہ میں درد ایسا معلوم ہو جیسے پھٹ جائے گا (نیورم میوس سلیسیا)، چاند پر بیرونی حرارت کے ساتھ بڑھنے سے پیشانی میں سوئیاں چبھیں شام کے وقت پیشانی کے داہنی طرف پھٹن جس کو دبانے سے آرام ہو۔ سر کے اطراف میں درد ایسا معلوم ہو جیسے رسی سے کس دیا گیا ہے۔ بائیں آنکھ کے اوپر جھٹکے، پھٹن اور سوئیاں چبھنا، کھجلاتے وقت کھوپڑی کی ہڈیوں میں سخت گومڑ دماغ بڑا معلوم ہو۔ کھوپڑی کی ہڈیوں میں گانٹھیں سر میں درد کے ساتھ، خنازیر مزاجوں میں نیز کمزور یا دق کے تاثر والے مریضوں میں اجتماع خون پیشانی میں جھوٹے قلیں۔ سر بڑھا ہوا محسوس ہو پیشانی اور بے چینی کی نیند ۵ بجے صبح درد سر اور سر میں بھاری پن جس میں اٹھنے سے کمی ہو۔ آتشک کے بعد بالوں کا گرنا۔

آنکھ: آنکھیں کھنچی ہوئی۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے، اشوب چشم، آنکھوں کی پتلیاں سرخ متورم، آنکھ میں جلن، ان میں سے مواد اور رطوبت بہے۔ آنکھوں کے پپوٹوں میں پھلاوٹ، بینائی دھندلی اور ایسا معلوم ہو جیسے کہر میں سے دیکھا جا رہا ہے۔ پارہ کے ناجائز استعمال کے بعد آنکھوں میں اشوب جس میں رات کے وقت درد کی زیادتی ہو۔ پتلی پر آبلے، لیکن ان آبلوں کے ساتھ نہ تو آنکھوں میں درد ہو نہ سرخی۔ آنکھ کے گڑھے کی ہڈیوں میں گومڑ۔ آنکھوں میں جلن اور سے پیپ ملی رطوبت نکلے۔ پپوٹوں میں استسقائی ورم۔ آنکھوں سے

پانی بہنے۔ آنکھ کے گڑھے کی ہڈیوں کی جھلی میں آتشک یا غیر آتشکی ورم

ناک : شدید زکام۔ قوت شامہ کا جاتے رہنا۔ آنکھوں، ناک اور حلق اور تالو کی ملغمی جھلیوں میں بے حد سرخی، آنکھوں سے پانی کی زیادتی کے ساتھ کھانسنے میں کثرت سے تحریک اور اوپر کے ہونٹوں میں ورم کے ساتھ، شدید چھینکیں اور ناک سے تیز پانی کا بہنا نیز صاف پانی کا نتھنوں میں بہت لیسدار رطوبت کا جمع ہونا۔ ناک سے رطوبت، سبز، سیاہ یا زرد متعفن یا پھٹے ہوئے خون کی، سبزی مائل سرخ ناک کی ہڈیوں میں بھراؤ اور سکڑن کا احساس، ناک میں اور ناک کے ساتھ والی ہڈیوں میں تپکن جلنا اور درد اور ورم کے ساتھ۔ ناک کی ہڈیوں میں کترنے والا احساس۔ بھالے لگنے اور سوراخ کرنے والے دردوں کے ساتھ جو پیشانی کو جائیں، ناک کی ہڈیوں کا سڑنا۔ ناک میں، بدبو اور نتھنوں کی درمیانی دیواروں میں زخم پایہ کے استعمال کے بعد شدید تکلیر۔

کان : کانوں میں مختلف قسم کی آوازیں۔ کانوں میں سوراخ کرنے والے درد کان میں تیر لگنے کے سے درد خصوصاً داہنے کان میں۔

چہرہ : پیلا چہرہ اور زبان کا متورم ہونا خصوصاً پارے کے استعمال کے بعد چہرے میں عصبی درد اوپری جبڑے میں بھالے لگنے کے سے درد، نزلہ کے درد چہرہ میں تیر لگنے کے سے اور ڈنگ لگنے کے سے درد

منہ : زبان کی نوک پر جلن، زبان کی نوک پر دانے، نیز ورم، منہ میں خشکی مسوڑھوں کا متورم ہونا خصوصاً سڑے ہوئے دانتوں کے مسوڑھوں کا متورم ہونا۔ منہ سے بہت متعفن بو۔ تھوک کی زیادتی۔ تھوک کے غدودوں کا

متورم ہونا اور پک جانا (سلیویا) دانتوں کی جڑوں میں کیڑوں کے رینگنے کا احساس مسوڑھوں کا پکنا۔ دانت لمبے محسوس ہوں۔ دانتوں کے درد کے ساتھ کانوں میں تیر لگنے کے سے درد اور تھوک کی زیادتی۔ کھانے پینے کے بعد منہ میں سڑا ہوا ذائقہ منہ اور حلق میں کڑواہٹ جو ناشتہ سے ٹھیک ہو جائے۔ بے قاعدہ زخم جو دودھ سے ڈھکے ہوئے معلوم ہوں۔ حمل کے دوران نمکین تھوک کی زیادتی، ترش آمیز تھوک کی زیادتی منہ میں میٹھے ذائقہ کے ساتھ۔

حلق: حلق میں خارش اور خشکی، نزلہ کی علامات کے ساتھ، کنٹھ کے غدودوں کا متورم ہونا اور ذکی الحس ہونا۔ نگلنے میں درد اور دقت ہونا لوز اور غدودوں میں ورم اور سرخی کے ساتھ۔ کوا متورم اور لمبا۔ بلغمی جھلیوں میں استسقائی پھلاوٹ گیگما چھونے سے ذکی الحس۔ تھوک کے غدود متورم اور پک جائیں۔

معدہ: بے حد پیاس۔ متلی اور قے۔ شدید قے منہ بے حد تھوک کے ساتھ فم معدہ میں کمزوری کا احساس، ٹھنڈی غذا خصوصاً دودھ تکالیف بڑھا دے۔ معدہ میں تپکن، درد بھری جلن، ریاح۔ غذا بے مزہ۔ ہچکی فم معدہ میں جلن شکم میں یکایک پریشان کن نفخ۔ ایسا معلوم ہو جیسے پھٹ جائے گا۔ جو ریاح کے اخراج سے کم ہو جائے۔ شکم یا ناف کے گرد یکایک درد بھرا تشنج جس کے بعد اسہال ہوں ناف کے گرد کٹن اور جلن۔

پاخانہ اور مبرز: پاخانہ کم، سخت، مشکل سے ہو۔ پاخانہ ہلکا سبز یا زردی مائل پانی کا سا۔ پاخانے کے استعمال کے بعد دست اور پیچش جس کے ساتھ کمر میں درد

ہو جیسے شکنجہ میں ہے۔

مثانہ: گٹھیا آشک میں پارے کے استعمال سے گردوں کی عضوی خرابیاں پیشاب کرنے کی درد بھری حاجت۔ پیشاب مقدار میں زیادہ، نہ بجھنے والی پیاس کے ساتھ، بار بار پیلا اور پانی کا سا پیشاب خون کا سا سرخ۔

آلات تناسل مردانہ: عضو تناسل میں بے حد درد۔ خواہش نفسانی کم ہو جائے، جیسے سوکھ جائیں۔

آلات تناسل زنانہ: حیض شروع ہونے پر پیشاب کی بار بار حاجت حیض دیر سے مقدار میں زیادہ، دوران حیض رحم بھینچتا معلوم ہو۔ سیلان رحم پتلا۔ پانی کا سا اور تیز نوجوان شادی شدہ مستورات کے رحم میں وہی کیفیت رحم میں ریشہ دار گومڑ رحم میں لاغری۔ پستان سوکھ جائیں۔ حیض سے قبل پیشاب کی بار بار حاجت حیض کے دوران رانیں بھینچتی محسوس ہوں درد رانوں میں جائیں، جاڑا محسوس کرے، سر میں جنت، شرمگاہ کی نالی سے آوں کا اخراج۔ دودھ کا رسنا۔

آلات تنفس: حنجرے میں درد ایسا معلوم ہو جیسے حنجرے میں دانے نکلے ہیں۔ خشک کھانسی: صبح کے وقت شام کے وقت، حنجرے میں درد کے ساتھ، حلق میں درد کے ساتھ ہلکی کھانسی تنفس میں دقت جاگنے پر، رات کے وقت آواز کے جاتے رہنے کے ساتھ، زیر چڑھنے پر سانس پہلے قلب کے مقام میں درد کے ساتھ۔ سانس ہلکی دقت سے آئے اور اس لیے پیچیدہ ہو۔ شام کے وقت سینہ میں درد ایسا معلوم ہو جیسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا ہے۔ سینہ میں بائیں طرف درد جس کو چھونے سے زیادتی ہو۔ گہری کھوکھلی کھانسی سفیدی مائل یا سبز بلغم کے ساتھ

سینہ کے سامنے والی ہڈیوں میں سے سوئیاں چبھنا جو پیٹھ تک یا سینہ میں گہری جائیں۔ خصوصاً چلتے وقت بلغم کھانسی میں صابن کے جھاگ کی طرح سبزی مائل نمونیہ میں پھیپھڑے جب بالکل سست ہو جائیں۔ نمونیہ میں ورم الدماغ دمہ، آلات صدر میں پانی اتر آنا۔ پلورسی کی باقی ماندہ ورمی کیفیت۔ نزلہ جو نیچے سینہ کی طرف جائے دق مواد بلغم کے ساتھ۔ رات کو کمزور کرنے والے پسینے دستوں کے ساتھ پھیپھڑوں میں استسقائی پھلاوٹ۔ آواز ناک سے آئے، نزلاوی جنجر سے بیٹھ کھڑا پن سینہ میں درد کے ساتھ، کھانسی نفس میں دقت اور دونوں آنکھوں میں درد کے ساتھ دم گھٹنے کے ساتھ جاگے۔ ہوا کی نالی میں کھرکھراہٹ جس کی وجہ سے کھنکھارنا پڑے۔ نمونیہ کی ابتدائی علامات نیز پھیپھڑے جب ٹھوس ہو جائیں اور دماغ میں ورم، چہرہ پر سرخی، پتلیوں میں پھلاوٹ ہو پیشاب رک جائے ایک جانب مفلوج ہو جائے۔

قلب: چلتے وقت دھڑکن بڑھ جائے، ورم حجاب القلب کے بار بار دورے، پارہ کے ناجائز استعمال کے بعد دل میں تیر لگنے کے سے درد جن کی زیادتی چلنے سے ہو۔ نبض تیز۔

پیٹھ اور گردن: کمر میں درد ایسا معلوم ہو جیسے شکنجہ میں کھینچی جا رہی ہے خصوصاً حرکت کرنے کے بعد۔ گردے کی تکالیف میں کمر میں کوٹے پیٹے جانے کا سا درد جس کی زیادتی جھک کر بیٹھنے سے ہو۔ گرنے کے بعد دُمچی کی ہڈی میں درد

اعضاء: ہڈیوں میں شدید درد، ہڈیاں موٹی ہو جائیں خصوصاً پنڈلی کی چھونے سے درد کریں۔ بائی کے درد۔ درد رات کے اور مرطوب موسم میں بڑھ جائیں

میں سکڑن، گھٹنوں میں باؤ کے درد، ورم کے ساتھ۔ کمر اور پیٹھ میں درد، چوٹ کے درد جس سے مریض کو جھکنا پڑے، عرق النساء مریض عرق النساء کی وجہ سے بستر میں نہ رہ سکے۔ رات کے وقت درد میں زیادتی ہو، پیڑو ماؤف حصہ کے بل لیٹنے سے بھی بیٹھی ہوئی حالت میں ٹانگوں کے اندر چیونٹیوں کی رینگن مگر لیٹنے سے اس میں کمی ہو جائے۔ آتشک یا پارے کے بعد، باؤ کا یا گٹھیاوی درد۔ اعضاء کی ہڈیوں کی جھلیوں میں جس کی زیادتی رات کے وقت ہو۔ یہ درد کاٹنے والے، برمہ لگنے کے سے ہوں، بائیں کندھے میں کوئے چبھے ہونے کا احساس، کلائی اور کندھے میں کٹن، پاؤں کی انگلیاں اور ایڑیوں میں زخموں کے سے درد۔

جلد: ارغوانی پھٹے زیادہ تر انگلوں پر، پھنسیاں چھوٹے چھوٹے پھوڑے غدود بڑھے ہوئے اور سخت پتی۔ تمام جسم پر چھوٹے چھوٹے گومڑ جن کو کھلا ہونے سے تکلیف ہو جسم کی حدت، چھوٹے بچوں کی متعدی میں شگاف، آتشک کے سے والے سوکھ پھنسیاں۔ استسقائی پھلاوٹوں کی رغبت خلاء پوٹوں کی، منہ کی، کوئے کی وغیرہ وغیرہ، چہرے پر خارش کرنے والا نملہ، چھوٹے چھوٹے پھوڑے یا پیپ بھرے دانے جو زیادہ تر چہرے، کندھوں، پیٹھ اور سینہ پر ہوں۔

مخصوص خواص: یہ مدر کوری، لاخری، عضلات اور جوڑ بندوں میں سکڑن غدودوں کا بڑھ جانا یا سوکھ جانا، ریشہ میں پھلاوٹ۔ ہڈیوں میں ورم۔

نیند: بے چینی کی، بے خوابی، ڈراؤنے خواب، نیند کے دوران رونا

بخار: جاڑا پیاس کے ساتھ ہر سہ پہر سے شام تک یا تمام رات لرزہ کے بار بار جاگنے کے ساتھ۔ جاڑے کو بستر کی گرمی سے آرام لیکن چھونے کی گرمی سے

نہ ہو۔ جاڑا پیٹھ کے نیچے سے شروع ہو کر ۸ بجے شام کو تمام جسم پر پھیل جس کے ساتھ نبض کا ظہور ہو۔ بخار کی تمتماہٹ سر میں کند ذہنی کے ساتھ، نوبتی بخار جاڑے کے ساتھ، پیاس، جاڑا گرمی سے کم نہ ہو۔ مزمن خشک استسقائی کیفیتیں۔

کمی اور زیادتی: علامات رات کے وقت ٹھنڈی ہوا میں آرام کرنے کی حالت میں بڑھتی ہیں۔ سوکت سے علامات میں کسی قدر کمی ہوتی ہے (کمی بیشی سمری میں علامات سے قبل دی ہوئی ہے وہاں ملاحظہ فرمایئے)

طاقتیں: عموماً ۱x ۲x ۳x حادثکالیف میں اور گومڑوں کے تحلیل کرنے میں مستعمل ہوتی ہے ورنہ ۳۰x یا ۶۰x بہترین کام کرتے ہیں۔

تعلق: اس دوا کا اثر ہیپر سلفر اور نائٹرک ایسڈ دوائوں سے ملتا جلتا ہے۔ کالی آیوڈائڈ پارہ کے اثرات ماہد کو زائل کرتی ہے۔

یہ دوا مرک اور سیپیا کے زہر کے اثر کو زائل کرتی ہے۔ مرک کے بعد بہتر کام کرتی ہے اور اس کے بعد نائٹرک ایسڈ بہتر کام کرتا ہے۔

## LITHIUM MURIATICUM لیتھیم میوریٹیکم

CHERMICAL SYMBOL LICL

SYNONYMS

## LITHIUM CHLORICUM لیتھیم کلوریکم

لیتھیم بہت ہی نایاب عنصر ہے۔ یہ عموماً کئی ایک دھاتوں کے ساتھ بہت ہی قلیل مقدار میں ملا جلا پایا جاتا ہے۔ انسان کے خون اور دودھ میں یہ عنصر موجود

ہے گو کہ اس کی مقدار قلیل ترین ہے۔ ہومیوپیتھی میں لیتھیم کے کئی مرکبات گٹھیا وی تکلیفوں کے لیے مستعمل ہوتے ہیں اور ان کے تجربات کے بموجب انسانی جسم میں سے یورک ایسڈ کو تحلیل کر کے نکال دیتا ہے۔ لیکن درحقیقت اس کا اثر یورک ایسڈ تک ختم نہیں ہوتا بلکہ بہت ہی وسیع

یہ دوا گٹھیا وی اور باتی کے مزاجوں کے لیے اس وقت مفید ہوتی ہے جبکہ تمام چھوٹے چھوٹے جوڑوں مثلاً کلائی، ٹخنہ، گھٹنا وغیرہ کے جوڑوں میں باتی یا گٹھیا کے اثر آچکے ہوں۔ یہ اثر صرف جوڑوں تک ہی محدود نہیں ہوتے بلکہ قلب میں بھی سرایت کر کے قلب میں سوئیاں چبھنے کے سے درد، دھڑکن، نبض و عضلوں میں رکاوٹ اور قلب میں ورم پیدا کر دیتے ہیں اس کے مریض کو تکلیف میں ہمیشہ اس وقت کمی اور سکون معلوم ہوتا ہے جبکہ مریض کو پیشاب کھل کر آجائے۔ یا پیشاب کھل جائے جس کا مطلب ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ مریض کے نظام سے یورک ایسڈ کا اخراج ہو جائے پیشاب عموماً گہرا سیاہی مائل تیز سوزشی کھٹا، سرخی مائل بھورا ہوتا ہے اور اس میں پتھریوں، کنکریوں کے اجزاء ہوتے ہیں یا ریت ہوتی ہے۔

ہومیوپیتھی میں لیتھیم میور ٹیکم کی آزمائش مکمل نہیں ہوئی تھی، لیکن لیتھیم کاربونیم لیتھیم کلوریٹم لیتھیم برومیٹم، لیتھیم نیٹروکم اور لیتھیم میور ٹیکم کی آزمائش ایک جگہ اکٹھی کی گئی ہے۔ اس آزمائش سے پتہ چلتا ہے کہ یہ دوا حد درجہ گردہ، گردوں کے پکنے، مثانہ میں ورم، پیشاب کی نالی میں ورم، شریانوں میں ورم اور خنازیر کے لیے مفید ہے اس کے علاوہ گٹھیا اور باتی کے لیے اکسیروں میں سے ایک ہے۔

دوا کی عام مزاجی کیفیت میں تمام جوڑ، ہڈیاں اور عضلات اکڑے ہوئے

محسوس ہوتے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے انہیں کوئٹ پیٹ کر ان کے اندر چوٹے یا پھوڑے کا مادہ پیدا کر دیا گیا ہے۔ تمام جسم کے اندرونی ڈھیلا پن گٹھیا دی کا لیف میں اس دوا کا استعمال زیادہ تر اس جگہ ہوتا ہے جبکہ گٹھیا کے بار بار حملے ہونے اور چھوٹے جوڑوں میں حاد ورم ہو جایا کرے یا قلب ماؤف ہو جائے۔ اس کے مریض کی جلد ہمیشہ خشک اور کھردری ہوتی ہے۔ لیتھیم لیکٹیٹ کندھے کے جوڑ کے شدید بیماری کے درد کے لیے اکسیر ثابت ہوا ہے

لیتھیم کاربائی کی وجہ سے دیرینہ ورم قلب کے لیے ایک مفید ترین دوا ہے۔ جبکہ قلب میں پھوڑے کا مادہ ہو جس کی زیادتی جھٹکنے سے ہوتی ہو نیز انگلیوں کے جوڑوں کے پرانے ورم کے ساتھ اگر قلب میں درد اور تکلیف ہو تو یہ دوا جادو کا کام کرتی ہے۔

اس کے علاوہ غدۂ مثانہ میں ورم جبکہ پیشاب میں گلابی سے رنگ کا ریوب ہو اگر پیشاب میں کمی کے ساتھ ساتھ البیومن موجود ہو اور مقدار میں حد سے زیادہ تیزابیت ہو (لیتھیم کارب) تو یہ ایک عجیب و غریب دوا بن جاتی ہے۔

بنیائی کے ضمن میں اتنا ہی بتا دینا کافی ہے کہ پتلی میں خون کے دوران کی کمی کی وجہ سے بنیائی میں ایک نقص پیدا ہو جاتا ہے جس سے کسی چیز کا یا لفظ کا آدھا داہنا حصہ دکھائی نہیں دیتا۔ پتلی میں خون کے دوران کی کمی سے اگر اندھا ہو جانے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہو اور بنیائی کی مندرجہ صدر حالت موجود ہو تو نہ صرف یہ دوا اس خدشہ کو ہی رفع کرتی ہے بلکہ اندھے پن کو بھی درست کر دیتی ہے۔

# علامات

دماغ : اپنی حالت پہ آنسو بہائے یہاں تک کہ سسکیاں بندھ جائیں، ناک میں پانی بھر جائے ناموں کو یاد رکھنے میں دقت اور نااہلیت۔

سر : درد اور بھاری پن پیشانی میں آنکھوں کے اوپر جس کی زیادتی شام کے وقت ہو، درد بھری پراگندگی سر کے بائیں جانب نیز داہنی جانب چہرہ میں حدت کے ساتھ۔ پیشانی کے وسط میں درد، درد پیشانی میں داہنی آنکھ کے اوپر، تمام سر میں ہلکا پریشان کن درد چاند پہ بھاری بوجھ بائیں کنپٹی میں بوجھ کے ساتھ درد کی زیادتی لیٹ جانے سے ہوا رکی ہٹ جانے پہ۔ نیز باہر جانے سے کمی ہو جائے کسی چیز پہ غور سے دیکھنے سے درد سر زیادہ ہو جائے۔ درد سر کی وجہ سے آنکھیں تقریباً نہ کھول سکے۔ درد سر ہتھوڑے کی مانند صبح سے دوپہر تک۔ سر بہت بڑا محسوس ہو۔ سر میں بہت درجہ کی ذکی الحسی۔

آنکھ : پپوٹے اینٹھن اور سکڑن رہتے اوپر والے پپوٹے میں۔ داہنی آنکھ میں سوئیاں چبھنے کا سا درد، درد پھوڑے کا سا پڑھنے کے بعد آنکھوں میں تھکن کا احساس اور درد۔ آنکھوں پہ دھندلاہٹ بینائی کے ساتھ۔ سورج کی روشنی مریض کو اندھا کر دے (یعنی مریض دھوپ میں نہ دیکھ سکے) اندھا پن، چیز کا داہنا نصف حصہ دکھائی نہ دے۔ آنکھوں میں خلازیری آشوب چشم، آشوب چشم آنکھوں میں سرخی، معاد ملا کچر۔ آنکھوں کے سامنے پردہ معلوم ہو۔

ناک : ناک سے سانس لینا مشکل ہو جیسے زکام کی حالت میں ہوتا ہے۔ ناک

کی نوک سرخ، کسی قدر متورم، ذکی ہلس اور درد کرے یہ سرخی بغیر پکے رفع ہو جائے زکام کھلی ہوا میں ناک سے پانی ٹپکے۔

چہرہ: چہرے میں بار بار حدت کا احساس۔ چہرے کے بائیں جانب غدودوں میں ورم جن میں بعض میں سختی ہو اور بعض پک جائیں۔

منہ: بائیں نچلے پچھلے دانت درد کریں۔ بائیں جانب کے کھوکھلے دانت میں درد۔ مزہ نمکین۔ زبان کا اوپری حصہ سن محسوس ہو جیسے اس مقام پر چربی رکھی ہے۔

حلق: بار بار حلق میں کوئی چیز تیزابی اور کھٹی چڑھ چڑھ کر آئے۔ حلق میں پھوڑے کا سا درد جو کان تک جائے۔

معدہ: معدہ میں کثرت کا سا درد جس کی زیادتی کھانے کے قبل ہو لیکن کھانے کے بعد جاتا رہے۔ معدہ میں متلی۔ معدہ میں کھٹاس، معدہ میں بھراؤ اور ذکی الحسی کپڑے کا بوجھ بھی برداشت نہ ہو سکے۔ غذا اور کھٹا پانی چڑھ چڑھ کر منہ کو آئے بار بار ڈکار کلیجہ میں جلن۔ معدہ میں حدت اور کمزوری کا احساس

شکم: جگر کے مقام میں بوجھ۔ جگر کے مقام میں درد، قے میں چبھنے والے درد شکم متورم محسوس ہو اور ایسا محسوس ہو جیسے شکم میں ہوا بھری ہے۔ بائیں جانگھ میں گلٹی۔

مقعد اور مخرج: نہایت بدبودار ہوا کا اخراج۔ مقعد پر قاشی، چبھتے وقت سیون میں مقعد کے نزدیک شدید درد۔ بھری پھنسی کا پچھنا اندر سے باہر کی طرف پاخانہ پر سے نیچے کی جانب۔

مجرائے بول: قضا کے مقام میں تیز درد زیادہ تر داہنی جانب پیشاب

کرنے کے بعد بار بار پیشاب، داہنے گردے میں درد، داہنے گردہ کی نالی میں درد جو نالی سے ہوتا ہوا خصیہ میں جائے۔ پیشاب گردا آوں کے رسوب کے ساتھ۔ پیشاب میں کمی واقع ہو جائے۔ پیشاب مقدار میں کم، سیاہ اور سوزشی، سیاہ سرخی مائل بھورے رنگ کا رسوب۔ پیشاب کرنے کے لیے اٹھنے پر دل کے مقام میں دبانے والا درد جو اس وقت تک نہ جائے جب تک کہ پیشاب نہ کر چکے۔ پیشاب کرنا مشکل سے ہو۔

آلات تناسل مرد از روئے نر: رات کے وقت پیشاب کرنے کے بعد استادگی پیشاب کی نالی سے گاڑھا مقدار میں زیادہ مواد یکے بعد دیگرے خون کے پیشاب کے ساتھ درد داہنے گردہ کی نالی میں منی کی نالی میں اور خصیہ میں درد خصیوں میں جب بیٹھا ہو۔ عضو میں سوئیاں چبھیں۔ پیشاب کی نالی میں جلن۔

حیض دیر میں مقدار میں کم یکایک بند ہو جائے اور شدید درد سر ہو جائے۔

آلات تنفس، سانس اندر لینے پر ہوا ٹھنڈی معلوم ہو۔ شدید کھانسی رات کے وقت جب لیٹے، اٹھ بیٹھنے پر مجبور ہو۔ بغیر بلغم کے۔ کھانسی کی تحریک حلق کی پچھلی طرف ایک خشک مقام سے ہو۔

قلب اور نبض: دل کے مقام میں بائیں کے درد پیڑے کے سے صبح کے وقت جاگنے پر دل کے مقام میں شدید درد جس کی وجہ سے مریض اگلے جھکنے پر مجبور ہو جائے قلب میں یکایک درد یا صدمہ۔ دل میں حیض شروع ہونے یا حیض شروع ہونے کے قبل درد۔ دماغی تحریک یا غصہ وغیرہ کے بعد دل میں پھڑکن۔ دل کے مقام میں پیشاب کرنے کے قبل اور پیشاب کرتے وقت درد یہ درد پیشاب کر چکنے کے بعد رفع ہو جائے۔

گردن اور پیٹھ: ہلکا دبانے والا درد کندھوں کے درمیان سے ہوتا ہوا ریڑھ کے ساتھ ساتھ کمر تک آئے۔ پیٹھ میں یا کمر میں درد جس کی زیادتی ایک مقام پر زیادہ دیر تک بیٹھنے سے ہو کندھوں کے درمیان درد جو سینہ کو جائے۔ کمر میں سوئی چبھنے، کمر میں درد جب کھڑا ہو۔ سر میں بھاری پن کے ساتھ رات کے وقت کمر کے مقام میں کمزوری کا احساس۔

اعضاء میں بائی کے درد۔ بائیں کلائی کی ہڈی میں لرزہ کے سے درد جو اوپر کی جانب بڑھیں اور بعض بعض وقت ایسا محسوس ہو جیسے کوئی چیز گر رہی ہے۔ یا باہر کو نکل رہی ہے۔ داہنے کندھے کے جوڑ میں درد تمام انگلیوں میں خارش اور تپکن، ایسا محسوس ہو جیسے یہ خارش اور تپکن ہڈیوں کے اوپر ہے اور جو ہاتھوں سے انگلیوں کی نوکوں تک جائے اس قسم کا درد عموماً بحالت آرام ہوا کرتا ہے۔ اس درد کو بڑھنے سے اور حرکت سے آرام ہو۔ ناخنوں کے کناروں پر درد اور سرخی۔

داہنے گھٹنے میں تپکن۔ داہنے چوتڑ میں درد بعد میں بائیں میں ٹانگوں میں بائی کے درد۔ درد گھٹنوں کے اوپر اور اندر خصوصاً جب زینہ چڑھتا ہو۔ بائی کے درد، داہنے پاؤں میں رات کے وقت جاگنے پر جن میں کمی آ جانے سے ہو۔ پیروں میں تلوؤں میں، پنجہ میں اور پیروں کی انگلیوں میں نیز تلوؤں میں گٹھیا کی قسم کے درد یا گٹھیا کے درد۔ پیروں کی چھوٹی انگلیوں میں درد۔

جلد: خارش۔ مقعد میں۔ ہاتھ کی درمیانی انگلی میں ناخنوں کے کناروں پر۔ ران کے ایک جانب تلوؤں میں ہتھیلیوں میں

نیند: پیشاب کی وجہ سے نیند بار بار کھل جائے شہوانی خواب اور

استادگیاں جن میں کمی پیشاب کرنے سے ہو۔

طاقت : نمبر ۳x ۲۰ اور نمبر ۳۰

# مینگنم سلفیوریکم

MANGANUM
SULPHURICUM

CHEMICAL SYMBOL :- MN SO4 + H2 O

Trituration

مینگنم کے نمک نظام جسم کے اندر خون کے سُرخ اجزاء پیدا کرنے میں بہت بڑا کام سرانجام دیتے ہیں جس طرح سے لوہے کے بغیر خون کو سُرخ بنانا ناممکن ہوتا ہے کیونکہ لوہے میں یہ جز بہت بڑی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اسی طرح مینگنم کے نمک خون پیدا کرنے کے عمل میں بہت مفید ہیں۔ یہ تسلیم کر لیا ہے کہ مینگنم کا کام خون پیدا کرنے کے عمل میں بہت مفید ہیں۔ یہ تسلیم کر لیا ہے کہ مینگنم کا کام خون پیدا کرنے کے عمل کو دوبالا کر دیتا ہے چونکہ خون کے اندر آکسیجن لیجانے کی بڑی مقدار کے ساتھ ساتھ مینگنم بھی موجود ہے اس لیے جہاں بھی خون پہنچتا ہے یہ عنصر بھی وہاں موجود ہوتا ہے۔

مندرجہ بالا واقعات کو مدنظر رکھ کر مینگنم کے استعمال کا موقع اور محل سمجھنا نہایت آسان ہو جاتا ہے جہاں فیرم فاس دوا ہوتی ہے وہاں مینگنم کا استعمال بھی بہتر ہوا کرتا ہے۔ یاد رہے کہ فیرم فاس کی پانچ ساتھ خوراکوں کے بعد اگر مینگنم کی ایک آدھ خوراک دے دی جائے تو کامیابی جلد تر ہوا کرتی ہے۔ لیکن یہ یاد رہے کہ مینگنم کو فیرم فاس کے بعد ہی دینا چاہیئے۔

مینگنیم سلفیٹ خنازیری اور دق کے مزاجوں میں نیز بائی وگنٹھیا کے مزاجوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ علامات موسم کی تبدیلی کے دوران خصوصاً مرطوب اور سرد موسم میں بڑھتی ہیں۔ جلد کو چھونے سے یہ صرف جلد میں ذکی الحسی ہوتی ہے بلکہ علامات بھی بڑھ جاتی ہیں۔ اس دوا میں جلد کھردری ہوتی ہے اور زخم اور شگاف بننے کی رغبت ہوتی ہے۔ یہ زخم چپٹے ہوتے ہیں اور ان کے کنارے سخت۔

مکمی خون، سیلان خون، بینائی میں کمزوری، پپوٹوں کے کنارے میں ورم اور سوجن وغیرہ خصوصاً مکمی خون والے مریضوں میں، معدہ اور آنتوں میں درمی کیفیتیں خصوصاً معدہ میں سوراخ کرنے کا سا درد، شکم متورم اور قبض۔

اس دوا کا اثر قلب، جگر، گردہ اور مثانہ پر ہوتا ہے تیز یہ دوا گنٹھیا اور بائی کے لیے مفید ہے۔ اعصابی کمزوری میں بھی یہ دوا مفید ثابت ہوتی ہے جبکہ دماغ خیالات سے خالی معلوم ہو یا مریض نے بہت زیادہ دماغی کام کیا ہو۔

مینگنیم کی آزمائش ہمارا تمام تجربہ کی حقی جہاں تک آزمائش کا تعلق ہے۔ پتہ چلتا ہے کہ مینگنیم کے مختلف نمکوں کی آزمائش ایک ہی جگہ پر ہوئی ہے۔ جس میں مینگنیم ایسی یٹ مینگنیم کاربونیٹ اور مینگنیم سلفیورکم بھی شامل ہیں۔

اوپر بتایا جا چکا ہے کہ آئرن اور مینگنیم کا تعلق آپس میں گہرا ہے۔ یہ بھی بات ہے کہ دونوں ہی دواؤں یعنی فیرم اور مینگنیم ہر دو میں کھانسی کو بیٹھے سے آرام ہوتا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ مینگنیم کی کھانسی گہری ہوتی ہے اور یہ مرطوب موسم میں بڑھ جاتی ہے۔ ہڈیوں میں حد سے زیادہ ذکی الحسی ہوتی ہے جلد پر سرخ چپٹے ہوتے ہیں جو ہڈیوں کی تکالیف کی وجہ سے جلد سے اٹھے ہوتے ہیں۔

خاص طور پر اس کے زیر اثر رہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ نچلے تخموں کی تکلیف کی وجہ سے چلنے کے ناقابل ہوتے ہیں۔ ٹائیفس بخاروں میں جب کہ مل متورم ہو جاتے ہیں اور کان کی ہڈیوں میں حد درجہ کی ذکی الحسی ہوتی ہے۔ اندرونی کان کی تکالیف سینہ کے اوپر کے حصہ کی تکلیف۔ آواز میں بھاری پن۔ عضلات میں کھنچن یا کھنچنے والے دردوں کا احساس۔ مندرجہ صدر علامات ہمیشہ رہنما کن ہیں۔ چنانچہ لیٹے جانے سے کھانسی کا جاتے رہنا اور ہڈیوں میں ذکی الحسی۔ چاہے کسی بھی تکلیف کے ساتھ ہوں تو بینگنم یقینی دوا بن جاتی ہے۔ تالکی ہڈی میں واحد گلٹیاں۔ جلد پر نیلگوں گانٹھیں۔ فاسد زخم نیلگوں کناروں کے ساتھ جو معمولی سی چوٹ کے بعد ہوئے ہوں اس کے حلقہ اثر میں آتے ہیں۔ جلد کی حالت یہ ہوتی ہے کہ ذرا سی خراشیں بھی پک جاتیں ہیں۔ ہڈیوں اور جوڑوں میں ورم جس کے ساتھ درد کے وقت ناقابل برداشت کھودنے یا کھینچنے والے درد ہوں۔ کمی خون (حیض بہت جلد جلد یا بہت کم مقدار میں بھس یعنی کمی خون کی لڑکیوں یا مریضوں میں) جنجرہ کی دق۔ دق کمی خون اگر باضمہ کی علامات نہایت نمایاں ہوں اور بھوک قطعی نہ ہو۔ جسم کا ہر حصہ چھونے سے درد کرے۔ یہ علامت نہایت رہنما کن ہے۔ بائی کے مریض ایڑیوں پر کسی قسم کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے۔ کھڑے ہونا اور چلنے کا تو نام ہی کیا بائی کی تکالیف میں جلد پر نیلے یا کالے داغ ہوتے ہیں۔ فالج بھی اس میں پایا جاتا ہے) چنانچہ فالج کے مریض جب چلنے کی کوشش کرتے ہیں تو آگے بھاگتے ہیں۔ فالج نیچے سے شروع ہو کر اوپر کو جاتا ہے۔

زبان کی علامات بہت مخصوص ہیں۔ زبان پر دق کے دانے اور جلبدار آبلے

زبان کے بائیں کنارے پر جلندار آبلے۔

بلغمی جھلیوں میں ورم پایا جاتا ہے اور رطوبات بڑھ جاتی ہیں یا کم ہو جاتی ہیں۔ جگر پر مینگنم کا یہ اثر ہوتا ہے کہ صفرا زیادہ مقدار میں خارج ہوتا ہے جس کی وجہ سے جگر میں ورم پیدا ہو جاتا ہے۔ خون میں سرخ اجزاء کو کم کر کے حبس پیدا کرتا ہے۔ ہڈیوں اور ہڈیوں کی جھلیوں میں ذکی الحسی اور ہڈیوں کی جھلیوں میں ورم جلد میں شگاف، خراشیں اور خراشوں کا پکنا۔ فالج اور عضلات میں مسلسل لاغری۔

ایک ڈاکٹر لکھتے ہیں کہ جو لوگ مینگنم کی کانوں میں کام کرتے ہیں۔ ان کو خارش کبھی نہیں ہوتی اور اگر ہوتی ہے تو درست ہو جاتی ہے۔ اس کے مریضوں میں بدمزاجی مایوسی پائی جاتی ہے۔ یہ روتے ہیں اور یکایک اختلاج شروع ہو جاتا ہے۔

درد سر دبانے والے اور سوراخ کرنے والے ہوتے ہیں۔ یہ درد اوپر سے نیچے کی طرف جاتے ہیں۔ ہر قدم اور حرکت پر سر میں چوٹ پڑتی معلوم ہوتی ہے یا سر میں چوٹ کے سے درد کی دھمک ہوتی ہے۔

یاد رہے کہ مرطوب موسم میں بہرہ پن۔ مینگنم کا خاص نشان ہے۔ جسم کے دوسرے حصوں سے درد شروع ہو کر اگر کان میں مجتمع ہو جائیں مثلاً دانت کا درد۔ دانت سے شروع ہو کر کان میں مرکوز ہو جائے تو مینگنم یقینی دوا بن جاتی ہے۔ کانوں میں حد درجہ ذکی الحسی ہوتی ہے، ذرا سی کانوں میں سردی لگ جانے سے درد سر ہو جاتا ہے۔ کانوں میں سیٹی کی سی آوازیں خصوصاً ٹھنڈی جگہوں یا سردی میں۔ جب کان میں درد ہوتا ہے تو کان بند محسوس ہوتے ہیں۔ ناک چھیکنے پر کانوں میں کھڑکھڑاہٹ ہوتی ہے جس سے عارضی طور پر کان کی بندش میں سکون

ہوتا ہے۔ کانوں کی تکالیف عموماً موسم کی تبدیلی میں دیکھنے میں آتی ہیں اور اس کے ساتھ اکثر نزلہ بھی ہوتا ہے۔

خشک نزلہ نتھنوں کے بند ہو جانے کے ساتھ زیادہ تر مرطوب ٹھنڈے موسم میں۔ مزمن ناک کا نزلہ، ناک بالکل بند چھونے سے درد کرے۔

کھانسی، حنجرے کا نزلہ، حنجرہ میں خشکی اور سرسراہٹ کے ساتھ خصوصاً آواز کے بیٹھ جانے یا جاتے رہنے کے ساتھ۔ جب حنجرہ کو کھنکھار کر صاف کرنے کی کوشش کی جائے تو حنجرے میں چھوٹے کا سا اور بعض وقت سوئیاں چبھنے کا سا درد ہو۔ یہ دوا خصوصاً ان مریضوں کے لیے مفید ہے جن کے اندر خون کی کمی ہو اور جو نزلہ وی تکالیف میں مدت سے مبتلا ہوں۔ یہ دوا ان لڑکے اور لڑکیوں کے لیے بھی مفید ہے جن کی آواز ہمیشہ بدلتی رہتی ہو اور کرخت یا بھاری ہو جاتی ہو خصوصاً وہ کھنکھار کر آواز کو صاف کرنے کی کوشش کریں۔ کھانسی شام کے وقت بڑھ جاتی ہے۔ جب تک کہ مریض لیٹتا نہیں ہے۔ لیٹ جانے پر مریض کو سکون ہو جاتا ہے۔ بلغم مقدار میں کم اور سخت ہوتا ہے۔ کھانسی میں زیادتی بولنے سے یا سانس لینے سے ہوتی ہے۔ سانس لیتے وقت سینہ کے اندر چوٹ یا چھوٹے کا سا درد محسوس ہوتا ہے۔ کھانسی اونچی آواز سے پڑھتے وقت حنجرے میں خشکی اور چھیلن کے ساتھ۔ حنجرے میں ورم۔ حنجرے میں بلغم کے اجتماع اور آواز میں کھرکھراہٹ کے ساتھ۔ یاد رہے کہ یہ دوا حلق کی دق کو بہت جلد سکون دیتی ہے۔

قریب قریب تمام علامات رات کے وقت یا صبح کو بڑھتی ہیں اور موسم

کی تبدیلی میں اکثر تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ یہ علامت یاد رکھنے کے قابل ہے کہ تمباکو نوشی سے آواز کے کھرکھرے پن میں کمی ہو جاتی ہے۔

جسم کی تمام علامتوں میں نوچن اور کاٹنے چبھنے جیسی خارش خصوصاً رانوں کے اندرونی حصص میں پائی جاتی ہے۔ مختلف حصص میں کھینچنے والے۔ لیر لگنے کے سے بھالا لگنے کے سے اور سوئیاں چبھنے کے سے درد ملتے ہیں۔ مختلف حصص میں کھنچن کے سے اینٹھن والے کھنچن کے سے درد پائے جاتے ہیں۔ رات کو ہڈیوں میں درد ہوتا ہے تمام حصے درد کرتے ہیں۔ ان کو اگر ذرا سا بھی چھو لیا جائے۔ سینہ اور رخساروں میں تمتماہٹ اور بخار کی سی گرمی پائی جاتی ہے۔ سر، ہاتھ اور پیر متورم اور بڑے محسوس ہوتے ہیں خصوصاً کھلی ہوا میں چلنے کے بعد۔ تمام جسم خصوصاً معدہ میں بے چینی سی محسوس ہوتی ہے جس کے ساتھ مریض کے اندر بدمزاجی پیدا ہو جاتی ہے۔ قریب قریب ہر جوڑ میں سختی اور کاہلی آجاتی ہے۔ اس سختی اور کاہلی کے ساتھ اعضاء میں کپکپی خصوصاً گھٹنے اور بازوؤں کے جوڑوں میں محسوس ہوتی ہے۔ مریض محسوس کرتا ہے کہ اس کی موت سرہانے کھڑی ہے۔

## علامات

دماغ: بہت ہمتی، مسلسل بے چینی۔ تمام قویٰ کی طاقت میں کمی، حافظہ کمزور۔

سر: بیٹھی یا کھڑی ہوئی حالت میں چکر۔ درد سر۔ گدی کی داہنی جانب تپکن والا درد، پھوڑے کا سا درد، سرہلانے سے دماغ میں درد بھری چوٹ محسوس ہو۔ سر میں اجتماع خون، جب چلتا ہو، کھڑا ہو یا بیٹھا ہو۔

آنکھ : آنکھوں پہ بوجھ جب پڑتا ہو۔ پپوٹے پھولے ہوئے۔ آنکھوں میں گرمی اور خشکی کا احساس۔ پتلیاں پھیلی ہوئی۔ بے حد قریب نظری۔ کسی چیز پہ نظر جھکا کر زیادہ دیر تک دیکھنے پہ بینائی جاتی رہے۔ آنکھیں بند کرنے پہ آنکھوں کے سامنے آگ کی چنگاریاں جلی ہی روشنی پہ نظر ڈالی جائے اندھیرا ہو جائے۔

کان : بائیں کان میں درد، کان چھونے سے درد کریں۔ جب بولے کانوں میں ہلکا سوئیاں چبھنے کا سا درد محسوس ہو۔ بہرہ پن۔ ایسا محسوس ہو جیسے کانوں کو ہاتھوں سے بند کر دیا گیا ہے۔ کانوں میں سیٹی کی آوازیں۔ ناک بھینچنے پر یا نگلنے پہ کان میں آواز پیدا ہو۔

ناک : نزلہ شدید خشک نزلہ، ناک میں سرخی، ورم اور پھوڑے کے سے درد کے ساتھ نیز اوپر کا ہونٹ سرخ اور متورم معلوم ہو۔

چہرہ : چہرہ بیماروں کا سا۔ پیلا اور کھنچا ہوا۔ نچلے جبڑے میں پھوڑے کا سا درد۔

دانت : شدید درد دانت، دانت میں حد درجہ کی ٹیس اٹھی، ذرا سا چھونے سے ایسا درد ہو جیسے زخم میں ہوتا ہے۔ کھینچنے والا اور پھاڑنے کا سا درد دانت۔

منہ : زبان کے بائیں کنارے پر جلد دار آبلے، تالو اور ہونٹوں میں خشکی منہ میں کڑوے پانی کا اجتماع قے کی خواہش کے ساتھ۔ منہ میں تھوک کی زیادتی تالو پر سخت واحد گانٹھیں۔ منہ میں تیل کا سا مزہ۔ فالقہ کھٹا سڑا لقمہ کڑوا۔

حلق : شام کے وقت حلق میں بے حد کھرکھراہٹ۔ نگلتے وقت پھوڑے

کا سا درد حلق کی مزمن تکالیف۔ حلق میں بھوک کا احساس۔

معدہ: ڈکار کڑوی، کلیجہ میں جلن اور کھٹاس قے کی رغبت کے ساتھ۔ معدہ میں جلن جو سینہ کو جائے۔ معدہ میں پریشانی کُن اور سکوڑنے والے درد معدہ کے مقام میں کھنچن اور متلی

شکم: شکم میں ناقابل بیان متلی کا احساس۔ تمام شکم میں زخم کا سا درد تمام شکم میں نفخ اور پھلاوٹ۔ ناف کے اوپر اور گرد کھنچن کا سا درد، گہری سانس لینے پر ناف کے مقام پر کٹن یا کاٹنے والے درد۔

پاخانہ اور مبرز: قبض۔ پاخانہ دقت سے اور گانٹھدار

پیشاب: پیشاب بار بار حاجت۔ پیشاب رکھنے پر گدلا ہو جائے اور اس میں مٹی کا سا رسوب ہو۔ مثانہ کے مقام میں کاٹنے والے درد جب بیٹھا ہو، بڑھ جائیں۔ جب اٹھے بڑھ چلے۔

آلاتِ تناسل مردانہ و زنانہ: مخرج پر شہوانی خارش۔ فوطوں کے اندرونی طرف خارش۔ دو خصیوں کے درمیان سیلان خون۔ میکوریا۔

حنجرہ: صبح کے وقت حلق میں کھرکھراہٹ، بستر میں اٹھنے پر آوازیں بھاری پن کے ساتھ۔ آواز بھاری۔ دیرینہ آواز کا بھاری پن۔ صبح کے وقت کھانسنے کی رغبت گہری کھانسی۔ بغیر بلغم کے۔

سینہ: سینہ سے خون۔ بلغم۔ کھانستے وقت سینہ میں ہلکا درد، سینہ میں پھوڑے کا سا درد۔ نزلہ کے ساتھ سینہ میں حدت اور متلی کا احساس۔ سینہ کے داہنے نصف حصہ میں تپکی، دل کی دھڑکن کی مانند۔ دھڑکن پستانوں میں چھوتی

چھوٹی گانٹھیں۔

آلاتِ تنفس: صبح کے وقت آواز میں کھرکھراہٹ جس کو تمباکو نوشی سے سکون ہو۔ گہری خشک کھانسی بغیر بلغم کے جس کو بیٹھنے سے آرام ہو۔ کھانسی کی تحریک، کھانس کر بلغم نکالنے کی کوشش کرے۔ مگر بلغم نہ نکل سکے اور نکلے تو صرف سانس کے زور سے باہر آنے پر خشک کھانسی اونچی آواز سے پڑھنے یا بولنے سے جنجے میں خشکی اور کھرکھراہٹ کے ساتھ۔

قلب اور نبض: دھڑکن، نبض بے قاعدہ وقت سے محسوس ہو کبھی تیز ہو جائے اور کبھی آہستہ۔

پلیٹے: کمر میں درد جب پیچھے کی طرف جھکائے تمام ریڑھ کے ساتھ ساتھ بھالے گھسنے کے سے درد گردن کی پشت میں اکڑن کے بعد دیگرے، اور دانت کے ساتھ گردن متقدم اور اکڑن محسوس ہو۔

ہاتھ اور پیر: جوڑوں میں کمزوری، اعضاء میں کانپن، گھٹنوں اور کندھوں کے جوڑوں میں لرزہ کا احساس اور پریشانی۔

بازوؤں اور انگلیوں کے جوڑوں میں بھنچن کے سے درد، بازوؤں کے اوپر کے حصہ میں اچانک کمزوری کا احساس، ہاتھوں کی جلد میں کھنچاوٹ جیسے وہ متقدم ہو گئے ہیں۔

جوڑوں پر درد کرنے والی گانٹھیں جن میں پھوڑے کا سا درد ہو، اگساں پر بوجھ پڑ جائے۔ رانوں اور ٹانگوں میں سستی، غنودگی کے ساتھ۔ گھٹنوں کے اوپری حصہ میں تیر لگنے کے سے درد گھٹنے پر بوجھ برداشت نہ کر

سکیں اور کانپیں ۔ پیر بھاری محسوس ہوں ۔

جلد : شدید خارش جلن کے ساتھ اور چھوٹے چھوٹے آبلے نما دانے تمام جلد پر شدید جلن شام کے وقت ۔ جوڑوں کے خموں میں درد اور دانے چھوٹی انگلی میں پڑنا ورم اور سوجن ۔

نیند : نیند پراگندہ ، پریشان کن اور تمام رات بھر خواب آیا کریں ۔ صبح چار بجے پیٹ میں درد کی وجہ سے جاگ پڑے ۔

بخار : تمام دن جاڑا ۔ ہر روز شام کے وقت جاڑا ، صبح کے وقت پسینہ آنا جاڑا ، ہاتھوں اور پیروں کے ٹھنڈے ہونے کے ساتھ بعد میں شدید بخار جسم کے باقی حصہ میں جاڑا اور سردی کے ساتھ ۔ نبض بے قاعدہ ۔ تمام جسم پر پسینہ جب نیند سے جاگے ۔

طاقت : نمبر ۶ × ۱۲ اور ۳۰

---

ختم شد

Get more useful books in pdf format
www.pdfbooksfree.blogspot.com